فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام

جلد اول

مرتب

محمد خالد البلوشی الحنفی

فاضل جامع مطلع العلوم کوئٹہ بلوچستان پاکستان

کتاب کا نام: فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام/جلد اول

مرتب: محمد خالد حنفی

صفحات: ۵۳۶

سائز: ۲۰×۲۶

ناشر:

سن اشاعت:

تعداد:

رابطہ

Gmail: khalidhanfi11@gmail.com

03379735574

03185110565

محترم قارئین! اپنی بساط کے مطابق بھرپور توجہ سے پروف ریڈنگ کی گئی ہے کہ غلطی نہ رہے، پھر بھی انسان کمزور ہے اور غلطی کا امکان موجود ہے۔ قارئین مطلع فرمادیں تو آئندہ درستگی ہوسکتی ہے۔ (حنفی)

فہرست مضامین

﴿۱﴾: دعائیہ کلمات: استاذ العلماء حضرت اقدس مولانا سید محمد طاہر شاہ ہاشمی صاحب دامت برکاتہم _____ ﴿۲۰﴾

﴿۲﴾: تقریظ: حضرت مولانا مفتی عبدالواحد قریشی صاحب دامت برکاتہم ___ ﴿۲۱﴾

﴿۳﴾: تقریظ: شیخ الحدیث حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب دامت برکاتہم۔ ﴿۲۲﴾

﴿۴﴾: تقریظ: حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن ملاخیل دامت برکاتہم صاحب ___ ﴿۲۳﴾

﴿۵﴾: تقریظ: مفتی اعظم بلوچستان حضرت مولانا مفتی گل حسن صاحب دامت برکاتہم ___ ﴿۲۴﴾

﴿۶﴾: عرض مرتب _____ ﴿۲۵﴾

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا بیان

﴿۱﴾: نبوتِ تشریعی وغیر تشریعی _____ ﴿۲۶﴾

﴿۲﴾: نبوت تشریعی اور غیر تشریعی میں فرق _____ ﴿۲۶﴾

﴿۳﴾: عصمت انبیاء علیہم السلام اور ان کی طرف منسوب الفاظ کا صحیح مفہوم ___ ﴿۲۹﴾

﴿۴﴾: عصمت انبیاء علیہم السلام _____ ﴿۳۱﴾

﴿۵﴾: تحقیق عصمت انبیاء _____ ﴿۳۴﴾

﴿۶﴾: عصمتِ صبی اور عصمتِ نبی میں کیا فرق ہے؟ _____ ﴿۳۷﴾

﴿۷﴾: عصمت انبیاء پر شیعہ کے استدلال کا جواب _____ ﴿۳۹﴾

﴿٨﴾: انبیاءؑ قبل النبوۃ بھی معصوم تھے _____ ﴿٤٠﴾

﴿٩﴾: انبیاء قبل النبوت اور بعد النبوت معصوم تھے _____ ﴿٤٤﴾

﴿١٠﴾: انبیاء علیہم السلام کی طرف گناہ اور غلطی کی نسبت کرنے والے کا حکم _ ﴿٤٦﴾

﴿١١﴾: نیند میں بھی انبیاء کرام شیطانی اثرات سے محفوظ رہتے تھے _____ ﴿٤٨﴾

﴿١٢﴾: لغزشات انبیاء عصمت کے منافی نہیں _____ ﴿٤٩﴾

﴿١٣﴾: معصوم کون لوگ ہیں؟ _____ ﴿٥٠﴾

﴿١٤﴾: کوئی غیر نبی بھی معصوم ہے؟ _____ ﴿٥١﴾

﴿١٥﴾: بلاوجہ توہین رسالت کے بارے میں سوال بھی توہین ہے _____ ﴿٥٢﴾

﴿١٦﴾: یہود نے کتنے انبیاء کو قتل کیا؟ _____ ﴿٥٤﴾

﴿١٧﴾: کپڑے میں انبیاء کرام علیہم السلام کی تصویر بنانا _____ ﴿٥٦﴾

﴿١٨﴾: پہلا نبی کون؟ _____ ﴿٥٨﴾

﴿١٩﴾: نبیوں کی تعداد کتنی ہے؟ _____ ﴿٦١﴾

﴿٢٠﴾: انبیاء ورسل کی تعداد _____ ﴿٦٢﴾

﴿٢١﴾: مقتول انبیاء بنی اسرائیل کی تعداد وغیرہ _____ ﴿٦٤﴾

﴿٢٢﴾: کتنے انبیاء زندہ ہیں؟ _____ ﴿٦٦﴾

﴿٢٣﴾: رسل سے مراد کون ہیں؟ _____ ﴿٦٨﴾

﴿٢٤﴾: کیا سرزمین ہند پر کوئی نبی آیا؟ _____ ﴿٦٩﴾

﴿۲۵﴾: کیا ہندوستان میں کوئی نبی پیدا ہوا ہے؟ ـــــــــــــــــــ ﴿۷۱﴾

﴿۲۶﴾: جنات کی طرف مبعوث انبیاء ـــــــــــــــــــ ﴿۷۱﴾

﴿۲۷﴾: کیا ساتوں زمینوں میں انبیاء ہیں؟ ـــــــــــــــــــ ﴿۷۳﴾

﴿۲۸﴾: قرآنِ پاک میں کتنے انبیاء کا ذکر ہے؟ اور ان کے نام کیا ہیں؟ ـــــ ﴿۷۳﴾

﴿۲۹﴾: قرآن کریم میں صرف چند انبیاءِ کرام علیہم السلام کا ذکر کیوں؟ ـــــ ﴿۷۶﴾

﴿۳۰﴾: انبیاءِ کرام علیہم السلام کو اُن کے موت سے پہلے اختیار دیا جاتا ہے ـــ ﴿۷۹﴾

﴿۳۱﴾: کیا انبیاء علیہم السلام وارث ہوتے ہیں؟ ـــــــــــــــــــ ﴿۸۱﴾

﴿۳۲﴾: کیا انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو نبوت حضور ﷺ کے واسطے سے ملی؟ ـــ ﴿۸۴﴾

﴿۳۳﴾: کیا پہلے انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات ناقص تھیں؟ ـــــــــــــــــــ ﴿۸۵﴾

﴿۳۴﴾: کیا انبیاء علیہم السلام کو حوریں ملیں گی؟ کیا آپ ﷺ ہمارے والد کی طرح ہیں؟ ـــ ﴿۸۶﴾

﴿۳۵﴾: انبیاء علیہم السلام کے دین کا نام ـــــــــــــــــــ ﴿۸۹﴾

﴿۳۶﴾: ارواح میں سب سے پہلے آنحضرت ﷺ کی اور اجسام میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی ـــــــــــــــــــ ﴿۸۹﴾

﴿۳۷﴾: کیا حضور ﷺ حضرت آدم علیہم السلام کی خلقت سے قبل نبی تھے؟ ـــ ﴿۹۱﴾

﴿۳۸﴾: آنحضرت علیہ السلام کا آدم علیہ السلام سے پہلے نبی ہونے کا مطلب ـــ ﴿۹۲﴾

﴿۳۹﴾: انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا طریقہ ـــــــــــــــــــ ﴿۹۴﴾

﴿۴۰﴾: حضور ﷺ کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات ـــــــــــــــــــ ﴿۹۵﴾

﴿٤١﴾: رسول اللہ ﷺ کی تاریخ ولادت _____ ﴿٩٦﴾

﴿٤٢﴾: ١٢ ربیع الاول آپ ﷺ کی تاریخ پیدائش ہے یا نہیں؟ _____ ﴿٩٧﴾

﴿٤٣﴾: آپ علیہ السلام کی ولادت باسعادت اور مروجہ میلاد _____ ﴿٩٨﴾

﴿٤٤﴾: پاک رحموں اور پاک صلبوں سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کا مطلب _____ ﴿١٠٠﴾

﴿٤٥﴾: کتنی عورتوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دودھ پلایا ہے؟ ___ ﴿١٠٠﴾

﴿٤٦﴾: نماز جمعہ وخطبہ، اذان کی ابتداء اور حضور ﷺ کے والدہ ماجدہ اور والد کی تاریخ وفات ومواضع وفات _____ ﴿١٠٢﴾

﴿٤٧﴾: آپ ﷺ کا ختنہ ہوا تھا یا نہیں؟ _____ ﴿١٠٥﴾

﴿٤٨﴾: انبیاء علیہم السلام کے ختنے کی صورت _____ ﴿١٠٦﴾

﴿٤٩﴾: رسول اللہ ﷺ کو نبوت کب ملی؟ _____ ﴿١٠٧﴾

﴿٥٠﴾: فخر عالم ﷺ کے افضل الانبیاء ہونے کا عقیدہ اور اس کے منکر کا حکم ___ ﴿١٠٨﴾

﴿٥١﴾: دیگر انبیاء علیہم السلام پر حضور ﷺ کی فضیلت کی وجہ _____ ﴿١٠٩﴾

﴿٥٢﴾: آپ ﷺ کی بعثت جنات کیلئے بھی تھی _____ ﴿١١١﴾

﴿٥٣﴾: حضور ﷺ افضل ہیں یا مسجد افضل ہے؟ _____ ﴿١١٤﴾

﴿٥٤﴾: قرآن پاک افضل ہے یا آنحضرت علیہ السلام _____ ﴿١١٥﴾

﴿٥٥﴾: کیا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام قاسم رزق اللہ بھی تھا ___ ﴿١١٦﴾

﴿۵۶﴾: ''رحمۃ اللہ للعالمین'' حضور ﷺ کی صفت خاصہ ہے ـــــــــ ﴿۱۱۷﴾

﴿۵۷﴾: رحمۃ للعالمین اور بددُعا ـــــــــ ﴿۱۱۸﴾

﴿۵۸﴾: شفاعت اور افضلیتِ رسول ﷺ ـــــــــ ﴿۱۲۴﴾

﴿۵۹﴾: شفاعت کبریٰ آنحضرت ﷺ کے ساتھ خاص ہے ـــــــــ ﴿۱۳۱﴾

﴿۶۰﴾: حضور ﷺ کو شفاعت کا حق ـــــــــ ﴿۱۳۲﴾

﴿۶۱﴾: آنحضرت ﷺ اہل کتاب اور مشرکین کے لیے شفاعت فرمائیں گے یا نہیں؟ ـ ﴿۱۳۳﴾

﴿۶۲﴾: محمد ﷺ کا اولین وآخرین ہونے کا مطلب ـــــــــ ﴿۱۳۳﴾

﴿۶۳﴾: رسول اللہ ﷺ کی سات زمینوں کے لئے بعث ـــــــــ ﴿۱۳۴﴾

﴿۶۴﴾: آپ ﷺ کی تخلیق اور نبوت سے متعلق چند سوالات ـــــــــ ﴿۱۳۵﴾

﴿۶۵﴾: حضور ﷺ کے متعلق اہل دیوبند کا عقیدہ ـــــــــ ﴿۱۳۹﴾

﴿۶۶﴾: حضور ﷺ کے بارے میں اہل سنت کے عقائد ـــــــــ ﴿۱۴۲﴾

﴿۶۷﴾: حضور ﷺ کا جسم مبارک مٹی میں ملنے کا مطلب ـــــــــ ﴿۱۴۴﴾

﴿۶۸﴾: وحی کے وقت جو حضور ﷺ کی حالت احمرار وجہ وعرق کی ہوتی تھی اس کی کیا وجہ تھی اور ولی کو بھی یہ ہوتا ہے یا نہیں؟ ـــــــــ ﴿۱۴۵﴾

﴿۶۹﴾: حضور ﷺ کو ''ابا جان'' اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ''امی جان'' کہنا ـ ﴿۱۴۶﴾

﴿۷۰﴾: امہات المؤمنین تمام مؤمنین کی مائیں اور حضور ﷺ روحانی باپ ہیں ـــ ﴿۱۴۷﴾

﴿۷۱﴾: آنحضرت ﷺ مؤمنین کے روحانی باپ ہیں ـــــــــ ﴿۱۴۸﴾

﴿۷۲﴾: حضور ﷺ کو اپنا بڑا بھائی ماننا _____ ﴿۱۴۹﴾

﴿۷۳﴾: کیا نبی کریم ﷺ کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے؟ _____ ﴿۱۵۰﴾

﴿۷۴﴾: نبی اکرم ﷺ کو صرف بھائی کا درجہ دینا _____ ﴿۱۵۳﴾

﴿۷۵﴾: حضور ﷺ کو اپنا بھائی کہنا کیسا ہے؟ _____ ﴿۱۵۵﴾

﴿۷۶﴾: انبیاء علیہم السلام کو ''بڑے بھائی'' کہنے کا مطلب؟ _____ ﴿۱۵۸﴾

﴿۷۷﴾: تمام امتِ مسلمہ کو حضور ﷺ کے برابر سمجھنا _____ ﴿۱۶۲﴾

﴿۷۸﴾: امتیوں کو بھائی کہنے والی روایت بیان کرنے والے کو گستاخ رسول کہنا؟ ۔ ﴿۱۶۶﴾

﴿۷۹﴾: آنحضرت ﷺ کے خدا کی طرف سے ہونے کا ثبوت _____ ﴿۱۶۸﴾

﴿۸۰﴾: کیا شیطان کا علم حضور ﷺ کے علم سے زیادہ ہے؟ _____ ﴿۱۶۹﴾

﴿۸۱﴾: حضور ﷺ کا خود کو گرانے کا عزم اور اس کی تحقیق _____ ﴿۱۷۱﴾

﴿۸۲﴾: کیا حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے مجبور محض اور محتاج بندے ہیں؟ _____ ﴿۱۷۳﴾

﴿۸۳﴾: کیا حضرت یوسف علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے زیادہ سخی تھے _____ ﴿۱۷۴﴾

﴿۸۴﴾: حضور اکرم ﷺ کی تمام دنیا کے لئے بعثت _____ ﴿۱۷۵﴾

﴿۸۵﴾: کیا حضور ﷺ پر زکوۃ فرض نہیں تھی؟ _____ ﴿۱۷۶﴾

﴿۸۶﴾: کیا حضور ﷺ پر مہر دینا واجب تھا؟ _____ ﴿۱۷۹﴾

﴿۸۷﴾: کیا حضور ﷺ پر عورتوں سے پردہ فرض تھا؟ _____ ﴿۱۸۷﴾

﴿۸۸﴾: حضور ﷺ کے سینہ چاک ہونے کی تحقیق _____ ﴿۱۸۸﴾

﴿۸۹﴾: شقِ صدر اور معراج _____ ﴿۱۹۲﴾

﴿۹۰﴾: رسول اللہ ﷺ کا شق صدر _____ ﴿۱۹۵﴾

﴿۹۱﴾: معراج کا واقعہ عالم بیداری میں پیش آیا تھا یا خواب میں؟ _____ ﴿۱۹۶﴾

﴿۹۲﴾: معراج جسمانی یا روحانی؟ _____ ﴿۱۹۸﴾

﴿۹۳﴾: شب معراج میں انبیاء علیہم السلام کو آپ ﷺ نے نفل نماز پڑھائی تھی یا فرض؟ _____ ﴿۱۹۹﴾

﴿۹۴﴾: معراج کس تاریخ میں ہوئی؟ _____ ﴿۲۰۰﴾

﴿۹۵﴾: انبیاء کی امامت کا واقعہ معراج سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟ _____ ﴿۲۰۲﴾

﴿۹۶﴾: معراج کا جوتوں سمیت اور بغیر پردہ کے ہونا ثابت ہے یا نہیں؟ _____ ﴿۲۰۳﴾

﴿۹۷﴾: کیا حضور ﷺ کی عمر کے ۲۷ رسال معراج میں گذرے ہیں؟ _____ ﴿۲۰۵﴾

﴿۹۸﴾: شبِ معراج میں نبی ﷺ کا اللہ کی زیارت کا مسئلہ _____ ﴿۲۰۶﴾

﴿۹۹﴾: شبِ معراج میں اقتداء کرنے والے انبیاء علیہم السلام کی تعداد _____ ﴿۲۰۷﴾

﴿۱۰۰﴾: شب معراج سے قبل حضورؐ کونسی نماز پڑھتے تھے؟ _____ ﴿۲۰۹﴾

﴿۱۰۱﴾: ہجرت کی رات صدیق اکبرؓ کا آنحضرت علیہ السلام کو کندھوں پر اٹھانے کا ثبوت _____ ﴿۲۱۰﴾

﴿۱۰۲﴾: نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک _____ ﴿۲۱۳﴾

﴿۱۰۳﴾: حضور ﷺ کا قدمبارک _____ ﴿۲۱۹﴾

﴿۱۰۴﴾: حضور ﷺ کے نعل مبارک کے نقش کو چومنے، اس جیسے نعل پہننے اور اس کے

احترام کا حکم ـــــــ

﴿۱۲۱﴾: حضور اکرم ﷺ اور صلاۃ اوابین _____ ﴿۲۶۲﴾
﴿۱۲۲﴾: حضور اکرم ﷺ اور نوافل _____ ﴿۲۶۳﴾
﴿۱۲۳﴾: حضور اکرم ﷺ اور مسواک _____ ﴿۲۶۵﴾
﴿۱۲۴﴾: حضور ﷺ کا ناشتہ _____ ﴿۲۶۶﴾
﴿۱۲۵﴾: حضور ﷺ کی تفریح _____ ﴿۲۶۹﴾
﴿۱۲۶﴾: حضور ﷺ کے اسفار _____ ﴿۲۷۱﴾
﴿۱۲۷﴾: حضور ﷺ کا اونٹ اور خچر پر سواری کرنا _____ ﴿۲۷۲﴾
﴿۱۲۸﴾: حضور ﷺ اور پنکھا _____ ﴿۲۷۳﴾
﴿۱۲۹﴾: حضور ﷺ کا گریبان مبارک کس جانب تھا؟ _____ ﴿۲۷۴﴾
﴿۱۳۰﴾: عصا ہاتھ میں رکھنا سنت ہے _____ ﴿۲۷۵﴾
﴿۱۳۱﴾: حضور ﷺ کے نعلین کا رنگ _____ ﴿۲۷۶﴾
﴿۱۳۲﴾: حضور اکرم ﷺ اور گرم پانی استعمال کرنا _____ ﴿۲۷۷﴾
﴿۱۳۳﴾: حضور ﷺ اور شکار _____ ﴿۲۷۸﴾
﴿۱۳۴﴾: حضور اکرم ﷺ گھر سے وضو فرما کر مسجد جاتے تھے _____ ﴿۲۷۹﴾
﴿۱۳۵﴾: حضور اکرم ﷺ نے وعظ کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں فرمایا تھا _____ ﴿۲۸۰﴾
﴿۱۳۶﴾: حضور ﷺ کا بیٹھ کر نماز پڑھنا _____ ﴿۲۸۱﴾
﴿۱۳۷﴾: حضور ﷺ کا قضائے حاجت کے وقت دیکھا جانا _____ ﴿۲۸۴﴾

﴿۱۳۸﴾: کیا حضور اکرم ﷺ نائب مطلق، مالک ومختار ہیں؟ ـــــــ ﴿۲۸۴﴾

﴿۱۳۹﴾: ابوجہل آپ ﷺ کا چچا نہیں تھا ـــــــ ﴿۲۸۷﴾

﴿۱۴۰﴾: حضور علیہ السلام بھی لوازماتِ بشریہ سے مستثنیٰ نہ تھے ـــــــ ﴿۲۸۸﴾

﴿۱۴۱﴾: آپ ﷺ کے اذان دینے کا ثبوت ـــــــ ﴿۲۸۹﴾

﴿۱۴۲﴾: آنحضرت علیہ السلام کا رکانہ سے کُشتی لڑنے کا ثبوت ـــــــ ﴿۲۹۰﴾

﴿۱۴۳﴾: آنحضرت علیہ السلام کا اہل نجد کے لئے دعا نہ کرنے کا سبب ـــــــ ﴿۲۹۱﴾

﴿۱۴۴﴾: بنائے کعبہ کے وقت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بے ہوش ہونا ـ ﴿۲۹۲﴾

﴿۱۴۵﴾: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج کیے؟ ـــــــ ﴿۲۹۳﴾

﴿۱۴۶﴾: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اطہر پر مکھی بیٹھتی تھی یا نہیں؟ ـ ﴿۲۹۵﴾

﴿۱۴۷﴾: سرور کائنات کے دندان مبارک کون سی جنگ میں شہید ہوئے؟ ـ ﴿۲۹۶﴾

﴿۱۴۸﴾: کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمائی یا چھینک آتی تھی؟ ـــــــ ﴿۲۹۷﴾

﴿۱۴۹﴾: حضورؐ کے راستہ میں ام جمیل عورا بنت حرب کا کانٹا ڈالنا ـــــــ ﴿۲۹۹﴾

﴿۱۵۰﴾: اسم ذات اور اسم محمد ﷺ میں ہونٹوں کے بند ہونے اور نہ ہونے کا لطیفہ ـ ﴿۳۰۱﴾

﴿۱۵۱﴾: حضور ﷺ کی قبر اطہر کا سب جگہوں سے افضل ہونا ـــــــ ﴿۳۰۱﴾

﴿۱۵۲﴾: روضہ اقدس کا وہ حصہ جو جسد اطہر سے مس کیا ہوا ہے، اس سے متعلق کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟ ـــــــ ﴿۳۰۸﴾

﴿۱۵۳﴾: حضور ﷺ کے والدین کا اسلام ـــــــ ﴿۳۱۰﴾

﴿۱۵۴﴾: حضور اکرم ﷺ کے والدین کا ایمان لانا ـــــــــــ ﴿۳۱۲﴾

﴿۱۵۵﴾: کیا حضور اکرم ﷺ کے والدین مؤمن تھے؟ ـــــــــــ ﴿۳۱۷﴾

﴿۱۵۶﴾: رسول اللہ ﷺ کے باپ دادا کے ایمان وعدم ایمان میں توقف کرنا چاہیے ۔ ﴿۳۲۰﴾

﴿۱۵۷﴾: کیا حضور ﷺ کے تمام آباؤ اجداد مسلمان تھے؟ ـــــــــــ ﴿۳۲۳﴾

﴿۱۵۸﴾: حضور ﷺ کے والدین کو ایصالِ ثواب کرنا ـــــــــــ ﴿۳۲۵﴾

﴿۱۵۹﴾: حضور ﷺ کے والدین کو مؤمن نہ ماننا؟ ـــــــــــ ﴿۳۲۶﴾

﴿۱۶۰﴾: آنحضرت ﷺ کے والدین کی وفات کب ہوئی ـــــــــــ ﴿۳۲۸﴾

﴿۱۶۱﴾: آپ ﷺ کی اولاد کی تعداد ـــــــــــ ﴿۳۲۹﴾

﴿۱۶۲﴾: حضور ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں ـــــــــــ ﴿۳۳۱﴾

﴿۱۶۳﴾: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے چھوٹی بیٹی کونسی تھی ۔ ﴿۳۳۲﴾

﴿۱۶۴﴾: طائف سے مکۃ المکرّمۃ حضور ﷺ کس کی پناہ میں تشریف لائے؟ ۔ ﴿۳۳۳﴾

﴿۱۶۵﴾: حضور اکرم ﷺ کے عقدِ نکاح ـــــــــــ ﴿۳۳۴﴾

﴿۱۶۶﴾: حضور ﷺ کا نکاح کس نے پڑھایا؟ ـــــــــــ ﴿۳۳۵﴾

﴿۱۶۷﴾: حضرت مریم وآسیہ علیہما السلام کی حضور ﷺ سے جنت میں شادی ـــــــــــ

﴿۳۴۰﴾

﴿۱۶۸﴾: حضرت مریم علیہا السلام جنت میں حضور ﷺ کی زوجہ ہونگی ـــــــــــ ﴿۳۴۱﴾

﴿۱۶۹﴾: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور اولاد کرام کی تفصیل ـــــــــــ ﴿۳۴۲﴾

﴿۱۷۰﴾: حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کیسے ہوا جبکہ آپ مکہ میں ہی تھیں؟ _____ ﴿۳۴۵﴾

﴿۱۷۱﴾: خاتم الانبیاء ﷺ کی شادیوں پر شبہات کی وضاحت _____ ﴿۳۴۷﴾

﴿۱۷۲﴾: حضرت سودہؓ کو طلاق دینے کے ارادے کی حکمت _____ ﴿۳۶۲﴾

﴿۱۷۳﴾: آنحضرت علیہ السلام کے چچے کتنے تھے؟ _____ ﴿۳۶۴﴾

﴿۱۷۴﴾: آنحضرت علیہ السلام کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟ _____ ﴿۳۶۵﴾

﴿۱۷۵﴾: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد کے عرب مستعربہ میں سے ہونے کی تحقیق _____ ﴿۳۶۵﴾

﴿۱۷۶﴾: حضور ﷺ کے پیشاب، خون اور دیگر فضلات کا حکم _____ ﴿۳۶۷﴾

﴿۱۷۷﴾: انبیاء کرامؑ کے فضلات کی پاکی کا مسئلہ _____ ﴿۳۶۹﴾

﴿۱۷۸﴾: عالم بیداری میں نبی کریم ﷺ کی زیارت کا حکم _____ ﴿۳۷۹﴾

﴿۱۷۹﴾: عالم بیداری کی زیارت پر ایک شبہ کا ازالہ _____ ﴿۳۸۲﴾

﴿۱۸۰﴾: آنحضرت ﷺ کے پاس کچھ رہتا نہیں تھا _____ ﴿۳۸۵﴾

﴿۱۸۱﴾: رسول اللہ ﷺ کا سیاہ چادر اوڑھنا _____ ﴿۳۸۷﴾

﴿۱۸۲﴾: کیا آپ ﷺ کے گھر میں سال بھر کی جوتھی؟ _____ ﴿۳۸۸﴾

﴿۱۸۳﴾: حضور ﷺ کتنے وقت کھایا کرتے تھے؟ _____ ﴿۳۹۰﴾

﴿۱۸۴﴾: کیا حضور ﷺ کو بُت خانوں میں جا کر تبلیغ کرنے کا حکم ہوا تھا؟ ۔ ﴿۳۹۱﴾

﴿۱۸۵﴾: کیا حضور ﷺ کے سر میں جوئیں پڑتی تھیں _____ ﴿۳۹۵﴾

﴿۱۸۶﴾: سینہ نبوی کی آواز _____ ﴿۳۹۷﴾

﴿۱۸۷﴾: نبی علیہ الصلاۃ کے ناموں کی تحقیق _____ ﴿۳۹۸﴾

﴿۱۸۸﴾: نبی کریم ﷺ کے مردہ کو زندہ کرنے کی تحقیق _____ ﴿۴۰۲﴾

﴿۱۸۹﴾: حضور ﷺ کے معجزات سے متعلق چند سوال و جواب _____ ﴿۴۰۶﴾

﴿۱۹۰﴾: آنحضرت ﷺ کا قبر میں تشریف لانا ثابت نہیں اور ما تقول فی ہذا الرجل کا جواب _____ ﴿۴۰۸﴾

﴿۱۹۱﴾: آنحضرت ﷺ کی توصیف میں غلو کرنا _____ ﴿۴۱۰﴾

﴿۱۹۲﴾: آنحضرت علیہ السلام سے صرف عمامہ اور صرف ٹوپی پہننا بھی ثابت ہے ۔ ﴿۴۱۲﴾

﴿۱۹۳﴾: حضور ﷺ سے ٹوپی پہننا ثابت ہے _____ ﴿۴۱۴﴾

﴿۱۹۴﴾: کیا نماز میں حضور علیہ السلام کا خیال آنا مفسد صلاۃ ہے؟ _____ ﴿۴۱۵﴾

﴿۱۹۵﴾: تشہد میں حضرت محمد ﷺ کا تصور _____ ﴿۴۱۶﴾

﴿۱۹۶﴾: کیا حضور ﷺ کی تمام دعائیں قبول ہوئی تھیں؟ _____ ﴿۴۱۸﴾

﴿۱۹۷﴾: آنحضرت ﷺ کو یا صاحب الزمان کہنا _____ ﴿۴۱۹﴾

﴿۱۹۸﴾: کیا حضور ﷺ نے ابولہب کے لڑکے کو بد دعا دی تھی؟ _____ ﴿۴۲۰﴾

﴿۱۹۹﴾: حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کن کن صحابہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی؟ ___ ﴿۴۲۳﴾

﴿۲۰۰﴾: رسول اللہ ﷺ کے گائے کا گوشت تناول فرمانے کا ثبوت ـــــ ﴿۴۲۴﴾

﴿۲۰۱﴾: حضور ﷺ کو اُمی کہنا ـــــ ﴿۴۲۵﴾

﴿۲۰۲﴾: ''اُمی'' کے معنی کیا ہیں اور کیا آپ ﷺ اُمی تھے؟ ـــــ ﴿۴۲۶﴾

﴿۲۰۳﴾: آنحضرت ﷺ کو تین چیزیں محبوب ہیں ان کی تفصیل ـــــ ﴿۴۲۷﴾

﴿۲۰۴﴾: حضور ﷺ فتح مکہ کے بعد مکہ کو وطن کیوں نہیں بنایا؟ ـــــ ﴿۴۲۸﴾

﴿۲۰۵﴾: نبی ﷺ کی ذات مبارک سے متعلق چند سوالات کے جوابات ـــ ﴿۴۲۹﴾

﴿۲۰۶﴾: آپ ﷺ کے سایہ کی تحقیق ـــــ ﴿۴۳۲﴾

﴿۲۰۷﴾: حضور ﷺ کا مرض الموت میں دو روز قبل اپنی وفات کی خبر دینا ـــ ﴿۴۳۸﴾

﴿۲۰۸﴾: کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرض الوفات میں تکلیف ہوئی تھی؟ ـــ ﴿۴۳۹﴾

﴿۲۰۹﴾: حضور ﷺ کی وفات طبعی ہوئی ـــــ ﴿۴۴۰﴾

﴿۲۱۰﴾: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت و وفات کس مہینے میں ہوئی؟ ـــــ ﴿۴۴۱﴾

﴿۲۱۱﴾: وفات کے بعد حضور ﷺ کو کس طرح غسل دیا گیا؟ ـــــ ﴿۴۴۲﴾

﴿۲۱۲﴾: حضور ﷺ کی نمازِ جنازہ اور تدفین کس طرح ہوئی اور خلافت کیسے طے ہوئی ـــ ﴿۴۴۳﴾

﴿۲۱۳﴾: آپ ﷺ کی نماز جنازہ کس طرح ادا کی گئی؟ ـــــ ﴿۴۴۹﴾

﴿۲۱۴﴾: حضور ﷺ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟ ـــــ ﴿۴۵۰﴾

﴿۲۱۵﴾: حضور ﷺ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ـــــ ﴿۴۵۴﴾

﴿۲۱۶﴾: حضور ﷺ کے جنازہ میں کتنی تاخیر ہوئی؟ ـــــ ﴿۴۵۵﴾

﴿۲۱۷﴾: آپ ﷺ کے مرض الموت کا ایک واقعہ ـــــــــــــــ ﴿۴۵۹﴾

﴿۲۱۸﴾: حضور ﷺ کا پردہ فرمانے کے بعد دنیا میں کسی سے ملاقات کے لئے آنا ـــ ﴿۴۶۳﴾

﴿۲۱۹﴾: آپ ﷺ کے دست اقدس کو حضرت رفاعیؒ نے بوسہ دیا ـــــــ ﴿۴۶۴﴾

﴿۲۲۰﴾: رسول اللہ ﷺ کے روضہ مبارکہ کی زیارت کا کیا حکم ہے؟ ـــــ ﴿۴۷۰﴾

﴿۲۲۱﴾: روضہ رسول اللہ ﷺ خلاف شریعت نہیں ہے ـــــــــــ ﴿۴۷۲﴾

﴿۲۲۲﴾: روضۂ اقدس ﷺ سے دستِ مبارک کا نکلنا ـــــــــــ ﴿۴۷۳﴾

﴿۲۲۳﴾: حضرت عیسیٰؑ کی طرح آنحضرت ﷺ کو آسمان پر کیوں نہ اٹھایا ـ ﴿۴۷۵﴾

﴿۲۲۴﴾: کیا حضور ﷺ نے دنیاوی کاموں میں امت کو اختیار دیا ہے؟ ـــ ﴿۴۷۹﴾

﴿۲۲۵﴾: حضور ﷺ کی خدمت میں سلام بھیجنا اور مدینہ بلوانے کی درخواست کروانا ـ ﴿۴۷۹﴾

﴿۲۲۶﴾: آنحضرت ﷺ کو ''نبی پاک'' کیوں کہتے ہیں؟ ـــــــــــ ﴿۴۸۰﴾

﴿۲۲۷﴾: حضور ﷺ کے قیام کی کیفیت ـــــــــــــــــ ﴿۴۸۱﴾

﴿۲۲۸﴾: رسول اللہ ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ ''سیدنا'' کا استعمال ـــ ﴿۴۸۱﴾

﴿۲۲۹﴾: حضور ﷺ کے خاندان کے حقوق کی تفصیل ـــــــــــ ﴿۴۸۲﴾

﴿۲۳۰﴾: حضور ﷺ کی شفاعت کس کے لئے؟ اور حصول کا طریقہ ـــــ ﴿۴۹۱﴾

﴿۲۳۱﴾: رسول اکرم ﷺ سے محبت اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی ـــــــــ ﴿۴۹۵﴾

﴿۲۳۲﴾: کیا آپ ﷺ کا کسی کو بددعا دینا رحمۃ اللعالمین ہونے کے منافی ہے؟ ـ ﴿۴۹۶﴾

﴿۲۳۳﴾: حضور ﷺ کی دادی کا نام ـــــــــــــــــ ﴿۵۰۰﴾

﴿۲۳۴﴾: نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے عقیقہ کی تحقیق ـــــــــــــــ ﴿۵۰۰﴾

﴿۲۳۵﴾: حضور ﷺ کا غصہ ـــــــــــــــ ﴿۵۰۳﴾

﴿۲۳۶﴾: رسول اللہ ﷺ کا اسم گرامی سن کر انگوٹھے چومنا ـــــــــــــــ ﴿۵۰۷﴾

﴿۲۳۷﴾: حضور نبی کریم ﷺ کے اسم کے ساتھ صرف ''ص'' لکھنا ـــــــــــــــ ﴿۵۰۸﴾

﴿۲۳۸﴾: خطوط میں بسم اللہ نہ لکھنا بہتر ہے اور لفظ ''محمد'' کو مخفف کرنا جائز نہیں ـــ ﴿۵۱۱﴾

﴿۲۳۹﴾: آپ ﷺ کے نام کے ساتھ محض ''صلعم'' لکھنا ـــــــــــــــ ﴿۵۱۲﴾

﴿۲۴۰﴾: حضور اکرم ﷺ اور حضرت آدم علیہ السلام کے ناموں پر ''ص''، ''ع'' لکھنا ـــ ﴿۵۱۴﴾

﴿۲۴۱﴾: حضور ﷺ کے نام کے ساتھ کیا ''وآلہ وسلم'' لکھنا ضروری ہے؟ ـ ﴿۵۱۴﴾

﴿۲۴۲﴾: ''علی احمد'' یا ''محمد علی'' نام لکھتے وقت اُوپر ''ص'' لکھنا ـــــــــــــــ ﴿۵۱۵﴾

﴿۲۴۳﴾: کلمہ پڑھنے کے بعد ''صلی اللہ علیہ وسلم'' پڑھنا ـــــــــــــــ ﴿۵۱۵﴾

﴿۲۴۴﴾: کیا بیت الخلا میں اسم ''محمد'' سن کر درود پڑھنا چاہئے؟ ـــــــــــــــ ﴿۵۱۶﴾

﴿۲۴۵﴾: صیغہ خطاب کے ساتھ صلاۃ وسلام پڑھنا ـــــــــــــــ ﴿۵۱۷﴾

﴿۲۴۶﴾: ''حضور'' کا لفظ استعمال کرنا ـــــــــــــــ ﴿۵۱۷﴾

﴿۲۴۷﴾: حق تعالیٰ کے آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کا معنی ـــــــــــــــ ﴿۵۱۸﴾

﴿۲۴۸﴾: درود شریف میں ''آل محمد'' سے کون لوگ مراد ہیں؟ ـــــــــــــــ ﴿۵۱۹﴾

﴿۲۴۹﴾: عزوجل، علیہ السلام، صلی اللہ علیہ وسلم اور رضی اللہ عنہ کا صحیح استعمال کیا ہے؟ ـــ ﴿۵۲۰﴾

﴿۲۵۰﴾: انبیائے کرام علیہم السلام اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ناموں کے ساتھ کیا لکھا

جائے؟ _____ ﴿۵۲۶﴾

﴿۲۵۱﴾: اجداد نبی ﷺ کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کہنے والے امام کا حکم _____ ﴿۵۲۸﴾

﴿۲۵۲﴾: غیر انبیاء کے لیے علیہم السلام کا لفظ استعمال کرنے کا حکم _____ ﴿۵۳۰﴾

﴿۲۵۳﴾: غیر پیغمبر کو علیہ السلام کہنا یا لکھنا _____ ﴿۵۳۲﴾

﴿۲۵۴﴾: حدیث شریف میں "ؓ" کی علامت _____ ﴿۵۳۳﴾

﴿۲۵۵﴾: کیا خود آنحضرت علیہ السلام پر بھی درود پڑھنا واجب تھا؟ _____ ﴿۵۳۴﴾

﴿۲۵۶﴾: درود شریف لکھنے کا صحیح طریقہ _____ ﴿۵۳۵﴾

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دعائیہ کلمات

استاذ العلماء حضرت اقدس مولانا سید محمد طاہر شاہ ہاشمی صاحب دامت برکاتہم

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم!

عزیزم مولوی خالد حنفی سلمہ اللہ تعالیٰ اپنی تازہ تالیف ''فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام'' جو کہ چار (۴) جلدوں پر اور ''فتاوی رشیدیہ جو کہ تین (۳) جلدوں پر اور فتاوی دینیہ جو کہ فی الحال ایک (۱) جلد پر مشتمل ہے منظرِ عام پر لائے ہیں اللہ تعالیٰ ان تالیفات کو قبول فرما کر آخرت میں بلا حساب وکتاب نجات کا ذریعہ بنادیں اور عامۃ المسلمین کو ان سے استفادہ کی توفیق عطاء فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ عزیزم خالد حنفی کو صحت اور کامل خُلوص وصدق کیساتھ مدت مزید تک دین کے اعلیٰ سے اعلیٰ خدمات کی توفیق عطا فرمائیں اور مؤلف کو ہر قسم کے شر اور فتنوں سے محفوظ فرما کر صحت وسکون کی دولت سے مالا مال فرمائیں۔

آمین یا رب العالمین

دعا گو: سید محمد طاہر شاہ ہاشمی
مہتمم: مدرسہ اسلامیہ سراج العلوم محمدیہ الہاشمیہ
شیخ عمر روڈ احمد شاہ اسٹریٹ ہُدہ کوئٹہ
۲۳ صفر المظفر ۱۴۴۵ھ بمطابق ۱۲ ستمبر ۲۰۲۳ء

Mufti Abdul Wahid Qureshi
PRINCIPAL: Idarat-ul-Noman
(Affiliated with Wifaq-ul-Madaris Al Arabia Pakistan)
CHAIRMAN: Dar-ul-Ifta Wal Irshad Masjid Karimia Trust
AMEER: Aalmi Ittihad Ahi-e-Sunah-wal-Jamat
Khyber Pakhtunkhwa Pakistan

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مفتی عبدالواحد قریشی
مدیر: ادارۃ النعمان
رئیس: دارالافتاء والارشاد مسجد کریمیہ ٹرسٹ
امیر: عالمی اتحاد اہل السنت والجماعت خیبر پختونخواہ

حوالہ نمبر 043-2025 تاریخ 02-07-2025

اہل حق کی طرف سے عقیدۂ ختم نبوت ﷺ اور مسئلہ ناموس انبیاء کرام علیہم السلام کے مبارک عنوان پر گزشتہ کئی صدیوں سے لاتعداد کتب تحریر کی گئی ہیں اور اسی پر بس نہیں بلکہ عاشقان رسول ﷺ نے اس مقصد کی خاطر ہزاروں جانوں کی قربانی دی ہے اور یہ لوگ یہ قربانیاں کیوں نہ دیتے؟ رسول اللہ ﷺ تو اللہ تعالیٰ کے سب سے عزیز اور آخری نبی تھے اور آپ ﷺ نے اپنی پوری زندگی اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے اور اس کے پیغامات (قرآن کریم اور سنت نبویہ) پوری امت کو پہنچانے میں صرف کردی اور اس کام میں آپ ﷺ کو بے حد تکالیف کا سامنا رہا، جنہیں آپ ﷺ نے نہایت خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔

مشہور یہودی مصنف مائیکل ہارٹ آنجہانی نے جب دنیا کی 100 عاقتور ترین شخصیات کی فہرست شائع کی تو آپ رسول اللہ ﷺ کو پہلی پوزیشن پر درج کیا۔ عیسائیوں اور یہودیوں کے اعتراضات اور احتجاج کے باوجود اس نے جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آپ ﷺ کے کردار اور اخلاق کی نہ صرف تعریف کی بلکہ یہ بھی واضح کیا کہ آپ ﷺ اس کائنات کی واحد شخصیت ہیں جن کی خاطر آج بھی لاکھوں مسلمان جان کی بازی لگا کر اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کے نام پر رسول اللہ ﷺ کی خاطر قربان کرنے کو تیار رہتے ہیں۔

زیر نظر کتاب "فتاویٰ ناموس انبیاء کرام علیہم السلام" برادرم مفتی محمد خالد حنفی (فاضل: جامعہ مطلع العلوم کوئٹہ بلوچستان) کی تالیف ہے جو کہ انہوں نے اکابر رحمہم اللہ کے فتاویٰ میں منتشر موتیوں کو جمع کرنے کی صورت میں ترتیب دی ہے۔

کتاب کے چند اوراق پلٹنے کی فرصت میسر آنے پر مواد انتہائی مفید معلوم ہوا۔ زیر نظر کتاب میں حضرات انبیاء کرام علیہم السلام سے متعلق تقریباً تمام معلومات اکابر رحمہم اللہ کے فتاویٰ سے من وعن جمع کی گئی ہیں اور ساتھ ہی ان کتب کا حوالہ بھی درج کردیا گیا ہے جس سے کتاب کی افادیت مزید بڑھ گئی ہے۔ اللہ رب العزت سے کامل امید ہے کہ کتاب قارئین کے لئے انتہائی مفید ثابت ہوگی۔

آخر میں رب کریم سے دعا ہے کہ صاحب تالیف کو اس سلسلہ میں دنیوی و آخری مزید ترقیات عطا فرمائیں۔

الراجی الی رحمۃ رب الرحیم بجاہ النبی الکریم علیہ التحیۃ والتسلیم

مفتی عبدالواحد قریشی عفی عنہ

مدیر: ادارۃ النعمان ڈیرہ اسماعیل خان، خیبر پختونخواہ

تاریخ: 02 جولائی 2025ء

محلہ سیدنا فاروق اعظمؓ چوک سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ گلی قریشیاں والی (مسلم بازار) ڈیرہ اسماعیل خان خیبر پختونخواہ پاکستان
Mob: 0333-9987709, 0313-9987709, https://www.facebook.com/MuftiAbdulWahid

Aziz-ur-Rehman
Hazarvi
Jamia Binoria S.I.T.E., Karachi.
Jama Masjid Quba, Block-5, Metrovelle Karachi.

عزیز الرحمٰن ہزاروی
استاذ الحدیث جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی
امام وخطیب جامع مسجد قبا بلاک 5 میٹروول کراچی
0300-2824286, 0653226[redacted]

حوالہ _____

تاریخ ۱۵ رجب المرجب ۱۴۴۶ھ ۱۶/جنوری ۲۰۲۵ء

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

امابعد: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی اور سیرت طیبہ ایک خوشبودار موضوع ہے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین جب بھی کسی مجلس میں اکٹھے ہوتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ کرنے سے اپنے دلوں کو تسکین دیتے اور اپنے دماغ کو روشن کرتے اسی بنا پر علمائے امت نے ہر دور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی اور سیرت طیبہ پر کتابیں لکھنے کو اپنے لئے سعادت اور توشہ آخرت سمجھا۔

زیر نظر کتاب "فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام" اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے لیکن اس کتاب کا انداز انوکھا اور منفرد موضوع اور نیا انداز ہے

اس کتاب میں حضرت مولانا محمد خالد حنفی حفظہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حالات زندگی، آپ کے معجزات، آپ کی احادیث مبارکہ، آپ کی سیرت، ملک، آپ کے خاتم النبیین ہونے پر جو سوالات واعتراضات کیے گئے ہیں ان کے مدلل ومفصل جوابات دیئے ہیں

نیز دیگر انبیاء علیہم السلام پر اور ان کے معجزات پر جو سوالات واعتراضات ہیں ان کے بھی جوابات دیئے ہیں، اس کتاب کا مطالعہ کرنے سے تمام شکوک وشبہات دور ہو جائیں گے۔ اس پر مستزاد یہ کہ مولانا موصوف نے اس کتاب میں ضروریات کا حوالہ بھی ذکر کیا ہے اور مولانا موصوف کو تحریر وتصنیف کا ذوق کا وافر حصہ اللہ تعالیٰ نے دیا ہے چنانچہ مولانا کئی دیگر کتابوں کے بھی مصنف ہیں

مذکورہ کئی خوبیوں سے اس کتاب کا مطالعہ کرنے کے نتیجہ میں اخذ کیا ہے کہ یہ کتاب علماء کرام، طلباء عظام، اور عام مسلمانوں کے لئے نافع ہے

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی یہ کاوش قبول فرما کر اس کو تمام مسلمانوں کے لئے نافع بنا دے آمین یا رب العالمین

Mufti Abdur Rehman Mulla Khail
DAR-UL-IFTA WA TAHQEEQ (Trust)
Address:
(1) Abu-bakar Masjid Phase. II Defence, Karachi
(2) Dar-ul-Uloom Aisha Siddiqa Abdul Khail,
Dera Ismail Khan
Cell: 0333-2251145, 0313-2775126

مفتی عبدالرحمٰن ملاخیل
دارالافتاء والتحقیق (ٹرسٹ)
پتہ:
(1) ابوبکر صدیق مسجد فیز 2 ڈیفنس کراچی۔
(2) دارالعلوم عائشہ صدیقہ عبدل خیل ڈیرہ اسماعیل خان۔

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

حامداً و مصلیاً

"فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام" نام سے ہی کتاب کا موضوع اور اس کی عظمت وافادیت ظاہر ہے، اس موضوع پر پہلی مرتبہ چار جلدوں پر مشتمل مفصل و مدلل کتاب سامنے آرہی ہے، اللہ تعالیٰ فاضل مؤلف "مولوی محمد خالد حنفی" کی زندگی میں علم و عمل میں خوب برکت عطاء فرمائے، مخلوقات میں سے سب سے زیادہ شرف انسان کو حاصل ہے پھر ان میں سے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام زیادہ واجب الاحترام والا کرام ہیں، پوری انسانیت پر ان کا بڑا حق ہے موصوف نے حسب استعداد اس کی ادائیگی کی قدرے کوشش کی ہے اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور پوری امت کے لئے نافع بنائے۔

چنانچہ فاضل مؤلف زید مجدہ نے ایسے تمام فتاوی اور تحریرات کو یکجا کیا، جو ناموس انبیاء علیہم السلام سے متعلق تھیں اور ہمیں موصوف کی رسائی ہوئی، موصوف کا امت پر یہ بڑا احسان ہے اللہ تعالیٰ ان کی کاوش کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین

۱۹ ربیع

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مفتی گل حسن

استاذ الحدیث ورئیس دارالافتاء والقضاء

جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ نیلا گنبد

سرکی روڈ کوئٹہ فون نمبر: ۰۳۳۳۷۸۰۱۴۱۹

حوالہ نمبر: ۸۷ تاریخ: ۱۴۴۶/۱۲/۱۶ھ 14.6.2025

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم

امابعد:۔۔۔کتاب (فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام) جس کو حضرت مولانا محمد خالد حنفی دامت برکاتہم العالیہ نے ترتیب دیا ہے جو کہ چار جلدوں پر مشتمل ہے۔ میں نے اس کے متعدد مقامات کا ملاحظہ کیا۔ کتاب ہذا پانچ ابواب پر مشتمل ہے۔ کتاب میں ہمارے اسلاف کے معتبر کتب فتاوی سے مضمون کی مناسبت سے بعینہ سوال و جواب کو یک جا جمع کیا گیا ہے۔ استفادہ کرنے والوں کیلئے آسانی کی گئی ہے۔ کہ ناموس انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے متعلق جو مضمون دیکھنا ہو تو اس کتاب سے بآسانی دستیاب ہوسکتا ہے۔ اگرچہ کتاب ہذا مستقل فتوی کی کتاب نہیں ہے لیکن ایک مضمون کے متعلق ایک ذخیرہ اور دستاویز کی حیثیت رکھتی ہے، دور حاضر میں اس کی اشد ضرورت ہے۔ ناموس انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کے متعلق ایک جامع اور مجموعۃ الفتاوی کی حیثیت رکھتی ہے، اسم با مسمی ہے۔ اور حسن ترتیب عجیب ہے۔ رب ذوالجلال مرتب کو اجر عظیم عطاء فرمائے، اور تمام محبان کیلئے باعث برکت وفلاح دارین اور ذریعہ نجات بنائے۔ آمین

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین والصلوۃ والسلام علی خاتم الانبیاء والمرسلین محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔

فقط والسلام

۱۴۴۶/۱۲/۱۶ 14.6.2025

فیس دارالافتاء مفتی گل حسن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض مرتب

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم اما بعد!

''فتاوی ناموس انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام'' کوئی مستقل کتاب نہیں ہے بلکہ ہمارے اکابر علمائے دیوبند کے فتاوی کا وہ مجموعہ ہے جو انہوں نے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے متعلق سائلین حضرات کے سوال کے جواب میں تحریر فرمایا ہیں، اور پھر وہ فتاوی ان حضرات کے اپنے فتاوی مثلاً فتاوی رشیدیہ، امداد الفتاوی، فتاوی دار العلوم دیوبند وغیرہ میں شائع بھی ہو چکے ہیں۔ فقیہ النفس قطاب الاقطاب حضرت اقدس مولانا رشید احمد گنگوہی صاحب نور اللہ تعالیٰ مرقدہٗ کے زمانہ سے لے کر عصر حاضر تک اکابرین علمائے دیوبند کے جو فتاوی شائع ہو چکے ہیں، (ان میں سے جو فتاوی کتابی شکل میں یا پی ڈی ایف کی شکل میں بندہ کو ملے) ان میں سے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے متعلق فتاوی کو بندہ نے اکھٹا کیا اور اس پر الحمد للہ کافی مواد اکٹھا ہوا، جن کو بندہ نے چار جلدوں میں ترتیب دی اور انہیں پانچ ابواب میں تقسیم کیا ہے، پہلا حصہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر حضور علیہ الصلاۃ والسلام تک انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے بارے میں متفرق فتاوی ہیں، دوسرا حصہ معجزات کے بارے میں ہے، تیسرا حصہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے توسل سے دعا کرنے کے بارے میں ہے، اور چوتھا حصہ حیات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے بارے میں ہے، اور پانچواں حصہ ردقادیانیت کے بارے میں ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ بندہ کی اس حقیر سی کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول مقبول فرما کر آخرت میں نجات کا ذریعہ بنائے۔ آمین۔

بندہ محمد خالد حنفی

انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کا بیان

نبوتِ تشریعی وغیر تشریعی

﴿سوال﴾:

صاحب شریعت کس نبی کو کہتے ہیں، اس کی تعریف کیا ہے؟

۲.....غیر تشریعی نبی کس کو کہتے ہیں، اس کی تعریف کیا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

۱.....جس کی شریعت مستقل ہو۔

۲.....جو دوسرے نبی کے تابع ہو(۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی محمودیہ، ج: ۱، ص: ۳۷۲)

❁❁❁

نبوت تشریعی اور غیر تشریعی میں فرق

﴿سوال﴾:

امام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں: "قُولُوا اَنَّهٗ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَاتَقُوْلُوْا لَا نَبِيَّ بَعْدَهٗ".

﴿جواب﴾:

---

(۱):فی شرح العقائد النسفية: والرسول انسان بعثه اللّٰه الى الخلق لتبليغ الأحكام، وقد يشترط فيه الكتاب، بخلاف النبي فانه أعم. (شرح العقائد النسفية، بحث خبر الرسول ﷺ، ص: ۵۷، ط، المكتبة البشرىٰ كراتشى)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر، بحث يجب على المكلف أن يقول آمنت باللّٰه و ملائكته و كتبه ورسله، ص: ۱۱، ط، دار الكتب العربية الكبرى مصر)

(تکملہ مجمع البحار، ج:۵،ص:۵۰۲) میں علامہ محمد طاہر پٹنی نے یہ قول نقل کر کے لکھا ہے۔"وھذا ناظر الی نزول عیسی". یعنی یہ ارشاد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے پیش نظر فرمایا۔

﴿سوال﴾:

امام عبدالوہاب شعرانی [رحمہ اللہ تعالیٰ] فرماتے ہیں "مطلق نبوت نہیں اٹھائی گئی محض تشریعی نبوت ختم ہوئی ہے۔جس کی تائید حدیث میں حفظ القرآن الخ" سے بھی ہوتی ہے (جس کے معنی یہ ہیں کہ جس نے قرآن حفظ کرلیا اس کے دونوں پہلوؤں سے نبوت بلاشبہ داخل ہوگئی) اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول مبارک "لَانَبِیَّ بَعْدِیْ وَلَارَسُوْلَ" سے مراد صرف یہ ہے کہ میرے بعد کوئی ایسا نبی نہیں جو شریعت لے کر آئے، محی الدین ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں "جو نبوت رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آنے سے منقطع ہوئی ہے وہ صرف غیر تشریعی نبوت ہے نہ کہ مقام نبوت" اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے اس لیے اس نے ان کی خاطر تشریعی نبوت باقی رکھی۔ مذکورہ بالا دو اقوال واضح فرمادیں۔تشریعی اور غیر تشریعی بھی واضح فرمادیں۔کیا اس کو اپنے لیے دلیل بناسکتے ہیں؟

❁❁❁

﴿جواب﴾:

شیخ ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ اولیاء اللہ کے کشف والہام کو "نبوت" کہتے ہیں اور حضرت انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو جو منصب عطا کیا جاتا ہے اسے "نبوت تشریعی" کہتے ہیں۔ یہ ان کی اپنی اصطلاح ہے۔ چونکہ انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی نبوت ان کے نزدیک تشریع کے بغیر نہیں ہوتی اس لیے ولایت والی نبوت واقعتاً نبوت ہی نہیں۔ علامہ شعرانی رحمہ اللہ تعالیٰ اور شیخ ابن عربی رحمہ اللہ تعالیٰ بھی انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام والی نبوت (جو ان کی اصطلاح میں نبوت تشریعی کہلاتی ہے) کو ختم مانتے ہیں اور ولایت کو

جاری۔ اور یہی عقیدہ اہل سنت والجماعت کا ہے فرق صرف اصطلاح کا ہے(۲)۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔[آپ کے مسائل اوران کا حل ج۱ص۲۴۳،۲۴۴]۔(فتاوی ختم نبوت، ج:۱، ص:۲۲۷، ۲۲۸، ط، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان)

❁❁❁

(۲):فی الیواقیت الجواهر تنقسم النبوة البشرية على قسمين: القسم الأول: من اللّٰه تعالىٰ الى غيره من غير روح ملكى بين اللّٰه تعالىٰ وبين عبده بل اخبارات الٰهية يجدها فى نفسه من الغيب أو فى تجليات، ولايتعلق بذلك الاخبار حكم تحليل ولاتحريم بل تعريف بمعانى الكتاب والسنة أو بصدق حكم مشروع ثابت أنه من عنداللّٰه تعالىٰ أو تعريف بفساد حكم قد ثبت بالنقل صحته ونحو ذلك وكل ذلك تنبيه من اللّٰه تعالىٰ شاهد عدل من نفسه قال ولا سبيل لصاحب هذا المقام أن يكون على شرع يخصه يخالف شرع رسوله أرسل اليه وأمرنا باتباعه أبداً. القسم الثانى: من النبوة البشرية وهو خاص بمن كان قبل بعثة نبينا محمد صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم، وهم الذى يكونون كالتلامذة بين يدى الملك، فينزل عليهم الروح الأمين بشريعة من اللّٰه تعالىٰ فى حق نفوسهم بتعبدهم بها فيحل لهم ما شاء ويحرم عليهم ما شاء ولايلزمهم اتباع الرسل وهذا المقام لم يبق له أثر بعد محمد صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم..الخ. (اليواقيت والجواهر فى بيان عقائد الأكابر، المبحث الثالث والثلاثون فى بيان بداية النبوة والرسالة والفرق بينهما وبيان امتناع رسالة رسولين معاً فى عصر واحد وبيان أنه ليس كل رسول خليفة وغير ذلك من النفائس التى لاتوجد فى كتاب، الجزء الثانى، ص: ۳٤۸، ۳٤۹، ط، دار احياء التراث العربى بيروت لبنان)

عصمت انبیاء علیہم السلام اوران کی طرف منسوب الفاظ کا صحیح مفہوم

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اہل سنت والجماعت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام والتسلیمات قبل النبوۃ وبعد النبوۃ معصوم ہوتے ہیں یعنی صغائر اور کبائر کا ارتکاب نہیں کر سکتے حالانکہ آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے شجرہ ممنوعہ کھایا ہے وغیرہ وغیرہ، اس مسئلہ کے بارے میں ہمارے علاقہ کے علماء بڑی پریشانی کا شکار ہیں مہربانی فرما کر اس کے بارے میں رہنمائی فرمائیں اور عنداللہ ماجور ہوں۔

﴿الجواب باسم الملک الوھاب﴾:

اہل سنت والجماعت کے نزدیک انبیاء علیہم السلام سے کسی قسم کا کوئی گناہ سرزد نہیں ہوتا، انبیاء علیہم السلام تمام صغائر وکبائر سے قبل النبوۃ معصوم ہوتے ہیں بظاہر جو گناہ معلوم ہوتے ہیں حقیقتاً وہ گناہ نہیں ہوتے، چنانچہ حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: "فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْماً" آدم علیہ السلام بھول گئے پس بھول جانا گناہ نہیں ہوا کرتا، گناہ تو وہ معصیت ہے جو جان بوجھ کر قصد وارادہ سے جس کا ارتکاب کیا جائے، رہی بات "عَصٰی آدَمُ رَبَّهٗ فَغَوٰی" تو یہ اجتہاد فی الخطاء اور نسیان صورتاً ہوا ہے، اس لیے کہ بظاہر اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی ہے لیکن حقیقت میں معصیت نہیں کیونکہ معصیت تو دانستہ وقصداً ہوا کرتی ہے، "حسنات الابرار سیئات المقربین" کے ضابطہ کے تحت تعبیر میں اللہ تعالیٰ نے ذرا سخت انداز اپنایا ہے۔

" اصح الاقوال انهم معصومون عن المعاصی کلها من الکبائر والصغائر عمدا اوسهوا قبل النبوة وبعدها فی حال الصحة والمرض وفی حال الغضب والرضا وما اوحی الله تعالیٰ الیهم بواسطة ملک اوالهام اومنام اوغیر ذالک فانه

كله حق صدق ماينطق عن الهوى ان هو الا وحى يوحى"
.(قطب الارشاد: ۸۳)

" ثم هذه العصمة ثابتة للانبياء قبل النبوة وبعدها على الاصح وهم مؤيدون بالمعجزات الباهرة والآيات الظاهرة". (شرح فقه الاكبر: ۵۷)

(وعصىٰ آدم ربه) باكل الشجرة (فغوىٰ) يعنى ضل عن المطلوب واخطأ طريق الحق وخاب حيث طلب الخلد باكل الشجرة التى هى سبب لضده او عن المامور به او عن الرشد حيث اغتر بقول العدو قال ابن الاعرابى اى فسد عليه عيشه فصار من العز الى الذل ومن الراحة الى التعب".....(تفسير مظهرى: ۶/۹۹)

"(فغوىٰ) ففصد عيشه بنزوله الى الدنيا والغى الفساد وهو تاويل حسن وهو اولى من تاويل من يقول (فغوى) معناه ضل من الغى الذى هو ضد الرشد". (احكام القرآن للقرطبى:۱۱/۲۵۷)

تمام انبیاء کرام کے وہ تمام اقوال وافعال بظاہر گناہ نظر آتے ہیں وہ گناہ نہیں ہوتے بلکہ ان کے عالی مقام کے شایان شان نہیں ہوتے، اس لئے اللہ جل شانہ کی طرف سے ان پر تنبیہ ہوتی ہے۔ (ارشاد المفتین، ج:۱،ص:۲۷۸، ۲۷۹، ط، مکتبۃ الحسن لاہور)

عصمت انبیاء علیہم السلام

﴿سوال﴾:

انبیاء علیہم الصلوۃ السلام قبل النبوۃ وبعد النبوۃ معصوم ہیں یا نہیں؟ زید انبیاء علیہم السلام کی عصمت پر اعتراض کرتا ہے مثلاً آدم علیہ السلام کا شجرہ ممنوعہ کے پاس جانا، موسیٰ علیہ السلام کا قبطی کو قتل کرنا اور وہ حدیث کہ انبیاء علیہم السلام کا نفسی نفسی ارشاد فرمانا، اس کا مفصل طور پر مع الدلائل جواب مرحمت فرمائیں؟

﴿الجواب باسم الملک الوھاب﴾:

اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک انبیاء علیہم السلام سے کسی قسم کا کوئی گناہ سرزد نہیں ہوا، انبیاء علیہم السلام تمام صغائر وکبائر گناہوں سے قبل النبوۃ وبعد النبوۃ معصوم ہوتے ہیں، بظاہر جو گناہ معلوم ہوتے ہیں حقیقتاً وہ گناہ نہیں ہیں چنانچہ آدم علیہ السلام کے بارے میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں "فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْماً" آدم علیہ السلام بھول گئے، پس بھول جانا گناہ نہیں ہوا کرتا، گناہ وہ معصیت ہے جس کا دیدہ ودانستہ قصداً وارادۃً ارتکاب کیا جائے۔

" واصح الاقوال انهم معصومون عن المعاصی کلها من الکبائر والصغائر عمدا او سهوا قبل النبوة وبعدها".

(قطب الارشاد: ۸۳)

" ان الولی لایبلغ درجة النبی لان الانبیاء علیهم السلام معصومون مامونون عن خوف الخاتمة مکرمون بالوحی حتی فی المنام و بمشاهدة الملائکة الکرام مامورون بتبلیغ الاحکام وارشاد الانام بعد الاتصاف بکمالات الاولیاء العظام". (شرح الفقه الاکبر: ۱۲۱)

" الانبیاء علیهم السلام کلهم منزهون عن الصغائر

والكبائر والكفر والقبائح يعنى قبل النبوة وبعدها"..... (شرح الفقه الاكبر: ٥٦)

زید کا حضرت آدم علیہ السلام پر اعتراض کرنا زید کا استدلال قرآن پاک کی آیت "**وعصى آدم ربه فغوى**" اس کا جواب یہ ہے کہ عصیان اور غوی کا اطلاق اس اجتہاد فی الخطاء اور نسیان پر صورتاً ہوا ہے اس لیے کہ بظاہر اللہ تعالیٰ کے حکم کی خلاف ورزی ہے لیکن حقیقت میں معصیت نہیں ہے کیونکہ معصیت تو دیدہ دانستہ قصداً وارادۃً ارتکاب کا نام ہے، البتہ حضرت آدم وحوا علیہما السلام کو اتنی بات پر اتنا سخت عتاب ہوا کہ جنت سے نکالے گئے کیونکہ "**حسنات الابرار سيئات المقربين**" کے تحت انبیاء مقربین بندے ہوتے ہیں نیز یہ بظاہر عتاب مگر حقیقت میں شرف خلافت سے نوازنے کا ذریعہ تھا۔

وعصىٰ آدم ربه باكل الشجرة فغوى يعنى ضل عن المطلوب واخطاء طريق الحق وخاب حيث طلب الخلد باكل الشجرة التى هى سبب لضده او عن المامور به اوعن الرشد حيث اغتر بقول العدو قال ابن الاعرابى اى فسد عليه عيشه فصار من العزالى الذل". (تفسير مظهرى: ٦/٩٩)

"**فغوىٰ ففسد عيشه بنزوله الى الدنيا والغى الفساد وهو تاويل حسن وهو اولى من تاويل من يقول فغوى معناه ضل من الغى الذى هو ضد الرشد**". (احكام القرآن للقرطبى: ١١/٢٥٧)

زید کا حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اعتراض کرنا کہ انہوں نے ایک قبطی کو قتل کر دیا تھا حالانکہ قتل کرنا گناہ کبیرہ ہے پس یہ عصمت انبیاء کے منافی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا اس کو مارنا بقصد قتل نہ تھا بلکہ نیت تادیب اور مظلوم کی مدد کرنا تھا دوسری بات یہ ہے کہ قتل آلۂ قتل سے کیا جاتا ہے حالانکہ مکا مارنا آلہ قتل سے نہیں تھا، نیز وہ مقام

دارالحراب تھا اور قبطی حربی مباح الدم بھی تھا۔

"ان یقال انه کان لکفره مباح الدم". (تفسیر الکبیر: ۵۸۵/)

"فوکزه موسی فقضی علیه (الآیة سورة القصص)قال تحت قوله تعالیٰ فوکزه موسی....وهذا لم یکن مناف لعصمه لکونه خطاء وانما عد ذلک من عمل الشیطان و سماه ظلما واستغفر عنه علی عادة المقربین فی استعظام محقرات صدرت منهم" .....(تفسیر المظهری: ۱۵۹/۷)

اور یہ اشکال کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے گناہ کا خود ہی اقرار کر دیا "وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنَ" اس کا جواب یہ ہے کہ یہاں ذنب سے مراد تاوان ہے نہ کہ گناہ، قرینہ اس بات پر یہ ہے کہ "وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ" ان قبطیوں کا مجھ پر ذنب ہے حالانکہ گناہ اللہ کا کیا جاتا ہے نہ کہ بندوں کا، لہٰذا یہاں ذنب سے مراد تاوان لیا جائے گا۔

"اراد بالذنب قتله القبطی وقیل کان خباز فرعون واسمه فاتون یعنی ولهم علی تبعة ذنب وهی قود ذلک القتل فاخاف ان یقتلونی به فحذف المضاف او سمی تبعة الذنب ذنبا کما سمی جزاء السیئة سیئة". (تفسیر الکشاف: ۳۰۹/۳)

زید کا انبیاء علیہم السلام پر اعتراض کرنا کہ روز قیامت نفسی نفسی کہیں گے، اس کا جواب یہ ہے کہ جو بھول چوک انبیاء علیہم السلام سے ہوئی تھی اس بھول چوک کا خوف ان پر ہوگا کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اجتہادی غلطی کی بناء پر پکڑ نہ لیں کیونکہ "حسنات الابرار سیئات المقربین" کے تحت کہ انبیاء علیہم السلام مقربین بندے ہوتے ہیں، اس وجہ سے ان کو اپنی اجتہادی غلطی کا خوف ہوگا اور عظمت مرتبہ کی وجہ سے اپنی اجتہادی غلطی کا خوف یہ عصمت

انبیاء علیہم السلام کے منافی نہیں۔ (ارشاد المفتین، ج:۱،ص:۲۵۳ تا ۲۵۵، ط، مکتبۃ الحسن لاہور/ امداد الفتاوی، ج:۱۲،ص:۲۵۸، ۲۶۰، ط، زکریا بک ڈپو الہند/ احسن الفتاوی، ج:۹، ص:۵۶ تا ۵۸، ط، ایم ایچ سعید کراچی/ فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۲۱۰، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی/ فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۴۰۹ تا ۴۱۱/ فتاوی عثمانی، ج:۱،ص:۶۶، ۶۷، ط، مکتبہ معارف القرآن کراچی/ خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۱۷۱ تا ۱۷۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان/ المسائل المہمہ فیما ابتلت بہ العامۃ، ج:۹،ص:۲۲/ کتاب النوازل، ج:۱،ص:۲۶۷، ۲۶۸، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مراد آباد الہند)

❁❁❁

تحقیق عصمت انبیاء

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ عام طور پر کہا جاتا ہے کہ انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں اس سے کیا مراد ہے؟ کیا صغیرہ اور کبیرہ دونوں قسم کے گناہوں سے معصوم ہوتے ہیں؟ اور یہ عصمت نبوت ملنے سے پہلے بھی ہوتی ہے یا نبوت کے بعد؟ نیز حضرت آدم علیہ السلام کے جسم میں روح ڈالتے ہی نبوت مل گئی تھی یا پھر زمین پر آنے کے بعد ملی تھی اگر جسم میں روح ڈالتے ہی مل گئی تھی تو جنت میں جس درخت سے منع کیا گیا اس کا کھانا گناہ کبیرہ تھا یا صغیرہ؟ نیز بعض لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ نبی نہیں تھے کیا یہ بات صحیح ہے؟ اگر صحیح نہیں تو پھر اس بات کے کہنے والوں کا کیا حکم ہے؟ براہ کرم مفصل انداز میں جواب دیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

انبیاء کرام راجح قول کے مطابق نبوت ملنے سے پہلے اور نبوت ملنے کے بعد صغائر اور کبائر دونوں سے معصوم ہوتے ہیں۔ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام کو نبوت زمین پر آنے

کے بعد ملی ہے آپ کی نبوت کا انکار کرنے والا کافر ہے۔ رہی یہ بات کہ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام نے اس درخت سے تناول فرمایا جس سے منع کیا گیا تھا۔ تو درحقیقت یہ نہ ہی صغیرہ گناہ ہے اور نہ کبیرہ بلکہ یہ محض لغزش تھی، جو نسیان یا غلط فہمی کی بنیاد پر صادر ہوئی تھی اور "حسنات الابرار سیأت المقربین" (نیکوکار کی نیکیاں مقربین کے گناہوں کے برابر ہیں) قاعدے پر سرزنش کی گئی۔

لما فی فیض الباری (۲/۱۱): وقد علمت سابقا ان الاشاعرة جوزوا الصغائر قبل البعثة ونفاها الماتريدية وقالوا بالعصمة قبلها وبعدها.

وفی النبراس (ص ۴۵۴): المذکور فی کلام الشارح هو مذهب عامة المکلمین وخالفهم جمهور جمع من العلماء فذهبوا الی العصمة عن الصغائر والکبائر قبل الوحی وبعده وهو مختار ابی المنتهی شارح الفقه الاکبر والشیخ عبدالحق المحدث الدهلوی..... وقال الامام الشیخ ابو منصور الماتریدی الانبیاء احق بالعصمة من الملائکة لان الامم مامورون بالاتباع للانبیاء لا الملائکة واختار القاضی عیاض عصمتهم بعد الوحی عن کلصغیرة وکبیرة ونسبه الی طائفة من المحققین وقال وقد اختلف فی عصمتهم قبل النبوة والصحیح ان شاء اللّٰه تعالیٰ تنزیهم من کل عیب.....(ص ۴۵۷) وما کان بطریق التواتر فمصروف عن الظاهر کقول ابراهیم علیه السلام مشیرا الی الکواکب هذا ربی وتاویله ان همزة الاستفهام محذوفة والمعنی اهذا ربی برعمکم..... "ان امکن" الصرف عن الظاهر "والا" فمحمول

علی ترک الاولی" نحو عصی آدم ربه فغوی..... وقال واحد من الائمة سمی اللّٰه ترک الاولی منهم عصیانا لعظم منزلتهم کما قبل حسنات الابرار سیأت المقربین واستغفار الانبیآء من ترک الاولٰی هضما لنفوسهم والا فلیس من الذنب ولا عقاب علیه او کونه قبل البعثة کما قیل فی اکل آدم علیه السلام الشجرة وکما قیل فی اخوة یوسف علیه السلام علی تقدیر انهم انبیآء لکن بعض العلماء صحح انهم لیسوا بانبیآء.

وفی شرح الفقه الاکبر (ص ۵۶): والانبیاء علیهم الصلاة والسلام کلهم ای جمیعهم الشامل لرسلهم ومشاهیرهم وغیرهم اولهم آدم علیه الصلاة والسلام علی ماثبت بالکتاب والسنة واجماع الامة فمانقل عن بعض من انکار نبوته یکون کفرا..... منزهون ان معصومون عن الصغائر والکبائر ای من جمیع المعاصی والکفر خص لانه اکبر الکبائر ..... (ص ۵۷) ثم هذه العصمة ثابتة للانبیآء قبل النبوة وبعدها علی الاصح..... وقد کانت منهم ای من بعض الانبیآء قبل ظهور مراتب النبوة او بعد ثبوت مناقب الرسالة زلات ای تقصیرات وخطیئات ای عثرات بالنسبة الی مالهم من علی المقامات وسیٔ الحالات کما وقع لآدم علیه الصلوة والسلام فی اکله من الشجرة علی وجه النسیان او ترک العزیمة واختیار الرخصة ظناً منه ان المراد بالشجرة المنهیة المشار الیه بقوله تعالیٰ ولا تقربا هذه الشجرة هی الشخصیة

لا الجنسية فاكل من الجنس لامن الشخص بناء على الحكمة الالهية ليظهر ضعف قدره البشرية وقوة اقتضاء مغفرة الربوبية. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۳۹، ۲٤۰)

❁❁❁

عصمتِ صبی اور عصمتِ نبی میں کیا فرق ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عصمت صبی و عصمت نبی میں کیا فرق ہے؟ میرے ذہن میں یہ فرق ہے کہ بچہ تو عدم تکلیف کی بنا پر معصوم ہے اور نبی مکلّف ہونے کے باوجود معصوم ہوتا ہے، مگر یہ ذہنی اختراع ہے کہیں نظر سے نہیں گذار، اس لئے تحقیق کے ساتھ مع حوالہ جواب مطلوب ہے۔

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

عصمتِ انبیاء اور عصمتِ اطفال کے درمیان فرق کے سلسلہ میں آپ نے جو بات لکھی ہے کہ ان میں تکلیف اور عدم تکلیف کا فرق ہے، یہ بالکل واضح ہے اور حدیث نبوی: **رفع القلم عن ثلاثة..... وعن الصبی حتی یکبر.** (سنن أبی داؤد ۲/ ٦۰٤) سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے، اور بچہ کی یہ عصمت صرف اس معنی کر ہے کہ اس سے زمانہ طفولیت کے کسی فعل پر آخرت میں مؤاخذہ نہ ہوگا، ورنہ دنیوی اعتبار سے اس سے فعل گناہ صادر ہوسکتا ہے، مثلاً وہ ظلما کسی کو مار دے یا چوری کرلے یا شراب پی جائے وغیرہ، اس کے بر خلاف حضرات انبیاء علیہم السلام سے مکلّف ہونے کے باوجود گناہ کا صدور ہی نہیں ہوسکتا، وہ جذبۂ معاصی سے پوری طرح معصوم اور محفوظ ہوتے ہیں اور گناہ کا اختیار ہونے کے باوجود ان سے معصیت صادر نہیں ہوسکتی، اہلِ سنت والجماعت کا یہی مذہب ہے۔

حکیم الاسلام حضرت مولانا قاری محمد طیب صاحبؒ نے فرمایا ہے کہ:

''بچوں میں معصومیت صرف اس لئے ہوتی ہے کہ ان میں گناہ کرنے کی قوت بیدار نہیں ہوتی، صرف مادہ موجود ہوتا ہے اور انبیاء میں وہ ساری قوتیں موجود ہیں، پھر بھی وہ اپنے اختیار اور ارادہ سے معصوم رہتے ہیں''۔(مجالس حکیم الاسلام ۵۴۷)

﴿وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰکَ لَقَدْ کِدْتَّ تَرْکَنُ اِلَیْھِمْ شَیْئًا قَلِیْلًا﴾[بنی اسرائیل: ٧٤]

﴿مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمْ وَمَا غَوٰی﴾[النجم: ٢]

﴿وَلَقَدْ ھَمَّتْ بِہٖ وَھَمَّ بِھَا لَوْلَا اَنْ رَّاٰ بُرْھَانَ رَبِّہٖ﴾[یوسف: ٢٤]

ان الأنبياء معصومون عن الكذب فى التبليغ وغيره خصوصاً فيما يتعلق بأمر الشرائع وتبليغ الأحكام وارشاد الأمة وهو أنهم معصومون من الكفر قبل الوحى وبعده بالاجماع. (نبراس ٢٨٣)

والمختار عندى أنهم معصومون وساوس الشيطان وعن الكذب والكبائر والصغائر عمداً وسهواً قبل البعثة وبعدها. (مرام الكلام ٣٢)

والأنبياء عليهم الصلاة والسلام كلهم منزهون عن الصغائر والكبائر.(شرح الفقه الأكبر ٥٦)

قال القاضى عياض: واعلم أن الأمة مجتمعة على عصمة النبى من الشيطان فى جسمه وخاطره ولسانه. (تفسير خازن ٢/ ٢٧٠)

وأما تعريفها الحقيقى على ماذكره فى شرح

المقاصد فهو أنها ملكة اجتناب المعاصی مع التمكن منها. (حاشية خيالی ۱۰۷)

قال أئمة الأصول: الأنبياء عليهم الصلاة والسلام كلهم معصومون لا يصدر عنهم ذنب ولو صغيرة سهواً ولا يجوز عليهم الخطاء فی دين الله قطعاً وفاقاً للأستاذ أبی اسحاق الأسفراينی وأبی الفتح الشهرستانی والقاضی عياض والشيخ تقی الدين السبكی وغيره هم. (اليواقيت والجواهر ۲/۲)

عن علی رضی الله تعالیٰ عنه قال: سمعت رسول الله صلی الله تعالیٰ عليه وسلم يقول: "رفع القلم عن ثلاثة: عن الصغير حتی يبلغ، وعن النائم حتی يستيقظ، وعن المصاب حتی يكشف عنه". (مسند الامام أحمد بن حنبل ۱۸۷/۱ رقم: ۹٤۳ بيروت) فقط والله تعالیٰ اعلم (كتاب النوازل، ج: ۱، ص: ۲٦۸ تا ۲۷۰، ط، المركز العلمی للنشر والتحقيق لال باغ مراد آباد الهند)

❁❁❁

عصمت انبیاء پر شیعہ کے استدلال کا جواب

﴿سوال﴾:

بیان القرآن صفحہ (۲۱) تحت آیۃ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِی الظّٰلِمِيْنَ حاشیہ تحتانی **الكلام احتج بعض أهل البدع بالآية علی عصمة الائمة الخ** یعنی اہل بدعت نے ائمہ کی عصمت پر اس آیۃ سے استدلال کیا ہے۔ جواب کا حاصل یہ ہے کہ امامت انبیاء

کو حق تعالےٰ نے اپنی طرف منسوب فرمایا ہے اور امامت متنازع فیہ بوجہ شوریٰ کے مخلوق کی طرف منسوب ہے وجہ اشکال یہ ہے کہ اہل بدعت اس امامت کو بھی منصوص عن اللہ مانتے ہیں اور اسی لئے خلفاء ثلثہ کی امامت کے منکر ہیں کہ انھیں لوگوں نے امام بنالیا۔ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حق تعالیٰ نے بذریعہ وحی امام بنایا تھا۔

﴿الجواب﴾:

آپ نے جواب میں غور نہیں کیا میں نے پوری عبارت جواب کی دیکھی جواب کا حاصل منع ہے اور منع کے لئے سند کی ضرورت نہیں اور اگر تبرعاً پیش کردی جاوے اس پر قدح مضر منع نہیں حاصل اس منع کا احتمال ہوتا ہے اور احتمال باوجود ہدم سند کے بھی باقی ہے۔

خلاصہ جواب کا یہ ہے کہ چونکہ احتمال ہے کہ امامت سے مراد نبوۃ ہو، اس لئے عصمت کا غیر نبی کے لئے لازم ہونا لازم نہیں آتا اس احتمال کی ایک سند ہے کہ اسناد الی اللہ مرجح ہے اس احتمال کا پس اول تو اگر یہ مرجح بالکل منعدم ہوجاوے تب بھی مضر نہیں دوسرے ابھی اس کا انعدام نہیں ہوا جب تک شیعہ اپنے اس دعوے نسبت امامت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ الی اللہ پر دلیل نہ لاویں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (امداد الفتاوی، ج: ١٢، ص: ٥٥٨، ٥٥٩، ط، زکریا بُک ڈپو الھند)

انبیاء علیہم السلام قبل النبوۃ بھی معصوم تھے

﴿سوال﴾:

ایک شخص کا عقیدہ ہے کہ چند انبیاء علیہم السلام سے نبوت سے پہلے کبیرہ گناہ کا ارتکاب ہو چکا ہے جیسے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے نبوت سے پہلے جنّت میں قصداً گناہ کا ارتکاب کیا تھا، اور یہ شخص قرآن کریم کی آیت رَبَّنَا ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا... الخ پیش کرتا ہے بطور استدلال اور اپنے اس عقیدہ پر مصر ہے، شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟

﴿الجواب﴾:

تمام اہل سنت والجماعت کا یہ متفقہ عقیدہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام نے کبھی بھی قصداً جان بوجھ کر کسی گناہ کا ارتکاب نہیں کیا، نہ قبل از نبوت اور نہ بعد از نبوت، البتہ بعض مواقع میں بشری تقاضے کی بناء پر بعض انبیاء سے بلا قصد سہو اور لغزش کا ارتکاب ہوا ہے، اور کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ حضرات انبیاء علیہم السلام نے کوئی کام اللہ تعالےٰ کی رضا اور اس کی خوشنودی وتقرب کے لیے کیا لیکن فی الواقع وہ کام اللہ تعالےٰ کی مرضی اور منشاء کے خلاف نکلا، اس لیے اللہ تعالیٰ نے کسی حالت میں بھی اپنے برگزیدہ انبیاء کو اپنی منشاء کے خلاف کام پر برقرار نہیں رکھا بلکہ وقتاً فوقتاً تنبیہ نازل فرماتے رہے، لہٰذا اس طرح کی لغزش وسہو انبیاء کی عصمت پر اثر انداز نہیں ہوتی اس لیے کہ حقیقت میں گناہ اس کو کہتے ہیں کہ بندہ جان بوجھ کر گناہ کو گناہ سمجھ کر اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی بنیاد پر کرے، اس قسم کی معصیت سے حضرات انبیاء علیہم السلام منزّہ اور پاک ہیں۔ مخالفین نے جو قرآن پاک کی آیت عصیان وغوایت ظلم سے حضرت آدم علیہ السلام کا ارتکابِ کبیرہ پر استدلال کیا ہے اور اس کو حقیقی عصیان وظلم پر محمول کیا ہے، یہ قرآن پاک کی ایک دوسری آیت کے مخالف، ارشاد خداوندی ہے: وَلَقَدْ عَهِدْنَا اِلٰى آدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِىَ وَلَمْ نَجِدْ لَهٗ عَزْماً (سورۃ طٰہٰ آیت ص ۱۱۵) یعنی حضرت آدم علیہ السلام نے قصداً وعمداً نافرمانی سے شجرِ ممنوعہ نہیں کھایا تھا بلکہ ہمارے وعدے کو بھول گئے تھے اور بھول کر بلا قصد ان سے یہ فعل سرزد ہوا۔ دوسرا یہ کہ جو جتنا زیادہ مقرب ونزدیک ہوتا ہے اس کے خلاف اولیٰ کام کو بھی قابل عتاب سمجھا جاتا ہے جیسا کہ کہتے ہیں حسنات الابرار سیئات المقربین (۳). اور لفظ ظلم سے دلیل پکڑنا بھی صحیح نہیں اس

---

(۳): فی النبراس: وما کان بطریق التواتر فمصروف عن الظاهر کقول ابراهیم علیه السلام مشیراً الی الکواکب هذا ربی وتاویله ان همزة الاستفهام محذوفة والمعنی اهذا ربی بزعمکم..... "ان امکن" الصرف عن الظاهر "والا" ای وان لم یکن "فمحمول علی ترک الاولی" نحو عصی آدم ربه فغوی.... وقال غیر

لیے کہ وضع الشیء فی غیر محلہ ظلم ہے اور یہ عام ہے، کبیرہ صغیرہ ترک اولیٰ وغیرہ۔ لہٰذا اس آخری معنی پر محمول کرنا نص قرآن کے عین مطابق ہے۔ لہٰذا جو شخص عصمت انبیاء کا قائل نہیں وہ اہل سنت والجماعت سے خارج ہے البتہ احتیاط کی بناء پر اس کو کافر نہیں کہا جائے گا۔ لوجود الاختلاف۔

لما قال ابومحمد علی بن احمد بن حزم الظاهری رحمه اللّٰه: وذهبت جمیع اهل الاسلام من اهل السنة والمعتزلة والنجاریة والخوارج والشیعة الا انه لایجوز البتة ان یقع من نبی اصلاً معصیة بعمد لا صغیرة ولا کبیرة وهو قول ابن مجاهد الاشعری شیخ ابن فورک والباقلانی المذکورین. قال ابو محمد وهٰذا قول الذی ندین اللّٰه تعالیٰ به و لایحل لاحد ان یدین بسواه ونقول انه یقع من الانبیاء السهو عن قصد ویقع فیهم ایضاً قصدًا الشیء یریدون به وجه اللّٰه تعالیٰ والتقرب به منه فیوافق خلاف مامراد اللّٰه تعالیٰ الا انه تعالی لایقرهم علی شیء من هذین الوجهین اصلاً بل ینبههم علیٰ ذلک ولا یدائر ووقوعه منهم ویظهر

واحد من الأئمة سمی اللّٰه ترک الاولی منهم عصیانا لعظم منزلتهم کما قیل حسنات الابرار سیأت المقربین واستغفار الانبیآء من ترک الاولی هضما لنفوسهم والا فلیس من الذنب ولاعقاب علیه. الخ. (نبراس، ص:۲۸٦، ط، مکتبه امدادیه ملتان)

نقله الشوکانی فی الارشاد عن کتاب الملل والنحل وقال اختاره ابن برهان وحکاه النووی فی زوائد الروضة عن المحققین قال القاضی حسین هو الصحیح من مذهب أصحابنا. وماروی ذلک فیحمل علی ترک الاولیٰ. (ص:۳۲/بحواله خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۱۷۲، ط، مکتبة امدادیه ملتان)

عزّوجل ذلک لعباده ولیبین لهم. (الفصل فی الملل واهواء والنحل ج ٤ ص ٢هل تعصی الانبیاء ص ١) (٤)۔(فتاوی حقانیه، ج: ١، ص: ١٤٩ تا ١٥١، ط، مکتبه سید احمد شهید اکوڑه خٹك)

(٤): فی الجامع لأحکام القرآن: واختلف العلماء فی هذا الباب: هل وقع من الأنبیاء ــ صلوات اللّٰه علیهم أجمعین ــ صغائر من الذنوب یؤاخذون بها، ویعاقبون علیها، أم لا؟ بعد اتفاقهم علی أنهم معصومون من الکبائر، ومن کل رذیلة فیها شین ونقص، أجماعاً عند القاضی أبی بکر. وعند الأستاذ أبی اسحاق أن ذلک مقتضی دلیل المعجزة، وعند المعتزلة أن ذلک مقتضی دلیل العقل علی أصولهم:

فقال الطبری وغیره من الفقهاء والمتکلمین والمحدثین: تقع الصغائر منهم، خلافاً للرافضة حیث قالوا: انهم معصومون من جمیع ذلک، واحتجوا بما وقع من ذلک فی التنزیل، وثبت من تضلهم من ذلک فی الحدیث، وهذا ظاهر لاخفاء فیه.

وقال جمهور من الفقهاء من أصحاب مالک وأبی حنیفة والشافعی: انهم معصومون من الصغائر کلها کعصمتهم من الکبائر أجمعها، لأنا أمرنا باتباعهم فی أفعالهم وآثارهم وسیرهم أمراً مطلقاً من غیر التزام قرینة، فلو جوزنا علیهم الصغائر لم یکن الاقتداء بهم، اذ لیس کل فعل من أفعالهم یتمیز مقصده من القربة والاباحة، أو الحظر أو المعصیة، ولایصح أن یؤمر المرءُ بامتثال أمر لعله معصیة، لاسیما علی من یری تقدیم الفعل علی القول اذا تعارضا من الأصولیین.

قال الأستاذ أبو اسحاق الاسفراینی: واختلفوا فی الصغائر، والذی علیه الأکثر أن ذلک غیر جائز علیهم، وصار بعضهم الی تجویزها، ولا أصل لهذه المقالة. (الجامع لأحکام القرآن، سورة البقرة، الآیة: ٣٥، ج: ١، ص: ٤٥٨، ٤٥٩، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

انبیاء قبل النبوت اور بعد النبوت معصوم ہیں

﴿سوال﴾:

اگر ایک شخص کا عقیدہ یہ ہو کہ انبیاء علیہم السلام نے قبل از نبوت کبائر کا ارتکاب کیا ہے حضرت آدم علیہ السلام نے نبوت سے پہلے قصداً جنت میں گناہ کا ارتکاب کیا تھا اور استدلال میں رَبَّنَا ظَلَمْنَا الخ الایة پیش کرتے ہیں کہ یا تو اللہ کو ظالم کہنا پڑیگا یا آدم علیہ السلام کو پس میں آدم علیہ السلام کو ظالم کہتا ہوں میں نے اسے کہا کہ یہاں ظلم بمعنی کمی ہے یعنی ہم نے اپنا مرتبہ کم کرلیا کمافی الکهف وَلَمْ تَظْلِمْ مِنْهُ شَيْئًا. لیکن وہ نہیں مانتے۔ کیا یہ شخص مسلمان رہ سکتا ہے؟ کیا اس کے پیچھے اقتداء صحیح ہے؟ بینوا وتوجروا.

﴿الجواب﴾:

علم الکلام اور شروح حدیث میں مسطور ہے۔ کہ اہل سنت والجماعت کا مسلک یہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام سے گناہ صادر نہیں ہوتے۔ نہ صغائر اور نہ کبائر نہ قبل النبوۃ اور نہ بعد النبوت (۵)۔ اور دلائل کی رو سے بھی یہی مسلک قوی ہے۔ وهذا الحكم عقلي

---

(۵): في شرح الفقه الأكبر: (والانبياء عليهم الصلاة والسلام كلهم) أى الشامل لرسلهم ومشاهيرهم وغيرهم ولهم آدم عليه الصلاة والسلام على ماثبت بالكتاب والسنة واجماع الامة فما نقل عن بعض من انكار نبوته يكون كفرا....(منزهون) أى معصومون (عن الصغائر والكبائر) أى من جميع المعاصى (والكفر) خص لانه أكبر الكبائر ولكونه سبحانه لايغفر أن يشرك به ويغفر ما دون ذلك لمن يشاء.....ثم هذه العصمة ثابتة للأنبياء قبل النبوة وبعدها على الاصح.

(شرح الفقه الأكبر، بحث فى أن الانبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ٥٤، ٥٥، ط، دار الكتب العربية الكبرى مصر)

وفي الموسوعة الفقهية: والأنبياء بعد النبوة من الذنوب الظاهرة كالكذب ونحوه، والذنوب الباطنة، كالحسد والكبر والرياء والسمعة وغير ذلك، لأنه ثبت

كالتحقق للبارى تعالىٰ ووجود المحدث. واما الاستدلال من لفظ الظلم ففيه صحيح. لان الظلم وضع الشئ فى غير محله وهو عام للكفر والكبيرة والصغيره وترک الاولى والزلة فيحمل على الاخرين لئلا يقادم العقل. لہٰذا ایسا شخص ظالم ہوگا نہ کافر. لوجود الاختلاف۔ البتہ لائق اقتداء نہیں

أن الرسول هو المثل الأعلى الذى يجب الاقتداء به فى اعتقاداته وأفعاله وأخلاقه، اذ هو الأسوةالحسنة بشهادة اللّٰه له، الا ما كان من خصائصه بالنص، فوجب أن تكون كل اعتقاداته وأفعاله وأقواله وأخلاقه الاختيارية بعد الرسالة موافقة لطاعة اللّٰه تعالى، ووجب أن لايدخل فى شيء من اعتقاداته وأفعاله وأقواله وأخلاقه معصية اللّٰه تعالىٰ، لأن اللّٰه جلّ شانه: أمر الأمم بالاقتداء برسلهم فقال تعالى: ﴿لقد كان لكم فيهم اسوة حسنة لمن كان يرجو اللّٰه واليوم الآخر﴾ وقال فى حق نبينا ﷺ: ﴿لقد كان لكم فيهم اسوة حسنة لمن كان يرجو اللّٰه واليوم الآخر﴾ فاذا جاز أن يفعل الرسل بعد الرسالة والأمر بالاقتداء بهم المحرمات أو المكروهات أو خلاف الأولى: لكنا مأمورين به، وهو سبحانه لايأمر بمحرم ولا مكروه ولا خلاف الأولى، قال تعالى: ﴿ان اللّٰه لايأمر بالفحشاء﴾، وبذلک يثبت أن الرسل عليهم الصلاة والسلام بعد نبوتهم وبعد الأمر بالاقتداء بهم معصومون عن الوقوع فى المعاصى وهذا ما يسمى: عصمة الرسل.

أما عصمتهم قبل النبوة فقد اختلف فيها، فمنعها قوم، وجوزها آخرون، والصحيح تنزيهم من كل عيب...الخ. (الموسوعة الفقهية، ج: ٣٠، ص: ١٣٧، ١٣٨)

وفى النبراس: ان الانبياء معصومون عن الكذب فى التبليغ وغيره خصوصاً فيما يتعلق بامر الشرائع وتبليغ الاحكام وارشاد الامة....وهو انهم معصومون عن الكفر قبل الوحى وبعده بالاجماع. (النبراس شرح شرح العقائد، ص: ٢٨٣)

ہے(٦)۔وهو الموفق.(فتاوی فریدیه، ج: ١، ص: ٤٨٢، ٤٨٣)

❁❁❁

انبیاء علیہم السلام کی طرف گناہ اور غلطی کی نسبت کرنے والے کا حکم

﴿سوال﴾:

محترم مفتی صاحب! ایک مسئلہ دریافت کرنا ہے کہ اگر ایک معزز شخص بڑے مجمع میں یہ کہہ دے کہ اگر مجھ سے غلطی ہوئی تو کیا ہوا؟ انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام سے بھی غلطیاں یا گناہ سرزد ہوتے تھے مذکورہ شخص توہین رسالت کا مرتکب ہوا یا نہیں؟ مدلل ومفصل جواب سے ممنون فرمائیں۔

---

(٦):في ملتقى الأبحر: ويكره امامة العبد والأعرابى والأعمى والفاسق.

وفي مجمع الأنهر تحته: (والفاسق) أى الخارج عن طاعة الله تعالٰى بارتكاب كبيرة لأنه لايهم بأمر دينه، وكذا امامة التمام، والمرائى، والمتصنع، وشارب الخمر. (مجمع الأنهر فى شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، ج: ١، ص: ١٦٢، ١٦٣، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفي الشامية: وقوله: (وفاسق) من الفسق: هو الخروج عن الاستقامة، ولعل المراد به من يرتكب الكبائر كشارب الخمر، والزانى وآكل الربا ونحو ذلك، كذا فى البرجندى اسماعيل. وفى المعراج قال أصحابنا: لاينبغى أن يقتدى بالفاسق الا فى الجمعة لأنه فى غيرها يجد اماماً غيره اهـ. قال فى الفتح: وعليه فيكره فى الجمعة اذا تعددت اقامتها فى المصر على قول محمد المفتى به، لأنه سبيل الى التحول. (رد المختار على الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الامامة، ج: ٢، ص: ٢٩٨، ط، دار عالم الكتب رياض)

(وكذا فى منحة السلوك فى شرح تحفة الملوك، كتاب الصلاة، فصل فى الجماعة، ص: ١٦٨، ١٦٩)

﴿الجواب باسم الملک الوھاب﴾:

بشرط صحت سوال مذکورہ شخص کا یہ کہنا ''مجھ سے غلطی ہوئی تو کیا ہوا؟ انبیاء علیہم السلام سے بھی غلطیاں یا گناہ سرزد ہوتے تھے'' جہالت اور لاعلمی پر مبنی ہے، اپنے گناہوں کو انبیاء علیہم السلام کی غلطیوں پر قیاس کرنا امت مسلمہ کے عقائد صحیحہ سے ناواقفیت اور گمراہی ہے، کیونکہ انبیاء علیہم السلام معصوم تھے اور ان کی غلطی اجتہادی ہوا کرتی تھی جو کہ گناہ نہیں ہے، شخص مذکورہ مجرم ہے مگر توہین رسالت کا مرتکب نہیں ہے۔

" واما بعد النبوة فالاجماع على عصمتهم عن تعمد الكذب فيستحيل عليهم شرعا واما قبل النبوة فالمتوارث عنهم عصمتهم عن تعمد الكذب ايضا لدلالة المعجزة على صدقهم..... واما غير الكذب من الكبائر والصغائر الخسيسة فالاتفاق بين فرق الاسلام على عصمتهم عن تعمدها سمعا عند اهل السنة القامعين للبدعة كثرهم اللّٰه تعالىٰ اوعقلا عند المعتزلة والروافض خذلهم اللّٰه تعالى..... ومنعه اى صدور الصغائر الخسيسة الحنفية رضوان اللّٰه تعالىٰ علهيم اقول وهو الحق فان صغيرتهم كبيرتهم فى حقهم وان كانت صغيرة فى حقنا الاترى مباحات العوام سيأت الابرار وحسنات الابرار سيأت المقربين المترى كيف قال سرى بن المغلظ السقطى ذلک الامام استغفر اللّٰه من قولى الحمد للّٰه حين اخبرنى رجل بوقوع الحرق الغالب فى السوق وسلامة دكانى، ولما كانت الانبياء رؤس المقربين كانت صغيرتنا كبيرتهم فى حقهم فلايصح صدورها عنهم فافهم وهو الحق". (فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت" ٢/١١٩)

" عصمة الانبياء هی خلق مانع عن ارتكاب المعاصی غير ملجئ الی تركها فلايكون مضطرا فی ترک المعصية وهو المختار عند الجمهور فالتحقيق ان الانبياء عليهم الصلوة والسلام معصومون لايصدر عنهم ذنب لا صغيرة ولا كبيرة لاعمدا ولا سهوا لا قبل النبوة ولابعدها لان الذنب خلاف امره تعالیٰ وخلاف ما يرضاه فكيف يختار ويصطفی لرسالته ورحمته الخاصة من يفعل خلاف امره تعالیٰ ومرضاته جل شانه لان العقل والنقل شاهدان علی ان الرحمة الخاصة تختص بالطائعين وليس للعاصين فيها حظ بل هم يستحقون العقاب".....(زبدة الاصول: ۳۳)(ارشاد المفتين، ج: ۱، ص: ۲۹۳تا ۲۹۵،ط، مكتبة الحسن لاهور)

❁❁❁

نیند میں بھی انبیاء کرام شیطانی اثرات سے محفوظ رہتے تھے

﴿سوال﴾:

انبیاء کرام کو اور انسانوں کی طرح جنابت ہوتی ہے یا نہیں؟ حالت مذکورہ کے بعد آیا انبیاء کرام علیہم السلام پر یا آنحضرت ﷺ پر غسل جنابت فرض ہے؟

﴿الجواب﴾:

حضرات انبیاء علیہم السلام کو حالت نوم میں اثرِ شیطانی سے جنابت نہیں ہوتی۔ حق سبحانہ وتعالےٰ نے ان مقدس ہستیوں کو ان اثرات سے محفوظ فرمایا ہے۔ البتہ مباشرت وجماع کے بعد ان حضرات پر غسل ضروری تھا۔ آنحضرت ﷺ ایسی حالت میں غسل فرماتے تھے جیسا کہ روایت ذیل سے ظاہر ہے۔

عن ابی رافع ان النبی صلی اللّٰہ تعالی علیه وسلم طاف ذات یوم علی نسائه یغتسل عند هذه وعند هذه الحدیث(٧) (رواه ابوداؤد ص ٢٩)عن غضیف بن الحارث قال قلت لعائشةؓ ارأیت رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالی علیه وسلم کان یغتسل من الجنابة فی اول اللیل اوفی آخره قالت ربما اغتسل فی اوّل اللیل وربما اغتسل فی آخره (٨). فقط واللّٰہ اعلم(خیر الفتاوی، ج: ١، ص: ٣٣٢، ط، مکتبه امدادیه ملتان)

❁❁❁

لغزشات انبیاء عصمت کے منافی نہیں

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ انبیاء کرام سے بمقتضائے بشریت غلطی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اگر غلطی نہیں ہوسکتی تو بعض انبیاء کرام جیسے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت زکریا علیہ السلام سے غلطی ہوئی تو اس کو کس پر محمول کریں گے؟

﴿الجواب﴾:

انبیاء علیہم السلام کی عصمت کا مطلب یہ ہے کہ وہ گناہ نہیں کرتے ہیں اور جو کچھ عمل ان سے سرزد ہو چکا ہے وہ از قسم لغزشات ہیں گناہ قصداً نہیں ہے، لغزشات و زلات کا

---

(٧):(سنن أبی داؤد، کتاب الطهارة، باب فی الوضوء لمن أراد أن یعود، ص: ٤١، رقم: ٢١٩، ط، دار السلام ریاض)

(٨):(سنن أبی داؤد، کتاب الطهارة، باب الجنب یؤخر الغسل، ص: ٤٢، رقم: ٢٢٦، ط، دار السلام ریاض)

صدور انبیاء کرام کی عصمت کے منافی نہیں، اس میں قصد اور ارادہ کا دخل نہیں رہتا۔

لما قال الامام الاعظم ابو حنيفة النعمان بن ثابت رحمه اللّٰه: والانبياء عليهم السلام كلّهم منزهون عن الصغائر والكبائر وقد كانت منهم زلات وخطيئات. (شرح الفقه الاكبر ص ۵۷) (۹)۔(فتاوی حقانیه، ج: ۱، ص: ۱۵۱، ط، مكتبه سيد احمد شهيد اكوڑه خٹك)

معصوم کون لوگ ہیں؟

﴿سوال﴾:

معصوم کی تعریف میں کون کون آتے ہیں، ان سے برے فعل کا ہونا ممکن ہے یا محال؟

۲.....بے گناہ کس کس کو سمجھا جائے، ان سے برے کام کا ہونا ممکن ہے یا غیر ممکن؟

﴿الجواب حامداً ومصلياً﴾:

۱.....انبیاء علیہم السلام، ملائکہ اور معصوم بچے سب معصوم میں داخل ہیں، ان سے برے فعل کا صدور جو موجب عذاب ہو ممتنع بالغیر ہے (۱۰)۔

---

(۹):(شرح الفقه الأكبر، بحث فی أن الانبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ٥٤، ٥٥، ط، دار الكتب العربية الكبرى مصر)

(۱۰): **فی شرح الفقه الأكبر: (والانبياء عليهم الصلاة والسلام كلهم) أی الشامل لرسلهم ومشاهيرهم وغيرهم ولهم آدم عليه الصلاة والسلام على ماثبت بالكتاب والسنة واجماع الامة فما نقل عن بعض من انكار نبوته يكون كفرا....(منزهون) أی معصومون (عن الصغائر والكبائر) أی من جميع المعاصی (والكفر) خص لانه أكبر الكبائر ولكونه سبحانه لايغفر أن يشرك به ويغفر ما دون ذلك لمن يشاء.....ثم هذه العصمة ثابتة للأنبياء قبل النبوة وبعدها على الاصح.**

۲..... بے گناہ معصوم کو سمجھا جائے اس کی تشریح نمبر:۱ میں آ گئی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۴۱۱)

کوئی غیر نبی بھی معصوم ہے؟

﴿سوال﴾:

معصوم کا لفظ سوائے انبیاء علیہم السلام کی ذات پاک کے اور کسی کے لئے بولنا و کہنا جائز ہے یا نہیں؟ یا معصوم کا لفظ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے؟ عام طور پر لوگ چھوٹے بچوں کو معصوم کہتے ہیں، کتنی عمر تک کے بچے معصوم کہلانے کے مستحق ہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

بچوں کو بھی معصوم کہنا درست ہے، جب تک وہ بالغ نہ ہوں (۱۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

(شرح الفقه الأكبر، بحث فی أن الانبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ٥٤، ٥٥، ط، دار الكتب العربية الكبرى مصر)

وفيه ايضاً: (وملائكته) بأنهم عباد مكرون لايسبقونه بالقول وهم بأمره يعلمون وانهم معصومون ولايعصون الله. (شرح الفقه الأكبر، يجب على المكلف أن يقول آمنت بالله وملائكته وكتبه ورسله، ص: ١١، ط، دار الكتب العربية الكبرى مصر)

عن الحسن [البصری]، عن علیؓ أن رسول اللهﷺ قال: رفع القلم عن ثلاثة، عن النائم حتى يستيقظ، وعن الصبى حتى يشب، وعن المعتوه حتى يعقل. قال: وفى الباب عن عائشةؓ.

قال أبو عيسى: حديث على حديث حسن غريب من هذا الوجه. (جامع الترمذی، ابواب الحدود، باب ماجاء فيمن لايجب عليه الحد، ص: ٣٤٤، رقم: ١٤٢٣، ط، دار السلام رياض)

(۱۱):**فی صحيح البخاری: قال: علیؓ: ألم تعلم أن القلم رفع عن ثلاثة: عن**

(فتاوی محمودیہ، ج: ۱، ص: ۴۱۲)

❁❁❁

بلا وجہ توہین رسالت کے بارے میں سوال بھی توہین ہے

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین دریں مسئلہ کہ ایک پروفیسر نے اپنی کلاس میں طلباء سے سوال کیا کہ کوئی شخص حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کرے تو مسلمانوں کا اس شخص سے کیا معاملہ ہوگا؟ دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس پروفیسر کے بارہ میں کیا حکم ہے؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کی شان میں گستاخانہ کلمات کہنے اور آپ کی توہین کرنے کو کتب مذہب میں اشد ترین جرائم میں سے شمار کیا گیا ہے۔ اور ایسے گھناؤنے جرم کے ارتکاب پر حکومت مرتکب کو قتل یا پھانسی تک سزا دے سکتی ہے (۱۲)، لیکن یہ حکومت کا کام ہے عوام اس

المجنون حتی یفیق، وعن الصبی حتی یدرک، وعن النائم حتی یستیقظ. (صحیح البخاری، کتاب الطلاق، باب الطلاق فی الاغلاق، والکرہ، والسکران الخ، ص: ۱۱۴۳، ط، دار السلام ریاض)

عن الحسن [البصری]، عن علیؓ أن رسول اللہ ﷺ قال: رفع القلم عن ثلاثة، عن النائم حتی یستیقظ، وعن الصبی حتی یشب، وعن المعتوہ حتی یعقل. قال: وفی الباب عن عائشةؓ.

قال أبو عیسی: حدیث علی حدیث حسن غریب من هذا الوجه. (جامع الترمذی، ابواب الحدود، باب ماجاء فیمن لایجب علیه الحد، ص: ۳۴۴، رقم: ۱۴۲۳، ط، دار السلام ریاض)

(۱۲):فی منحة الخالق: من سب النبی ﷺ فانه مرتد وحکمه حکم المرتد ویفعل به ما یفعل بالمرتد اهـ. وفی النتف: من سب النبی ﷺ علیه الصلاة والسلام

کے مجاز نہیں۔ لہٰذا ایسے وقت میں مسلمانوں کا ردعمل یہ ہونا چاہئے کہ حکومت کے متعلقہ عملہ میں مجرم کے خلاف شکایت کردیں۔

نفس مسئلہ معلوم کرنے کی غرض سے مناسب طریق پر یہ سوال دریافت کرنے میں حرج نہیں۔ لیکن بلاضرورت نامناسب طریق پر اس سوال کو چھڑنا سوءادبی سے خالی نہیں۔ واللہ اعلم۔

بندہ عبدالستار عفا اللہ عنہ: ۷/۱/۱۳۷۹ھ

ساتھ ہی ہمارے کالج کے نوجوانوں کو بھی ٹھنڈے دل سے غور کرنا لازم ہے جو یہ فرماتے ہیں کہ علماء تنگ دل ہیں ان کو وسیع الظرف اور فراخ دل ہونا چاہئے، چاہے کسی قسم کا سوال ہو اس پر ناراض نہ ہوں وغیرہ وغیرہ۔

ہمارے عزیز ومحترم نوجوانوں کو معلوم ہو کہ سوال بھی نصف علم ہے۔ غلط سوال پر تنبیہاً ناراض ہونا، طبعاً غصہ آنا کوئی اعتراض کی بات نہیں ہے، یہ بھی دیکھنا چاہئے کہ سوال کیا ہے؟

أو بعضه كان ذلك منه ردة وحكمه حكم المرتد اهـ. فقوله "ويفعل به ما يفعل بالمرتد" ظاهر في قبول توبته كما لايخفى. وممن نقل أنها ردة عن أبي حنيفة القاضي عياض في كتابه المسمى بالشفاء ونص عبارته: قال أبو بكر بن المنذري رحمه اللّٰه تعالى: أجمع العوام أهل العلم على أن من سب النبي ﷺ يقتل. وممن قال ذلك مالك بن أنس والليث وأحمد واسحاق وهو مذهب الشافعي رحمه اللّٰه...الخ. (منحة الخالق على البحر الرائق، كتاب السير، باب أحكام المرتدين، ج: ٥، ص: ٢١١، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفي الموسوعة الفقهية: وحكم سابه ﷺ أنه مرتد بلاخلاف.

ويعتبر سابا له ﷺ كل من ألحق به ﷺ عيبا أو نقصا، في نفسه، أو نسبه، أو دينه، أو خصلة من خصاله، أو ازداره، أو عرض به، أو استخف به، ونحو ذلك.

قال الحنفية والحنابلة وابن تيمية: ان ساب النبي ﷺ يعتبر مرتدا، كأى مرتد، لأنه بدل دينه فيستتاب. (الموسوعة الفقهية، ج: ٢٢، ص: ١٨٤)

بطور مثال اگر کسی شخص کو کہا جائے کہ اگر میں تیرے باپ کو گدھا کہوں تو تیرا رویہ کیا ہوگا۔ تو کیا وہ شخص ایسے سوال سے خوش ہوگا اور ایسے سائل کو عقل مند کہے گا؟

تعجب ہے کہ ایک پروفیسر یہ سوال کرے کہ مسلمانوں کے پیغمبر کی توہین ہو تو مسلمانوں کا کیا ردعمل ہوگا۔ اور ایسے سوال نامہ کو اخبارات میں شائع کرے اس پر طبعیت کو اشتعال نہ ہو۔ یہ تو کوئی انتہائی بے غیرت آدمی ہوگا کہ اس قسم کے سوال کو سن کر خاموش رہ جائے۔ پیغمبر ﷺ کی شان تو بہت اعلیٰ وارفع ہے اگر کوئی شخص یہ سوالنامہ شائع کرے کہ پاکستان میں ایک آدمی مسٹر محمد علی جناح کو خوب دل کھول کر گالیاں دے یا اقبال مرحوم کو برا بھلا کہے تو بتلاؤ اے پاکستانیو! تمہارا کیا ردعمل ہوگا؟ کیا یہ سوال مسلمانوں کو چڑانے کے مترادف نہ ہوگا؟ اور ایسے سائل پر غصہ آئے گا یا نہیں؟

اس لئے یہ سوال سراسر جہالت اور نادانی ہے۔ ہمیں تو تعجب ہوتا ہے کہ پاکستان کے کالجوں میں کیا ایسے عقل مند پروفیسر موجود ہیں غالباوہ انتہائی ملحد اور بددین ہیں جو مسلمانوں کی رگ ایمان کو دکھانا چاہتے ہیں۔ والجواب صحیح۔ (خیر الفتاوی، ج: ا، ص: ۳۲۰، ۳۲۱، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

یہود نے کتنے انبیاء کو قتل کیا؟

﴿سوال﴾:

رسالہ القاسم بابت ماہ صفر ۱۳۴۵ھ کے صفحہ نمبر ۲۶ پر لکھا ہے کہ ”سوائے زکریا علیہ السلام و یحییٰ علیہ السلام کے جو خود مستقل بار سالت بھی نہیں تھے، بلکہ تابع دین موسیٰ علیہ السلام کے تھے کوئی رسول اور نبی شہید نہیں ہوا“ تم کلامہ، اور حمایل شریف ترجمہ مولانا عاشق الٰہی کی تفسیر آیت: ﴿وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيِّيْنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ﴾ کی تفسیر میں لکھا ہے یہود نے ستر نبی ایک ہی روز میں قتل کیے تھے، تفسیر مظہر الحق کے حوالہ سے اور غالباً تفسیر موضح القرآن

میں لکھا ہے، خود آیت کے اندر ہی "نبییـــــــن" جمع کا لفظ موجود ہے، ان کا تعارض رفع فرماویں۔

﴿الجواب﴾:

رسالہ القاسم ماہ صفر ۱۳۴۵ھ کی عبارت دیکھی گئی، معالم التنزیل وغیرہ تفاسیر کی روایات سے یہی معلوم ہوتا ہے جیسا کہ آپ نے لکھا ہے کہ یہود نے ایک دن میں ستر انبیاء علیہم السلام کو قتل کیا ہے، چنانچہ عبارت معالم التنزیل کی یہ ہے: قولہ ﴿وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ﴾ (البقرة: ٦١) **ویروی أنّ الیهود قتلت سبعین نبیاً الخ** (۱۳) اور آیت: ﴿وَفَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ﴾ (البقرة: ٨٧) کی تفسیر میں لکھتے ہیں: **أی قتلهم مثل زکریا ویحییٰ وشعیباً وسائر من قتلوا من الأنبیاء علیهم السلام** (۱۴) یہاں سے بھی بہت سے انبیاء کا قتل ہونا معلوم ہوتا ہے، پس القاسم میں جن

---

(۱۳): (معالم التنزیل، سورة البقرة، الآیة: ٦١، ج: ١، ص: ١٠١، ط، دارطیبة الریاض)

(۱۴): (معالم التنزیل، سورة البقرة، الآیة: ٨٧، ج: ١، ص: ١٢٠، ط، دارطیبة الریاض)

وفی تفسیر الخازن: یروی أن الیهود قتلت سبعین نبیاً فی أول النهار، وقامت الی سوق بقلها فی آخره وقتلوا زکریا ویحیی وشعیاء وغیرهم من الأنبیاء. (تفسیر الخازن المسمٰی لباب التأویل فی معانی التنزیل، سورة البقرة، الآیة: ١، ج: ١، ص: ٥٠، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی تفسیر الثعالبی: روی أن بنی اسرائیل کانوا یقتلون فی الیوم ثلاثمائة نبی، ثم تقوم سوقهم آخر النهار، وروی سبعین نبیاً، ثم تقوم سوق بقلهم آخر النهار. (تفسیر الثعالبی المسمٰی بالجواهر الحسان فی تفسیر القرآن، سورة البقرة، الآیة: ٨٧، ج: ١، ص: ٢٧٧، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

وفی الدرالمنثور: أخرج أبو داؤد الطیالسی، وابن أبی حاتم، عن ابن مسعودؓ

صاحب کا یہ مضمون ہے ان کا نام ظاہر نہیں کیا گیا، لیکن معلوم ہوا کہ وہ ایک مولوی صاحب دیوبند کے ہی پڑھے ہوئے ہیں، بہ ظاہر انہوں نے بدون پوری تحقیق کے ایسا لکھ دیا ہے، آج بندہ نے مولوی قاری طاہر مدیر رسالہ سے کہہ دیا ہے کہ صاحب مضمون کو ایک جوابی کارڈ لکھ دیں کہ آپ نے صرف دو پیغمبروں کا قتل ہونا انحصار کے ساتھ کہاں سے دیکھا ہے، اگر انہوں نے کچھ جواب معقول نہ دیا تو غالبًا اس کی اصلاح اگلے رسالہ میں کردی جاوے گی، شاید اس کا مطلب یہ ہوگا کہ انبیائے اولوالعزم اور رسولوں میں سے کوئی قتل نہیں کیا گیا، بہر حال یہ جوانہوں نے لکھا ہے مشہور کے خلاف ہے، ممکن ہے کہ کسی نے ایسا لکھ دیا ہو، اور صاحب مضمون نے وہاں سے نقل کرلیا ہو، لیکن جو کچھ ہو قطعی طور سے یہ دعوی کرنا کہ صرف دو ہی قتل ہوئے درست نہیں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۷۵، ۲۷۶، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

کپڑے میں انبیاء کرام علیہم السلام کی تصویر بنانا

﴿سوال﴾:

محترم جناب مفتی جسٹس تقی عثمانی صاحب (دار العلوم کورنگی کراچی)

جناب عالی!

محمد فاروق ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کورنگی کراچی میں ایک ڈایزائن کپڑے پر چھپائی/ پرنٹنگ کے لئے سپرز ٹاؤلرز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی کی جانب سے آیا، اور سپر ٹاؤلرز کے ڈیزائن کے عین مطابق چھاپ کردے دیا گیا۔ عام طور پر ہم ٹیکنیکل اُمور کے علاوہ (مثلاً کلر میچنگ

قال: كانت بنو اسرائيل في اليوم تقتل ثلاثمائة نبي، ثم يقيمون سوق بقلهم في آخر النهار. (الدر المنثور في التفسير بالمأثور، سورة البقرة، الآية: ٦١، ج: ١، ص: ٣٨٨/ تفسير ابن كثير، سورة البقرة، الآية: ٦١، ج: ١، ص: ٢٨٣، ط، دار طيبه)

وغیرہ) پارٹیوں کے مطلوبہ ڈیزائنز کے دیگر امور سے واسطہ نہیں رکھتے، اور کسی غور وخوض کے بغیر آرڈر کی تکمیل کر دیتے ہیں۔

نادانستہ طور پر اس ڈیزائن کے چھپ جانے کے بعد شکوک وشبہات پیدا ہوئے ہیں، اس ڈیزائن میں چرند پرند، آبی جانور اور کارٹون انسانوں کے انداز میں دو انسانی شبیہیں بھی ہیں، اور اس ڈیزائن پر Noahs ark بھی لکھا ہوا ہے۔

یہ ڈیزائن آپ کے سامنے پیش کرنے کے بعد آپ اس پر فتویٰ صادر فرمادیں تا کہ اگر توہین، گستاخی سرزد ہوگئی ہو تو جو بھی کفارہ ہے، ادا کر دیا جائے۔ اور ہم اعلانیہ طور پر صدق دل سے اپنی نادانستہ غلطی کا اعتراف کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں توبہ کرتے ہیں، اور عہد کرتے ہیں کہ آئندہ ہر ممکن احتیاط سے کام لیں گے۔

﴿جواب﴾:

کسی جاندار کی تصویر بنانا بذات خود ایک ناجائز کام ہے، بالخصوص کسی پیغمبر کی خیالی تصویر بنانا تو انتہا درجے کی بے ادبی ہے، جس سے ہر مسلمان کو پناہ مانگنی چاہئے، اور ایسی بے ادبی پر مشتمل تصویر کو شائع کر کے لوگوں میں پھیلانا مزید وبال کا موجب ہے، لیکن اگر آپ نے واقعۃً نادانستگی میں یہ تصویریں اس طرح چھاپ دیں کہ آپ کو اندازہ نہیں ہوسکا کہ اس میں کیا ہے؟ تو آپ پر مندرجہ ذیل امور فوری طور پر واجب ہیں:

۱: سب سے پہلے صدق دل سے اپنے اس عمل پر توبہ واستغفار کریں، اور آئندہ کے لئے اس قسم کے معاملات میں تیقظ اور بیدار مغزی سے کام کرنے کا عہد واہتمام کریں۔

۲: اس کپڑے کا جتنا اسٹاک موجود ہو، اس کی سپلائی روک کر ان تصاویر کو مٹائیں، اور اگر مٹ نہ سکیں تو ان کو جلادیں۔

۳: اگر کپڑا اس کمپنی کے پاس جاچکا ہے جس نے آپ سے چھپوایا تھا تو اس کو ایسے کپڑے کی سپلائی سے روکنے کے لئے اپنا پورا اثر ورسوخ استعمال کریں، اور اگر وہ اس کی سپلائی سے باز نہ آئیں تو آپ ان سے براءت کا اظہار واعلان کریں۔

۴: اس کپڑے کی چھپائی کی جو اجرت آپ نے وصول کی ہے، وہ مکمل طور پر صدقہ کریں(۱۵)۔ واللہ اعلم (فتاوی عثمانی، ج: ۱، ص: ۵۷، ط، مکتبہ معارف القرآن کراچی)

❁❁❁

پہلا نبی کون؟

﴿سوال﴾:

ہم لوگوں نے ایک کتاب میں پڑھا کہ سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور سب سے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، حالانکہ ہم لوگوں کو معلوم تھا کہ سب سے پہلے اور سب سے آخری نبی محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، اس سلسلہ میں صحیح نقطۂ نظر کی نشاندہی کریں؟

﴿جواب﴾:

بعض روایات کی بناء پر کچھ اہل علم نے لکھا ہے کہ سب سے پہلے محمد مصطفیٰ صلی اللہ

---

(۱۵):في البذل: وأما اذا كان عند رجل مال خبيث، فاما ان ملكه بعقد فاسد، أو حصل له بغير عقد، ولايمكنه أن يرده الى مالكه، ويريد أن يدفع مظلمته عن نفسه، فليس له حيلة الا أن يدفعه الى الفقراء، لأنه لو أنفق على نفسه فقد استحكم ما ارتكبه من الفعل الحرام، ودخل تحت قوله ﷺ: ثم ذكر الرجل يطيل السفر أشعث أغير يمد يديه الى السماء يارب يارب، ومطعمه حرام وملبسه حرام. الحديث، أو أضاعه واستهلكه، فدجل تحت قوله ﷺ: نهى عن اضاعة المال. فيلزم عليه أن يدفعه الى الفقراء، ولكن لايريد بذلك الأجر والثواب، ولكن يريد دفع المعصية عن نفسه، ويدل عليه مسائل اللقطة. (بذل المجهود في حل سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، باب فرض الوضوء، ج: ۱، ص: ۳۵۹، ۳۶۰، ط، دار البشائر الاسلامية بيروت لبنان)

تعالیٰ علیہ وسلم کے نور کی تخلیق عمل میں آئی (۱۶)، اس اعتبار سے گویا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت کو دوسرے انبیاء علیہ السلام پر ایک گونہ تقدم حاصل ہے، ورنہ انسانیت کی طرف بعثت ظاہر ہے کہ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کی ہوئی، اور سب سے آخر میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی، اس طرح حضرت آدم علیہ السلام کو نبوت میں اولیت کا شرف

(۱۶):وعن عبادة بن الصامت رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰهﷺ ان أول ما خلق اللّٰه القلم، فقال له: اكتب. فقال: ما أكتب؟ قال: اكتب القدر. فكتب ما كان وما هو كائن الى الأبد. وفى المرقات تحت هذا الحديث: رأيت فى الدرالمنثور نقلاً عن ابن عباسؓ: ان أول شيء خلقه اللّٰه القلم، فقال له: اكتب، فقال: يا رب وما أكتب، قال: اكتب يجرى من ذلك هو كائن الى أن تقوم الساعة، ثم طوى الكتاب ورفع القلم. رواه البيهقى وغيره والحاكم وصححه، وفى الدر أيضاً عن أبى هريرة رضى اللّٰه عنه قال: سمعت رسول اللّٰهﷺ يقول: ان أول شيء خلق اللّٰه القلم ثم النون وهى الدواة، ثم قال له: اكتب، قال: وما أكتب، قال: ما كان وما هو كائن الى يوم القيامة من عمل أو أثر أو رزق أو أجل، فكتب ما يكون وما هو كائن الى يوم القيامة، ثم ختم فم القلم فلم ينطق ولاينطق الى يوم القيامة. أخرجه الحكيم الترمذى هذا وروى أن أول ما خلق اللّٰه العقل، وأن أول ما خلق اللّٰه نورى وأن أول ما خلق اللّٰه روحى، وأن أول ما خلق اللّٰه العرش، والأولية من الأمور الاضافية فيؤول وأن كل واحد مما ذكر خلق قبل ما هو من جنسه، فالقلم خلق قبل جنس الأقلام ونوره قبل الأنوار والا فقد ثبت أن العرش قبل الخلق السماوات والأرض، فتطلق الأولية على كل واحد بشرط التقييد فيقال: أول المعانى كذا، وأول الأنوار كذا.

(مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الايمان، باب الايمان بالقدر، الفصل الثانى، ج: ١، ص: ٢٦٨، ٢٦٩، ٢٧٠، ط، رقم: ٩٤، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(وكذا فى المفاتيح فى شرح المصابيح، كتاب الايمان، باب الايمان بالقدر، ج: ١، ص: ١٩٩، ط، ادارة الثقافة الاسلامية)

حاصل ہے، اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ختم نبوت کی فضیلت حاصل ہے(۱۷)، حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی روایت میں صراحت موجود ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ سب سے پہلے نبی کون تھے؟ تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام۔

''قلت یارسول اللّٰہ! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم''(۱۸).

---

(۱۷):وعن أبی هریرةؓ أن رسول اللّٰہﷺ قال: فضلت علی الأنبیاء بست: اعطیت جوامع الکلم، ونصرت بالرعب، واحلت لی الغنائم، وجعلت لی الأرض مسجداً و طهوراً، وارسلت الی الخلق کافة، وختم بی النبیون.رواه مسلم. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلینﷺ، الفصل الأول، ص: ۵۱۲، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وعن العرباض بن سارية عن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، أنه قال: انی عند اللّٰہ مکتوب: خاتم النبیین، وان آدم لمنجدل فی طینته، وسأخبرکم بأول أمری، دعوة ابراهیم، وبشارة عیسی، ورؤیا أمی التی حین وضعتنی وقد خرج لها نورا أضاء لها منه قصورا الشام. رواه فی شرح السنة. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، الفصل الثانی، ص: ۵۱۳، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وعن جابرؓ، أن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قال: أنا قائد المرسلین ولافخر، وأنا خاتم النبیین ولافخر، وأنا أول شافع ومشفع ولافخر. رواه الدارمی. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم، الفصل الثانی، ص: ۵۱۴، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۱۸):وعن أبی ذرؓ، قال: قلت: یارسول اللّٰہ[ﷺ]! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم. قلت: یارسول اللّٰہ[ﷺ]! ونبی کان؟ قال: نعم نبی مکلم.الخ. (مشکاة

لیکن آپ حضرات سے خواہش ہے کہ اپنا وقت ایسی چیزوں کی تحقیق میں لگائیے جن سے آپ کی عملی زندگی کا کوئی دینی نفع متعلق ہو، محض ایسے مسائل میں اپنے آپ کو الجھانا جس سے ایمان وعمل کا کوئی فائدہ متعلق نہ ہو، انسان کو بتدریج غلط سمت میں لے جاتا ہے۔ (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۲۷، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

نبیوں کی تعداد کتنی ہے؟

﴿سوال﴾:

دنیا میں حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے لے کر حضرت محمد ﷺ تک کتنے نبی مبعوث ہوئے ہیں؟ ان کا شمار قرآن وحدیث میں ہے یا نہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

چند انبیاء کے نام قرآن وحدیث میں آئے ہیں، بعض روایات میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کا عدد بتلایا گیا ہے، جیسا کہ ملا علی القاریؒ وغیرہ نے تحریر فرمایا ہے، بغیر گنتی کی تعیین کے جس کو بھی اللہ پاک نے نبی بنا کر بھیجا ہے اس پر ایمان لانا ضروری ہے (۱۹)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۴۱۶)

❁❁❁

المصابیح، کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ص: ۵۱۱، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۱۹): **وعن أبی ذرؓ، قال: قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم. قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! ونبی کان؟ قال: نعم نبی مکلم قلت یا رسول اللّٰه کم المرسلون قال ثلثمائة وبضعة عشر جما غفیراً وفی روایة عن ابن امامة قال ابوذرؓ قلت یارسول اللّٰه کم وفاء عدة الانبیاء قال مائة الف واربعة وعشرون الفا الرسل من ذلک ثلثمائة وخمسة عشرا غفیرا.** (مشکاة المصابیح، کتاب أحوال

انبیاء ورسل کی تعداد

﴿سوال﴾:

انبیاء اور رسولوں کی تعداد کتنی ہے؟ اور اس کا حوالہ کہاں ملے گا؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

صحیح تعداد اللہ ہی کو معلوم ہے، بعض شراح حدیث اور فقہاء نے لکھا ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار تعداد انبیاء کی اور تین سو تیرہ کی تعداد رسولوں کی ہے لیکن اس پر اکتفاء کر لینا کہ یہ ٹھیک تعداد ہے درست نہیں ہے، اس لئے یوں کہنا چاہئے کہ ہم تمام انبیاء اور رسولوں پر

القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ص: ٥١١، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی شرح الفقه الأکبر: وقد ورد فی مسند أحمد رحمه اللّٰه أنه علیه الصلاة والسلام سئل عن عدد الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام فقال مائة ألف وأربعة وعشرون ألفا والرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة عشر أولهم آدم علیه الصلاة والسلام وآخرهم محمد صلی اللّٰه علیه وعلی آله وسلم وهو لاینافی قوله تعالی ولقد أرسلنا رسلا من قبلک منهم من قصصنا علیک ومنهم من لم نقصص علیک فان نبوت الاجمال لاینافی تفصیل الاحوال نعم الأولی أن لایقتصر علی الاعداد فان الآحاد لاتفید الاعتماد فی الاعتقاد بل یجب کما قال اللّٰه تعالیٰ کل آمن باللّٰه وملائکته وکتبه ورسله أن یؤمن ایمانا اجمالیا من غیر تعرض لتعدد الصفات وعدد الملائکة والکتب والأنبیاء وأرباب الرسالة من الاصفیاء. (شرح الفقه الأکبر، بحث فی أن الأنبیاء منزهون عن الکبائر والصغائر، ص: ٥٥، ط، دار الکتب العربیة الکبریٰ مصر)

(وکذا فی ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب فی عدد الأنبیاء والرسل علیهم الصلاة والسلام، ج: ٢، ص: ٢٤٢، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

ایمان لاتے ہیں اور آخری نبی حضرت محمد ﷺ ہیں (۲۰)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔(فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۱۹۸،۱۹۹،ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

---

(۲۰):**وعن أبی ذرؓ، قال: قلت: یارسول اللّٰہ[ﷺ]! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم. قلت: یارسول اللّٰہ[ﷺ]! ونبی کان؟ قال: نعم نبی مکلم قلت یا رسول اللّٰہ کم المرسلون قال ثلثمائة وبضعة عشر جما غفیراً وفی روایة عن ابن امامة قال ابوذرؓ قلت یارسول اللّٰہ کم وفاء عدة الانبیاء قال مائة الف واربعة وعشرون الفا الرسل من ذلک ثلثمائة وخمسة عشرا غفیرا.** (مشکاۃ المصابیح، کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ص: ۵۱۱، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی الشامیة: قوله: (کالایمان بالأنبیاء) لأن عددهم لیس بمعلوم قطعاً: فینبغی أن یقال: آمنت بجمیع الأنبیاء أولهم آدم وآخرهم محمد علیه وعلیهم الصلاة والسلام. معراج. فلایجب اعتقاد أنهم مائة ألف وأربعة وعشرون ألفاً، وأن الرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة وعشرون، لأنه خبر آحاد. (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب فی عدد الأنبیاء والرسل علیهم الصلاة والسلام، ج: ۲، ص: ۲۴۲، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی شرح العقائد النسفیة: وقد روی بیان عددهم فی بعض الأحادیث، علی ما روی أن النبیﷺ سئل عن عدد الأنبیاء؟ فقال: مائة ألف، وأربعة وعشرون ألفاً وفی روایة: مائتا ألف، وأربع وعشرون ألفاً، والألی ان لایقتصر علی عدد فی التسمیة، فقد قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿منهم من قصصنا علیک ومنهم من لم نقصص علیک﴾..الخ. (شرح العقائد النسفیة، مسألة ختم النبوة، ۳۲۳، ۳۲۴، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

مقتول انبیاء بنی اسرائیل کی تعداد وغیرہ

﴿سوال﴾:

(۱): بنی اسرائیل میں کم وبیش کتنے نبی ہوئے ہیں؟

(۲): بنی اسرائیل نے کتنے انبیاء علیہم السلام کو شہید کیا؟

(۳): کیا ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام علیہم السلام میں سے کوئی بھی شہید نہیں ہوا؟

(۴): کیا حضرت ایوب علیہ السلام کے بدن میں کیڑے نہیں پیدا ہوئے تھے؟

(۵): کیا زکریا علیہ السلام کی شہادت کا قصہ غلط ہے؟

(۶): کیا وَقَتَلَهُمُ الْاَنبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ میں قتل کا معنی مارنے کا ارادہ ہے یا کہ قتل کر دینا؟

﴿الجواب﴾:

(۱): بنی اسرائیل کے انبیاء علیہم السلام کی تعداد سینکڑوں سے بھی زیادہ ہے۔

(۲/۳): حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قول سے کم از کم تین سو انبیاء علیہم السلام کا یہودیوں یعنی بنی اسرائیل وغیرہ کے ہاتھوں مقتول ہونا معلوم ہوتا ہے۔ **عن ابن مسعود رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قتلت بنو اسرائیل ثلاث مائة نبی.** (ابن کثیر، ج: ۱، ص: ۳۵۵)(۲۱)۔

---

(۲۱):**فی الدر المنثور: أخرج أبو داؤد الطیالسی، وابن أبی حاتم، عن ابن مسعودؓ قال: کانت بنو اسرائیل فی الیوم تقتل ثلاثمائة نبی، ثم یقیمون سوق بقلهم فی آخر النهار.** (الدر المنثور فی التفسیر بالمأثور، سورة البقرة، الآیة: ٦١، ج: ١، ص: ٣٨٨/ تفسیر ابن کثیر، سورة البقرة، الآیة: ٦١، ج: ١، ص: ٢٨٣، ط، دار طیبه)

وفی تفسیر الثعالبی: روی أن بنی اسرائیل کانوا یقتلون فی الیوم ثلاثمائة نبی، ثم تقوم سوقهم آخر النهار، وروی سبعین نبیاً، ثم تقوم سوق بقلهم آخر النهار. (تفسیر الثعالبی المسمّٰی بالجواهر الحسان فی تفسیر القرآن، سورة البقرة، الآیة: ٨٧، ج:

(۴): حضرت ایوب علیہ السلام سخت بیماری وتکلیف میں مبتلاء ہوگئے تھے اور بدن میں کیڑے پڑنا بھی منقول ہے(۲۲)۔اس ابتلاء کا اجمالی تذکرہ قرآن مجید سورۂ ص میں موجود ہے۔

١، ص: ٢٧٧، ط، دار احياء التراث العربی بيروت لبنان)

(۲۲):**فی فتاوی قاسمیہ:** قرآن اور حدیث میں حضرت ایوب علیہ الصلاۃ والسلام کے مصیبت اور بلا میں مبتلا ہونے کا اجمالی ذکر موجود ہے، ان کو کافی تکلیفیں اٹھانی پڑیں، راجح قول کے مطابق تیرہ سال تک آزمائش اور مصیبت میں مبتلا رہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کو اس مصیبت سے نجات عطا فرمائی ہے، لیکن ان کے بدن میں کیڑے پڑ جانے سے متعلق کسی صحیح روایت سے ثابت نہیں ہے، بلکہ بعض روایات میں اس کا انکار موجود ہے۔اور جن روایات میں کیڑے پڑنے کا ذکر ہے وہ نہایت کمزور اور اسرائیلی روایات میں سے ہیں، اس لئے ان روایات پر نہ اعتماد کرنا چاہئے اور نہ ہی عوام میں ایسی روایات بیان کرنی چاہئے۔اور جن علماء نے ایسی روایات بیان کرنے کی نکیر فرمائی ہے وہ درست ہے۔

قال ابن العربی القاضی أبوبكر: ولم يصح عن أيوب عليه السلام فی أمره الامر أخبرنا الله عنه فی كتابه فی آيتين. الأولى قوله تعالىٰ: ﴿وايوب اذنادى ربه انى مسنى الضر. الأنبياء: ٨٣﴾**والثانية: انى مسنى الشيطان بنصب وعذاب. الآية. وأما النبی ﷺ فلم يصح عنه أنه ذكره واحد الا قوله بينا أيوب يغتسل اذخر عليه رجل من جراد من ذهب. الحديث** (بخاری شريف، كتاب التوحيد، باب قول الله يريدون أن يبدل كلام الله، النسخة الهندية ٢/ ١١١٦، رقم: ٧١٩٣، ف: ٧٩٣)

واذ لم يصح عنه فيه قرآن ولاسنة الا ماذكرناه. (تفسير قرطبی، سورة ص: ٤١، مكتبه دارالكتب العلمية بيروت ١٥/ ١٣٧، بخاری شريف، كتاب التوحيد، باب قول الله يريدون أن يبدل كلام الله، النسخة الهندية ٢/١١١٦، رقم: ٧١٩٣، ف: ٧٤٩٣)

وأصح ما ورد فی قصته ما أخرجه ابن أبی حاتم وابن جريج، وصححه ابن حبان والحاكم من طريق نافع بن يزيد عن عقيل عن الزهری عن أنس " ان أيوب

(۵): حضرت زکریا علیہ السلام کو شہید کیا گیا تھا۔ یہ قصہ غلط نہیں بلکہ درست ہے(۲۳)۔

(٦):وَقَتلَهُمُ الْاَنبِيـاَءَ بِغيْرِ حَقٍّ سے مراد محض ارادہ قتل نہیں بلکہ حقیقۃً قتل کرنا ہے۔تاَویل کی حاجت نہیں۔فقط واللہ اعلم۔(خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۴٦۱،۴٦۲، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

کتنے انبیاء زندہ ہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کون کون سے انبیاء کرام زندہ ہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات تو نصوص قطعیہ سے ثابت ہے اس کے علاوہ

علیہ السلام ابتلی، فلبث فی بلائه ثلاث عشرة سنة". (فتح الباری، کتاب الأنبیاء، باب قوله اللّٰه: وایوب اذ نادی ربه انی مسنی الضر"، مکتبه دارالریان للتراث ٦/٤٨٤، دارلفکر ٦/٤٢١، أشرفیه دیوبند ٦ /٥٢٠، تحت رقم الحدیث: ٣٣٩١) فقط واللّٰه سبحانه وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ٢، ص: ١٧٧، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند/ فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج: ١، ص: ٢٠٢، ط، حجة الاسلام اکیڈمی/ فتاوی حقانیه، ج: ٢، ص: ١٥٣، ط، مکتبه سید احمد شهید اکوڑه خٹك)

(۲۳):فی تفسیر الخازن: یروی أن الیهود قتلت سبعین نبیاً فی أول النهار، و قامت الی سوق بقلها فی آخره وقتلوا زکریا ویحیی وشعیاء وغیرهم من الأنبیاء. (تفسیر الخازن المسمٰی لباب التأویل فی معانی التنزیل، سورة البقرة، الآیة: ١، ج: ١، ص: ٥٠، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

حضرت الیاس، ادریس علیہما السلام زندہ ہیں۔ جبکہ حضرت خضر علیہ السلام کے بارے میں شدید اختلاف پایا جاتا ہے کہ وہ زندہ ہیں یا نہیں؟ اس موضوع پر کافی کلام کیا گیا ہے لہٰذا بہتر ہوتا ہے کہ حیات اور ممات کے بارے میں سکوت اختیار کیا جائے اور اپنی طرف سے کسی نبی کی طرف حیات وممات کو منسوب نہ کیا جائے۔

لما فی قوله تعالیٰ (النساء: ١٥٧): وقولهم انا قتلنا المسيح عيسى ابن مريم رسول الله وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وان الذين اختلفوا فيه لفي شک منه مالهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوه يقينا بل رفعه الله اليه وكان الله عزيز احكيما.

وفی احكام القرآن للقرطبی (١٥/١١٥): قال بعضم: كان قد مرض واحس الموت فبكى..... يا الياس وعزتی لاؤخرنک الی وقت لايذكرنی فيه ذاكر يعنی يوم القيامة وقال عبد العزيز بن ابی رواد ان الياس والخضر عليهما السلام يصومان شهر رمضان فی كل عام ببيت المقدس يلاقيان الموسم فی كل عام.

وفی تفسيرروح المعانی (١٥/٣٢٨): أبقى الله تعالیٰ بعد وفاته عليه السلام من الرسل الاحياء باجساد هم فی هذه الدار اربعة ادريس والياس وعيسى والخضر عليهم السلام والثلاثة الاول متفق عليهم والأخير مختلف فيه عند غيرنا لاعندنا. (نجم الفتاوی، ج: ١، ص: ٢٣٨، ٢٣٩)

رسل سے مراد کون ہیں؟

﴿سوال﴾:

قرآن شریف میں رسولوں کے قتل کے متعلق جو آیتیں نازل ہوئی ہیں تو کیا ان رسولوں سے وہی رسول مراد ہیں جو علماء اہل سنت نے اپنی اصطلاح میں بتایا ہیں یا ان رسولوں سے مراد انبیاء کرام ہیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

رسول عام ہے جس میں نبی بھی آتے ہیں ویسے جن نبیوں کا قتل ہوا، ان میں کوئی مشہور رسول نہیں ہیں (۲۴)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱، ص:۲۰۰، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

---

(۲۴): فی الموسوعة الفقهية: وللرسول فی الاصطلاح معنيان: أحدهما الشخص المرسل من انسان الی آخر بمال أو رسالة أو نحو ذلک، وينظر حكمه بهذا المعنی فی مصطلح [ارسال].

والثانی: الواحد من رسل اللّٰه.

ويراد برسل اللّٰه تارة الملائكة مثل قوله تعالیٰ: ﴿قالوا يالوط انا رسل ربک لن يصلوا اليک﴾ وقوله: ﴿بلی ورسلنا لديهم يكتبون﴾ وقوله: ﴿ولما جاء ت رسلنا لوطاً سیء بهم﴾، وتارة يراد بهم الأنبياء مثل قوله تعالیٰ: ﴿وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل﴾.

والرسول من البشر هو ذكر جر أوحی اللّٰه اليه بشرع وأمره بتبليغه، فان لم يؤمر بتبليغه فنبی فحسب. (الموسوعة الفقهية، ج: ٢٢، ص: ٢١٠)

وفی تفسير الخازن: يروی أن اليهود قتلت سبعين نبياً فی أول النهار، وقامت الی سوق بقلها فی آخره وقتلوا زكريا ويحيی وشعياء وغيرهم من الأنبياء. (تفسير

کیا سرزمین ہند پر کوئی نبی آیا؟

﴿سوال﴾:

دنیا میں اللہ نے حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) سے پیش تر زمین کے ہر گوشہ میں انبیاء علیہ السلام کو روانہ کیا ہے اور تبلیغ اسلام ہوئی ہے، اگر یہ بات حق ہے تو کیا آپ اس بات کو منظور کرتے ہیں کہ ہند کی سرزمین پر انبیاء علیہ السلام آئے ہیں یا نہیں، آئے ہیں تو کون ہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

کتب تفاسیر اور احادیث کی صحیح روایات سے ثابت ہے کہ ہر خطہ زمین کے بسنے والوں کی ہدایات اور عقائد کی درستگی اور اصطلاح حال کے لئے انبیاء کرام مبعوث ہوئے ہیں تو ہندوستان کیوں محروم رکھا جاتا ہے اولیاء عارفین واصحاب کشف نے بعض مقامات پر نور کی روشنی محسوس کر کے بتلایا بھی کہ یہاں نبی کی قبر معلوم ہوتی ہیں یا یہ کہ یہاں نبی کا آنا محسوس ہوتا ہے۔ بعض مفسرین کتب نے یہ بھی لکھا ذوالکفل جن کا تذکرہ قرآن پاک میں ہیں نبی تھے جنہوں نے بخارا کابل سے لے کر مغربی ہندوستان اور چین کے علاقہ تک تبلیغ کی۔ رسول اکرم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں یہود ونصاریٰ توریت وانجیل کی روشنی میں جن انبیاء اور رسل کے بارے میں آنحضرت ﷺ سے سوالات کرتے تھے۔ انہی کے نام

الخازن المسمٰی لباب التأویل فی معانی التنزیل، سورۃ البقرۃ، الآیۃ: ١، ج: ١، ص: ٥٠، ط، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

وفی تفسیر الثعالبی: روی أن بنی اسرائیل کانوا یقتلون فی الیوم ثلاثمائۃ نبی، ثم تقوم سوقھم آخر النھار، وروی سبعین نبیاً، ثم تقوم سوق بقلھم آخر النھار.

(تفسیر الثعالبی المسمٰی بالجواھر الحسان فی تفسیر القرآن، سورۃ البقرۃ، الآیۃ: ٨٧، ج: ١، ص: ٢٧٧، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

قرآن پاک میں موجود ہیں ورنہ انبیاء علیہم السلام کی تعداد مفسرین نے ایک لاکھ سے زائد لکھی ہے(۲۵)۔فقط واللہ اعلم بالصواب۔(فتاوی دارالعلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۲۱۴، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی/فتاوی دینیہ، ج:۱،ص:۱۰۷،۱۰۸)

❁❁❁

(۲۵):**قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: انا ارسلنک بالحق بشیراً ونذیرا، وان من امة الا خلا فیها نذیر.** (سورة الفاطر: ٢٤)

وقال تعالیٰ: ولقد بعثنا فی کل أمة رسولا أن اعبدوا اللّٰه واجتنبوا الطاغوت. (سورة النحل: ٣٦)

وقال تعالیٰ: وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا. (سورة الاسراء: ١٥)

وقال تعالیٰ: ورسلا قد قصصنٰهم علیک من قبل ورسلا لم نقصصهم علیک. (سورة النساء: ١٦٤)

وعن أبی ذرؓ، قال: قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم. قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! ونبی کان؟ قال: نعم نبی مکلم قلت یا رسول اللّٰه کم المرسلون قال ثلثمائة وبضعة عشر جما غفیراً وفی روایة عن ابن امامة قال ابوذرؓ قلت یارسول اللّٰه کم وفاء عدة الانبیاء قال مائة الف واربعة وعشرون الفا الرسل من ذلک ثلثمائة وخمسة عشرا غفیرا. (مشکلة المصابیح، کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ص: ٥١١، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی الشامیة: قوله: (کالایمان بالأنبیاء) لأن عددهم لیس بمعلوم قطعاً: فینبغی أن یقال: آمنت بجمیع الأنبیاء أولهم آدم وآخرهم محمد علیه وعلیهم الصلاة والسلام. معراج. فلایجب اعتقاد أنهم مائة ألف وأربعة وعشرون ألفاً، وأن الرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة وعشرون، لأنه خبر آحاد. (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب فی عدد الأنبیاء والرسل علیهم الصلاة والسلام، ج: ٢، ص: ٢٤٢، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

کیا ہندوستان میں کوئی نبی پیدا ہوا ہے؟

﴿سوال﴾:

سورۃ فاطر کی آیت نمبر:۲۴ میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ. اور کوئی قوم ایسی نہیں گزری جس میں ہم نے کوئی ڈرانے والا (رسول) نہ بھیجا ہو۔ اس آیت کی روشنی میں مجھے یہ پوچھنا ہے کہ کیا ہندوستان میں بھی نبی پیدا ہوئے ہیں؟ اور ہوئے ہوں تو ان کے نام کیا تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

ہندوستان میں بھی آئے ہی ہوں گے۔ حضرت آدم علیہ السلام سب سے پہلے ہندوستان میں ہی اترے تھے(۲۵)۔ لیکن ان کے علاوہ اور کون کون نبی آئیں اس بارے میں قرآن وحدیث اور تاریخ کی کتابیں خاموش ہیں۔ اور کسی شخص کو یقینی طور پر نبی یا رسول جاننے کے لئے دلیل قطعی سے اس کا نبی یا رسول ثابت ہونا ضروری ہے۔ جواب وحی کے منقطع ہوجانے کی وجہ سے ثابت نہیں ہوسکتا۔ اور اپنی سمجھ سے کسی کا نام اس فہرست میں بتایا نہیں جاسکتا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دینیہ، ج:۱،ص:۱۱۲)

❁❁❁

جنات کی طرف مبعوث انبیاء

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ اللہ تعالیٰ نے جس طرح انسانوں میں یکے بعد دیگرے انبیاء کو مبعوث فرمایا کیا اسی طرح جنات میں یہی

---

(۲۵): فی الجامع لاحکا القرآن: فاهبط آدم بسرندیب فی الهند بجبل یقال له نوذ واهبطت حوا بجدة. (الجامع لأحكام القرآن، سورة البقرة، الآية: ٣٦، ج: ١، ص: ٤٧٥، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

معاملہ رہا یا ان کے ہاں انبیاء مبعوث نہیں ہوتے تھے؟

﴿الجواب صامداً ومصلیاً﴾:

نبی اکرم ﷺ سے قبل جنات کی طرف ان میں سے کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا۔ ہاں انبیاء کے رسول وقاصد جنات میں جا کر جنات کو دعوت دیتے رہے ہیں اور نبی کریم ﷺ انسانوں اور جنات دونوں کی طرف مبعوث ہوئے۔

لمافی الفتاوی الحدیثیه (ص ٦٦): ولم یبعث الیهم نبی قبل نبینا قطعا علی ماقاله ابن حزم: ای انما کانو متطوعین بالایمان لموسی مثلا والدخول فی شریعته. وقال السبکی: لاشک انهم مکلفون فی الامم الماضیة کهذه الملة اما بسماعهم من الرسول او من صدق عنه.

وفیها ایضاً (ص ٦٩): وجمهور الخلف والسلف انه لم یکن منهم رسول ولانبی خلافا للضحاک ومعنی رسل منکم ای من مجموعکم وهم الانس اوالمراد بهم رسل الرسل.

وفی لقط المرجان فی احکام الجان (ص ٧٢): جمهور العلماء سلفا وخلفا علی انه لم یکن من الجن قط رسول ولانبی کذا روی عن ابن عباس ومجاهد وکلبی وابی عبید. (نجم الفتاوی، ج: ١، ص: ٢٤٥)

کیا ساتوں زمینوں میں انبیاء ہیں؟

﴿سوال﴾:

رسالت مآب ﷺ نے فرمایا کہ: ''مجھ جیسا زمین کے سات طبقوں میں موجود ہے''۔ روایت کیسی ہے، اگر صحیح ہے تو کیا مطلب ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

یہ روایت صحاح ستہ میں نہیں ہے، البتہ درمنثور میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر موقوف ہے(۲۶)، اس پر حجۃ الاسلام مولانا قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسالہ ''تحذیر الناس'' میں اور مولانا عبدالحی لکھنوی نے ''مجموعہ فتاوی'' کے شروع میں تفصیل سے کلام کیا ہے، وہاں دیکھ لیا جائے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج: ۱، ص: ۴۱۳ تا ۴۱۴)

❁❁❁

قرآنِ پاک میں کتنے انبیاء کا ذکر ہے؟ اور ان کے نام کیا ہیں؟

﴿سوال﴾:

قرآن پاک میں کتنے انبیاء کا ذکر ہے؟ اور ان کے نام کیا ہیں؟ ان کے علاوہ دیگر انبیاء کے بارے تفصیلات معلوم کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

---

(۲۶):فی الدرالمنثور: وأخرج ابن جرير، وابن أبی حاتم، والحاكم وصححه، والبيهقی فی شعب الايمان وفی الأسماء والصفات، من طريق أبی الضحی، عن ابن عباسؓ فی قوله: ﴿ومن الأرض مثلهن﴾. قال: سبع أرضين، فی كل أرض نبی كنبيكم، وآدم كآدم، ونوح كنوح، وابراهيم كابراهيم، وعيسی كعيسی. قال البيهقی: اسناده صحيح، ولكنه شاذ بمرة، لاأعلم لأبی الضحی عليه متابعاً.

(الدرالمنثور فی التفسير بالمأثور، سورة الطلاق، الآية: ۱۲، ج: ۱٤، ص: ٥٦٥)

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

قرآن پاک میں مندرجۂ ذیل انبیاء کرام علیہم السلام کا ذکر ملتا ہے:

حضرت آدم، حضرت ادریس، حضرت نوح، حضرت ھود، حضرت صالح، حضرت ابراہیم، حضرت لوط، حضرت اسماعیل، حضرت اسحٰق، حضرت یعقوب، حضرت یوسف، حضرت ایوب، حضرت شعیب، حضرت موسیٰ، حضرت ہارون، حضرت یونس، حضرت داؤد، حضرت سلیمان، حضرت الیاس، حضرت الیسع، حضرت زکریا، حضرت یحییٰ، حضرت عیسیٰ، حضرت ذوالکفل علیہم الصلاۃ والسلام اور سردارِ دوجہاں محمد ﷺ۔ (تفسیر ابن کثیر: ۱/۵۸۵)(۲۷)۔

نبوت ورسالت وہبی شئے ہے، اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے، اپنے فضل سے نبی بناتا ہے(۲۸)۔اس میں بندے کے کسب کا کوئی دخل نہیں ہوتا، یعنی بندہ جس

---

(۲۷):فی تفسیر ابن کثیر: وقوله: ﴿ورسلا قد قصصناهم عليك من قبل ورسلا لم نقصصهم عليك﴾ أی: من قبل هذه الآية، يعنی: فی السور المكية وغيرها.

وهذه تسمية الأنبياء الذين نص على اسمائهم فی القرآن، وهم: آدم، وادريس، ونوح، وهود، وصالح، وابراهيم، ولوط، واسماعيل، واسحاق، ويعقوب، ويوسف، وأيوب، وشعيب، وموسى، وهارون، ويونس، وداؤد، وسليمان، والياس، واليسع، وزكريا، ويحيى، وعيسى [عليهم الصلاة والسلام]، وكذا ذوالكفل عند كثير من المفسرين، وسيدهم محمد ﷺ. (تفسير ابن كثير، سورة النساء، الآية: ١٦٣، ط، دار طيبة)

(۲۸):قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: قالت لهم رسلهم ان نحن الا بشر مثلكم ولكن اللّٰه يمن على من يشاء من عباده.الخ. (سورة ابراهيم: ١١)وفی الجامع لأحكام القرآن تحت هذه الآية: (ولكن اللّٰه يمن على من يشاء من عباده) أی: يتفضل عليه بالنبوة.(الجامع لأحكام القرآن، سورة ابراهيم، الآية: ١١، ج: ١٢، ص: ١١٤، ط،

طرح اپنے کسب واختیار سے عبادت وریاضت کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرسکتا ہے، اس طرح اپنے کسب واختیار سے اعلیٰ سے اعلیٰ درجہ کی محنت وریاضت کے باوجود نبی نہیں بن سکتا، نبی بنائے جانے میں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی مشیت کارفرما ہوتی ہے، وہ جسے چاہے نبی بنائے۔ چوں کہ نبوت مکمل طور پر امر وہبی ہے، اس لئے کوئی متعین شخصیت نبی ہے یا نہیں؟ اس کا علم قرآن وحدیث کے علاوہ اور کسی ذریعہ سے نہیں ہوسکتا، لہٰذا قرآن کریم اور حدیث پاک میں جن انبیاء کرام کا ذکر ہے، ان کے علاوہ کسی اور کو نبی نہیں مان سکتے، اسی لئے تمام انبیاء کرام کی تعداد کے متعلق اجمالی ایمان ہی لازم ہے(۲۹)۔ ورنہ غیر نبی کو نبی ماننا یا اس کے برخلاف نبی کی نبوت کا انکار لازم آئے گا۔ واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۸۷،۱۸۸)

❁❁❁

مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(۲۹):فی شرح الفقه الأكبر: وقد ورد فی مسند أحمد رحمه الله أنه عليه الصلاة والسلام سئل عن عدد الأنبياء عليهم الصلاة والسلام فقال مائة ألف وأربعة وعشرون ألفا والرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة عشر أولهم آدم عليه الصلاة والسلام وآخرهم محمد صلى الله عليه وعلى آله وسلم وهو لاينافی قوله تعالى ولقد أرسلنا رسلا من قبلك منهم من قصصنا عليك ومنهم من لم نقصص عليك فان نبوت الاجمال لاينافی تفصيل الاحوال نعم الأولى أن لايقتصر على الاعداد فان الآحاد لاتفيد الاعتماد فی الاعتقاد بل يجب كما قال الله تعالىٰ كل آمن بالله وملائكته وكتبه ورسله أن يؤمن ايمانا اجماليا من غير تعرض لتعدد الصفات وعدد الملائكة والكتب والأنبياء وأرباب الرسالة من الاصفياء. (شرح الفقه الأكبر، بحث فی أن الأنبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ٥٥، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

وفی الشامية: قوله: (كالايمان بالأنبياء) لأن عددهم ليس بمعلوم قطعاً: فينبغی أن يقال: آمنت بجميع الأنبياء أولهم آدم وآخرهم محمد عليه وعليهم

قرآن کریم میں صرف چند انبیاءِ کرام علیہم السلام کا ذکر کیوں؟

﴿سوال﴾:

یہ بات مشہور ہے کہ انبیاء کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار کے قریب ہے۔لیکن قرآنِ پاک میں صرف چند انبیاء کرام ہی کا ذکر ہے، اُن کے علاوہ کا ذکر کیوں نہیں ہے؟ انگریز اور یہود کہتے ہیں کہ ویٹر، سیمویل اور جون وغیرہ ہمارے نبی تھے، بت پرست ہنود کہتے ہیں کہ رام اور کرشن ہمارے نبی تھے، اسی طرح مجوسی آتش پرست لوگ کا کہنا ہے کہ زرتشت ہمارے نبی تھے، تو ان لوگوں کے رد میں ہمارے پاس کیا دلائل ہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

اگر ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کا بیان قرآن پاک میں ہوتا، تو قرآن پاک قصہ وکہانی کی کتاب بن کر رہ جاتا، جب کہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے قرآن کا نزول بطور کتابِ ہدایت ہوا ہے(۳۰)۔لہٰذا اس میں اولوالعزم انبیاء کا ذکر کیا گیا اور دیگر بہت سے انبیاء کا ذکر نہیں ہے، اُسے ایک مثال سے سمجھیے کہ ''وہوراسوسائٹی'' کا سنگ بنیاد مثلاً ۱۹۶۴ء میں ڈالا گیا، اب بعد میں جب بھی تاریخ مرتب ہوگی، تو اس میں اس تنظیم کے صدر اور خاص جن

الصلاة والسلام. معراج. فلايجب اعتقاد أنهم مائة ألف وأربعة وعشرون ألفاً، وأن الرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة وعشرون، لأنه خبر آحاد. (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب فى عدد الأنبياء والرسل عليهم الصلاة والسلام، ج: ۲، ص: ۲٤۲، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۳۰):شهر رمضان الذى أنزل فيه القرآن هدى للناس وبينٰت من الهدىٰ والفرقان. (سورة البقرة: ۱۸۵)

وفى التفسير المأمون: وقوله: ﴿هدى للناس﴾. يعنى: رشاداً للناس الى سبيل الحق ومنهج النجاة. (التفسير المأمون على منهج التنزيل والصحيح المسنون، سورة البقرة، الآية: ۱۸۵، ج: ۱، ص: ۵۰۰)

لوگوں ہی کا ذکر ہوگا، عام افراد کا ذکر چھوڑ دیا جائے گا، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے بندوں کی ہدایت کے لئے جن انبیاء کرام علیہم السلام کے ذکر کو ضروری سمجھا، ان کو بیان فرمایا، چناں چہ ارشاد خداوندی ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلاً مِنْ قَبْلِکَ مِنْهُمْ مَنْ قَصَصْنَا عَلَیْکَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَمْ نَقْصُصْ عَلَیْکَ (۳۱).

اس آیتِ کریمہ میں اللہ کے رسول ﷺ کو کہا جارہا ہے کہ بعض انبیاء کرام کے احوال آپ کے سامنے بیان نہیں کیے گئے۔

اس کی اصل حکمت صرف اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتے ہیں، اسی وجہ سے انبیاء کرام کی تعداد کے متعلق اجمالی ایمان ہی کافی ہے (۳۲)، کسی ایک عددِ خاص کا ذکر کرنا صحیح نہیں ہے، بہت سے غیر مسلمین جن کو نبی مانتے ہیں، ممکن ہے کہ وہ نبی ہوں، لیکن چوں کہ ان کے بارے میں کوئی نص قطعی مروی نہیں ہے، اس لیے ہم نہ اس باب میں ان کی تصدیق کریں گے اور نہ تکذیب، بلکہ اس میں توقف بہتر ہے۔

---

(۳۱):(سورة المؤمن: ۷۸)

(۳۲):فی شرح الفقه الأكبر: وقد ورد فی مسند أحمد رحمه الله أنه عليه الصلاة والسلام سئل عن عدد الأنبياء عليهم الصلاة والسلام فقال مائة ألف وأربعة وعشرون ألفا والرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة عشر أولهم آدم عليه الصلاة والسلام وآخرهم محمد صلى الله عليه وعلى آله وسلم وهو لاينافی قوله تعالى ولقد أرسلنا رسلا من قبلک منهم من قصصنا عليک ومنهم من لم نقصص عليک فان نبوت الاجمال لاينافی تفصيل الاحوال نعم الأولى أن لايقتصر على الاعداد فان الآحاد لاتفيد الاعتماد فی الاعتقاد بل يجب كما قال الله تعالىٰ كل آمن بالله وملائكته وكتبه ورسله أن يؤمن ايمانا اجماليا من غير تعرض لتعدد الصفات وعدد الملائكة والكتب والأنبياء وأرباب الرسالة من الاصفياء. (شرح الفقه الأكبر، بحث فی أن الأنبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ۵۵، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

اللہ تعالیٰ نے تمام ادیانِ سماویہ میں بنیادی عقائد یعنی توحید ورسالت اور بعث بعدالموت جیسے امور پر ایمان لانے کو ضروری قرار دیا ہے، نیز باہمی اخلاق ومروت کی پابندی بھی ہر دین سماوی میں لازم ہوتی ہے، غرض یہ کہ تمام ادیان سماویہ کی تعلیمات اچھی ہوتی ہیں، یہ تعلیمات اگلی اُمتوں کو جن انبیاء کے ذریعہ پہنچیں، مرورِ زمانہ کے ساتھ اُن انبیاء اور صلحاء کے بارے میں اُن کی اُمتوں کا عقیدہ اعتدال پر قائم نہیں رہا، چناں چہ نصاریٰ نے اپنے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا کہہ دیا (۳۳)۔ اور بعض نصاریٰ ان ہی کو خدا ماننے لگے (۳۴)۔ اسی طرح یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کے بارے میں حدود کی پاسداری نہیں کی اور ان کو اللہ کا بیٹا قرار دیا (۳۵)۔ الحاصل کوئی بھی امت اپنے اصل عقائد واحکام پر برقرار نہیں رہی، تمام نے اپنی نبوی تعلیمات کو بدل دیا (۳۶)۔ لہٰذا ان کے عقائد کا کوئی اعتبار نہیں، ہنود کا اپنے صلحاء کے متعلق کہنا کہ وہ نبی تھے، اس کی کوئی اصل نہیں ہے، بلکہ ان کے متعلق وہ جن کرامات کو بیان کرتے ہیں، ان سے بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ جنات ہوں گے (۳۷)۔ اسی طرح یہود ونصاریٰ جن کے متعلق نبی ہونے کا دعویٰ کرتے

---

(۳۳):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ:وقالت النصاری المسیح ابن اللّٰہ. (سورۃ التوبۃ: ۳۰)

(۳۴):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ:لقد کفر الذین قالوا ان اللّٰہ ھو المسیح ابن مریم. (سورۃ المائدۃ: ۱۷)

(۳۵):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ:وقالت الیھود عزیرن ابن اللّٰہ. (سورۃ التوبۃ: ۳۰)

(۳۶):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ:من الذین ھادوا یحرفون الکلم عن مواضعہ. (سورۃ النساء: ٤٦)

(۳۷):فی تفسیر المظھری: ومن ھھنا یظھر أن ما یدعو أھل الھند من البرازخ ویسمونھم أوتاداً یذکرون فی تواریخھم ألوف ومائۃ ألوف من السنین لعلھم کانوا من الجن برازخ مبعوثین الی الجن، ولعل لأھل الھند دین منزل من اللّٰہ

ہیں اور ان کا ذکر کسی نص قطعی میں نہ ہو، ہم ان کے انکار کی وجہ سے گنہگار نہیں ہوں گے۔ فقط، واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۸۳تا۱۸۵)

انبیاءِ کرام علیہم السلام کو اُن کے موت سے پہلے اختیار دیا جاتا ہے

﴿سوال﴾:

حضرت مفتی احمد بیمات صاحب کی ایک گجراتی کتاب ''موت، قبر؟ اور برزخ کے احوال'' میں حضرت ادریس علیہ السلام کے متعلق لکھا ہے کہ ان کی موت ایک فرشتہ کے پروں پر آسمان میں ہوئی (۳۸)۔

تعالیٰ علی الجن استفاد منهم الانس قیل: لأجل کونهم مولودین من بطن الجنیة منسوج بشرائع منزلة بعد ذلک فان أصول دینهم یوافق الکتاب والسنة غالباً وما یخالف منه فهو من عمل الشیطان مردود واللّٰه أعلم. (تفسیر الظهری، سورة الأنعام، الآیة: ۱۳۰، ج: ۳، ص: ۳۱۳، ۳۱٤، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

(۳۸):فی الدرالمنثور: وأخبرج ابن أبی حاتم عن ابن عباسؓ فی قوله: ﴿ورفعنٰه مکانا علیا﴾. قال: کان ادریس خیاطاً، وکان لایغرز الا قال: سبحان اللّٰه. فکان یمسی حین یمسی ولیس فی الأرض احد أفضل عملا منه، فاستأذن ملک من الملائکة ربه فقال: رب، ائذن لی فأهبط الی ادریس. فأذن له، فأتی ادریس فسلم وقال: انی جئتک لأخدمک. فقال: کیف تخدمنی وأنت ملک وأنا انسان؟ ثم قال ادریس: هل بینک وبین ملک الموت شیء؟ قال الملک: ذاک أخی من الملائکة. فقال: هل یستطیع أن ینفعنی عند الموت؟ قال: أما أن یؤخر شیئا أو یقدمه فلا، ولکن سأکلمه لک فیرفق بک عند الموت. فقال: ارکب بین جناحی. فرکب ادریس، فصعد الی السماء العلیا، فلقی ملک الموت وادریس بین جناحیه، فقال له الملک: ان لی الیک حاجة. قال: عملت حاجتک، تکلمنی فی ادریس، وقد

اسی طرح حضرت سلیمان علیہ السلام، حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت یحییٰ علیہ السلام کو بھی مہلت نہیں دی گئی، جب کہ ایک دوسری کتاب ''موت کا منظر'' میں بخاری شریف کے حوالے سے ایک حدیث شریف ذکر کی گئی ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہؓ روایت کرتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تمام انبیاء کو ان کی وفات سے قبل اختیار دیا جاتا ہے کہ اگر وہ چاہیں، تو دنیا میں رہنا پسند کریں یا ملأ اعلیٰ کو ترجیح دیں: سوال یہ ہے کہ حضرت مفتی صاحب کی کتاب میں مذکور چاروں انبیاء کے قصوں میں انہیں مہلت کیوں نہیں دی گئی؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

کتاب ''موت کا منظر'' میں جو حدیث لکھی گئی ہے، وہ بالکل صحیح ہے، بخاری شریف میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ بہ حالت صحت فرمایا کرتے تھے کہ کسی بھی نبی کی موت اس وقت تک نہیں آتی، جب تک کہ وہ جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے، اس کے بعد نبی کو اختیار دیا جاتا ہے کہ اگر وہ چاہیں، تو دنیا میں رہنا پسند کریں یا آخرت کو اختیار فرمائیں، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ پھر جب آپ ﷺ پر حیات مبارکہ کے آخری وقت غشی طاری ہوئی، اس وقت آپ ﷺ کا سر مبارک میری گود میں تھا، آپ ﷺ نے جب غشی سے افاقہ پایا، تو چھت کی جانب چہرۂ انور اٹھا کر یہ دعاء فرمائی: ''**اللّٰھم الرفیق الأعلی**'' (اے بلند و بالا مرتبہ والے اللہ! میں تیرے پاس رہنا پسند کرتا ہوں) حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ میں یہ دعاء سن کر سمجھ گئی کہ اب حضور اکرم ﷺ ہمارے ساتھ رہنا پسند نہیں فرمائیں گے اور یہ وہی بات ہے، جسے آپ ﷺ اپنی حیات مبارکہ میں صحت کی حالت میں فرمایا کرتے تھے، یہ دعاء حضور پاک

محی اسمه من الصحیفة، ولم یبق من أجله الا نصف طرفة عین. فمات ادریس بین جناحی الملک. (الدرالمنثور فی التفسیر بالمأثور، سورة مریم، الآیة: ۵۷، ج: ۱۰، ص: ۸۳، ۸٤)

صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے نکلا ہوا اخیری کلمہ تھا۔(بخاری شریف: ۲/۶۴۱)(۳۹)۔

''موت، قبر اور برزخ کے احوال'' نامی گجراتی کتاب میں جو قصہ بیان کیا گیا ہے، اس کی توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ قبض روح کے لیے جس وقت فرشتہ آپہنچا، اس وقت مہلت نہیں دی گئی، البتہ اس سے پہلے اختیار دیا گیا تھا، اور اس اختیار کے موقع پر کسی بھی نبی نے دنیا میں رہنا پسند نہیں فرمایا اور ان کی روح قبض ہوگئی۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۹۰تا۱۹۳)

❁❁❁

کیا انبیاء علیہم السلام وارث ہوتے ہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع مسئلہ ذیل کے بارے میں: انبیاء علیہم السلام وارث ہوتے ہیں یا نہیں؟ اگر وارث نہیں ہوتے ہیں، تو ان آیات کی توجیہ کیا کی جائے گی، جیسا کہ باری تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ''. ''يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ''.

اسی طرح وارث نہ بننے کی کیا وجہ ہے؟ آیا اس لئے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں

---

(۳۹):قال الزهري: أخبرني سعيد بن المسيب في رجال من أهل العلم أن عائشة قالت: كان النبي ﷺ يقول وهو صحيح: انه لم يقبض نبي حتى يرى مقعده من الجنة ثم يخير، فلما نزل به ورأسه على فخذي غشي عليه ثم أفاق، فأشخص بصره الى سقف البيت، ثم قال: اللّٰهم الرفيق الاعلى. فقلت: اذاً لايختارنا، وعرفت أنه الحديث الذي كان يحدثنا به وهو صحيح. قالت: فكان آخر كلمة تكلم بها: اللّٰهم الرفيق الاعلى. (صحيح البخاري، كتاب المغازي، باب آخر ما تكلم به النبي ﷺ، ص: ۹۱۹، رقم: ٤٤٦٣، ط، دارالسلام رياض)

میں حیات ہیں، قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

(۱) حضرات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام نہ مال کے وارث بنتے ہیں اور نہ مال کا کسی کو وارث بناتے ہیں، بلکہ حضرات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی دولت علم اور نبوت ہے۔ اور حضرات انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اس بے مثال دولت کا وارث بناتے ہیں اور وارث بنتے ہیں، نیز سوال نامہ میں جن دو آیتوں کا ذکر کیا گیا ہے، ان میں علم اور نبوت کی وراثت مراد ہے، مالی وراثت مراد نہیں ہے، جس کی صراحت خود حدیث پاک میں واضح طور پر موجود ہے۔

سمعت رسول الله ﷺ يقول:.... وان العلماء ورثة الأنبياء، وان الأنبياء لم يورثوا دينارا ولادرهما، ورثو العلم، فمن أخذه أخذ بحظ وافر. (أبو داؤد شريف، كتاب العلم، النسخة الهندية ۲/۵۱۳، دارالسلام، رقم: ۳٦٤۱، سنن دارمی، دار المغنی ۱/۳٦۱، رقم: ۳٥٤، ترمذی، أبواب العلم، باب ماجاء فی فضل الفقه على العبادة، النسخة الهندية ۲/۹۷، دارالسلام، رقم: ۲٦۷۲، ابن ماجه، باب فضل العلماء والحث على طلب العلم، النسخة الهندية ۲۰، دارالسلام، رقم: ۲۲٤، مسند البزار، مكتبه العلوم والحكم ۱۰/۸۰، رقم: ٤۱٤٥، صحيح ابن حيان، دارلكفر ۱/۲٦۹، رقم: ۸۸)

عن عائشة أن النبی ﷺ قال: لا نورث ماتركنا صدقة، فهذا عام فی جميع الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، ولا يعارضه قوله تعالیٰ: "وورث سليمان داؤد" [النمل: ۱٦]: **لأن المراد ارث النبوة والعلم والحكم، وكذلك قوله تعالیٰ**

: "**یرثنی ویرث من آل یعقوب**" [المریم: ٦] (عمدة القاری، کتاب الفرائض، باب قول النبی ﷺ: " لانورث ما ترکنا صدقة"، دار احیاء التراث العربی ۲۳/۲۳۲، زکریا ۱٦/۸، روح المعانی، سورة النمل: ۷۱، ۱۱/۲۵۵، زکریا)

(۲) انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام اپنی قبروں میں باحیات ہیں، اس لئے وارث نہ بننے کی بات نہیں ہے، بلکہ حقیقی طور پر مالی وراثت حضرات انبیاء کی نہیں ہوتی ہے، ورنہ حضرات شہداء کے بارے میں بھی اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن میں فرمایا: "**بَلْ اَحْیَاءٌ وَّلٰکِنْ لَّاتَشْعُرُوْنَ**" [البقرة: ١٥٤] اوران شہداء کے اعزاء ان کے مال کے وارث بنتے ہیں لہٰذا حضرات انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کے اپنی قبروں میں باحیات ہونے کی وجہ سے وارث نہ ہونے کی بات نہیں ہے، بلکہ حضرات انبیاء مال کا وارث ہی کسی کو نہیں بناتے، اس لئے کہ مال ان کی اصلی دولت نہیں ہے، بلکہ ان کی اصلی دولت علم اور نبوت ہے۔ اوران چیزوں کا وارث حضرات انبیاء بناتے ہیں، اسی وجہ سے حضور ﷺ نے فرمایا: "**العلماء ورثة الانبیاء**" (سنن ابن ماجه، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، النسخة الهندیة، ۲، دارالسلام، رقم: ۲۲۲، سنن أبی داؤد، کتاب العلم، باب فضل العلم، النسخة الهندیة ۲/۵۱۳، دارالسلام، رقم: ۳٦۱۱، سنن ترمذی، باب ماجاء فی فضل الفقه علی العبادة، النسخة الهندیة ۲/۹۷، دارالسلام، رقم: ۲٦۸۲) (علماء انبیاء کے وارث ہوتے ہیں) اس لئے کہ علم ہی انبیاء کی دولت ہے، جیسا کہ سوال (۱) کے ذیل میں دلائل لکھے جاچکے ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیہ، ج:۲، ص:۱۰۹، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

کیا انبیاء کرام علیہم الصلاۃ والسلام کو نبوت حضور ﷺ کے واسطے سے ملی؟

﴿سوال﴾:

انبیاء کرام علیہم علیہ الصلاۃ والسلام کی نبوت بالذات ہے یا بالعرض؟ اللہ تعالیٰ نے انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کو نبوت حضور اکرم ﷺ کے واسطے سے عطا فرمائی ہے یا بغیر واسطے کے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

"انما انا قاسم واللّٰہ یعطی" (۴۰) نیز دیگر نصوص سے بعض عرفاء نے استدلال کرتے ہوئے اس باب کی تصریح کی ہے کہ جملہ معارف ونعماء الٰہیہ نبوت وغیرہ حضرت نبی اکرم ﷺ کو اللہ پاک نے ابتداء عطا فرمائی ہیں، پھر آپ کے ذریعہ حسب ہدایت دوسروں کو تقسیم کی گئی ہیں اصل مہبط ومخزن ذات اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج: ۱، ص: ۴۱۲، ۴۱۳)

❁❁❁

(۴۰):عن حمید بن عبدالرحمٰن: سمعت معاویة خطیباً یقول: سمعت النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم یقول: من یرد اللّٰہ به خیراً یفقهه فی الدین، وانما أنا قاسم واللّٰہ یعطی، ولن تزال هذه الأمة قائمة علی امر اللّٰہ لایضرهم من خالفهم حتی یأتی أمر اللّٰہ. (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من یرد اللّٰہ به خیرا یفقهه، ص: ۲۰، ۲۱، رقم: ۷۱، ط، دار السلام ریاض)

کیا پہلے انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات ناقص تھیں؟

﴿سوال﴾:

آپ نے ایک موقع پر پیغمبر اسلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعلیمات کا دوسرے مذاہب سے تقابلی مطالعہ پیش کیا ہے، اور ثابت کیا ہے کہ آپ کی تعلیمات مکمل تھیں، اس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ دوسرے پیغمبروں کی تعلیم ناقص تھیں حالانکہ ہر پیغمبر اپنے زمانے کے لئے مکمل ہادی ہوتا ہے۔

﴿جواب﴾:

اس سلسلہ میں دو باتیں ذہن میں رکھنی چاہئیں: اول یہ کہ جب ہم محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سیرت کا دوسرے انبیاء کرام سے تقابل کرتے ہیں، تو اس میں پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی حقیقی سیرت کا دوسرے رسولوں اور نبیوں کی ''غیر محفوظ سیرت'' سے تقابل ہوتا ہے، ہم پچھلے مذاہب کے ان صحائف کی روشنی میں یہ بات کہتے ہیں جو انسانی ملاوٹوں اور آمیزشوں کی وجہ سے ان قدسی صفت انسانوں اور عالم بالا کے عظیم المرتبت سفیروں کی زندگی کی صحیح تصویر پیش نہیں کرتے؛ اس لئے یہ (نعوذ باللہ) خود ان کی حیات والا صفات پر تنقید نہیں بلکہ ان لوگوں پر تنقید ہے، جو اپنے آپ کو ان کی طرف منسوب کرتے ہیں، اور جو ان کی سیرت مبارکہ کی حفاظت میں خیانت کے مرتکب ہوئے ہیں، ورنہ تو اس میں شبہ نہیں کہ ہر پیغمبر کی حیات اپنے عہد کے لئے مکمل رہنما ہوتی ہے، اور تمام پیغمبروں پر ایمان اور ان کی تعظیم واحترام واجب ہے، اور اس کے بغیر کوئی شخص صاحب ایمان نہیں ہوسکتا۔

دوسرے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کا عہد انسانی تہذیب وتمدن کی ناپختگی کا عہد تھا، اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا عہد تہذیب انسانی کے اوج کمال پر پہونچنے اور تمدن آدمیت کے پختہ ہوجانے کا عہد ہے، ایک ایسا عہد جو پوری عالم انسانیت کو ایک محلّہ اور ایک شہر کی طرح ایک دوسرے سے قریب کردے گا، چنانچہ اس ڈیڑھ ہزار سال کے

عرصہ میں انسان نے علم وعقل، ایجادات واختراعات اور اسرار کائنات کی تلاش وجستجو میں اتنا بڑا سفر طے کیا ہے کہ وجود عالم سے ولادت محمدی تک اس میدان میں انسان اس کا دسواں حصہ بھی سفر نہ کرسکا تھا، اس لئے یوں تو گزشتہ انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات بابرکات بھی اپنے زمانے کی ضرورتوں کے لحاظ سے مکمل تھیں، لیکن موجودہ عہد کے لئے وہ ناکافی ہے اور غالبا یہی منشاء ہے اس آیت باری کا:

﴿اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا﴾ (۴۱)۔ (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۴۲تا۵۴۴، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

کیا انبیاء علیہم السلام کو حوریں ملیں گی رکیا آپ ﷺ ہمارے والد کی طرح ہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کہا جاتا ہے کہ جنت میں جانے کے بعد مومنوں کی خدمت کے لئے حوریں موجود ہوں گی، تو کیا نبی اکرم ﷺ اور دوسرے انبیاء کے لئے بھی حوریں ہوں گی یا نہیں؟

۲۔ حضور ﷺ کی ازواج مطہرات کو مومنوں کی ماں کہا جاتا ہے تو کیا نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہمارے باپ ہوئے یا نہیں؟

۳۔ میں نے سنا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد ان کی وصیت کے مطابق ان کی نماز جنازہ پڑھا کر ان کے تابوت کو اونٹنی پر سوار کر کے صحرا میں چھوڑ دیا گیا، پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تابوت تو نہیں ملا لیکن ان کی اونٹنی مری ہوئی

(۴۱): (سورۃ المائدۃ: ۳)

ملی، جہاں اونٹنی ملی وہاں ان کے عقیدت مندوں نے مزار بنادیا تھا۔ کیا یہ بات درست ہے یا نہیں؟ اور اگر عراق میں بنایا گیا مزار فرضی ہے تو اہلسنت کے علماء اسے بچانے کے لئے کیوں سرگرم ہیں؟

۴۔ عراق میں بنائے گئے مزار میں واقعی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ دفن ہیں یا نہیں؟

ان سوالات کے تسلی بخش جوابات عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

صورت مسئولہ میں:

۱۔ جس طرح عام مومنین کے لئے حوریں ہوں گی اسی طرح انبیاء کے لئے بھی حوریں ہوں گی۔

۲۔ جس طرح تمام ازواج مطہرات مومنین کی مائیں ہیں۔ اسی طرح حضور ﷺ بلکہ تمام انبیاء امت کے باپ ہوتے ہیں اور آیت کریمہ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ الایة میں نفی صلب (حقیقی باپ) کے اعتبار سے ہے۔

۳،۴۔ یہ واقعہ جو آپ نے سنا ہے اسکی کوئی اصل نہیں ہے بلکہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کے بعد انہیں کوفہ میں اس وقت کے دارالامارۃ میں دفن کیا گیا تھا البتہ تاریخی روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ نجف میں جسے آج کل حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار سمجھا جاتا ہے یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نہیں بلکہ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مزار ہے۔

لما فی روح المعانی (۲۲/ ۳۱): تحت آیة ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ الآیة..... قال الراغب بعد ان قال الاب الوالد ما نصه: ویسمی کل من کان سببا فی ایجاد شیء او اصلاحه او ظهوره ابا ولذلک سمی

النبی ﷺ ابا المؤمنین قال اللّٰہ تعالی اولی بالمؤمنین من انفسھم وازواجہ امھاتھم وفی بعض القرآت وھو اب لھم وروی انہ علیہ السلام قال لعلی کرم اللّٰہ تعالی وجھہ انا وانت ابو ھذہ الامۃ.... و حاصلہ انہ استدراک من نفی الابوۃ الحقیقۃ الشرعیۃ التی یترتب علیھا حرمۃ المصاھرۃ و نحوھا الی اثبات الابوۃ المجازیۃ اللغویۃ التی ھی من شان الرسول علیہ الصلاۃ والسلام.

وفی المشکاۃ المصابیح (ص: ۴۹۶): عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ وذکر الحدیث بطولہ ثم قال لکل امرئ منھم زوجتان من الحور العین.

وفیھا ایضا (ص: ۴۹۹): عن ابی سعید قال قال رسول اللّٰہ ﷺ..... ادنی اھل الجنۃ الذی لہ ثمانون الف خادم واثنتان وسبعون زوجۃ.

وفی المرقات (۱۰/ ۳۲۳): قد جاء ان للواحد من اھل الجنۃ العدد الکثیر من الحور العین.

وفی البدایۃ والنھایۃ (۷/ ۳۴۲): ان علیا رضی اللّٰہ عنہ لما مات صلی علیہ ابنہ الحسن فکبر علیہ تسع تکبیرات ودفن بدار الامارۃ بالکوفۃ خوفا علیہ من الخوارج ان ینبشوا عن جثتہ ھذا ھو المشھور ومن قال انہ حمل علی راحلتہ فذھبت بہ فلایدری این ذھب فقد اخطأ وتکلف ما لاعلم لہ بہ ولایسیغہ عقل ولاشرع ومایعتقدہ کثیر من جھلۃ الروافض من ان قبرہ بمشھدہ النجف فلادلیل علی ذلک

ولا اصل له ويقال انما ذلک قبر المغيرة بن شعبةؓ. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۶۷، ۲۷۸)

❁❁❁

انبیاء علیہم السلام کے دین کا نام

﴿سوال﴾:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے انبیاء علیہم السلام گذر گئے ان کے دینوں کا نام کیا تھا؟ یعنی جس طرح ہمارے دین کا نام اسلام ہے اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے نبی اور رسل گذر گئے ان کے دین کا نام کیا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضرت ابراہیم علی نبینا وعلیہ الصلاۃ والسلام کے دین کا نام بھی اسلام ہے ﴿هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ قَبْلُ﴾ (۴۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج: ۱، ص: ۴۱۴)

❁❁❁

ارواح میں سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اور اجسام میں سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی

﴿سوال﴾:

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے کس کو تخلیق کیا تھا، انسانوں میں سے؟

﴿جواب﴾:

تخلیق دو طرح کی ہے: ایک ارواح کی، اور دوسری اجسام کی۔ ارواح میں سب

(۴۲): (سورة الحج: ۷۸)

سے پہلے روح محمدی (علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسلام) کی تخلیق ہوئی، جیسا کہ بعض روایات میں آتا ہے، اور اجسام میں سب سے پہلے حضرت ابو البشر آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی (۴۳)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص:۱۵۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۴۳):وعن عبادة بن الصامت رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ ان أول ما خلق اللّٰه القلم، فقال له: اكتب. فقال: ما أكتب؟ قال: اكتب القدر. فكتب ما كان وما هو كائن الى الأبد. وفى المرقات تحت هذا الحديث: رأيت فى الدرالمنثور نقلاً عن ابن عباسؓ: ان أول شيء خلقه اللّٰه القلم، فقال له: اكتب، فقال: يا رب وما أكتب، قال: اكتب يجرى من ذلك هو كائن الى أن تقوم الساعة، ثم طوى الكتاب ورفع القلم. رواه البيهقى وغيره والحاكم وصححه، وفى الدر أيضاً عن أبى هريرة رضى اللّٰه عنه قال: سمعت رسول اللّٰه ﷺ يقول: ان أول شيء خلق اللّٰه القلم ثم النون وهى الدواة، ثم قال له: اكتب، قال: وما أكتب، قال: ما كان وما هو كائن الى يوم القيامة من عمل أو أثر أو رزق أو أجل، فكتب ما يكون وما هو كائن الى يوم القيامة، ثم ختم فم القلم فلم ينطق ولاينطق الى يوم القيامة. أخرجه الحكيم الترمذى هذا وروى أن أول ما خلق اللّٰه العقل، وأن أول ما خلق اللّٰه نورى وأن أول ما خلق اللّٰه روحى، وأن أول ما خلق اللّٰه العرش، والأولية من الأمور الاضافية فيؤول وأن كل واحد مما ذكر خلق قبل ما هو من جنسه، فالقلم خلق قبل جنس الأقلام ونوره قبل الأنوار والا فقد ثبت أن العرش قبل الخلق السماوات والأرض، فتطلق الأولية على كل واحد بشرط التقييد فيقال: أول المعانى كذا، وأول الأنوار كذا.

(مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الايمان، باب الايمان بالقدر، الفصل الثانى، ج: ١، ص: ٢٦٨، ٢٦٩، ٢٧٠، رقم: ٩٤، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفى البداية: قال اللّٰه تعالىٰ: واذ قال ربك للملائكة انى جاعل فى الارض خليفة. قالوا أتجعل فيها من يفسد فيها ويسفك الدماء ونحن نسبح بحمدك ونقدس لك. قال انى أعلم مالاتعلمون..الخ.

کیا حضور ﷺ حضرت آدم علیہم السلام کی خلقت سے قبل نبی تھے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا حضور پرنور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت سے پہلے نبی تھے؟ یا چالیس سال بعد آپ ﷺ کو نبوت ملی؟ اس چالیس سال میں ہم آپ ﷺ کو کیا مانیں؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

جی ہاں آپ ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت سے پہلے نبی تھے اور چالیس سال کی عمر میں جس میں ظاہری طور پر نبوت ملی اس عرصہ میں بھی آپ ﷺ کو نبی مانا جائے گا، مگر چالیس سال کی عمر سے پہلے یعنی نبوت کے اعلان سے پہلے ایمان لازم نہیں تھا، اعلان کے بعد لازم ہوا۔

عن العرباض بن سارية، عن رسول اللّٰہ ﷺ انه قال: انی عند اللّٰہ خاتم النبيين، وان آدم عليه السلام لمنجدل فی طينة. (مسند احمد بن حنبل ٤/١٢٧، رقم: ١٧٢٨٠، ١٧٢٨١، ٤/١٢٨، رقم: ١٧٢٩٥، مسند البزار ١٠/ ١٣٥، رقم:

فهذا ذكر هذه القصة من مواضع متفرقة من القرآن. وقد تكلمنا على ذلك كله فی التفسير. ولنذكر ههنا مضمون ما دلت هذه الآيات الكريمات وما يتعلق بها من الاحاديث الواردة فی ذلك عن رسول اللّٰہ ﷺ. واللّٰہ المستعان.

فأخبر تعالى أنه خاطب الملائكة قائلا لهم "انی جاعل فی الارض خليفة" أعلم بما يريد أن يخلق من آدم وذريته الذين يخلف بعضهم بعضا كما قال "وهو الذی جعلكم خلائف" الارض فاخبرهم بذلك على سبيل التنويه بخلق آدم وذريته....الخ. (البداية والنهاية، باب خلق آدم عليه السلام، ج: ١، ص: ٦٨، ٧٠، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

٤١٩٩، صحيح ابن حبان، ذكر كتبة الله جل وعلا عنده محمدا ﷺ خاتم النبيين ٦/٨٢، رقم: ٦٤٠٤، المعجم الكبير للطبرانی ١٨/ ٢٥٢، رقم، ٦٢٩، ٦٣٠، ٦٣١، المستدرك على الصحيحين للحاكم، قديم ٢/٦٥٦، جديد ٤/ ٥٦٥، رقم: ٤١٧٥، مشكوة شريف، ص: ٥١٣) فقط والله سبحانه و تعالیٰ اعلم (فتاوی قاسميه، ج: ٢، ص: ٨٧، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

❁❁❁

آنحضرت علیہ السلام کا آدم علیہ السلام سے پہلے نبی ہونے کا مطلب

﴿سوال﴾:

ایک عالم نے حدیث "کنت نبیا وادم بین الماء والطین" بیان کرتے ہوئے کہا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آدم علیہ السلام کے پانی اور خمیر ہونے کے وقت نبی تھے باعتبار چرچا کے ملائکہ میں۔ کیا آپ کا محض چرچا تھا یا آنے کی شہرت تھی؟ یا خود بھی موجود تھے؟ اور ایک دوسرے آدمی نے کہا کہ یہ حدیث موضوع ہے۔ اب آپ واضح فرمائیں کہ یہ حدیث موضوع ہے، صحیح ہے یا ضعیف ہے؟

﴿الجواب﴾:

کنت نبیا وادم بین الروح والجسد رواه البخاری فی تاریخه و الحاکم وصححه (تذکرة الموضوعات: ص ٨٦) عن ابی هریرةؓ قال قالوا یارسول الله متی وجبت لک النبوه قال وادم بین الروح والجسد رواه الترمذی مشکوة ص

۵۱۳ (۴۴).

الفاظ بالا کے ساتھ یہ روایت کتب حدیث میں پائی جاتی ہے۔لیکن جو الفاظ سوال میں لکھے گئے ہیں یہ الفاظ ثابت نہیں بلکہ موضوع ہیں۔ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ مرقاہ میں تحریر فرماتے ہیں۔

اما مایدور علی الالسنة کنت نبیاوادم بین الماء والطین. فقال السخاوی لم اقف علیه بهذا اللفظ فضلا عن زیادة وکنت نبیا ولا ماء ولاطین. قال الحافظ ابن حجر انالزیادة ضعیفة وما قبلها قوی وقال الزرکشی لاأصل له بهذا اللفظ. (مرقاة: ج ٥: ص ٣٦٧) (۴۵)۔

تذکرۃ الموضوعات میں علامہ طاہر پٹنیؒ تحریر فرماتے ہیں:

وفی الزیلعی وکنت نبیا وادم بین الماء والطین وکنت نبیا ولا ادم ولا ماء ولا طین قال ابن تیمیة موضوع ص ٨٦.

خلقِ آدم علیہ السلام سے پہلے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نبی ہونا باعتبار شہرت کے تھا دیگر انبیاء علیہم السلام کی نبوتیں بھی گو علم الٰہی میں موجود تھیں مگر فرشتوں کے سامنے اس کا اظہار نہیں کیا گیا تھا۔لیکن آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اسم گرامی اور آپ کے عہدۂ رسالت کا اظہار واعلان کر دیا گیا تھا۔صاحبِ لمعات لکھتے ہیں۔ جوابش آنست کہ مراد اظہار نبوت اوست صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیش از وجود عنصری وے در ملائکہ وارواح چنانکہ

---

(۴۴):(مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلوات اللّٰہ وسلامه علیه، الفصل الثانی، ص: ۵۱۳، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۴۵):(مرقات المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین ﷺ، الفصل الثانی، ج: ۱۰، ص: ٤٣٩)

واردشدہ کتابت اسم شریف اور عرش وغیرہ ج ۴، ص ۴۹۹۔ فقط واللہ اعلم (خیر الفتاوی، ج:۱، ص:۲۸۲، ۲۸۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

انبیاء علیہم السلام کی ولادت کا طریقہ

﴿سوال﴾:

جناب مفتی صاحب! نیچے لکھے ہوئے مسئلہ کا جواب بأدلہ تحریر فرمائیں۔

کہ سب آدمی جس جگہ سے پیدا ہوتے ہیں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ سے پیدا ہوئے یا کہ ناف مبارک سے؟ ہمارے اس دیار میں اس مسئلہ میں اختلاف ہورہا ہے، چند عالم کہتے کہ جمیع انسان جس جگہ سے پیدا ہوتے ہیں، حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس جگہ سے پیدا ہوئے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ ناف مبارک سے۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

"عن همام ابن يحيى عن اسحاق بن عبدالله أن أم رسول الله ﷺ قالت: لما ولدته، خرج من فرجي نور أضاء له قصور الشام، فولدته نظيفاً ما به قدر"۔ رواه ابن سعد" خميس : ۱/۲۰۳ (۴۶)۔

اس روایت کو نقل کرکے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے لکھا ہے: **ایں صریح است درآنکہ ولادت ازطریق معتاد بود کہ سائر زنان راباشد، وحدیث دیگر نیز کہ دروے آمدہ: "فأخذني المخاض" کہ بمعنی دردزہ است، نیز ظاہر در آنست". مدارج النبوۃ:۲/۱۹۔** اس سے معلوم ہوکہ ولادت اس جگہ سے ہوئی جس جگہ سے سب کی ہوتی ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ حررہ العبد محمود گنگوہی عفا اللہ عنہ۔

---

(۴۶):(كتاب الطبقات الكبير، ذكر مولد رسول الله ﷺ، ج: ۱، ص: ۸۲، ط، مكتبة الخانجي بالقاهرة)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کے متعلق نہایۃ الامل، ص:۵۹ میں دو قول اور بھی لکھے ہیں: اول یہ کہ ناف سے کچھ نیچے ایک سوراخ پیدا ہوا جس سے ولادت ہوئی، پھر وہ فوراً بند ہو گیا، دوم یہ کہ بائیں پسلی کے نیچے (حاضرہ) سے ولادت ہوئی۔ قول اول جمیع انبیاء میں مشترک ہے، قول ثانی آنحضرت ﷺ کے ساتھ خاص ہے، مگر دلیل میں کوئی روایت پیش نہیں کی۔

بطریق ولادت معتاد کا سختی سے انکار کیا ہے، لیکن اس نوع کی بحث کرنا حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی شانِ رفیع کے خلاف اور اساءت ادب ہے، لہٰذا اس سے سکوت چاہیے۔ فقط۔ محمود گنگوہی عفی عنہ۔

الجواب صحیح: سعید احمد غفرلہ، صحیح: عبداللطیف، مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور۔ (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص: ۴۱۵، ۴۱۶/ خیر الفتاوی، ج:۱، ص: ۳۱۱، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان/ فتاوی فریدیہ، ج:۱، ص:۴۶۸/ نجم الفتاوی، ج:۱، ص:۲۴۷، ۲۴۸)

❁❁❁

حضور ﷺ کی تاریخ ولادت اور تاریخ وفات

﴿سوال﴾:

حضور ﷺ کے تاریخ ولادت اور وفات کے بارے میں مختلف آراء ہیں۔ عام طور پر دونوں کا تعین بارہ ربیع الاول سمجھا جاتا ہے۔ اور حکومت پاکستان بھی بارہ ربیع الاول پر یوم ولادت مناتی ہے۔ لہٰذا صحیح تاریخ ولادت اور وفات سے روشناس فرمائیں؟

﴿الجواب﴾:

تحقیق کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ ولادت باسعادت ۸/ ربیع الاول اور تاریخ وفات ۲/ ربیع الاول ہے۔ (فتاوی فریدیہ، ج:۱، ص:۴۵۶)

❁❁❁

رسول اللہ ﷺ کی تاریخ ولادت

﴿سوال﴾:

حال ہی میں سیرت النبی ﷺ کی ایک کتاب ''سیرت احمد مجتبیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم'' ظہور قدسی سے مسجد قباء تک حیات طیبہ کا مکی دور پڑھا، سیرت نگار محترم شاہ مصباح الدین شکیل صاحب ہیں، اس میں حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے بارے میں کچھ اس طرح سے لکھا ہے کہ'' تاریخ ولادت میں اختلاف ہے، ریاضی کی جدید تحقیق کے مطابق ۹/ ربیع الاول بروز دوشنبہ ۲۳/۴/۵۷۱ء ہے، براہ کرم صحیح اور مصدقہ تاریخ سے مطلع فرمائیں؟

﴿جواب﴾:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ پیدائش کے سلسلہ میں قدیم سیرت نگاروں سے بھی مختلف اقوال منقول ہیں، اور مشہور قول ۱۲/ ربیع الاول کا ہے، لیکن علامہ شبلیؒ اور علامہ سید سلیمان ندویؒ جیسے اصحاب تحقیق علماء کی رائے بھی ہے کہ تاریخ پیدائش ۹/ ربیع الاول ہے۔ اس لئے کہ اس بات پر تمام سیرت نگار متفق ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش پیر کے دن ہوئی تھی، یہ محض کتب سیرت کی روایتوں سے ثابت نہیں، بلکہ صحیح حدیثوں میں بھی منقول ہے، اور ماہرین تقویم کی رائے میں جس سال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی اس سال پیر ۹/ ربیع الاول کو پڑتا ہے، نہ کہ ۱۲/ ربیع الاول کو، اس لئے رقم الحروف کا بھی رجحان اسی قول کی طرف ہے، واللہ اعلم بالصواب (کتاب الفتاوی، ج: ۱، ص: ۵۳۰، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

۱۲ ربیع الاول آپ ﷺ کی تاریخ پیدائش ہے یا نہیں؟

﴿مسئلہ﴾:

بعض لوگ ۱۲ ربیع الاول کو خوشیاں مناتے ہیں، مدرسوں میں چھٹیاں رکھتے ہیں، صدقہ خیرات کرنے کو لازم سمجھتے ہیں، جبکہ اس دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت نہیں ہوئی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ پیدائش صحیح قول کے مطابق، ۹ ربیع الاول ہے(۴۷)، اسی طرح کسی خاص دن صدقہ وخیرات کو لازم سمجھنا بدعت ہے(۴۸)، البتہ اس دن نیک اعمال کی کثرت رکھی جائے۔(المسائل المہمہ فیما ابتلت بہ العامۃ، ج:۳،ص:۲۸)

❁❁❁

---

(۴۷):ما في الرحيق المختوم: ولد سيد المرسلين بشعب بني هاشم بمكة في صبيحة يوم الاثنين التاسع من شهر ربيع الأول لأول عام من حادثة الفيل ويوافق ذلك العشرين أو اثنين وعشرين من شهر أبريل احدى وسبعين وخمس مأة ٥٧١م، حسبما حققه العالم الكبير محمد سليمان المنصور فورى والمحقق الفلكي محمود باشا. (ص: ٦٢، السيرة البنوية: ص/ ١٠٩، رحمة للعالمين: ص/ ٣٤ بحواله حاشية المسائل المهمه)

(۴۸):عن سعد بن ابراهيم سمع القاسم قال: سمعت عائشةؓ تقول: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم: من عمل عملاً ليس عليه أمرنا فهو رد. (مسند احمد بن حنبل، ص:١٨٩٨، رقم الحديث:٢٥٩٨٦)

وفي البحر: ولأن ذكر اللّٰه تعالىٰ اذا قصد به التخصيص بوقت دون وقت أو بشيء دون شيء لم يكن مشروعاً حيث لم يرد الشرع به لأنه خلاف المشروع. (البحر الرائق شرح كنز الدقائق، كتاب الصلاة، باب صلاة العيدين، ج: ٢،ص: ٢٧٩،ط، دار الكتب العلمية، بيروت لبنان)

وفي الاعتصام: ومنها وضع الحدود والتزام الكيفيات والهيئات المعينة،

آپ علیہ السلام کی ولادت باسعادت اور مروجہ میلاد

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ نبی کریم ﷺ کی ولادت کس ماہ میں ہوئی اور کس تاریخ کو ہوئی اور آج کل میلاد النبی کا منانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز نہیں تو میلاد منانے والوں کا کیا حکم ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

صورت مسئولہ میں رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت ماہ ربیع الاول میں ہوئی البتہ تاریخ میں اختلاف کی بنا پر مختلف اقوال نقل کیے گئے جن میں زیادہ راجح آٹھ (۸) ربیع الاول ہے۔

نیز مروجہ میلاد کا خیر القرون سے کوئی ثبوت نہیں ملتا لہٰذا یہ بدعت قبیحہ ہے جس کا ترک لازم ہے اور جانتے بوجھتے بدعت کا ارتکاب کرنے والا فاسق ضرور ہے۔

لما فی المشکوۃ (ص ۲۷): عن عائشة قالت قال رسول اللّٰہ من احدث فی امرنا هذا ما لیس منه فهو رد.

وفی فیض الباری (۲/۳۱۹): واعلم ان القیام عند ذکر میلاد النبی ﷺ لااصل فی الشرع واحدثه ملک الاربل کما فی تاریخ ابن خلکان انه کان یعقد له مجالس ویصرف علیها اموالا.

وعلی هامشه یقول العلامة محمد بدر عالم المیرتهی: یقول العبد الضعیف: ولا ینبغی ان یشک ان

والتزام العبادات المعینة فی أوقات معینة لم یوجد لها ذلک التعیین فی الشریعة.

(الاعتصام، ج: ۱، ص: ٤٦، ط، مکتبة التوحید)

الـمـيـلاد الـمـروج بيـن اظهـرنـا حرام قطعا فانه يشتمل على الـمـحـرمات الكثيرة والمعاصى الظاهرة والباطنة من اضاعة الـمـال وقـرأة الـروايـات الـموضوعة التى لا اصل لهـا فى الـديـن....فتـلـك المجالس كلها البدع فاحذروها وعليكم بسنة نبيكم فانها العروة الوثقى لاانفصام لها.

وفـى السيـرة الـنبوية لابن كثيـر (۱/۱۹۸): ولد صلوات اللّٰه عليهم وسلامه يوم الاثنين.....ثم الجمهور على ان ذلك كـان فى شهر ربيع الاول فقيل لليلتين خلتا منه قال ابـن عبـد البـر فـى الاستيـعاب ورواه الواقدى عن ابى معشر نـجيـح بـن عبـدالرحمٰن المدنى وقيل لثمان خلون منه حكاه الـحميدى عن ابن حزم ورواه مالك وعقيل ويونس بن يزيد وغيـرهم عن الزهرى عن محمد بن جبير بن مطعم. ونقل ابن عبـدالبر عن اصحاب التاريخ انهم صححوه وقطع به الحافظ الـكبير محمد بن موسىٰ الخوارزمى ورجحه ابو الخطاب بن دحيـه.... وقيـل لـعشـر خـلـون منه نقله ابن دحية.....وقيل لثـنتـى عشـر خـلـت مـنـه عليه ابن اسحاق .....وهذا هو الـمشهـور عـنـد الـجـمهـور.وهـكـذا فـى البـداية والنهـاية (۲/۲۴۲)(نجم الفتاوى، ج: ۱، ص: ۱۷۱، ۱۷۲)

پاک رحموں اور پاک صلبوں سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت کا مطلب

﴿سوال﴾:

نبی علیہ السلام کی حدیث ہے کہ میری پیدائش پاک رحموں اور پاک صلبوں سے ہے، حضرت عبداللہ والد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی منی رحم مائی آمنہ میں کیسا ہے؟ اگر بذریعہ منی ہے تو کیا حضرت عبداللہ کی منی پاک تھی؟ اگر پاک تھی تو خود حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی منی کے متعلق احکامِ غسل دھونا آیا ہے، اگر پلید تھی تو حدیث پر حرف آتا ہے؟

﴿جواب﴾:

پاک رحموں اور پاک صلبوں سے مراد صحیح النسب ہونا ہے، یعنی آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام آباء واجداد صحیح النسب تھے، اس کا مطلب منی کی طہارت نہیں ہے۔ (فتاوی عثمانی، ج:۱، ص:۳۰۸، ط، مکتبہ معارف القرآن کراچی)

کتنی عورتوں نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دودھ پلایا ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یتیم چھوڑ کر جو عورتیں گئیں تھیں ان کے کیا نام تھے اور وہ کس خاندان سے تعلق رکھتی تھیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ۹ عورتوں نے دودھ پلایا ہے اگر آپ کا مقصد انہی عورتوں کے بارے میں پوچھنا ہے تو ان کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱): حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ حضرت آمنہ بن وہب خاندان بنونجار۔[سیرت مبارکہ،ص۱۷۶]

(۲): حضرت حلیمہ بنت ابی ذویب بنوسعد۔[سیرت محمدیہ/۳۲،سیرت مبارکہ، ص:۱۷۸]

(۳): حضرت ثوبیہ جاریہ عمہ ابی لہب۔[سیرت محمدیہ/۳۲،سیرت مبارکہ،ص: ۱۷۸]

(۵): حضرت ام ایمن،قبیلہ بنوسلیم۔[سیرت محمدیہ۳۲،سیرت مبارکہ،ص: ۱۷۸]

(۶): حضرت خولہ بنت المنذر۔[سیرت محمدیہ/۳۲،سیرت مبارکہ،ص:۱۷۸]

(۷): عاتکہ بنوسلیم۔

(۸): عاتکہ بنوسلیم۔

(۹): عاتکہ بنوسلیم۔[سیرت محمدیہ،ص:۳۲]

ثلٰث نسوة من أبكار بنو سليم [وقوله]وهؤلاء النسوة الأبكار كل واحدة منهن تسمى عاتكه الخ. [سيرت محمديه، ص: ۳۲، الطبقات الكبرى لابن سعد ذكر من أرضع رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم وتسميته اخوته وأخواته من الرضاعة ۲/ ۷۸، ۹۳، مكتبه دار الكتب العلمية بيروت، البداية والنهاية لابن الفداء الحافظ ابن كثير ذكر حواضنه ومراضعه عليه الصلاة والسلام، ۲/ ۲۷۲، ۲۷۹، دار الفكر] فقط واللّٰه سبحانه وتعالىٰ اعلم۔(فتاوى قاسميه، ج: ۲، ص: ۳٤٤، ۳٤٥، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

نماز جمعہ وخطبہ، اذان کی ابتداء اور حضور ﷺ کے والدہ ماجدہ اور والد کی تاریخ وفات ومواضع وفات

﴿سوال﴾:

(۱) رسول اللہ ﷺ نے سب سے پہلے خطبہ جمعہ کب (کس تاریخ کو) اور کہاں (کس مسجد میں) فرمایا۔ (۲) سب سے پہلے جمعہ کی نماز کب (کس تاریخ) اور کس مسجد میں پڑھی گئی۔ (۳) نماز سے قبل اذان کا رواج کس تاریخ سے ہوا سب سے پہلی اذان کس نے کونسی مسجد میں دی۔ (۴) آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ کا مزار مبارک کس مقام پر ہے اور وفات کس سن کو ہوئی۔ (۵) آپ ﷺ کے والد ماجد کا مزار کس جگہ پر ہے اور وفات کس سن کو ہوئی؟

﴿الجواب﴾:

(۲،۱) پیغمبر علیہ السلام جمعہ کے دن قبا سے مدینہ منورہ تشریف لائے۔ اور اسی دن بنی سالم بن عمرو بن عوف میں نماز جمعہ اور خطبہ پڑھا۔ جس سے پہلے پیغمبر علیہ السلام نے خطبہ اور جمعہ نہیں پڑھا ہے۔ (البداية والنهاية ص ۲۱۲، ۲۱۳ جلد ۳)(۴۹)۔

(۳) بذل اور فتح الباری میں لکھا ہے کہ صحیح قول یہ ہے کہ اذان مدینہ میں ہجرت کے

---

(۴۹):في البداية: ولما ارتحل عليه السلام من قباء وهو راكب ناقته القصواء وذلك يوم الجمعة أدركه وقت الزوال وهو في دار بني سالم بن عوف، فصلى بالمسلمين الجمعة هنالك. الخ.

قال ابن جرير: حدثني يونس بن عبدالاعلى أخبرنا ابن وهب عن سعيد بن عبدالرحمٰن الجمحي أنه بلغه عن خطبة النبي ﷺ في أول جمعة صلاها بالمدينة في بني سالم بن عمرو بن عوف رضي الله تعالىٰ عنهم. الخ. (البداية والنهاية، ج: ۳، ص: ۲۱۲، ۲۱۳، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

بعد ۱ھ میں مقرر ہوئی جس وقت کہ مسجد بنائی گئی (۵۰)۔ پہلی اذان حضرات بلال رضی اللہ عنہ نے پڑھی مسجد سے خارج حصہ میں (۵۱)۔ (هكذا في الروايات الحديثية)

---

(۵۰):في البذل: باب بدء الأذان: أي ابتداؤه، واختلفت الروايات في أن الأذان متى شرع ابتداء، فانها وردت أحاديث تدل على أن الأذان شرع بمكة قبل الهجرة، ففي بعضها أن جبرئيلؑ أمر النبيﷺ بالأذان حين فرضت الصلاة، وفي بعضها أنهﷺ علم الأذان ليلة الاسراء، ولكن قال الحافظ ابن حجر: والحق أنه لايصح شيء من هذه الأحاديث، وقد جزم ابن المنذر بأنهﷺ كان يصلي بغير أذان منذ فرضت الصلاة بمكة الى أن هاجر الى المدينة..الخ.

وفي حاشية البذل: والراجح أنه شرع في المدينة سنة اهـ عند الجمهور، وقيل سنة ۲هـ كما بسط في الأوجز: (۵/۲). (بذل المجهود في حل سنن أبي داؤد، كتاب الصلاة،باب بدء الأذان، ج: ۳، ص: ۲۳۷، ط، دار البشائر الاسلامية بيروت لبنان/ فتح الباري، كتاب أبواب الأذان، ج: ۲، ص: ۹٤)

(۵۱):عن عبدالله بن عمرؓ، أنه قال: كان المسلمون حين قدموا المدينة يجتمعون، فيتحينون الصلوات، وليس ينادى بها أحد، فتكلموا يوما في ذلك، فقال بعضهم: اتخذوا ناقوسا مثل ناقوس النصارىٰ، وقال بعضهم: قرنا مثل قرن اليهود، فقال عمرؓ: أولا تبعثون رجلا ينادي بالصلاة؟ قال رسول اللهﷺ: يابلال! قم، فناد بالصلاة. (كتاب الصلاة، باب بدء الأذان، ص: ۱٦۱، رقم: ۸۳۷، ط، دار السلام رياض)

عن أبي عمير بن أنس، عن عمومة له من الأنصار قال: اهتم النبيﷺ للصلاة كيف يجمع الناس لها، فقيل له: انصب راية عند حضور الصلاة، فاذا رأوها آذن بعضهم بعضا، فلم يعجبه ذلك. قال: فذكر له القنع- يعني الشبور- وقال زياد: شبور اليهود، فلم يعجبه ذلك وقال: هو من أمر اليهود. قال: فذكر له الناقوس، فقال: هو من أمر النصارى. فانصرف عبدالله بن زيد بن عبد ربه وهو مهتم لهم رسول اللهﷺ، فأرى الأذان في منامه. قال: فغدا على رسول اللهﷺ فأخبره

(۴) والدہ صاحبہ کا مزار مکہ اور مدینہ کے درمیان مقام ابواء میں ہے اور ان کی وفات ہجرت سے سینتالیس (۴۷) سال پہلی ہوئی۔ (البداية والنهاية ص ۲۷۹ جلد ۲) (۵۲)۔

(۵) شام سے واپسی کے وقت مدینہ منورہ میں وفات ہوئے۔ اور دار النابغہ میں دفن ہوئے۔ ہجرت سے ترپن [۵۳] سال پہلے (۵۳)۔ (البداية والنهاية ص ۲۶۳ جلد ۲) وهو الموفق (فتاوى فريديه، ج: ۱، ص: ۴۵۷)

❁❁❁

فقال: يارسول اللّٰه! انى لبين نائم ويقظان اذ أتانى آت فأرانى الأذان. قال: وكان عمر بن الخطاب قد رآه قبل ذلك، فكتمه عشرين يوماً. قال: ثم أخبر النبى ﷺ فقال له: ما منعك أن تخبرنى؟ فقال: سبقنى عبداللّٰه بن زيد فاستحييت، فقال رسول اللّٰه ﷺ: يابلال! قم فانظر ما يأمرك به عبداللّٰه بن زيد فافعله. قال: فأذن بلال. قال أبو بشر: فأخبرنى أبو عمير، أن الأنصار تزعم أن عبداللّٰه بن زيد لولا أنه كان يومئذ مريضا لجعله رسول اللّٰه ﷺ مؤذنا. (سنن أبى داؤد، كتاب الصلاة، باب بدء الأذان، ص: ۸۲، رقم: ۴۹۸، ط، دار السلام رياض)

(۵۲): فى البداية: قال ابن اسحاق: حدثنى عبداللّٰه بن أبى بكر بن محمد بن عمرو بن حزم أن أم رسول اللّٰه ﷺ آمنة توفيت وهو ابن ست سنين بالابواء بين مكة والمدينة. (البداية والنهاية، ج: ۲، ص: ۲۷۹، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

(۵۳): فى البداية: وعبداللّٰه ابن عبدالمطلب يومئذ مريض، فقال أتخلف عند أخوالى بنى عدى بن النجار، فأقام عندهم مريضاً شهراً ومضى أصحابه فقدموا مكة فسألهم عبدالمطلب عن ابنه عبداللّٰه فقالوا خلفناه عند أخواله بنى عدى بن النجار وهو مريض، فبعث اليه عبدالمطلب أكبر ولده الحارث. فوجده قد توفى ودفن فى دار النابغة فرجع الى ابيه فاخبره، فوجد عليه عبدالمطلب واخوته وأخواته وجداً شديداً، ورسول اللّٰه ﷺ يومئذ حمل. ولعبداللّٰه بن عبدالمطلب يوم توفى

آپ ﷺ کا ختنہ ہوا تھا یا نہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضور ﷺ کا ختنہ ہوا یا نہیں؟ ہوا تو ان کا ختنہ کس نے کیا، کیوں کہ جب آپ ﷺ چھوٹے تھے، اس وقت آپ ﷺ کے خاندان والے کافر تھے۔ اور اگر نہیں ہوا تو امت پر سنت کیوں ہے؟ اور اگر آپ ﷺ نے خود کیا تو قرآن وحدیث کی روشنی میں سمجھائیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

صحیح اور راجح قول یہ ہے کہ حضور ﷺ کا ختنہ ہوا، آپ ﷺ کے جدامجد حضرت عبدالمطلب نے ولادت کے ساتویں روز آپ ﷺ کا ختنہ کرایا، جیسا کہ عرب میں دستور تھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی سنت کے مطابق مولود کا ساتویں روز ختنہ کراتے تھے، جس کی اتباع کا اس امت کو حکم دیا گیا ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ قدیم ۱۵/۱۵۳، جدید ڈابھیل ۴/۴۷۸، و۱۱/۶۱، الرحیق المختوم ۱/۸۳، سیرۃ مصطفیٰ ۱/۶۷)

وقال بعض المحققين من الحفاظ: الأشبه بالصواب أنه لم يولد مختونا، (شامی، كتاب الخنثى، مسائل شتى، زكريا ١٠/٤٨٢، كراچى ٦/٧٥٢)

قد اختلف فيه على ثلاثة اقوال: أحدها: أنه ولد مختونا مسرورا، ويروى فى ذلك حديث لا يصح، ذكره أبو الفرج ابن الجوزى فى الموضوعات، وليس فيه حديث

خمس وعشرون سنة. (البداية والنهاية، ج: ٢، ص: ٢٦٣، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

ثابت، وليس هذا من خواصه، فان كثيراً من الناس يولد مختونا–الى ان قال–عن ابن عباسؓ أن عبدالمطلب ختن النبى ﷺ يوم سابعة، وجعل له مادوبة وسماه محمدا. (زاد المعاد ۱/۸۱، كذافى الخصاص الكبرى ۱/۵۳، البداية والنهاية، دارالكفر ۲/۲۶۵) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم (فتاوى قاسميه، ج: ۲، ص: ۹۶، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند/خير الفتاوى، ج: ۱، ص: ۳۲۷، ط، مكتبه امداديه ملتان/فتاوى فريديه، ج: ۱، ص: ۴۶۹/نجم الفتاوى، ج: ۱، ص: ۲۵۳)

❁❁❁

انبیاء علیہم السلام کے ختنے کی صورت

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ عام طور پر مشہور ہے کہ سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ختنہ کیا۔ سوال یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے انبیاء ختنہ کراتے تھے یا نہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلياً﴾:

حضرت ابراہیم علیہ السلام سے پہلے انبیاء علیہم السلام پیدائشی طور پر مختون پیدا کئے۔

لما فى روح البيان (۱/۲۲۳): وقد ولد الانبياء كلهم مختونين مسرورين اى مقطوعى السرة كرامة لهم الا ابراهيم خليل الله فانه ختن نفسه ببلدة قدوم بالتخفيف و التشديد وهو ابن مائة وعشرين.... اوثمانين ليستن بسنة بعده.

وفی المرقات (۲/۷): الختان بخاء معجمة وتاء فوقها نقطتان وهی من سنة الانبياء كما سبق من لدن ابراهيم عليه الصلوة والسلام الى زمن نبينا محمد ﷺ وروى ان آدم وشيثا ونوحا وهودا وصالحا ولوظ وشعيبا ويوسف وموسىٰ..... ولدوا مختونين. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲٤٥، ۲٤٦)

❁❁❁

رسول اللہ ﷺ کو نبوت کب ملی؟

﴿سوال﴾:

رسول ﷺ کو نبوت کب ملی ہے؟

﴿الجواب﴾:

چالیس برس کے بعد نبوت ملی ہے(۵۴)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج:۱۸،ص:۲۲۸، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

(۵۴):عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما قال: أنزل على رسول اللّٰہ ﷺ وهو أربعين فمكث بمكة ثلاث عشرة سنة. ثم أمر بالهجرة الى المدينة فمكث بها عشر سنين، ثم توفی ﷺ. (صحيح البخاری، كتاب مناقب الأنصار، باب مبعث النبی ﷺ، ص: ۷۸۷، رقم: ۳۸۵۱، ط، دار السلام رياض)

فخر عالم ﷺ کے افضل الانبیاء ہونے کا عقیدہ اور اس کے منکر کا حکم

﴿سوال﴾:

فخر عالم سرور کائنات ﷺ کے کل انبیاء سے افضل ہونے کا مسئلہ اصول دین میں سے ہے یا فروع میں سے؟

(۲) اصول دین وفروع دین کی تعریف - اگر کوئی مسلمان سرور کائنات ﷺ کو افضل الرسل نہ مانے تو اس کی نسبت کیا حکم ہے مذہب اسلام میں کوئی فرقہ ایسا ہے جو سرور کائنات کو افضل الرسل نہ جانتا ہو۔

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کا افضل الانبیاء ہونا مجمع علیہ اہل اسلام ہے(۵۵) اور یہ مسئلہ

---

(۵۵): فی الجامع لاحکام القرآن: وقد أشار ابن عباس الی هذا، فقال: ان اللّٰه فضل محمداً [ﷺ]علی الأنبیاء وعلی اهل السماء، فقالوا: بم یا ابن عباس فضله علی اهل السماء؟ فقال: ان اللّٰه تعالی قال: ﴿ومن یقل منهم انی اله من دونه فذٰلک نجزیه جهنم کذلک نجزی الظالمین﴾ [الأنبیاء: ۲۹]. وقال لمحمدﷺ: ﴿انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفرلک اللّٰه ما تقدم من ذنبک وما تأخر﴾ [الفتح: ۱/۲]. وقالوا: فما فضله علی الأنبیاء؟ قال: قال اللّٰه تعالی: ﴿وما أرسلنا من رسول الا بلسان قومه لیبین لهم﴾ [ابراهیم: ۴]، وقال اللّٰه عز وجل لمحمدﷺ: ﴿ومآ ارسلنک الا کافة للناس﴾ [سبأ: ۲۸]، فأرسل الی الجن والانس، ذکره أبو محمد الدارمی فی مسنده.وقال العلامة عبداللّٰه الترکی فی حاشیته: وأخرجه أیضاً الطبرانی فی الکبیر (۱۱۶۱۰)، وقال الهیثمی فی المجمع ۸/ ۲۵۵: رجاله رجال الصحیح غیر الحکم بن أبان، وهو ثقة. (الجامع لاحکام القرآن، سورة البقرة، الآیة: ۲۵۳، ج: ٤، ص: ۲۵۵، ۲۵٦، ط، مؤسسة الرسالة)

وفی شرح العقائد: وأفضل الأنبیاء محمدﷺ. (شرح العقائد النسفیة، بحث

اصول دین میں سے یعنی اعتقادیات میں سے۔

قال التفتازانی رحمه الله علیه اجمع المسلمون علی ان افضل الرسل محمد ﷺ.

قال اهل التفسیر اراد یقوله تعالیٰ ورفع بعضهم فوق بعض درجات محمدا ﷺ ای رفع الله النبی ﷺ علی سائر الانبیاء علیهم السلام شرح شفاء-والمعتقد المعتمد ان افضل الخلق نبینا ﷺ-شرح فقه اکبر (۵۶)-والله اعلم

(۲) جو شخص آنحضرت ﷺ کو افضل انبیاء نہ جانے وہ ضال ومبتدع ہے مذہب اسلام میں کوئی فرقہ ایسا نہیں جو آنحضرت ﷺ کو افضل الانبیاء نہ جانتا ہو۔ (عزیز الفتاوی، ص: ۸۷، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

دیگر انبیاء علیہم السلام پر حضور ﷺ کی فضیلت کی وجہ

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کبھی کبھی میرے ذہن میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ اس کا جواب عنایت فرمائیں اور وہ یہ ہے کہ حضور ﷺ کو جو دوسرے انبیاء پر فضیلت حاصل ہے اس کی کیا وجہ

نبینا محمد ﷺ أفضل الأنبیاء، ص: ۳۲۹، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

(وکذا فی النبراس شرح شرح العقائد، وافضل الانبیاء محمد ﷺ، ص: ۲۸۶)

(وکذا فی النکت والفوائد علی شرح العقائد، افضل الانبیاء سیدنا محمد ﷺ، ص: ۵۷۹، ط، المکتبة العصریة بیروت لبنان)

(۵۶): (شرح الفقه الأکبر، مسئلة فی تفضیل بعض الانبیاء علی بعض، ص: ۱۰۲، ط، دار الکتب العربیة الکبری مصر)

ہے؟ واضح جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

صورت مسئولہ میں حضور ﷺ کی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تمام انبیاء پر فضیلت دی ہے لہٰذا ہم اسی کو ماننے کے پابند ہیں۔ رہی یہ بات کہ ایسا کیوں ہوا تو یہ ان امور میں سے ہے جن میں اللہ تعالیٰ جیسے چاہتے ہیں کرتے ہیں، اس میں مخلوق کو ''کیوں'' کے سوال کا حق نہیں ہے۔

لقوله تعالیٰ (البقرة: ۲۵۳): تلک الرسل فضلنا بعضهم علی بعض منهم من کلم الله ورفع بعضهم درجات الایة.

(الاسراء: ۱): سبحن الذی اسری بعبده لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصی الذی بارکنا حوله لنریه من آیاتنا انه هو السمیع البصیر.

وفی المشکوة (ص ۵۱۱) عن ابی هریرة قال رسول الله ﷺ انا سید ولد آدم یوم القیمة واول من ینشق عنه القبر واول شافع مشفع.

وعن انس قال قال رسول الله ﷺ انا اکثر الانبیاء تبعا یوم القیمة وانا اول من یقرع باب الجنة. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵۲)

آپ ﷺ کی بعثت جنات کیلئے بھی تھی

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ نبی کریم ﷺ صرف انسانوں کیلئے مبعوث ہوئے تھے یا انسان وجن دونوں کیلئے؟ نیز مؤمنین جنات کا کیا حکم ہے کیا وہ مسلمان انسانوں کی طرح جنت میں جائیں گے یا نہیں؟ قرآن وسنت کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

صورت مسئولہ میں اللہ تعالیٰ نے رحمۃ للعالمین ﷺ کو تمام مخلوقات (بشمول جن وانس) کیلئے رسول بنا کر بھیجا، اس پر تمام امت کا اجماع ہے، یہی وجہ ہے کہ آپ ﷺ کی دوسرے انبیاء پر فضیلت کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی بعث جن وانس دونوں کی طرف فرمائی۔ نیز مؤمنین جنات کے جنت میں داخل ہونے کے بارے میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہؒ سے توقف کا قول نقل کیا گیا ہے لیکن صاحبینؒ اور دیگر مجتہدین واکابرین احناف نے مؤمنین جنات کے جنت میں داخل ہونے کی صراحت کی ہے، اور یہی قول صحیح ہے۔

لما فی قولہ تعالی (سورۃ السباء: ۲۸): وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا ولکن اکثر الناس لا یعلمون:

وفیہ ایضا (سورۃ الانبیاء: ۱۰۷): وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین:

وایضا (سورۃ الاحقاف: ۱۸) اولئک الذین حق علیہم القول فی امم قد خلت من قبلہم من الجن والانس

انهم كانوا خاسرين ولكل درجات مما عملوا وليوفيهم اعمالهم وهم لا يظلمون.

وفي التفسير المظهري (۱۰/۸۲): قال البغوي في تفسير سورة الاحقاف انه قال ابن عباسؓ فاستجاب لهم اى نفر من الجن بعد ما استمعوا القرآن من النبيﷺ بنخلة ورجعوا الى قومهم منذرين من قومهم سبعين رجلا من الجن فرجعوا الى رسول اللهﷺ فوافقوه في البطحاء فقرأ عليهم القرآن وامرهم ونهاهم وذكر الخفاجي انه قد دلت الاحاديث على ان وفادة الجن كانت ستة مرات وهذا يدل على انهﷺ كان مبعوثا الى الجن والانس جميعا وقال مقاتل لم يبعث قبله نبي الى الانس والجن.

وفيه ايضاً (۱۰/۹۰): والصحيح عندي ما قاله الجمهور وبه قال ابو يوسف ومحمدؒ قال من اثبت الثواب فقوله مبني على دليل وشهادة على الاثبات فيقبل بخلاف قول ابي حنيفة رحمه الله فانه متوقف بناء على عدم بدليل ولا شك ان قول ابن عباس واقوال ابن عباس واقوال عمر بن عبدالعزيز ونحوه من ثقات الصحابة والتابعين لها حكم الرفع وقد اخرج البيهقي عن انس عن النبيﷺ مرفوعا ان مؤمنين الجن لهم ثواب وعليهم عقاب فسألنا عن ثوابهم وعن مؤمنهم فقال على الاعراف وليسوا في الجنة فسالنا وما الاعراف قال خارج الجنة تجري فيه الانهار وتنبت فيه الاشجار والاثمار. والله سبحانه اعلم بالصواب.

وفی کنزالعمال (۱۱/۴۴۵): بعثت الی الاحمرو الاسود.

وفی فتاوی الحدیثیة (۱/۲۶): ورسالة نبینا ﷺ الیهم قطعیة فقد اجمع علیها المسلمون وقد استمعوا قراءة النبی ﷺ ببطن نخلة وکانوا تسعة کما صح عن ابن مسعود رضی اللّٰه تعالیٰ عنه آذنته بهم شجرة وکانوا یهوداً وجاء عن عکرمة انهم کانوا اثنی عشر الفاً ای فی واقعة اخری....

وفیه ایضاً (۱/۷۰): واعلم ان العلماء اتفقوا ان کانو هم یعذب فی الاخرة وعن ابی حنیفة وابی الزناد ولیث بن ابی سلیم ان مؤمنهم لا ثواب لهم الاالنجاة من النار لهم کونوا تراباً مثل البهائم والصحیح الذی قاله ابن ابی لیلی والاوزاعی والشافعی واحمد واصحابهم رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم انهم یثابون علی طاعاتهم ونقل عن ابی حنیفة واصحابه رضی اللّٰه تعالیٰ عنه انهم یدخلون الجنة ونقله ابن الحزم عن الجمهور واستدلوا یقوله تعالیٰ ولکل درجات مما عملوا فانه ذکر فی الجن والانس. فقط(نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵۱)

حضور ﷺ افضل ہیں یا مسجد افضل ہے؟

﴿سوال﴾:

نبی کریم ﷺ کا مرتبہ اور فضلیت زیادہ ہے یا مسجد شریف کی فضلیت اور مرتبہ زیادہ ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

حضور ﷺ کو مسجد پر فضلیت حاصل ہے قرآن کریم میں ہے:"ولقد کرمنا بنی آدم"(۵۷)اور احادیث سے بھی یہ ہی مستفاد ہوتا (۵۸)ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب(فتاوی دارالعلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۲۱۶، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

---

(۵۷):(سورة الاسراء: ۷۰)

(۵۸): عن أبی هريرةؓ، قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: المؤمن أكرم على اللّٰہ من بعض ملائكته. وفی المرقات تحت هذا الحديث: قال محيی السنة [رحمه اللّٰہ] فی تفسير قوله تعالى: ﴿ولقد كرمنا بنی آدم﴾ [الاسراء: ۷۰]. الأولى أن يقال: عوام المؤمنين أفضل من عوام الملائكته، وخواص المؤمنين أفضل من خواص الملائكته. قال تعالى: ﴿ان الذين آمنوا وعملوا الصالحات أولئک هم خير البرية﴾ [البينة: ۷]. ويستدل به أهل السنة فی تفضيل الأنبياء على الملائكة. اهـ. ولايخفى أن المراد بخواص المؤمنين الرسل والأنبياء، وبخواص الملائكة نحو جبريل وميكائيل واسرافيل، وبعوام المؤمنين الكمل من الأولياء كالخلفاء وسائر العلماء، وبعوام الملائكة سائرهم. وهذا التفصيل أولى من اجمال بعضهم. وفی قوله: ان البشر أفضل من الملک. بمعنى: ان هذا الجنس لما وجد فيهم الكمل من الرسل أو الأكمل، أفضل من هذا الجنس لعدم وجودهم فيهم فتأمل. (رواه ابن ماجه) قلت: وحديث: المؤمن أعظم حرمة من الكعبة، فی ابن ماجة بسند عن ابن عمرؓ: ان

قرآن پاک افضل ہے یا آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام

﴿سوال﴾:

قرآن پاک افضل ہے یا حضور ﷺ؟

﴿الجواب﴾:

یہ مسئلہ مختلف فیہ ہے لہٰذا کسی ایک جانب کو ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ مع ہذا ضروریاتِ دین میں سے بھی نہیں۔ اس لئے فقہاء نے اس میں توقف کا حکم فرمایا ہے۔

النبی ﷺ قال: ونظر الی الکعبة، لحرمة المؤمن أعظم عندالله حرمة منک. وهو بعض حدیث طویل. (مرقات المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ج: ۱۰، ص: ۴۱۲، ط، رقم: ۵۷۳۳، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی الجامع لاحکام القرآن: وقد أشار ابن عباسؓ الی هذا، فقال: ان الله فضل محمداً [ﷺ]علی الأنبیاء وعلی اهل السماء، فقالوا: بم یا ابن عباس فضله علی اهل السماء؟ فقال: ان الله تعالی قال: ﴿ومن یقل منهم انی اله من دونه فذٰلک نجزیه جهنم کذلک نجزی الظالمین﴾ [الأنبیاء: ۲۹]. وقال لمحمد ﷺ: ﴿انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفرلک الله ما تقدم من ذنبک وما تأخر﴾ [الفتح: ۱/۲]. وقالوا: فما فضله علی الأنبیاء؟ قال: قال الله تعالی: ﴿وما أرسلنا من رسول الا بلسان قومه لیبین لهم﴾ [ابراهیم: ۴]، وقال الله عز وجل لمحمد ﷺ: ﴿ومآ ارسلنک الا کافة للناس﴾ [سبأ: ۲۸]، فأرسل الی الجن والانس، ذکره أبو محمد الدارمی فی مسنده. وقال العلامة عبدالله الترکی فی حاشیته: وأخرجه أیضاً الطبرانی فی الکبیر (۱۱۶۱۰)، وقال الهیثمی فی المجمع ۸/ ۲۵۵: رجاله رجال الصحیح غیر الحکم بن أبان، وهو ثقة. (الجامع لاحکام القرآن، سورة البقرة، الآیة: ۲۵۳، ج: ۴، ص: ۲۵۵، ۲۵۶، ط، مؤسسة الرسالة)

وعنه عليه السلام القرآن احب الى الله تعالىٰ من السمٰوٰت السبع والارض ومن فيهن (درمختار) قوله ومن فيهن ظاهره يعم النبى عليه السلام والمسئلة ذات خلاف والاحوط الوقف(شامى ج ١ ص ٦٥) (۵۹)فقط والله اعلم. (خير الفتاوى، ج: ١، ص: ٣٢٨، ط، مكتبه امداديه ملتان/كفاية المفتى، ج: ١، ص: ١٢٥، ط، دار الاشاعت كراچى)

❁❁❁

کیا آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام قاسم رزق اللہ بھی تھا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ زید کہتا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک نام مبارک قاسم رزق اللہ ہے کیا یہ صحیح ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قاسم ہیں، جواب سے مستفیض فرمائیں نوازش ہوگی۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

جہاں آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ۱۹۹ اسماء مبارکہ ہیں وہیں ایک نام مبارک قاسم بھی ہے، اور بخاری شریف میں آیا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ رزق اللہ میں تقسیم کرتا ہوں۔

قال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: انما أنا قاسم وخازن والله يعطى. [بخارى شريف، كتاب الجهاد، باب

---

(۵۹): (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الطهارة، قبيل باب المياة، ج: ١، ص: ٣٢٢، ط، دار عالم الكتب رياض)

قول اللّٰہ تعالیٰ: فان للّٰہ خمسه وللرسول۔ الانفال: ٤، ج١/ ٤٣٩، رقم: ٣١١٤]

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: من یرد اللّٰہ به خیراً یفقهه فی الدین وانما أنا قاسم واللّٰہ یعطی. [بخاری شریف، کتاب العلم، باب من یرد اللّٰہ به خیراً یفقهه فی الدین۔ النسخة الهندیة ١/ ١٦، رقم: ٧٠]

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: انما أنا خازن فمن أعطیته عن طیب نفس فیبارک له فیه. [مسلم شریف، کتاب الزکوٰة، باب النهی عن المسألة، النسخة الهندیة ١/ ٣٣٣، بیت الافکار، رقم: ١٠٣٧]

وفی روایة انما بعثت قاسماً أقسم بینکم. [مسلم شریف، کتاب الآداب، باب النهی عن التکنی بأبی القاسم الخ، النسخة الهندیة ٢/ ٢٠٦، بیت الافکار، رقم: ٢١٣٣، مسند البزار، مکتبه العلوم والحکم ١٤/ ١٧٤، رقم: ٧٧١٧] فقط واللّٰہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ٢، ص: ٣٤٣، ٣٤٤، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند الهند)

❁❁❁

''رحمۃ اللہ للعالمین'' حضور ﷺ کی صفت خاصہ ہے

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: لفظ ''رحمۃ اللہ للعالمین'' رسول کریم ﷺ کی صفت خاصہ ہے، حضور ﷺ کے علاوہ دیگر

بزرگوں کو رحمۃ للہ للعالمین کہہ سکتے ہیں یا نہیں؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

قرآن پاک میں خاص طور پر نبی اکرم علیہ السلام کے لئے ''رحمۃ للعالمین'' کا لقب استعمال ہوا ہے، اس لئے اس کے سب سے اعلیٰ مصداق رسول اللہ ﷺ ہی ہیں، لہٰذا کسی دوسرے نبی یا بزرگ کے لئے بلا تاویل ''رحمۃ اللہ للعالمین'' کے الفاظ استعمال کرنا صحیح نہیں ہے۔

﴿وَمَا اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ﴾[الانبیاء: ۱۰۷]

قال سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما قال: کان محمد ﷺ رحمة لجمیع الناس فمن آمن به وصدّق به سعد، ومن لم یؤمن به سلم مما لحق الأمم من الخسف والغرق. وقال ابن زید: أراد بالعالمین المؤمنین خاصة. (الجامع لأحکام القرآن الکریم للقرطبی ۲۵۵/۶) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم(کتاب النوازل، ج: ۱، ص: ۲۷۶، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مراد آباد الهند/فتاوی رشیدیه، ص: ۲۴۴، ط، دار الاشاعت کراچی/ فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج: ۱، ص: ۲۱۹، ط، حجة الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

رحمۃ للعالمین اور بددُعا

﴿سوال﴾:

روزنامہ ''جنگ'' کے اسلامی صفحے پر ایک مضمون نگار لکھتے ہیں کہ: ''بئر معونہ میں دھوکے سے شہید کئے جانے والے ۷۰ معلم تمام اصحاب صفہ تھے، ان کی جدائی کا

حضور ﷺ کو اس درجہ صدمہ ہوا کہ آپ متواتر ایک مہینے تک نماز فجر میں ان کے قاتلوں کے حق میں بددعا فرماتے رہے"۔

یہ تو وہ الفاظ ہیں جنھیں میں نے لفظ بہ لفظ آپ کے اخبار سے اتار دیا ہے۔ آپ کے اور ہم سب کے علم میں یہ بات تو ہے کہ حضور ﷺ جنہیں اللہ تعالیٰ نے خاتم النبیّن اور رحمۃ للعالمین جیسے القاب سے قرآن کریم میں مخاطب کیا ہے، وہ کبھی کسی کے حق میں بددعا کے لئے ہاتھ اٹھا سکتے ہیں؟ کیا یہ بات کوئی ذی شعور باور کر سکتا ہے؟

میں سعودیہ گرلز کالج کی بی اے کی طالبہ ہوں، میری نظروں سے بھی مختلف اسلامی کتابیں گزری ہیں، میرا ذہن اس بات کو قبول نہیں کر سکتا، اور جو بات غلط ہو، اسے کسی کا ذہن قبول کر ہی نہیں سکتا کہ آنحضرت کبھی کس کے حق میں بددعا فرمائیں؟ آپ کے ساتھ لوگوں نے کیا کیا سلوک نہ کیا، آپ جس راستے سے گزرتے لوگ آپ پر غلاظت پھینکتے اور آپ کو طائف کی گلیوں میں گھسیٹتے، ایک دفعہ تو لوگوں نے یہاں تک کیا کہ آپ پر اتنے پتھر برسائے کہ آپ لہولہان ہو گئے اور آپ کے پاؤں مبارک جوتوں میں خون کے بھر جانے سے چپک گئے۔ جب بھی آپ نے بدبختوں کے حق میں بددعا نہ کی، بلکہ جب بھی لوگ آپ کو تکلیف پہنچاتے، آپ فرماتے: "اے اللہ انہیں نیک راہ دکھا اور بتا کہ میں کون ہوں۔"

ایک طرف تو شاہ صاحب لکھتے ہیں کہ ۷۰ معلموں کو دھوکے سے شہید کیا گیا اور آگے کہتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان قاتلوں کے حق میں بددعا فرمائی۔ کیا ان کو یہ معلوم نہیں کہ جو لوگ شہید ہوتے ہیں وہ کبھی مرتے نہیں بلکہ زندہ جاوید ہو جاتے ہیں، تو جن کو شہادت کا درجہ ملا ہو ان کے قاتل تو خود بخود دوزخ کی آگ میں پھینکے جائیں گے، ان کے لئے بددعا کی کیا ضروری؟ اور وہ بھی رحمۃ للعالمین نے فجر کی نماز میں ایک مہینے تک کی۔ کیا شاہ صاحب نے (نعوذ باللہ) حضور کو نماز فجر کے بعد مسلسل ایک مہینے تک بددعا کرتے دیکھا، یا کسی کتاب سے پڑھا؟ کون سی حدیث ان کی نظروں سے گزری؟ ذرا حوالہ تو دیں کہ میں خود بھی پڑھوں، میرا بھی مضمون اسلامیات ہے، میں نے کبھی ایسا نہیں پڑھا۔

﴿جواب﴾:

بئر معونہ میں ستر قراء کی شہادت کا واقعہ حدیث وتاریخ اور سیرت کی تمام کتابوں میں موجود ہے، اور آنحضرت ﷺ کا ایک مہینے تک فجر کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھنا اور ان کافروں پر جنھوں نے ان حضرات کو دھوکے سے شہید کیا تھا، بددعا کرنا صحیح بخاری، صحیح مسلم، ابوداؤد، نسائی اور حدیث کی دوسری کتابوں میں موجود ہے(۶۰)۔ اس لئے آپ کا انکار کرنا غلط ہے۔ رہا آپ کا یہ شبہ کہ آنحضرت ﷺ تو رحمۃ للعالمین تھے، آپ کیسے بددعا کر سکتے تھے؟ آپ کا خیال بھی سطحی قیاس کی پیداوار ہے، کیا موذیوں کو قتل کرنا، ان کو سزا دینا اور ان کو سرزنش کرنا رحمت نہیں؟ کیا رحمۃ للعالمین ﷺ کے رحیم وشفق قلب مبارک کو ان مظلوم شہداء کی مظلومانہ شہادت پر صدمہ نہیں پہنچا ہوگا؟ آپ ماشاء اللہ بی اے کی طالبہ ہیں، آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ چوروں، ڈاکوؤں، غنڈوں اور بدمعاشوں پر سختی کرنا عین رحمت ہے، اور ان پر ترس کھانا خلاف رحمت ہے، شیخ سعدیؒ کے بقول:

نیکوئی بابداں کردن چناں است
کہ بدکردن بجائے نیک مرداں

اور آپ کا یہ کہنا بھی عجیب ہے کہ شہداء کے قاتل خود ہی دوزخ میں جائیں گے، ان

---

(۶۰):عن أنس بن مالک رضی اللّٰہ عنہ: أن رعلاً وذکوان وعصیة وبنی لحیان استمدوا رسول اللّٰہ ﷺ علی عدو فامدھم بسبعین من الأنصار کنا نسمیھم القراء فی زمانھم، کانوا یحتطبون بالنھار، ویصلون باللیل، حتی کانوا ببئر معونة قتلوھم وغدروا بھم. فبلغ النبی ﷺ ذلک فقنت شھرا یدعو فی الصبح علی أحیاء من أحیاء العرب، علی رعل وذکوان وعصیة وبنی لحیان. قال أنس: فقرأنا فیھم قرآنا ثم ان ذٰلک رفع: بلغوا عنا قومنا أنا قد لقینا ربنا فرضی عنا وأرضانا. (صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوة الرجیع، ورعل، وذکوان الخ، ص: ۸٤۲، رقم: ٤۰۹۰، ط، دار السلام ریاض)

کے لئے بددعا کی کیا ضرورت ہے؟ اس کے معنی تو یہ ہیں کہ قاتل کے خلاف کسی عدالت میں استغاثہ نہ کیا جائے، کیونکہ وہ بقول آپ کے خود ہی کیفرِ کردار کو پہنچے گا اور اگر آپ کے نزدیک کسی قاتل کے خلاف عدالت میں استغاثہ جائز اور یہ خلاف رحمت نہیں، تو آپ آنحضرت ﷺ اگر بارگاہ الٰہی میں ان قاتلوں کے خلاف استغاثہ فرماتے ہیں تو یہ آپ کو کیوں غلط نظر آتا ہے؟ شہید بلاشبہ جنت میں زندہ ہیں اور مراتب عالیہ پر فائز ہیں، مگر اس کے یہ معنی تو نہیں کہ کسی شہید کی مظلومانہ شہادت پر ہمیں رنج وصدمہ بھی نہیں ہونا چاہئے۔ اس واقعے کا تو آپ اپنی ناواقفی کی وجہ سے انکار کر رہی ہیں۔ لیکن اس کا کیا کیا جائے گا کہ قرآن کریم میں حضرت نوح علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور دیگر بعض انبیائے کرام علیہم السلام کی بددعائیں نقل کی گئی ہیں (۶۱)۔ تمام انبیائے کرام علیہم السلام سراپا رحمت ہوتے ہیں، اس کے باوجود کافروں، بے ایمانوں اور موذیوں کے خلاف بارگاہ الٰہی میں استغاثہ کرتے ہیں۔ آپ نے طائف کا واقعہ ذکر کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر پتھر برسائے گئے مگر آپ ﷺ نے بددعا نہ فرمائی (۶۲)۔ آپ نے شاید حضرت ام

---

(۶۱):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: قال نوح رب لاتذر علی الارض من الکافرین دیارا. (نوح: ۲۶)

وقال تعالیٰ: ربنا اطمس علی اموالھم واشدد علی قلوبھم فلایومنوا حتی یروا العذاب الالیم. (سورۃ یونس: ۸۸)

(۶۲):فی البدایۃ: قال ابن اسحاق: فلما ھلک أبو طالب نالت قریش من رسول اللّٰہ ﷺ من الاذی مالم تکن نالتہ منہ فی حیاۃ عمہ أبی طالب، فخرج رسول اللّٰہ ﷺ الی الطائف تلتمس من ثقیف النصرۃ والمنعۃ بھم من قومہ ورجا أن یقبلوا منہ ماجاء ھم بہ من اللّٰہ تعالیٰ، فخرج الیھم وحدہ. فحدثنی یزید بن أبی زیاد عن محمد بن کعب القرظی. قال: انتھی رسول اللّٰہ ﷺ الی الطائف وعمد الی نفر من ثقیف ھم سادۃ ثقیف وأشرافھم وھم أخوۃ ثلاثۃ، عبد یالیل، ومسعود، وحبیب بنو عمرو ابن عمیرو بن عوف بن عقدۃ بن غیرۃ بن عوف بن ثقیف. وعند أحدھم امرأۃ

المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی حدیث پڑھی ہوگی کہ: ''آنحضرت ﷺ نے کبھی اپنا ذاتی انتقام نہیں لیا، لیکن جب حدود اللہ کو توڑا جاتا تو آپ ﷺ کے غصے کی کوئی تاب نہ

من قريش من بنى جمع، فجلس اليهم فدعاهم الى الله وكلمهم لما جاء هم له من نصرته على الاسلام والقيام معه على من خالفه من قومه، فقال: أحدهم: هو يمرط ثياب الكعبة ان كان الله أرسلك. وقال الآخر: أما وجد الله أحداً أرسله غيرك؟ وقال الثالث والله لا أكلمك أبداً لئن كنت رسولا من الله ما ينبغى لى أن أكلمك فقام رسول الله ﷺ من عندهم وقد يئس من خير ثقيف، وقد قال لهم ـ فيما ذكر لى ـ ان فعلتم ما فعلتم فاكتموا على وكره رسول الله ﷺ أن يبلغ قومه عنه فيذئرهم ذلك عليه. فلم يفعلوا وأغروا به سفهاء هم وعبيدهم يسبونه ويصيحون به حتى اجتمع عليه الناس وألجؤه الى حائط لعتبة ابن ربيعة وشيبة بن ربيعة وهما فيه، ورجع عنه من سفهاء ثقيف من كان يتبعه. فعمد الى ظل حبلة من عنب فجلس فيه وابنا ربيعة ينظران اليه ويريان ما يلقى من سفهاء أهل الطائف، وقد لقى رسول الله ﷺ ـ فيما ذكر لى ـ المرأة التى من بنى جمح، فقال لها ماذا لقينا من أحمائك. فلما اطمأن قال ـ فيما ذكر ـ اللهم اليك أشكو ضعف قوتى وهو انى على الناس يا أرحم الراحمين، أنت رب المستضعفين، وأنت ربى الى من تكلمنى، الى بعيد يتجهمنى أم الى عدو ملكته أمرى. ان لم يكن بك غضب على فلا أبالى ولكن عنافيتك هى أوسع لى، أعوذ بنور وجهك الذى أشرقت له الظلمات، وصلح عليه أمر الدنيا والآخرة من أن تنزل بى غضبك أو تحل على سخطك ئك العتبى حتى ترضى لاحول ولاقوة الا بك. قال فلما رآه ابنا ربيعة عتبة وشيبة وما لقى تحركت ما رحمهما فدعوا غلاما لهما نصرانياً يقال له عداس وقالا له خذ قطفا من هذا العنب فضعه فى هذا الطبق ثم اذهب به الى ذلك الرجل فقل له يأكل منه. ففعل عداس ثم ذهب به حتى وضعه بين يدى رسول الله ﷺ ثم قال له كل، فلما وضع رسول الله ﷺ يده فيه قال: بسم الله ثم أكل، ثم نظر عداس فى وجهه ثم قال: والله ان هذا الكلام ما يقوله أهل البلاد. فقال له رسول الله ﷺ ومن أهل أى بلاد أنت يا

لاسکتا" (۶۳)۔ طائف کا واقعہ آنحضرت ﷺ کی ذات سے متعلق تھا، وہاں صبر کی مجسم تصویر بنے رہے اور بئر معونہ کا واقعہ حدود اللہ کو توڑنے، عہد شکنی کرنے اور مسلمانوں کو ظلماً شہید کرنے کا واقعہ تھا، اس پر آنحضرت ﷺ کی بے چینی و بے قراری اور حق تعالیٰ شانہ، سے والہانہ استغاثہ وفریاد طلبی اپنی ذات کے لئے نہیں تھی کہ آپ اس کے لئے طائف کی

عداس وما دینک؟ قال نصرانی وأنا رجل من أهل نینوی. فقال رسول اللّٰہ ﷺ من قریة الرجل الصالح یونس بن متی. فقال له عداس وما یدریک ما یونس بن متی؟ فقال رسول اللّٰہ ﷺ ذلک اخی کان نبیا وأنا نبی. فاکب عداس علی رسول اللّٰہ ﷺ یقبل رأسه ویدیه وقدمیه. قال یقول أبناء ربعیة احدهما لصاحبه اما غلامک فقد افسده علیک. فلما جاء عداس قالا له ویلک یاعداس مالک تقبل رأس هذا الرجل ویدیه و قدمیه؟ قال یاسیدی ما فی الارض شیء خبر من هذا لقد اخبرنبی بأمر مایعلمه الا نبی. قالا له: ویحک یاعداس لایصرفنک عن دینک فان دینک خیر من دینه. (البدایة والنهایة، فصل فی ذهابه ﷺ الی أهل الطائف یدعوهم الی دین اللّٰہ، ج: ۳، ص: ۱۳۵، ط، مکتبة المعارف بیروت لبنان)

(۶۳):عن عائشة رضی اللہ عنہا قالت: ما ضرب رسول اللّٰہ ﷺ لنفسه شیئاً قط بیده، ولا امراة ولاخادما، الا أن یجاهد فی سبیل اللّٰہ، وما نیل منه شیء قط، فینتقم من صاحبه، الا أن ینتهک شیء من محارم اللّٰہ فینتقم للّٰہ. وفی المرقات تحت هذا الحدیث: وروی الترمذی الفصل الأول بلفظ: ماضرب رسول اللّٰہ ﷺ بیده شیئاً قط الا أن یجاهد فی سبیل اللّٰہ ولاضرب خادماً ولاامرأة. والفصل الثانی بلفظ: ما رأیت رسول اللّٰہ ﷺ منتصراً من مظلمة ظلمها قط ما لم ینتهک من محارم اللّٰہ تعالی شیء، فاذا انتهک من محارم اللّٰہ تعالی شیء کان من أشدهم فی ذلک غضباً. (مرقات المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فی أخلاقه وشمائله ﷺ، الفصل الأول، ج: ۱۰، ص: ۴۸۸، رقم: ۵۸۱۷، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

مثال پیش کریں۔ جہاں جو کچھ تھا وہ دینی غیرت اور ان مظلوموں پر شفقت کا اظہار تھا۔

الغرض بئر معونہ کا جو واقعہ ذکر کیا گیا ہے وہ صحیح ہے اور ایسے موذیوں کے لئے بددعا کرنا آنحضرت ﷺ کی شان رحمۃ للعالمین کے خلاف نہیں، بلکہ اپنے رنگ میں یہ بھی رحمت وشفقت کا مظہر ہے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۹۳ تا ۱۹۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

شفاعت اور افضلیتِ رسول ﷺ

﴿سوال﴾:

۱.....عمر و بکر مثلاً جن کے عقائد مذکور درج کئے جاتے ہیں اور بکر کی حد سے زیادہ تعدی معلوم ہے، بکر کے عقیدہ کا خیال کرتے ہوئے اس کے ساتھ برتاؤ دینی اور دنیاوی جائز ہے یا نہیں اور جماعت میں شامل ہو جائے تو نکال دینے کا حکم ہے یا نہیں اور جماعت میں بھی کچھ نقصان لازم آتا ہے یا نہیں؟ اور ایسے آدمی کو باقی دوسرے امام کے ہوتے ہوئے امام بننا درست ہے یا نہیں؟ اور اس کے ایمان میں خلل آتا ہے یا نہیں اور ایسا ایمان ہونے میں نکاح وغیرہ میں بھی کچھ نقص ہے یا نہیں؟ حد کا حکم ہے یا نہیں؟ سو یہ کہ عمر اور بکر آپس میں جھگڑا کرتے ہیں عمر کہتا ہے کہ شفاعت رسول کریم برحق ہے اور بکر کہتا ہے کہ برحق نہیں ہے۔

۲.....عمر کہتا ہے کہ مقام المحمود شفاعت کا مقام ہے اور بخاری شریف میں بھی موجود ہے اور بکر کہتا ہے کہ شفاعت خاص کر رسول کریم کے واسطے معین نہیں ہے۔

۳.....اور عمر کہتا ہے کہ یا رسول اللہ کہنا جائز ہے اور بکر یہ کہتا ہے کہ ہرگز جائز نہیں۔

۴.....عمر کہتا ہے رسول کریم سب پیغمبروں سے افضل ہیں اور بکر کہتا ہے کہ سب برابر ہیں، سب پیغمبروں سے افضل نہیں؟ صفحہ کتاب لکھ کر جواب تحریر فرماویں۔ حوالے جتنے زیادہ ہوں بہتر ہے اور ایسے آدمی کے پیچھے نماز پڑھ کر اعادہ واجب ہے یا نہیں اور اس کے

جنازہ کا کیا کیا جاوے؟ ان مسائل کی بابت زیادہ تنازع ہو رہا ہے اس لئے جواب پوری تکمیل سے تحریر فرماویں، تاکہ فریقین کو تسلی ہو جائے۔ فقط

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

۱.....شفاعت کے متعلق عمر کا قول حق ہے، بکر کا قول غلط ہے: "والشفاعة ثابتة للرسل والأخيار في حق أهل الكبائر بالمستفيض من الأخبار خلافاً للمعتزلة اه". شرح عقائد نسفي، ص: ۸۷ (۶۴).

---

(۶۴):(شرح العقائد النسفية، بحث الشفاعة لمن؟، ص: ۲۷۸، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشى)

وفي بيان السنة والجماعة: ونقول الشفاعة العظمى لرسول اللّٰه ﷺ يوم القيامة في كافة الخلق لاراحتهم من الموقف، وهي التي ادخرها اللّٰه لهم بسؤاله ﷺ ذلك من ربه كما روى ذلك في صحيح الأخبار ففي الجامع الصغير رامزاً للطبراني عن ابن مسعود رضي اللّٰه عنه: ان لكل نبي دعوة واني اختبأت دعوتي شفاعة لأمتي يوم القيامة. قال ابن قاضي عجلون في شرح الشيبانية: ان مما خص اللّٰه تعالىٰ به نبينا محمداً ﷺ الشفاعة في الحشر، ما روى في الصحيحين من طريق: وأنا أول شافع وأول مشفع. وهذه الشفاعة لأهل الجمع في تعجيل الحساب والاراحة من طول الوقوف والغم، وهي الشفاعة العظمى في فصل القضاء يوم القيامة وهي مختصة بنبينا محمد ﷺ ولم ينكرها أحد وهي المقام المحمود في قوله تعالى: ﴿عسى أن يبعثك ربك مقاما محمودا﴾ [الاسراء: ۷۹] وهي المقام الذي يحمده فيه الأولون والآخرون، وقد ورد في الحديث الصحيح الأمر بأن ندعو بذلك عقيب الآذان والحكمة في سؤال ذلك ﷺ مع كونه واجب الوقوع بوعد اللّٰه تعالى باظهار شرفه ﷺ وعظيم منزلته وفي شرح الجزائرية للسنوسي رحمه اللّٰه: لاشك أن مما يجب الايمان به لتواتره ووقوع الاجماع عليه ثبوت الشفاعة لسيدنا محمد ﷺ في اراحة الناس من الموقف واختصاصها به ﷺ أمر مستفيض

۲.....اس میں بھی عمر کا قول حق ہے۔

''قال أكثر أهل التاويل: ذلك (أى المقام المحمود) هو المقام الذى يقومه محمد ﷺ يوم القيامة

مشهور فى الصحاح.

وفى شرح الجوهرة للمصنف وله ﷺ شفاعات ذكر القاضى والنووى منها خمساً:

أحدها: وهى أعظمها وأعمها شفاعته عليه الصلاة والسلام بعد أن يكلم الناس الأنبياء حين يعاينون من شدائد الموقف وأهواله، وطول القيام فيه لرب العالمين وزيادة القلق وتصاعد العرق مايذهب الأكباد وينسى الأولاد مدة ثلاثة آلاف سنة فيترادونها من آدم الى عيسٰى، فى خمسة آلاف سنة أيضاً، اذ بين كل سؤال نبى وآخر ألف سنة، كما قال ابن حجر والقرطبى وغيرهما، فاذا انتهوا اليه ﷺ قال: أنا لها أنا لها، أمتى أمتى. وكل من قبله لايقول: الا نفسى، اذهبوا الى غيرى. وهذه مختصة به ﷺ وتسمى الشفاعة العظمى، وهذه مجمع عليها لم ينكرها أحد ممن يقول بالحشر، اذ هى للاراحة من طول الوقوف حين يتمنون الانصراف من موقفهم، ولو الى النار.

وثانيها: فى ادخال قوم الجنة بغير حساب، وهذه أيضاً خاصة به على ماقاله القاضى والنووى، وتردد ابن دقيق العيد فى الاختصاص وتبعه ابن حجرؒ قائلاً: لادليل عليه وقد ذكر حدثيها مسلم.

وثالثها: فى قوم استوجبوا النار. فيشفع لهم فلايدخلونها، وهذه جزم القاضى وابن السبكى اختصاصها به، وتردد النووى.

ورابعها: فيمن دخل النار من المؤمنين المذنبين. وهذه وقع اطباق القوم على عدم اختصاصها به.

وخامسها: الشفاعة فى رفع الدرجات فى الجنة وهذه لاينكرها أيضاً المعتزلة كالأولى الى أن قال: وقد بقيت شفاعات أخر وردت بها آثار لاتخلو عن

للشفاعة للناس ليريحهم ربهم من عظيم نافيه من شدة ذلک اليوم" ۔تفسیر ابن کثیر:۳/۵۵(۶۵)۔

" وشفاعة الأنبياء عليهم الصلاة والسلام: أى عموماً فى المقصود، وشفاعة نبينا ﷺ خصوصاً فى المقام المحمود واللواء الممدود والحوض المورود للمؤمنين المذنبين: أى من أهل الصغائر المستحقين للعقاب ولأهل الكبائر منهم حق، فقد ورد: "شفاعتى لاهل الكبائر من أمتى". رواه أحمد وأبوداؤد والترمذى وابن حبان والحاكم عن أنس رضى اللّٰه تعالىٰ عنه، والترمذى وابن ماجه وابن حبان والحاكم عن جابر رضى اللّٰه تعالىٰ عنه، والطبرانى عن ابن عباس رضى اللّٰه تعالىٰ عنهما، والخطيب عن ابن عمرو كعب بن عجره رضى اللّٰه تعالىٰ عنهم، فهو حديث مشهور فى المبنى بل الأحاديث فى باب الشفاعة متواترة المعنى اه". شرح فقه اكبر، ص: ۱۱۴ (۶۶).

مقال. (شرح العقائد الطحاوية المسماة: بيان السنة والجماعة، ۷۸ تا ۸۰، ط، دار الفكر المعاصر بيروت لبنان)

(وكذا فى شرح الفقه الأكبر، بحث فى أن الشفاعة من الانبياء والصالحين حق، ص: ۸۳، ۸٤، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(۶۵):(تفسير ابن كثير، سورة الاسراء، الآية: ۷۹، ج: ۵، ص: ۱۰۳، ط، دار طيبة)

(۶۶):(شرح الفقه الأكبر، بحث فى أن الشفاعة من الانبياء والصالحين حق، ص: ۸۳، ۸٤، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

"قال ابن عباس رضی اللّٰہ تعالیٰ عنهما: هذا المقام المحمود مقام الشفاعة، وفی حدیث طویل: " وانی لأقوم المقام المحمود، قال: ذاک اذا جیء بکم حفاة عراة": أی قوله: " فأقوم عن یمینه مقاماً لایقومه أحد، فیغبطنی فیه الأولون والآخرون". وفی حدیث آخر: " ثم یقوم نبیکم صلی اللّٰہ تعالٰی علیه وسلم رابعاً فیشفع لا یشفع أحد بعده أکثر مما شفع". وهو المقام المحمود الذی قال اللّٰہ عزوجل: ﴿عسی أن یبعثک ربک مقاماً محموداً﴾ والی غیر ذلک من الأحادیث الکثیرة اه". فتح الباری شرح البخاری، کتاب التفسیر وکتاب الرقاق میں زیادہ تفصیل ہے(۶۷)۔

۳....."یارسول اللہ" اس خیال اور عقیدہ سے کہنا کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، اللہ پاک کی طرح حاضر وناظر ہیں اور ہر جگہ سے اس آواز کو خود سنتے ہیں ناجائز بلکہ شرک ہے۔ اور اس عقیدہ سے کہنا کہ ملائکہ کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ میری اس آواز کو آپ ﷺ تک پہونچادیتے ہیں جائز ہے، عوام چونکہ اس عقیدہ کو نہ جانتے ہیں نہ سمجھتے ہیں، بلکہ وہ پہلا ہی عقیدہ رکھتے ہیں، اس لئے ان کو منع کیا جاتا ہے، کسی صحیح عقیدہ والے کو بھی عوام کے سامنے اس طرح پکارنے سے احتراز کرنا چاہئے۔

۴.....اس مسئلہ میں بھی عمر کا عقیدہ صحیح اور اہل حق کے موافق ہے:" أفضل الأنبیاء محمد صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم." شرح عقائد نسفی، ص:۱۰۲(۶۸)۔

---

(۶۷):(فتح الباری، کتاب تفسیر القرآن، باب قوله تعالی: ﴿عسی أن یبعثك ربك مقاما محمودا﴾، ج: ۸، ص: ۲۵۹/ فتح الباری، کتاب الرقاق، باب صفة الجنة والنار، ج: ۱۱، ص: ٤٣٤ تا ٤٣٧)

(۶۸): (شرح العقائد النسفیة، بحث نبینا محمد ﷺ أفضل الأنبیاء، ص: ۳۲۹،

جس شخص کے ایسے غلط اور خراب عقائد ہوں وہ ضال ومضل ہے، اس کو امام بنانا جائز نہیں، تاہم اگر اسکے پیچھے کوئی نماز پڑھی ہے تو فریضہ ساقط ہوگیا اور نماز جنازہ بھی ایسے شخص

ط، مكتبة البشرىٰ كراتشى)

وفى الجامع لاحكام القرآن: وقد أشار ابن عباسؓ الى هذا، فقال: ان الله فضل محمداً [ﷺ]على الأنبياء وعلى اهل السماء، فقالوا: بم يا ابن عباس فضله على اهل السماء؟ فقال: ان الله تعالى قال: ﴿ومن يقل منهم انى اله من دونه فذٰلک نجزيه جهنم كذلک نجرى الظالمين﴾ [الأنبياء: ٢٩]. وقال لمحمدﷺ: ﴿انا فتحنا لک فتحا مبينا ليغفرلک الله ما تقدم من ذنبک وما تأخر﴾ [الفتح: ١/٢]. وقالوا: فما فضله على الأنبياء؟ قال: قال الله تعالى: ﴿وما أرسلنا من رسول الا بلسان قومه ليبين لهم﴾ [ابراهيم: ٤]، وقال الله عز وجل لمحمدﷺ: ﴿ومآ ارسلنک الا كافة للناس﴾ [سبأ: ٢٨]، فأرسل الى الجن والانس، ذكره أبو محمد الدارمى فى مسنده. وقال العلامة عبدالله التركى فى حاشيته: وأخرجه أيضاً الطبرانى فى الكبير (١١٦١٠)، وقال الهيثمى فى المجمع ٨/ ٢٥٥: رجاله رجال الصحيح غير الحكم بن أبان، وهو ثقة. (الجامع لاحكام القرآن، سورة البقرة، الآية: ٢٥٣، ج: ٤، ص: ٢٥٥، ٢٥٦، ط، مؤسسة الرسالة)

وفى الكوكب الأزهر: أن أفضل المخلوقات فى الدنيا والآخرة هو سيدنا محمدﷺ الذى جمع كل خلال الخير ونعوت الكمال، وبعثتهﷺ عامة الجميع المكلفين، وأفضليتهﷺ على جميع المخلوقات مما أجمع عليه المسلمون لقولهﷺ: "أنا أكرم الأولين والآخرين على الله ولا فخر". (الكوكب الأزهر شرح الفقه الاكبر، ص: ١٢٢)

(وكذا فى النبراس شرح شرح العقائد، وافضل الانبياء محمدﷺ، ص: ٢٨٦)

(وكذا فى النكت والفوائد على شرح العقائد، افضل الانبياء سيدنا محمدﷺ، ص: ٥٧٩، ط، المكتبة العصرية بيروت لبنان)

پر پڑھی جائے گی: " ویصلی علی کل فاجر اہ" شرح عقائد نسفی ،ص:۱۱۵(۶۹)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۴۰۱تا۴۰۴)

❁❁❁

(۶۹):فی شرح العقائد: ویصلی علی کل بر وفاجر، اذا مات علی الایمان، للاجماع ولقولهﷺ: لاتدعوا الصلاة علی من مات من أهل القبلة. (شرح العقائد النسفية، الكلام فی العقائد المتفرقه، ص: ۳٦۹، ط، مكتبة البشریٰ كراتشی)

وفی الهداية: ويكره تقديم العبد....والفاسق لأنه لايهتم لأمر دينه، والأعمى لأنه لايتوقى النجاسة، وولد الزنا لأنه ليس له أب يثقفه فيغلب عليه الجهل، ولأن فی تقديم هؤلاء تنفير الجماعة، فيكره وان تقدموا جاز، لقوله عليه الصلاة والسلام: صلوا خلف كل بر وفاجر.

وفی البناية تحته: (والفاسق لأنه لايهتم لأمر دينه) ش: فيردد فيه الناس، وفيه تقليل الجماعة، وقال مالكؒ: لاتجوز امامة الفاسق بلاتأويل كالزانی وشارب الخمر، أما الفاسق بالتأويل كمن يسب السلف الصالح، فعنه فيه روايتان، وعن أحمد: فيه روايتان فی جواز الاقتداء به مطلقاً أصحهما المنع، وقلنا نحن والشافعی بجواز امامته لقوله ـ عليه الصلاة والسلام ـ : صلوا خلف كل بر وفاجر. لأن ابن عمر وأنسا وغيرهما من الصحابة رضی اللّٰه عنهم والتابعين صلوا خلف الحجاج الجمعة وغيرها مع أنه أفسق أهل زمانه.

وروی أن الحجاج كان يخطب يوم الجمعة، فأطال الجمعة حتی كاد يدخل وقت العصر فقام ابن عمر رضی اللّٰه عنهما وقال: أقصر يامكار هداك اللّٰه، فلما فرغ الحجاج دعی ابن عمرؓ ليقتله وقال: أما تخشی أن اللّٰه يسلطنی علی مالك ودمك فأهريقه، أو علی نفسك فأخترمها، فقال ابن عمرؓ: أما يكفينی أنی صليت خلف رسول اللّٰهﷺ وخلف أبی بكر وعمر و علی رضی اللّٰه عنهم والآن أصلی خلفك، وأنت من أفسق الناس.

وأما وجه الكراهية فلما قلنا، ولهذا قال أصحابنا: لاينبغی أن يقتدی بالفاسق

شفاعت کبریٰ آنحضرت ﷺ کے ساتھ خاص ہے

﴿سوال﴾:

شفاعت محض آنحضرت ﷺ تک مسدود ہے یا کیا؟

﴿الجواب﴾:

شفاعت کبری مخصوص ہے آنحضرت ﷺ کے ساتھ (۷۰) اور بعد میں جملہ انبیاء و صلحاء شفاعت کریں گے، جیسا کہ احادیث میں مفصلا مذکور ہے (۷۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۳۳، ۲۳۴، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

الا فی الجمعة لأن فی سائر الصلوات یجد اماماً غیره بخلاف الجمعة، وکان ابن مسعود رضی اللّٰه عنه یصلی خلف الولید بن عقبة فی صلاة الجمعة وسائر الصلوات، وکان الولید والیاً بالکوفة وکان فاسقاً حتی صلی بالناس یوماً وهو سکران، کذا فی شرح الارشاد. وفی المحیط: لو صلی خلف فاسق أو مبتدع یکون محرزاً ثواب الجماعة لقوله علیه الصلاة والسلام: صلوا خلف کل بر وفاجر.

(البنایة شرح الهدایة، کتاب الصلاة، باب فی الامامة، ج: ۲، ص: ۳۳۲تا ۳۳٤، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

(۷۰):فی الموسوعة الفقهیة: قال العلماء: الشفاعة فی الآخرة خمسة أقسام: أولها: مختصة بنبینا ﷺ، وهی: الاراحة من هول الموقف، وتعجیل الحساب، وهی الشفاعة العظمی. (الموسوعة الفقهیة، ج: ۲٦، ص: ۱۳۲)

(۷۱):وعن عثمان بن عفان رضی اللّٰه عنه، قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: یشفع یوم القیامة ثلاثة: الأنبیاء، ثم العلماء، ثم الشهداء. (مشکاة المصابیح کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب الحوض والشفاعة، ص: ٤۹٥، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی الصحیح لمسلم فی حدیث طویل عن أبی سعید الخدری رضی اللّٰه

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو شفاعت کا حق

﴿سوال﴾:

اذان کے بعد کی دعاء کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے یہ دعاء پڑھی اس پر میری شفاعت واجب ہوگئی (۷۲) جب کہ قرآن پاک میں ہے کہ اللہ تعالیٰ جس کو شفاعت کے لئے چنے گا وہی شفاعت کر سکے گا؟ (۷۳)۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

اللہ تعالیٰ نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعہ مطلع کر دیا تھا کہ ایسے مقامات پر شفاعت کا حق آپ کو ہوگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو بیان فرما دیا ﴿وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى﴾ (۷۴) فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی دار العلوم

عنه: وكان أبو سعيد الخدريؓ يقول: ان لم تصدقوني بهذا الحديث فاقرأوا ان شئتم: ﴿ان اللّٰه لايظلم مثقال ذرة وان تك حسنة يضٰعفها ويؤت من لدنه أجرا عظيما﴾ [النساء: ۴۰] فيقول: اللّٰه تعالىٰ: شفعت الملائكة وشفع النبيون وشفع المؤمنون... الخ. (صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب معرفة طريق الرؤية، ص: ۹۵، رقم: ٤٥٤، دار السلام رياض)

(۷۲):عن جابر بن عبداللّٰه [رضى اللّٰه عنه] أن رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قال: من قال حين يسمع النداء: اللّٰهم رب هذه الدعوة التامة والصلاة القائمة، آت محمداً الوسيلة و الفضيلة، وابعثه مقاما محموداً الذى وعدته، حلت له شفاعتى يوم القيامة. (صحيح البخارى، كتاب الأذان، باب الدعاء عند النداء، ص: ۱۲۵، رقم: ٦١٤، ط، دار السلام رياض)

(۷۳):قال اللّٰه تبارك وتعالىٰ: يعلم ما بين ايديهم وما خلفهم ولايشفعون الا لمن ارتضٰى وهم من خشيته مشفقون. (سورة الأنبياء: ۲۸)

(۷۴):(سورة النجم: ۳،٤)

وقف دیوبند، ج:۱،ص:۲۱۷،۲۱۸، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اہل کتاب اور مشرکین کے لیے شفاعت فرمائیں گے یا نہیں؟

﴿سوال﴾:

آنحضرت ﷺ یہود، نصاری اور مشرکین کے لیے میدان حشر میں سفارش فرمائیں گے یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہود ونصاری ومشرکین کی شفاعت وسفارش نہ فرماویں گے(۷۵)۔(فتاوی دارالعلوم دیوبند، ج:۱۸،ص:۲۳۶، ط، مکتبہ دارالعلوم دیوبند)

❁❁❁

محمد ﷺ کا اولین وآخرین ہونے کا مطلب

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضور ﷺ اولین وآخرین ہیں،، اور بعض کہتے ہیں کہ اولین نہیں ہے۔صرف آخرین

---

(۷۵):وعن أنسؓ، أن النبی ﷺ قال: شفاعتی لأهل الكبائر من أمتی. وفی المرقات تحت هذا الحديث: أی شفاعتی فی العفو عن الكبائر من أمتی خاصة دون غيرهم من الأمم. (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب أحوال القيامة وبدء الخلق، باب الحوض والشفاعة، ج: ۱۰، ص: ۲۷۰، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

ہیں۔تو صحیح مطلب کی وضاحت کی جائے،مہربانی ہوگی۔

﴿الجواب﴾:

پیغمبر ﷺ کی روح مبارک تمام ارواح سے اول پیدا کی گئی ہے۔اور جسد اطہر تمام انبیاء کے بعد اور سب کے آخر میں پیدا کیا گیا ہے۔یہ معنیٰ ہے اولین وآخرین کا(۷۶)نہ کہ لیس قبلہ شیء ولیس بعدہ شیء،جوکہ صفت خداوندی ہے۔وھو الموفق.

(فتاوی فریدیہ،ج:۱،ص:۴۵۴)

❁❁❁

رسول اللہ ﷺ کی سات زمینوں کے لئے بعث

﴿سوال﴾:

کیا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول ہے کہ ”سات زمینوں کے لئے محمد ﷺ آئے ہیں اور کیا اس اثر کو کہیں حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمایا ہے؟ جب کہ ﴿وَمَا أَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ﴾ سے آپ ﷺ کے بارے میں عموم معلوم ہوتا ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

درمنثور وبیہقی وغیرہ میں حضرت ابن عباسؓ کے اس اثر کو مکمل بیان کیا گیا ہے(۷۷)

---

(۷۶):عن أبی هريرةؓ قال قالوا يارسول اللّٰه متى وجبت لک النبوة وآدم بين الروح والجسد رواه الترمذی.

وعن العرباض بن سارية عن رسول اللّٰه ﷺ انه قال انی عنداللّٰه مكتوب خاتم النبيين وان آدم لمنجدل فی طينته الخ. (مشكاة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين، الفصل الثانی، ص: ۵۱۳، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۷۷):فی الدرالمنثور: وأخرج ابن جرير، وابن أبی حاتم، والحاكم

اور حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''تحذیر الناس'' میں اس پر تفصیل کے ساتھ کلام فرمایا ہے جس کے مطالعہ کے بعد ان شاء اللہ تعالیٰ کوئی اعتراض باقی نہ رہے گا۔ (فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج: ۱، ص: ۱۹۸، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

آپ ﷺ کی تخلیق اور نبوت سے متعلق چند سوالات

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں؟

کیا یہ عقائد قرآن وسنت سے ثابت ہیں؟

(الف) آپ ﷺ سب سے پہلے نبی ہیں؟

(ب) آپ ﷺ کے نور کو آدم علیہ السلام کی خلقت سے پہلے، بلکہ دنیا کی خلقت سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا؟

(ج): آدم علیہ السلام نے آپ ﷺ کے وسیلے سے دعا کی۔

براہ کرم قرآن کریم اور حدیث کے حوالے لکھیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

(الف) آپ ﷺ نبوت عطا کیے جانے کے اعتبار سے سب سے مقدم ہیں اور

وصححه، والبيهقي في شعب الايمان وفي الأسماء والصفات، من طريق أبي الضحى، عن ابن عباسؓ في قوله: ﴿ومن الأرض مثلهن﴾. قال: سبع أرضين، في كل أرض نبي كنبيكم، وآدم كآدم، ونوح كنوح، وابراهيم كابراهيم، وعيسى كعيسى. قال البيهقي: اسناده صحيح، ولكنه شاذ بمرة، لاأعلم لأبي الضحى عليه متابعاً.

(الدر المنثور في التفسير بالمأثور، سورة الطلاق، الآية: ۱۲، ج: ۱٤، ص: ٥٦٥)

بعثت کے اعتبار سے سب سے مؤخر ہیں، چنانچہ حدیث شریف میں حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے:عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه قال: قالو: يارسول اللّٰه! متیٰ وجبت لک النّبوّة؟ قال: "وادم بين الرّوح والجسد" (۷۸) یعنی صحابۂ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ! آپ کے لئے نبوت کب ثابت ہوئی؟ تو اللہ کے رسول نے فرمایا: (مجھے نبوت اس وقت ملی) جب آدم جسم اور روح کے درمیان تھے۔ اس حدیث کی شرح میں حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے "العرف الشّذی" میں تحریر فرمایا:أی كان النبی صلی اللّٰه عليه وسلم نبيا وجرت عليه أحكام النبوة من ذلک الحين، بخلاف الأنبياء السابقين، فان الأحكام جرت عليهم بعد البعثة كما قال مولانا الجامی انه كان نبيا قبل النشاة العنصرية (۷۹) یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نبی تھے، اور اسی وقت سے احکامِ نبوت آپ پر جاری تھے، انبیائے سابقین کے برخلاف، اس لیے کہ ان پر احکام بعثت کے بعد جاری ہوئے جیسا کہ مولانا جامیؒ نے فرمایا کہ آپ (علیہ الصلاۃ والسلام) "نشأت عنصری" سے پہلے نبی تھے۔

(ب) پہلے پیدا کیے جانے کے سلسلے میں احادیث میں مختلف چیزیں مذکور ہیں، بعض روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے نور کو پیدا کیا گیا، جب کہ دیگر بعض روایتوں میں قلم، عرش وغیرہ کو سب سے پہلے پیدا کیے جانے کی صراحت ملتی ہے (۸۰) البتہ ابن حجرؒ

---

(۷۸):(مشكاة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين، الفصل الثانی، ص: ۵۱۳، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۷۹):(العرف الشذی شرح سنن الترمذی، كتاب المناقب عن رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، باب فی فضل النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، ج: ۵، ص: ۶، رقم الحديث: ۳۶۰۹، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۸۰):وعن عبادة بن الصامت رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ ان أول ما خلق اللّٰه القلم، فقال له: اكتب. فقال: ما أكتب؟ قال: اكتب القدر. فكتب ما

نے سب سے پہلے نور کو پیدا کیے جانے کا رجحان ظاہر کیا ہے۔ قال ابن حجرؒ: اختلفت الروايات في أول المخلوقات، وحاصلها كما بينتها في شرح شمائل التّرمذي: ان اولها النور الذى خلق منه عليه الصلاة والسلام، ثم الماء ثم العرش (۸۱).

(ج): البدایہ والنہایہ میں حضرت عمرؓ سے روایت منقول ہے: عن عمر بن الخطابؓ قال: قال رسول الله ﷺ: "لما اقترف آدم الخطيئة قال: يا ربّ!

كان وما هو كائن الى الأبد. وفي المرقات تحت هذا الحديث: رأيت في الدرالمنثور نقلاً عن ابن عباسؓ: ان أول شيء خلقه الله القلم، فقال له: اكتب، فقال: يا رب وما أكتب، قال: اكتب يجرى من ذلك هو كائن الى أن تقوم الساعة، ثم طوى الكتاب ورفع القلم. رواه البيهقي وغيره والحاكم وصححه، وفي الدر أيضاً عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: ان أول شيء خلق الله القلم ثم النون وهي الدواة، ثم قال له: اكتب، قال: وما أكتب، قال: ما كان وما هو كائن الى يوم القيامة من عمل أو أثر أو رزق أو أجل، فكتب ما يكون وما هو كائن الى يوم القيامة، ثم ختم فم القلم فلم ينطق ولاينطق الى يوم القيامة. أخرجه الحكيم الترمذي هذا وروى أن أول ما خلق الله العقل، وأن أول ما خلق الله نورى وأن أول ما خلق الله روحي، وأن أول ما خلق الله العرش، والأولية من الأمور الاضافية فيؤول وأن كل واحد مما ذكر خلق قبل ما هو من جنسه، فالقلم خلق قبل جنس الأقلام ونوره قبل الأنوار والا فقد ثبت أن العرش قبل الخلق السماوات والأرض، فتطلق الأولية على كل واحد بشرط التقييد فيقال: أول المعانى كذا، وأول الأنوار كذا.

(مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الايمان، باب الايمان بالقدر، الفصل الثانى، ج: ١، ص: ٢٦٨، ٢٦٩، ٢٧٠، رقم: ٩٤، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۸۱): (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الايمان، باب الايمان بالقدر، الفصل الأول، ج: ١، ص: ٢٤١، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

أسئلک بحق محمد ان غفرت لی، فقال اللّٰه فكيف عرفت محمدا ولم أخلقه بعد فقال يا رب لأنک لما خلقتنی بيدک ونفخت فی من روحک ورفعت رأسی فرأيت على العرش مكتوبا لا اله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه فعلمت انک لم تضف الى اسمک الا أحب الخلق اليک، فقال اللّٰه صدقت يا آدم انه لأحب الخلق الى واذ سألتنی بحقه فقد غفرت لک، ولنولا محمد ما خلقتک مگر محدثین کے نزدیک یہ روایت حد درجہ ضعیف ہے، بلکہ علامہ ذہبیؒ نے اسے موضوع قرار دیا ہے(۸۲)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (چند اہم عصری مسائل، ج:۲،ص:۳۳ تا ۳۶، ط، مکتبہ دارالعلوم دیوبند)

❁❁❁

(۸۲):(البداية والنهاية، باب خلق آدم عليه السلام، ج: ۱، ص: ۸۱، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

وفی منهج الحيادة الايمانية: عن عمر رضی اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: لما أذنب آدم الذنب الذی أذنبه، رفع رأسه الى السماء، فقال: أسألک بحق محمد ﷺ، الا غفرت لی، فأوحى اللّٰه اليه: من محمد؟ فقال: تبارک اسمک، لما خلقتنی رفعت رأسی الى عرشک، فاذا فيه مكتوب: لا اله الا اللّٰه محمد رسول اللّٰه، فعلمت أنه ليس أحد أعظم عندک قدراً ممن جعلت اسمه مع اسمک، فأوحى اللّٰه اليه: يا آدم انه آخر نبی من ذريتک، ولولا هو ما خلقتک.

قال الشيخ: أخرجه الطبرانی فی الصغير، والحاكم، وأبو نعيم، والبيهقی، كلاهما فی الدلائل، وابن عساكر كذا فی الدر.

وفی مجمع الزوائد: رواه الطبرانی فی الأوسط، والصغير، وفيه من لم أعرفهم.

وفی حاشية منهج: أخرجه الحاكم فی المستدرک ۲/ ۶۷۲ برقم: ۴۲۲۸/ ۲۳۸ وقال: هذا حديث صحيح الاسناد، وهو أول حديث ذكرته

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اہل دیوبند کا عقیدہ

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ کے بارے میں: کہ دیوبندیوں کا عقیدہ حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں کیا ہے؟ وہ حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت میں شک کرتے ہیں یا نہیں؟ کیا وہ حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرتے ہیں، وہ حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کو سچا رسول مانتے ہیں کہ نہیں؟ کیا آپ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گاؤں کا چودھری مانتے ہیں؟ آخر دیوبند کا عقیدہ کیا ہے؟ نیز اگر کوئی شخص گستاخی کرتا ہو اور حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت میں شک کرتا ہوں، حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گاؤں کا چودھری سمجھتا ہو تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

دیوبندیوں کا عقیدہ حضور صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں یہ ہے

لعبدالرحمٰن بن زيد بن أسلم في هذا الكتاب، وتعقبه الذهبي فقال: بل موضوع، وعبدالرحمٰن واه، قال الحاكم: وهو أول حديث ذكرته له في هذا الكتاب، قلت: رواه عبداللّٰه بن مسلم الفهري، ولاأدري من ذا؟ عن اسماعيل بن سلمة عنه يعني: عن عبدالرحمٰن بن زيد انتهٰى.

وأخرجه الطبراني في الأوسط برقم: ٦٥٠٢ وابن عساكر ج/٧ ص: ٣٠٩ في ترجمة آدم. وعرف فيه عبداللّٰه بن مسلم الفهري بأنه من رهط أبي عبيدة بن الجراح، ونقل ابن عساكر عن البيهقي قوله: تفرد به عبدالرحمٰن بن زيد بن أسلم من هذا الوجه وهو ضعيف. واللّٰه أعلم. (منهج الحياة الايمانية والتربية الدينية في ضوء الكتاب والسنة، ص: ٤١٦، ٤١٧، ط، المكتبة اليحيوية سهانفور الهند)

کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ کے سچے پکے رسول ہیں، آپ تمام انبیاء اور رسولوں کے سردار ہیں، آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی آنے والا نہیں ہے، آپ تمام انسان و جنات سب کے لئے رسول بنا کر بھیجے گئے ہیں، جو شخص دیوبندی علماء کے بارے میں یہ کہتا ہے کہ آپ کی نبوت میں شک کرتے ہیں وہ جھوٹا ہے، بلکہ دیوبندیوں کا عقیدہ ہے کہ جو بھی سرور کائنات، فخر موجودات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی کرے گا یا نعوذ باللہ آپ کو گاؤں کا چودھری کہے گا وہ ایمان سے خارج ہوگا۔

لو عاب النبی ﷺ بشیء من العیوب یکفر. (الفتاوی التاتارخانیة، کتاب أحکام المرتدین، الفصل السابع، مکتبه زکریا ۳۰۳/۷، رقم: ۱۰۵٤۸، فتاوی بزازیة هامش الهندیة، کتاب ألفاظ تکون اسلاما أو کفرا، الفصل الثالث فی الانبیاء، مکتبه زکریا جدید ۱۸۲/۳، وعلی هامش الهندیة ۳۲۷/۲، خلاصة الفتاوی، اشرفیه دیوبند ۸۵/٤)

جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام مبارک کان میں پڑ جائے تو کم از کم ایک دفعہ درود شریف پڑھنا واجب ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ایک دفعہ درود شریف پڑھنے والے پر اللہ تعالیٰ دس مرتبہ رحمت نازل فرماتا ہے۔ اور دیوبندیوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اولیاء عظام برحق ہیں، مگر اولیاء کی شان انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان کے برابر نہیں ہے، آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان کے برابر کسی بھی مخلوق کی شان نہیں ہوسکتی۔ اور جو شخص کسی انسان اور امتی کو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان کے برابر سمجھے گا اس کا ایمان برباد ہے، یہی دیوبندیوں کا عقیدہ ہے۔

عن أنس بن مالک قال: رسول اللہ ﷺ: من صلی علی صلوة واحدة صلی اللہ علیه عشر صلوات، وحطت عنه عشر خطیئات، ورفعت عشر درجات. (نسائی شریف، کتاب

الصلاة، باب الفضل فی الصلاة علی النبی ﷺ، النسخة الهندية ۱/۱۴۵، دارالسلام، رقم: ۱۲۹۷، شعب الايمان، دارالكتب العلمية بيروت ۲/۲۱۰، رقم:۲۵۵۴)

وان محمدا عبده المصطفى ونبيه المجتبى ورسوله المرتضى، وانه خاتم الأنبياء، وامام الأتقياء وسيد المرسلين وحبيب رب العالمين، وكل دعوى النبوة بعده فغوى وهوى، وهو المبعوث الى عامة الجن وكافة الورى بالحق والهدى، وبالنور والضياء. (شرح العقيدة الطحاوية، دارالكتب العلمية بيروت ۱۴۹تا۱۶۶)

وأفضل الأنبياء محمد عليه السلام، (شرح العقائد، مكتبه نعيميه ديوبند: ۱۴۰)

النولى لايبلغ درجة الأنبياء، لأن الأنبياء معصومون مكرمون بالوحى مامورون بتبليغ الأحكام وارشاد الأنام بعد الاتصاف بكمالات الأولياء العظام. (شرح العقائد، مكتبه نعيميه ۱۶۵، شرح فقه أكبر، مكتبه اشرفى دوبند ۱۴۸)

ولا نفضل أحدا من الأولياء على أحد من الأنبياء عليهم الصلاة والسلام، ونقول: نبى واحد افضل من جميع الأولياء. (العقيدة الطحاوية/ ۵۱۴، العقيدة الطحاوية، دارالكتب العلمية بيروت /۴۹۲) فقط واللّٰه سبحانه وتعالىٰ اعلم(فتاوى قاسميه، ج: ۲، ص: ۸۸، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

حضور ﷺ کے بارے میں اہل سنت کے عقائد

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ ایک آدمی کتاب وسنت پر ایمان رکھتا ہے۔(۱) اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حاضر وناظر تسلیم نہیں کرتا (۲) اور حضور اکرم کو عالم الغیب نہیں جانتا مگر جتنا علم رب العزت نے عطا کیا ہے وہ تمام مخلوق سے زیادہ اور سب رسولوں سے کئی گنا زیادہ تسلیم کرتا ہے۔(۳) اور الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ بھی پڑھتا ہے۔ بایں طور کہ حضور اکرم ﷺ اپنے روضہ مبارک پر تو اپنے کانوں سے سنتے ہیں۔ علاوہ ازیں آپ کے پاس درود سلام پہنچایا جاتا ہے۔ مندرجہ بالا تین سوالوں کا جواب کتاب وسنت کی روشنی میں ارشاد فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

نوٹ: ایسے عقائد رکھنے والے لوگوں کے متعلق کتاب وسنت کا کیا ارشاد ہے۔ ایسے لوگوں کے ساتھ کیا برتاؤ اور سلام وکلام کرنا جائز ہے یا نہیں۔

﴿جواب﴾:

یہ تمام عقائد مذہب اہل سنت والجماعت کے مطابق ہیں۔ قَالَ تَعَالٰی لَایَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ (۸۳). الایة. مَاکُنْتَ لَدَیْھِمْ اِذْ یُلْقُوْنَ اَقْلَامَھُمْ (۸۴). الایة. وعن ابی ھریرة قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ما من احد یسلم علی الا ردالله روحی حتی ارد علیه السلام (۸۵) وعن ابن مسعود قال رسول اللّٰہ ﷺ ان للّٰه ملائکة سیاحین فی الارض یبلغونی من امتی السلام (۸۶) (مشکوٰۃ

---

(۸۳):(سورة النمل: ٦٥)

(۸۴):(سورة آل عمران: ٤٤)

(۸۶/۸۵):(مشکاة المصابیح، کتاب الصلاة، باب الصلاة علی النبی ﷺ وفضلها، ص: ٨٦، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

شـــــریف) عالم غیب وحاظر وناظر ہونا رب تعالیٰ کی صفات خاصہ میں سے ہیں (۸۷)۔ مذکورہ عقائد رکھنے والا صحیح سنی مسلمان ہے۔ اس کے ساتھ باقاعدہ مسلمان بھائی کی حیثیت سے برتاؤ رکھنا چاہئے اسے تکلیف دینا اور بیجا ستانا جائز نہیں ہے (۸۸)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی مفتی محمودؒ، ج:۱، ص:۳۲۲، ط، اشتیاق اے مشتاق پریس لاہور)

❁❁❁

---

(۸۷):**فی روح المعانی: بالجملة علم الغیب بلا واسطة کلا أو بعضا مخصوص باللّٰه جل وعلا، لا یعلمه أحد من الخلق أصلا.** (روح المعانی، سورة النمل، الآیة: ٦٥، ج: ٢٠، ص: ١٢، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

وفی الجامع لأحکام القرآن: فاللّٰه تعالی عنده علم الغیب، وبیده الطرق الموصلة الیه، لایملکها الا هو، فمن شاء اطلاعه علیها أطلعه، ومن شاء حجبه عنها حجبه. (الجامع لأحکام القرآن، سورة الأنعام، الآیة: ٥٩، ج: ٨، ص: ٤٠٢، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

وفی شرح العقائد: العلم بالغیب أمر تفرد به اللّٰه تعالی.الخ. (شرح العقائد النسفیة، مسألة علم الغیب، ص: ٣٨٩، ٣٩٠، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

(وکذا فی شرح الفقه الاکبر، ص: ١٣٧، ط، دار الکتب العربیة الکبریٰ مصر)

(وکذا فی النبراس شرح شرح العقائد، مسئلة علم الغیب، ص: ٣٤٣)

وفی مجموعة الفتاوی: اعتقاد اینکه کسے غیر حق سبحانه حاضر وناظر، وعالم خفی وجلی در هر وقت وهر آن است، اعتقاد شرک است. (مجموعة الفتاویٰ علی هامش خلاصة الفتاوی، ج: ٤، ص: ٣٣١، ط، مکتبه رشیدیه)

(۸۸):**والذین یؤذون المؤمنین والمؤمنات بغیر ما اکتسبوا فقد احتملوا بهتانا واثما مبینا.** (سورة الأحزاب: ٥٨)

وعن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال صعد رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم المنبر فنادیٰ بصوت رفیع فقال یامعشر من اسلم بلسانه ولم یقض

حضور ﷺ کا جسم مبارک مٹی میں ملنے کا مطلب

﴿سوال﴾:

تقویۃ الایمان کے صفحہ ۶۱ مطبوعہ فاروقی میں حدیث نقل فرماتے ہیں ابوداؤد نے ذکر کیا کہ قیس بن سعد نے نقل کیا کہ گیا میں ایک شہر میں جس کا نام حیرہ ہے سو دیکھا میں نے وہاں کے لوگوں کو سجدہ کرتے تھے اپنے راجہ کو سو کہا میں نے البتہ پیغمبر خدا زیادہ لائق ہیں کہ سجدہ کیا جائے ان کو پھر آیا میں پیغمبر خدا کے پاس پھر کہا میں نے کہ گیا تھا میں حیرہ میں تو دیکھا میں نے ان لوگوں کو سجدہ کرتے ہیں وہ اپنے راجہ کو سو تم بہت زیادہ لائق ہو کہ سجدہ کریں ہم تم کو سو فرمایا مجھ کو بھلا خیال تو کر جو تو گزرے میری قبر پر کیا سجدہ کرے گا تو اس کو کہا میں نے نہیں فرمایا تو مت کر۔ ف یعنی میں بھی مر کر مٹی میں ملنے والا ہوں۔ تو کیا سجدہ کے لائق ہوں الخ تو یہاں پر یہ شبہ واقع ہوتا ہے کہ مٹی میں ملنے سے کیا مراد ہے اور مخالفین یہاں پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ مولانا صاحب کے نزدیک انبیاء کا جسد زمین میں مل جانا ثابت ہوتا ہے اس کا کیا جواب ہے مفصل ارقام فرمایئے؟

﴿جواب﴾:

مٹی میں ملنے کے دو معنی ہیں ایک یہ کہ مٹی ہو کر مٹی زمین کے ساتھ خلط ہو جاوے جیسا سب اشیاء زمین میں پڑ کر خاک زمین ہی بن جاتی ہیں۔ دوسرے مٹی سے ملاقی و متصل ہو جانا یعنی مٹی سے مل جانا تو یہاں مراد دوسرے معنی ہیں اور جسد انبیاء علیہم السلام کا خاک نہ ہونے کے مولانا مرحوم بھی قائل ہیں۔ چونکہ مردہ کو چاروں طرف سے مٹی احاطہ کر لیتی ہے

الایمان الی قلبه لاتؤذوا المسلمین ولاتعیروهم ولاتتبعوا عوراتهم فانه من یتبع عورة اخیه المسلم یتبع اللّٰه عورته ومن یتبع اللّٰه عورته یفضحه ولو فی جوف رحله. رواه الترمذی. (مشکلة المصابیح، باب ماینهی عنه من التهاجر والتقاطع واتباع العورات، ص: ۴۲۸، ۴۲۹، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

اور نیچے مردہ کی مٹی سے جسد۔ مع کفن ملاحق ہوتا ہے یہ مٹی میں ملنا۔ اور مٹی سے ملنا کہلاتا ہے کچھ اعتراض نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی رشیدیہ، ص: ۲۵۲، ۲۵۳، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

وحی کے وقت جو حضور ﷺ کی حالت احمرار وجہ وعرق کی ہوتی تھی اس کی کیا وجہ تھی اور ولی کو بھی یہ ہوتا ہے یا نہیں

﴿سوال﴾:

بخاری شریف میں باب غسل الخلوق ثلاث مرات من الثیاب میں جو حدیث نزول وحی کی لکھی ہے "فاذا رسول اللّٰہ ﷺ محمر الوجه وهو يغط ثم سری عنه (۸۹). سونے کی حالت میں آواز کا ہونا اور چہرہ مبارک کا سرخ ہونا اس کے

(۸۹): قال أبو عاصم: أخبرنا ابن جريج: أخبرنی عطاء: أن صفوان بن يعلى أخبره: أن يعلى قال لعمر رضی اللّٰه عنه: أرنی النبی صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم حين يوحى اليه قال: فبينما النبی صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم بالجعرانة ومعه نفر من أصحابه جاء ه رجل فقال: يارسول اللّٰه، كيف ترى فی رجل أحرم بعمرة وهو متضمخ بطيب؟ فسكت النبی صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم ساعة فجاء ه الوحی فأشار عمر رضی اللّٰه عنه الی يعلى، فجاء يعلى وعلى رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم ثوب قد أظل به فأدخل رأسه فاذا رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالٰی عليه وسلم محمر الوجه وهو يغط ثم سری عنه. فقال: اين الذی سأل عن العمرة؟ فأتی برجل فقال: اغسل الطيب الذی بک ثلاث مرات. وانزع عنک الجبة، واصنع فی عمرتک ما تصنع فی حجتک. قلت لعطاء: أراد الانقاء حين أمره أن يغسل ثلاث مرات؟ قال: نعم. (صحيح البخاری، كتاب الحج، باب غسل الخلوق ثلاث مرات من الثياب، ص: ۳۰۵، ۳۰۶، رقم: ۱۵۳۶، ط، دار السلام رياض)

متعلق اولیاء اللہ نے جو تحقیق بیان فرمائی ہو کہ یہ حالت کس قسم کی تھی اور کیا سر تھا۔ اور آیا وقت الہام بھی اسی قسم کی حالت جو مشابہ وحی کے ہوتی ہے اولیاء اللہ کو ہوتی ہے یا کوئی دوسری حالت جس سے الہام حق کا ہونا معلوم ہو جاتا ہے۔ چونکہ اس کا راز معلوم نہیں ہوتا لہٰذا آنحضور پوری کیفیت و تحقیق سے مشرف فرمائیں؟

﴿الجواب﴾:

جب وارد قوی ہوتا ہے قویٰ بشریہ ضعیف تحمل سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ اور اس قسم کی حالت پیدا ہو جاتی ہے۔ کچھ تخصیص الہام کی نہیں۔ ہر وارد میں یہ عمل ہو سکتا ہے مگر لازم نہیں۔ (تتمہ اولیٰ ص ۲۳۴) (امداد الفتاوی، ج:۱۱، ص:۲۱۱، ط، زکریا بک ڈپو الہند)

❁❁❁

حضور ﷺ کو ''ابا جان'' اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ''امی جان'' کہنا

﴿سوال﴾:

ایک خطیب صاحب اپنی تقریر میں یا اپنی گفتگو کے اندر جب بھی حضور ﷺ وحضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا تذکرہ کرتے ہیں تو از راہ غلبۂ محبت حضور ﷺ کا نام ''ابا جان محمد ﷺ'' اور ''اماں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا'' کہتے ہیں، تمام امت مسلمہ کے روحانی باپ و ماں ہیں، اس لئے ہم ان کو ماں باپ کے لفظوں سے صراحۃ تعبیر بھی کر سکتے ہیں۔

پوچھنا یہ ہے کہ ایسا کرنا بدعت میں شامل ہوگا یا نہیں؟ عام لوگ اگر اس عمل پر اصرار کریں تو کیا حکم ہے؟ بظاہر وہ ایک کے ایسا کرنے سے کوئی خرابی نظر نہیں آتی، ہاں کلام اس صورت میں ہے جب عام لوگ اصرار کریں، ہر ایک کا تفصیلی حکم کیا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

خالی ابا جان اور امی جان نہیں کہنا چاہئے، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ام المومنین کہنا سلف سے منقول ہے: ﴿وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ﴾ (۹۰)، امی جان اور ابا جان ہر دو کی شان اقدس سے بہت کم درجہ کا لفظ ہے، ابا جان کہنے میں بظاہر نص قرآنی: ﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ﴾ الایۃ (۹۱) سے بھی تعارض ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۳۸۴)

❁❁❁

امہات المؤمنین تمام مؤمنین کی مائیں اور حضور ﷺ روحانی باپ ہیں

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (۱) کیا ازواج مطہرات تمام مؤمن مرد اور مؤمن عورتوں کی مائیں ہیں یا صرف عورتوں کی ہیں، مردوں کی نہیں؟

(۲) کیا حضور ﷺ ہم سب کے روحانی باپ ہیں کہ نہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

(۱) ازواج مطہرات تمام مؤمن مردوں اور عورتوں کی مائیں ہیں، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا:

اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهُ اُمَّهَاتُهُمْ. [الأحزاب: ٦]

---

(۹۰):(سورة الأحزاب: ٦)

(۹۱):(سورة الأحزاب: ٤٠)

(۲) جی ہاں روحانی باپ ہیں، جب ازواج مطہرات ہماری مائیں ہیں، تو آپ ﷺ بھی ہمارے روحانی باپ ہیں، نیز قرآن مقدس میں حضرت ابراہیم علیہ الصلاہ والسلام کو امت محمدیہ کا روحانی باپ قرار دیا گیا ہے: لہٰذا بلاشبہ آپ ﷺ اپنی امت کے روحانی باپ ہیں۔

مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرَاهِيْمَ هُوَ سَمّٰكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ. [الحج: ۷۸]

ويسمى كل من كان سببا فى ايجاد شيء أو اصلاحه، أو ظهوره آبا، ولذلك سمى النبى ﷺ أبا المؤمنين، قال الله تعالىٰ: ﴿النبى اولى بالمؤمنين من انفسهم وازواجه امهاتهم﴾. [الأحزاب: ٦] **وفى بعض القراءات: وهو أب لهم.** (روح المعانى، الأحزاب: ٤٣، زكريا ٢٢/٤٦) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم (فتاوى قاسميه، ج: ٢، ص: ٩١، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ مؤمنین کے روحانی باپ ہیں

﴿سوال﴾:

نبی ﷺ تمام اشیاء کے باپ حقیقی وروحانی ہیں یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

معالم التنزیل وغیرہ کتب تفسیر میں: ﴿وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ﴾ (سورۂ احزاب، آیت: ۲) کے بعد قراءت اُبی رضی اللہ عنہ میں "وهو أب لهم بھی واقع ہے (۹۲) اس

---

(۹۲): **فى معالم التنزيل: قوله عزوجل: ﴿وأزواجه أمهاتهم﴾، وفى حرف أبى: وأزواجه وأمهاتهم وهو أب لهم وهن أمهات المؤمنين.** (معالم التنزيل، المعروف بتفسير البغوى، ج: ٦، ص: ٣١٩، ط، دار طيبة رياض)

لیے اشارہ کریمہ: ﴿وازواجہ امہاتھم﴾ سے اور تصریح قراءت ابیؓ سے ابوت روحانی مؤمنین کے لیے آنحضرت ﷺ کی ثابت ہوتی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج:۱۸،ص:۲۲۶، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

حضور ﷺ کو اپنا بڑا بھائی ماننا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضور ﷺ کو اپنا بڑا بھائی ماننا کیسا ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضرت نبی کریم ﷺ کے متعلق صرف یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ بھائی کے درجہ میں ہیں صحیح نہیں ہے: بلکہ حضور ﷺ اللہ کی طرف سے بھیجے ہوئے نبی ہیں، اس کا اعتقاد رکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے: البتہ باعتبار بشریت بنص حدیث حضور ﷺ کی بھائی کہنے کی گنجائش معلوم ہوتی ہے، مگر عرفاً اس کو معیوب سمجھا جاتا ہے۔

عن أبی ہریرۃ أن رسول اللّٰہ ﷺ أتی المقبرۃ، فقال: السلام علیکم دار قوم مؤمنین، وانا ان شاء اللّٰہ بکم لاحقوق، وددت أنا قد رأینا اخواننا، قالوا: أولسنا اخوانکم یا رسول اللّٰہ؟ قال: أنتم أصحابی، واخواننا الذین لم یأتوا بعد.

وفی الجامع لأحکام القرآن: ثم ان فی مصحف أبی بن کعب: وأزواجہ أمہاتھم وھو أب لھم. وقرأ ابن عباسؓ: من أنفسھم وھو أب لھم وأزواجہ أمہاتھم. (الجامع لأحکام القرآن، سورۃ الأحزاب، الآیۃ: ٦، ج: ١٧، ص: ٦٣، ط، مؤسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان)

الحدیث (مسند امام أحمد بن حنبل ۲/۳۰۰، رقم:۷۹۸۰، ۲/۴۰۸، رقم: ۹۲۸۱، مسلم شریف، باب استحباب اطالة الغرة...، النسخة الهندية ۱/۱۲۶، بيت الأفكار، رقم:۲۴۹، مسند البزار، مكتبه العلوم و الحكم ۱۵/۷۰، رقم: ۸۳۰۰، مشكوة ۱/۴۰)

عن عائشة رضی اللّٰه عنها أن رسول اللّٰه ﷺ كان فی نفر من المهاجرين والأنصار، فجاء بعير، فسجد له، فقال اصحابه: يا رسول اللّٰه! تسجد لک البهائم والشجر، فنحن أحق أن نسجد لک؟ فقال: اعبدوا ربكم واكرموا أخاكم. (مسند أحمد بن حنبل ۶/۷۶، رقم: ۲۳۹۵) فقط واللّٰه سبحانه وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۹۲، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

کیا نبی کریم ﷺ کا درجہ بڑے بھائی کے برابر ہے؟

﴿سوال﴾:

حضور اکرم ﷺ کا مرتبہ بڑے بھائی کے برابر ہے، وہ کس طرح سے ممکن ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حدیث پاک میں ارشاد ہے: "انا سيد ولد آدم ولا فخر" (۹۳). حضرت

---

(۹۳):وعن أبی سعيد رضی اللّٰه تعالی عنه، قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم : أنا سيد ولد آدم يوم القيامة ولافخر، وبيدی لواء الحمد ولافخر. وما من نبی يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائی، وأنا أول من تنشق عنه الأرض

نبی اکرم ﷺ کا مرتبہ اللہ پاک کے نزدیک اتنا بلند ہے کہ نہ کوئی فرشتہ کو پا سکتا ہے، نہ کوئی پیغمبر (۹۴)، پھر بڑے بھائی کے برابر کیسے ہوسکتا ہے؟ البتہ حضور ﷺ نے اس بلند مرتبہ

ولافخر. (مشكاة المصابيح، كتاب الفضائل والشمائل، باب فضل سيد المرسلين، الفصل الثاني، ص: ٥١٣، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

(۹۴):في الجامع لاحكام القرآن: وقد أشار ابن عباس الى هذا، فقال: ان اللّٰه فضل محمداً [صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم]على الأنبياء وعلى اهل السماء، فقالوا: بم يا ابن عباس فضله على اهل السماء؟ فقال: ان اللّٰه تعالى قال: ﴿ومن يقل منهم انى اله من دونه فذٰلک نجزيه جهنم كذلک نجزى الظالمين﴾ [الأنبياء: ۲۹]. وقال لمحمد صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم : ﴿انا فتحنا لک فتحا مبينا ليغفرلک اللّٰه ما تقدم من ذنبک وما تأخر﴾ [الفتح: ۱/۲]. وقالوا: فما فضله على الأنبياء؟ قال: قال اللّٰه تعالى: ﴿وما أرسلنا من رسول الا بلسان قومه ليبين لهم﴾ [ابراهيم: ۴]، وقال اللّٰه عز وجل لمحمد صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم: ﴿وما ارسلنک الا كافة للناس﴾ [سبأ: ۲۸]، فأرسل الى الجن والانس، ذكره أبو محمد الدارمى فى مسنده.وقال العلامة عبداللّٰه التركى فى حاشيته: وأخرجه أيضاً الطبرانى فى الكبير (۱۱۶۱۰)، وقال الهيثمى فى المجمع ۸/ ۲۵۵: رجاله رجال الصحيح غير الحكم بن أبان، وهو ثقة. (الجامع لاحكام القرآن، سورة البقرة، الآية: ٢٥٣، ج: ٤، ص: ٢٥٥، ٢٥٦، ط، مؤسسة الرسالة)

وفى الكوكب الأزهر: أن أفضل المخلوقات فى الدنيا والآخرة هو سيدنا محمد صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم الذى جمع كل خلال الخير ونعوت الكمال، وبعثته صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم عامة الجميع المكلفين، وأفضليته صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم على جميع المخلوقات مما أجمع عليه المسلمون لقوله صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم: "أنا أكرم الأولين والآخرين على اللّٰه ولا فخر". (الكوكب الأزهر شرح الفقه الاكبر، ص: ١٢٢)

وفي شرح الفقه الأكبر: والمعتقد المعتمد ان أفضل الخلق نبينا حبيب الحق

کے باوجود حضرت عمرؓ کو بھائی فرمایا ہے (۹۵) اور امت کو بھی بھائی فرمایا ہے جیسا کہ احادیث میں موجود ہے (۹۶)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۳۸۶)

❁❁❁

وقد ادعى بعضهم الاجماع على ذلک فقد قال ابن عباس رضى الله عنهما أن الله فضل محمدا على أهل السماء وعلى الانبياء وفى حديث مسلم والترمذى عن أنس رضى الله عنه أنا سيد ولد آدم يوم القيامة ولافخر. زاد أحمد والترمذى وابن ماجه عن أبى سعيد وبيدى لواء الحمد ولافخر وما من نبى يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائى وأن أول من تنشق عنه الارض ولافخر وأنا أول شافع وأول مشفع وروى الترمذى عن أبى هريرة رضى الله عنه ولفظه أنا أول من تنشق عنه الارض فاكسى حلة من حلل الجنة ثم أقوم عن يمين العرش وليس أحد من الخلائق يقوم ذلک المقام غيرى. (شرح الفقه الأكبر، مسئلة فى تفضيل بعض الانبياء على بعض، ص: ۱۰۲، ۱۰۳، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(وكذا فى النبراس شرح شرح العقائد، وافضل الانبياء محمد ﷺ، ص: ۲۸۶)

(وكذا فى النكت والفوائد على شرح العقائد، افضل الانبياء سيدنا محمد ﷺ، ص: ۵۷۹، ط، المكتبة العصرية بيروت لبنان)

(۹۵):وعن عمر بن الخطاب رضى الله عنه، قال: استأذنت النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم فى العمرة فأذن لى، وقال: أشركنا يا أخى! فى دعالک ولاتنسنا. فقال كلمة ما يسرنى أن لى بها الدنيا. رواه أبوداؤد، والترمذى، وانتهت روايته عند قوله: ولاتنسنا. (مشكاة المصابيح، كتاب الدعوات الفصل الثانى، ص: ۱۹۵، قديمى كتب خانه كراچى)

(۹۶):وعن أبى هريرة رضى الله تعالى عنه، أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم أتى المقبرة فقال: السلام عليكم دار قوم مؤمنين، وانا ان شاء الله بكم لاحقون، وددت أنا قد رأينا اخواننا. قالوا: أولسنا اخوانک يا رسول الله؟ قال: أنتم أصحابى، واخواننا الذين لم يأتو بعد.الخ. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، الفصل

نبی اکرم ﷺ کو صرف بھائی کا درجہ دینا

﴿سوال﴾:

کیا یہ صحیح ہے کہ اگر محنت کریں تو اولیاء اور انبیاء کے درجہ کو پہنچ سکتے ہیں، بعض صاحبان نے تو پیغمبران صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی نسبت لکھا ہے کہ وہ ہمارے بھائی ہیں، اس سے زائد اور کوئی فضیلت نہیں۔ خصوصاً سرکار مدینہ ﷺ کی شان میں بھی یہی الفاظ استعمال کرتے ہیں، کیا ایسا کہنا صحیح ہے؟ اگر صحیح ہے تو مولانا فرماتے ہیں:

ہمسری با انبیاء پرداختند
اولیاء را خویشتن پنداشتند

جب انبیاء صاحبان علیہم الصلاۃ والسلام کی شان بعید از قیاس ہے تو ان کا مقابلہ کرنے والا گمراہ ہے یا کافر؟ وہ دائرہ اسلام سے خارج ہے یا نہیں؟ بعض حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے حضرت محمد ﷺ کے پرتو عکس سے دوزخ جنت، حور وغلمان، آسمان وزمین اور کل کائنات پیدا کئے گئے ہیں، کوئی نماز یا اوراد بغیر درود شریف کے مقبول نہیں، پھر ان کا مقابلہ کرنا یا مثل ان کے اپنے کو سمجھنا درست ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

کوئی امتی کسی نبی کے درجہ کو نہیں پہنچ سکتا، ولایت کے اونچے مقامات پر پہنچا بعید نہیں مگر جو حضرات پہنچتے ہیں وہ دعویٰ نہیں کرتے اور تکبر نہیں کرتے، حضرت نبی اکرم ﷺ کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ وہ صرف بھائی کے درجہ میں ہیں، اس سے زیادہ ان کی کوئی فضیلت نہیں یہ غلط ہے، انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی شان میں توہین اور گستاخی کرنا کفر ہے (۹۷)، بلا تحقیق کسی کی طرف کوئی غلط عقیدہ منسوب کرنا درست نہیں، تہمت ہے۔ فقط

الثالث، ص: ٤٠، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۹۷):فی شرح العقيدة الطحاوی: قوله: (ولانفضل أحداً من الأولياء على

واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۳۸۷)

❁❁❁

أحد من الأنبياء، ونقول: نبی واحد أفضل من جميع الأولياء، ونؤمن بما جاء من كراماتهم وصح عن الثقات من رواياتهم)

لايبلغ ولی قط الی درجات النبی، لأن الولی تابع للنبی، والتابع درجته دون درجة المتبوع، ولأن كل نبی ولی، وليس كل ولی نبياً، ففی النبی اجتمعت النبوة والولاية فيكون أفضل من الولی.

وفيه رد لما يزعمه بعض جهلة الصوفية من ترجيح الولاية على النبوة.

ولأن النبی ﷺ قال: والله ما طلعت الشمس ولاغربت على أحد بعد النبيين أفضل من أبی بكر فهذا الحديث يقتضی أن أبا بكر الصديقؓ أفضل من جميع الأولياء الذين ليسوا بأنبياء، فاذا كان الصديق أفضل من الأولياء، فالأنبياء أولی. (شرح العقيدة الامام الطحاوی، بيان أن النبوة أفضل من الولاية والايمان بكرامات الأولياء، ص: ۱۵٦، ۱۵۷، ط، دارة الكرز)

وفی بيان السنة والجماعة: ولانفضل أحداً من الأولياء رضی الله عنهم على أحد من الانبياء صلوات الله تعالیٰ عليهم ونقول: نبی واحد أفضل من جميع الأولياء لأن الأنبياء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مكرمون بالوحی ومشاهدة الملک، ومأمورون بتبليغ الأحكام والارشاد للأنام بعد الاتصاف بكمالات الأولياء. فما نقل عن بعض الكرامية: جواز كون الولی أفضل من النبی كفر وضلال. (بيان السنة والجماعة، بحث: تفضيل الأنبياء على جميع الأولياء والايمان بكرامات الأولياء، ص: ۱۳۹، ط، دار الفكر دمشق سورية)

وفی الفتاوی التاتارخانية: من لم يقر ببعض الأنبياء عليهم السلام أو عاب نبيا بشیء أو لم يرض بسنة من سنن المرسلين عليهم السلام فقد كفر. (الفتاوی التاتارخانيه، كتاب أحكام المرتدين، الفصل السابع: فيما يعود الی الأنبياء عليهم السلام، ج:۷،ص:۳۰۵، ط، مكتبة زكريا، بديوبند، الهند/ وكذا فی مجمع الأنهر فی

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا بھائی کہنا کیسا ہے؟

﴿سوال﴾:

عن ابی اهريرةؓ ان رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالى عليه وسلم اتى المقبرة فقال السلام عليكم دار قوم مؤمنين وانا ان شاء اللّٰه بكم لاحقون وددت انا قد رأينا اخواننا قالوا او لسنا اخوانک يا رسول اللّٰه قال: انتم اصحابی واخواننا الذين لم يأتوا بعد فقالوا: كيف تعرف من لم يأت بعد من امتک يا رسول اللّٰه فقال ارأيت لو ان رجلاً له خيل غرمحجلة بين ظهری خيل دهم بهم الايعرف خيله قالوا: بلیٰ يا رسول اللّٰه قال: فانهم يأتون غرا محجلين من الوضوء انا فرطهم على الحوض (مسلم، مشكوة: ۱/ ٤٠، مسلم: ۲/ ۲۲۹، مسند احمد: ۱۷/ ۲٤٥، مؤطا مالك: ۱/ ۷٥ نسائی: ۱/ ۲٦۲)

سوال کیا مذکورہ بالا حدیث کے پیش نظر حضور اکرم صلی اللّٰہ تعالی علیہ وسلم کو کوئی امتی محبت وعقیدت کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنا بھائی کہہ سکتا ہے؟ کیا نبی صلی اللّٰہ تعالی علیہ وسلم کو اپنا بھائی کہنے والا شخص کافر یا واجب القتل یا کسی بھی اعتبار سے قابل ملامت ہے؟ جبکہ قرآن کریم میں سورۂ شعراء آیت نمبر ۱۰۲، ۱۲۳، ۱۴۲، ۱٦۱ میں خود اللہ تبارک وتعالی حضرت صالح (۹۸)، حضرت ہود (۹۹)، حضرت

شرح ملتقى الأبحر، كتاب السير والجهاد، باب المرتد، ج:۲ ، ص: ٥٠٦، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۹۸):قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: كذبت ثمود المرسلين. اذ قال لهم اخوهم صالح الا تتقون. (سورة الشعراء: ۱٤۱، ۱٤۲)

(۹۹):قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: كذبت عاد ِ المرسلين. اذ قال لهم اخوهم

لوط (۱۰۰)، حضرت نوح علیہم السلام (۱۰۱) کو اپنی اپنی قوموں کا بھائی کہہ رہا ہے۔ برائے کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل ومفصل جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضور اقدس ﷺ اللہ تعالیٰ کے بہت بڑے اور محبوب رسول ہیں، مخلوقات میں حضور اقدس ﷺ سے بڑھ کر کسی کا درجہ نہیں ہے (۱۰۲) اور ہمارے خوش قسمتی ہے کہ

هود الا تتقون. (سورة الشعراء: ۱۲۳، ۱۲۴)

(۱۰۰):قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: كذبت قوم لوط نِ المرسلين. اذ قال لهم لوط الا تتقون. (سورة الشعراء: ۱۶۰، ۱۶۱)

(۱۰۱):قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: كذبت قوم نوحِ نِ المرسلين. اذ قال لهم اخوهم نوح الا تتقون. (سورة الشعراء: ۱۰۵، ۱۰۶)

(۱۰۲):في شرح الفقه الأكبر: والمعتقد المعتمد ان أفضل الخلق نبينا حبيب الحق وقد ادعى بعضهم الاجماع على ذلک فقد قال ابن عباس رضى اللّٰه عنهما أن اللّٰه فضل محمدا على أهل السماء وعلى الانبياء وفي حديث مسلم والترمذى عن أنس رضى اللّٰه عنه أنا سيد ولد آدم يوم القيامة ولافخر. زاد أحمد والترمذى وابن ماجه عن أبى سعيد وبيدى لواء الحمد ولافخر وما من نبى يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائى وأن أول من تنشق عنه الارض ولافخر وأنا أول شافع وأول مشفع وروى الترمذى عن أبى هريرة رضى اللّٰه عنه ولفظه أنا أول من تنشق عنه الارض فاكسى حلة من حلل الجنة ثم أقوم عن يمين العرش وليس أحد من الخلائق يقوم ذلک المقام غيرى. (شرح الفقه الأكبر، مسئلة فى تفضيل بعض الانبياء على بعض، ص: ۱۰۲، ۱۰۳، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(وكذا فى النبراس شرح شرح العقائد، وافضل الانبياء محمد ﷺ، ص: ۲۸۶)

(وكذا فى النكت والفوائد على شرح العقائد، افضل الانبياء سيدنا محمد ﷺ، ص: ۵۷۹، ط، المكتبة العصرية بيروت لبنان)

آپ ﷺ ہمارے رسول اور ہم آپ ﷺ کے امتی ہیں آپ ﷺ کی جتنی عزت واحترام کی جائے کم ہے آپ ﷺ کی بے ادبی اپنے لئے ہلاکت ہے قرآن پاک میں آپ ﷺ کے ادب اور احترام کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے سورۂ احزاب میں اذیت پہونچانے سے (۱۰۳) سورۃ الحجرات میں حضور اقدس ﷺ کے سامنے حضور ﷺ سے زیادہ اونچی آواز سے بولنے سے (۱۰۴) سورۂ نور میں حضور اقدس ﷺ کو عام لوگوں کی طرح مخاطب کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے (۱۰۵) لہٰذا کسی بھی طرح قولا وفعلاً واعتقاداً حضور اقدس ﷺ کی توہین سے بچنا چاہئے۔

آپ نے سوال میں جو حدیث پاک لکھی ہے وہ حدیث شریف مشکوۃ شریف میں ص: ۴۰ پر مؤطا مالک میں ص: ۱۰ پر مسلم شریف میں ص: ۱/۱۲۷ پر ذکر کی گئی ہے۔ دوسری روایت جو حضرت عمرؓ سے عمرہ میں جاتے وقت ہے اور وہ بھی ترمذی شریف: ۲/۱۹۶ مشکوۃ شریف: ۱/۱۹۵ (۱۰۶) پر موجود ہے لیکن اس میں حضور اقدس ﷺ نے امتی کو بھائی کہا

---

(۱۰۳): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: وماکان لکم ان تؤذوا رسول اللّٰہ ولآ ان تنکحوا ازواجہٗ من بعدہٖ ابدا. ان ذٰلکم کان عنداللّٰہ عظیما. (سورۃ الاحزاب: ۵۳)

(۱۰۴): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: یایھا الذین آمنوا لاترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی ولاتجھروا لہ بالقول کجھر بعضکم لبعض ان تحبط اعمالکم وانتم لاتشعرون. (سورۃ الحجرات: ۲)

(۱۰۵): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: لاتجعلوا دعآء الرسول بینکم کدعآء بعضکم بعضا قد یعلم اللّٰہ الذین یتسللون منکم لواذا فلیحذر الذین یخالفون عن امرہٖ ان تصیبھم فتنۃ او یصیبھم عذاب الیم. (سورۃ النور: ۶۳)

(۱۰۶): وعن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنہ، قال: استأذنت النبی ﷺ فی العمرۃ فأذن لی، وقال: أشرکنا یا أخی! فی دعائک ولاتنسنا. فقال کلمۃ ما یسرنی أن لی بھا الدنیا. رواہ أبوداؤد، والترمذی، وانتھت روایتہ عند قولہ: ولاتنسنا. (مشکاۃ المصابیح، کتاب الدعوات الفصل الثانی، ص: ۱۹۵، قدیمی کتب

ہے، امتی نے حضور ﷺ کو بھائی نہیں کہا ہے۔ اس لئے استدلال صحیح نہیں۔ اخوت اور بھائی چارگی مختلف قسم کی ہوتی ہے (۱) نسبی اخوت (۲) ایک اخوت ایمان ہوتی ہے (۳) اخوت قومی (۴) اور اخوت وطنی (۵) اخوت عملی جیسے کہ حاجی بھائی وغیرہ وغیرہ۔

اس لئے اگر کوئی شخص حضور اقدس ﷺ کو بھائی کہتا ہے تو صرف اس لفظ کے کہنے کی وجہ سے کافر یا واجب القتل یا گستاخ رسول قرار دینا صحیح نہیں ہے۔ لیکن ہم آپس میں کسی کو بھائی کہتے ہیں تو اس وقت جو مساوات و برابری کا جذبہ ہوتا ہے حضور اقدس ﷺ اپنے درجہ و بزرگی کے اعتبار سے اس سے بہت بلند ہیں لہٰذا اگر کوئی کہے تو اس کو منع کیا جائے گا، آپ نے حضرت ہود، صالح علیہم السلام کے متعلق جو ذکر کیا ہے وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا فرمان ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو بھائی بتا رہے ہیں۔ اس لئے آئندہ اس قسم کے خطاب سے پرہیز کرنا چاہئے، اور فتنہ کے زمانہ میں فتنوں کو اور ہوا نہیں دینی چاہئے۔ باقی بخاری شریف میں بھی حضرت ابوبکرؓ نے حضور اقدس ﷺ کو انا اخوک کہہ کر اپنے آپ کو بھائی کہہ کر خطاب فرمایا ہے اور اس میں حضور اقدس ﷺ نے منع نہیں فرمایا۔ فقال له ابوبكر انا اخوك فقال انت اخي في دين الله الخ (۲/ ۷۶۰)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دینیہ، ج: ۱، ص: ۹۸ تا ۱۰۰/ فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۹۳، ۹۴، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

❁❁❁

انبیاء علیہم السلام کو ''بڑے بھائی'' کہنے کا مطلب؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ نے انبیاء واولیاء کو بڑا بھائی کہنے کی جسارت کی ہے، جیسا کہ ذیل کی عبارت سے واضح ہے، ملاحظہ فرمائیں:

خانه کراچی)

''یعنی تمام انسان آپس میں بھائی بھائی ہیں، جو بہت بزرگ ہو وہ بڑا بھائی ہے اس کی بڑے بھائی کی سی تعظیم کرو، باقی سب کا مالک اللہ ہے، عبادت اسی کی کرنی چاہئے، معلوم ہوا کہ جتنے اللہ کے مقرب بندے ہیں خواہ انبیاء ہوں یا اولیاء ہوں وہ سب کے سب اللہ کے بے بس بندے ہیں اور ہمارے بھائی ہیں، مگر حق تعالیٰ نے انہیں بڑائی بخشی تو ہمارے بڑے بھائی کی طرح ہوئے''۔ (تقویۃ الایمان ۷۰، مطبوعہ فیصل پبلی کیشنز دیوبند)

تو انبیاء کو بڑا بھائی کہنا درست ہے یا نہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

مذکورہ عبارت ''تقویۃ الایمان'' مطبوعہ عبدالغنی چاندنی چوک دہلی ص: ۹۵ پر موجود ہے، یہ بات حضرت نے مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث کا مطلب بیان کرتے ہوئے لکھی ہے، جس میں یہ مضمون ہے: کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے سرکار دو عالم ﷺ سے دریافت کیا: ''یارسول اللہ جب درخت اور چوپائے آپ کو سجدہ کرتے ہیں تو ہم لوگ آپ کو سجدہ کیوں نہ کریں؟'' اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: أعبدوا ربکم اؤ کرموا أخاکم اپنے رب کی عبادت کرو (یعنی سجدہ صرف اللہ ہی کے لئے کرو) اور اپنے دینی بھائی (یعنی رسول اکرم ﷺ) تعظیم کرو۔ (۱۰۷) (مشکوٰۃ المصابیح ۲۸۲)

---

(۱۰۷): وعن عائشۃ ؓ ان رسول اللہ ﷺ کان فی نفر من المهاجرین والانصار فجاء بعیر فسجد له فقال اصحابه یا رسول اللہ ﷺ تسجد لک البهائم و الشجر فنحن احق ان نسجد لک فقال اعبدوا ربکم واکرموا اخاکم ولو کنت اٰمرا احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأة ان تسجد لزوجها ولو امرها ان تنقل من جبل اصفر الی جبل اسود ومن جبل اسود الی جبل ابیض کان ینبغی لها ان تفعله. رواه احمد.

(مشکلۃ المصابیح، باب الخلع والطلاق، ص: ۲۸۲، ۲۸۳، ط، قدیمی کتب خانه

اب آپ خود ہی فیصلہ فرمالیں کہ مذکورہ عبارت میں آپ ﷺ کو بھائی کیوں کہا گیا ہے؟ دراصل حضرت شاہ صاحب کی عبارت میں حدیث سے ہٹ کر کوئی بات نہیں کہی گئی ہے، بلکہ حدیث ہی کے اتباع میں آپ ﷺ کو بھائی کہا گیا ہے۔

علاوہ ازیں آپ ﷺ کو بھائی کہنا یہ سوءادبی بھی نہیں ہے، اس لئے کہ قرآن کریم میں ہر نبی کو اپنی امت کا بھائی قرار دیا گیا ہے، ارشاد ربانی ہے۔

﴿وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا﴾[هود: ٥٠]

﴿وَاِلٰی مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا﴾[هود: ٨٤]

﴿وَاِلٰی ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صَالِحًا﴾[هود: ٦١]

﴿وَاِخْوَانُ لُوْطٍ﴾[ق: ١٣]

اسی طرح قرآن میں ہر مومن کو بھائی کہا گیا ہے: ﴿انما المومنون اخوة﴾۔ [الحجرات: ١٠]

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ نے اپنا بھائی فرمایا ہے، بخاری کی حدیث ہے:

عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما عن النبی ﷺ قال: لو كنت متخذا من أمتی خليلا لاتخذت أبابكر، ولكن أخی وصاحبی. (صحيح البخاری ١/٥١٦، رقم: ٣٥٢٧)

اور سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بھی آپ ﷺ نے بھائی فرمایا ہے، ترمذی شریف میں ہے:

عن عمر رضی اللّٰه عنه أنه استأذن النبی ﷺ فی العمرة، فقال: أی أخی أشركنا فی دعائك ولاتنسنا. (سنن الترمذی ٢/١٩٦)

کراچی)

اسی طرح بعد میں آنے والے تمام لوگوں کو آپ ﷺ نے بھائی فرمایا ہے:

وددت أننا قدر أينا اخواننا، قالوا: أولسنا اخوانک يا رسول اللّٰه! قال: أنتم أصحابی واخواننا الذين لم يأتوا بعد.

(صحيح مسلم ۱۲۷/۱، سنن النسائی ۱۹/۱، سنن ابن ماجة ۳۱۹)

ان تمام آیات واحادیث سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ کو بھی ایک دوسرے انسان کا بھائی قرار دینا قرآن وحدیث کے عین مطابق ہے۔ (مستفاد: تائید محمدی ضمیمہ تقویۃ الایمان ۱۰۸)

البتہ تاج دار مدینہ، سرکار دو عالم اور آقائے نام دار حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے متعلق یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ صرف بھائی کے درجہ میں ہی ہیں، ان سے زیادہ آپ کی کوئی اور فضیلت نہیں ہے، تو یہ نہ صرف یہ کہ غلط ہے، بلکہ نبی اکرم ﷺ کی شان میں گستاخی ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ڈابھیل ۳۸۸/۱)

اور شاہ اسماعیل شہیدؒ کی عبارت سے اس کا اشارہ بھی نہیں ملتا ہے، بلکہ اس کے بر خلاف وہ اسی عبارت سے متصل لکھتے ہیں:

''ہم کو ان کی فرماں برداری کا حکم ہے''۔

اور اسی کتاب کے ص: نمبر ۳ر پر رسول اللہ ﷺ کی تعریف کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''اس نے بے خبروں کو خبر دار کیا اور ناپاکوں کو پاک کیا اور جاہلوں کو عالم اور احمقوں کو عقل منداور راہ بھٹکے ہوؤں کو سیدھی راہ پر چلایا''۔

لہٰذا مذکورہ عبارت (جو سوال میں ہے) سے حضرت شاہ اسماعیل شہیدؒ کی طرف یہ نسبت کرنا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کا مرتبہ گھٹا دیا ہے، محض الزام اور بہتان نیز حقیقت کے بالکل خلاف ہے، وہ تو مسند الہند حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے صحیح وارث تھے، اور انہوں نے اپنی پوری زندگی اسلام کو فروغ دینے میں صرف کردی حتی کہ اسی راہ میں اپنی

جان قربان کردی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (کتاب النوازل، ج:۱،ص: ۲۷۰ تا ۲۷۳، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مرادآباد الہند)

تمام امتِ مسلمہ کو حضور ﷺ کے برابر سمجھنا

﴿سوال﴾:

ایک شخص جو کہ اپنے کو اور تمام امت مسلمہ کو حضور اکرم ﷺ کے برابر سمجھتا ہے کہتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے برابر تو سبھی لوگ ہو سکتے ہیں اور پیشاب کرنے کے بعد صرف پانی سے طہارت کر لیتا ہے تو ایسے شخص کو امام بنانا کیسا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

اگر وہ نفس مخلوق خدا اور بشر ہونے میں برابر سمجھتا ہے تو یہ عقیدہ درست ہے اور قرآن پاک حدیث پاک سے ثابت ہے (۱۰۸)، اگر وہ درجۂ قرب وفضیلت میں برابر سمجھتا ہے تو

---

(۱۰۸): قال اللّٰہ تبارک وتعالی: قل انما انا بشر مثلکم یوحیٰ الی انما الٰھکم الہ واحد فاستقیموا الیہ واستغفروہ وویل للمشرکین. (سورۃ حم السجدۃ: ٦)

وقال تعالیٰ: قل انما أنا بشر مثلکم یوحیٰ الیّ.الخ (سورۃ الکھف: ۱۱۰)

وقال تعالیٰ: قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولاً. (سورۃ بنی اسرائیل: ۹۳)

عن أنس بن مالکؓ قال: کانت عند أم سلیم یتیمة، وھی أم أنس، فرأی رسول اللّٰہ ﷺ الیتمیة فقال: انت ھیة؟ لقد کبرت، لاکبر سنک فرجعت الیتیمة الی أم سلیم تبکی، فقالت أم سلیم: ما لک؟ یا بنیة قالت الجاریة: دعا علی نبی اللّٰہ ﷺ أن لایکبر سنی، فالآن لایکبر سنی أبدا، أو قالت قرنی، فرجعت ام سلیم مستعجلة تلوث خمارھا، حتی لقیت رسول اللّٰہ ﷺ. فقال لھا رسول ما لک؟ یا أم سلیم! قالت: یا نبی اللّٰہ! أدعوت علی یتیمتی؟ قال: وما ذاک؟ یا ام سلیم! قالت:

اس کو توبہ لازم ہے، پیغمبر کے برابر کوئی امتی نہیں ہوسکتا (۱۰۹) اور حضرت نبی اکرم ﷺ

زعمت أنک دعوت أن لایکبر سنها ولایکبر قرنها، قال: فضحک رسول اللّٰہ ﷺ، ثم قال: یا أم سلیم! أما تعلمین أن شرطی علی ربی، أنی اشترطت علی ربی فقلت: انما انا بشر، أرضٰی کما یرضی البشر، وأغضب کما یغضب البشر، فأیما أحد دعوت علیه، من أمتی، بدعوة، لیس لها بأهل، أن تجعلها له طهورا وزکاة وقربة تقربه بها یوم القیامة. (صحیح مسلم، کتاب البر والصلة، باب من لعنه النبی ﷺ أو سبه أو دعا علیه، ولیس هو أهلا لذلك، کان له زکاة وأجرا ورحمة، ص: ۱۱۳۶، رقم: ۶۶۲۷، ط، دار السلام ریاض)

عن علقمة قال: قال عبداللّٰہ: صلی رسول اللّٰہ ﷺ ـ قال ابراهیم: زاد أو نقص ـ فلما سلم قیل له: یارسول اللّٰہ! أحدث فی الصلاة شیء؟ قال: وما ذاک؟ قالوا: صلیت کذا وکذا، قال فثنٰی رجلیه، واستقبل القبلة، فسجد سجدتین، ثم سلم، ثم أقبل علینا بوجهه فقال: انه لو حدث فی الصلاة شیء أنباتکم به، ولکن انما أنا بشر أنسی کما تنسون، فاذا نسیت فذکرونی، واذا شک أحدکم فی صلاته فلیتحر الصواب، فلیتم علیه، ثم یسجد سجدتین. (صحیح مسلم، کتاب المساجد ومواضع الصلاة، باب السهو فی الصلاة والسجود له، ص: ۲۳۰، رقم: ۱۲۷۴، ط، دار السلام ریاض)

وعن عائشة قالت کان رسول اللّٰہ ﷺ یخصف نعله ویخیط ثوبه ویعمل فی بیته کما یعمل احدکم فی بیته وقالت کان بشرا من البشر یفلی ثوبه ویحلب شاته ویخدم نفسه. رواه الترمذی. (مشکاة المصابیح، باب فی اخلاقه وشمائله، ص: ۵۲۰، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۱۰۹):فی بیان السنة والجماعة: ولانفضل أحداً من الأولیاء رضی اللّٰہ عنهم علی أحد من الانبیاء صلوات اللّٰہ تعالیٰ علیهم ونقول: نبی واحد أفضل من جمیع الأولیاء لأن الأنبیاء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة، مکرمون بالوحی ومشاهدة الملک، ومأمورون بتبلیغ الأحکام والارشاد للأنام بعد الاتصاف

کے برابر تو کوئی پیغمبر بھی نہیں ہوسکتا (۱۱۰)، چہ جائیکہ کوئی امتی برابری کا دعوی کرے

بكمالات الأولياء. فما نقل عن بعض الكرامية: جواز كون الولى أفضل من النبى كفر وضلال. (بيان السنة والجماعة، بحث: تفضيل الأنبياء على جميع الأولياء والايمان بكرامات الأولياء، ص: ۱۳۹، ط، دار الفكر دمشق سورية)

وفى شرح الفقه الأكبر: ومنها أن الولى لايبلغ درجة النبى لان الأنبياء عليهم السلام معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة مكرمون بالوحى حتى فى المنام وبمشاهدة الملائكة الكرام مأمورون بتبليغ الاحكام وارشاد الانام بعد الاتصاف بكمالات الاولياء العظام فما نقل عن بعض الكرامية من جواز كون الولى أفضل من النبى كفر وضلالة والخاد وجهالة. (شرح الفقه الأكبر، مسئلة فى أن الولى لايبلغ درجة النبى، ص: ۱۱۰، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(۱۱۰):فى شرح الفقه الأكبر:فمنها تفضيل بعض الانبياء على بعضهم وهو قطعى بحسب الحكم الاجمالى حيث قال اللّٰه تعالى تلك الرسل فضلنا بعضهم على بعض وقال اللّٰه تعالى ولقد فضلنا بعض النبيين على بعض أى بمزيد العلم اللدنى لابوفور المال الدنى وأما بحسب الحكم التفصيلى فالامر ظنى والمعتقد المعتمد ان أفضل الخلق نبينا حبيب الحق وقد ادعى بعضهم الاجماع على ذلك فقد قال ابن عباس رضى اللّٰه عنهما أن اللّٰه فضل محمدا على أهل السماء وعلى الانبياء وفى حديث مسلم والترمذى عن أنس رضى اللّٰه عنه أنا سيد ولد آدم يوم القيامة ولافخر. زاد أحمد والترمذى وابن ماجه عن أبى سعيد وبيدى لواء الحمد ولافخر وما من نبى يومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائى وأن أول من تنشق عنه الارض ولافخر وأنا أول شافع وأول مشفع وروى الترمذى عن أبى هريرة رضى اللّٰه عنه ولفظه أنا أول من تنشق عنه الارض فاكسى حلة من حلل الجنة ثم أقوم عن يمين العرش وليس أحد من الخلائق يقوم ذلك المقام غيرى. (شرح الفقه الأكبر، مسئلة فى تفضيل بعض الانبياء على بعض، ص: ۱۰۲، ۱۰۳، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(استغفر اللہ)۔ اگر کوئی شخص ایسا عقیدہ رکھتا ہے تو وہ ہرگز ہرگز امامت کے لائق نہیں(۱۱۱)۔

جوشخص پیشاب کے بعد ڈھیلے وغیرہ سے استنجاء نہیں کرتا بلکہ فوراپانی سے دھولیتا ہے تو ظن غالب یہ ہے کہ اس کا کپڑا ناپاک رہتا ہے، آج کل ڈاکٹروں اور طبیبوں کا تجربہ یہ ہے کہ پیشاب کے بعد عامۃ قطرہ ضرور آتا ہے اس لئے ایسے شخص کو امام نہ بنایا جائے۔ فقط واللہ تعالی اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۳۸۹،۳۹۰)

❁❁❁

---

(۱۱۱):**فی شرح العقائد: وتجوز الصلاة خلف كل بر وفاجر، لقوله عليه السلام: صلوا كل بر و فاجر. ولأن علماء الأمة كانوا يصلون خلف الفسقة، وأهل الهواء، والبدع، من غير نكير. وما نقل عن بعض السلف من المنع عن الصلاة خلف البدع فمحمول على الكراهة، اذ لا كلام فی كراهة الصلاة خلف الفاسق والمبتدع.هذا اذا لم يؤد الفسق أو البدعة الى حد الكفر، أما اذا أدى اليه فلا كلام فی عدم جواز الصلاة خلفه.** (شرح العقائد النسفية، الكلام فی العقائد المتفرقة، ص: ۳٦۹، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشی)

وفی نورالايضاح: وكره امامة العبد....والفاسق، والمبتدع.

وفی امداد الفتاح تحته: والمراد المبتدع الذی لاتكفره بدعته فان كفر بها لاتصح امامته كما قدمناه. (امداد الفتاح شرح نورالايضاح ونجاة الارواح، كتاب الصلاة، فصل فی الأحق بالامامة، وترتيب الصفوف، ص: ۳٤۲، ۳٤۳، ط، مكتبه رشيدية كوئٹه)

وفی ملتقى الأبحر: ويكره امامة العبد والأعرابی والأعمى والفاسق والمبتدع.

وفی مجمع الأنهر تحته: (والمبتدع) أی صاحب هوى لايكفر به صاحبه حتى اذا كفر أنه لم تجز أصلا. (مجمع الأنهر فی شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، ج: ۱، ص: ۱٦۲، ۱٦۳، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان/ رد المحتار على الدر

امتیوں کو بھائی کہنے والی روایت بیان کرنے والے کو گستاخ رسول کہنا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں شہر احمد آباد میں ایک عالم دین نے عوام کے درمیان اپنے ایک خطاب میں یہ فرمایا کہ: نبی کریم ﷺ نے امتیوں کو اپنا بھائی قرار دیا ہے، جن کے الفاظ حسب ذیل ہیں:

''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن حضور ﷺ مرحومین کو ایصال ثواب کرنے اور دعا مغفرت کے خاطر قبرستان میں تشریف لائے اور فرمایا: تم پر سلام ہو اے مومنین کی جماعت! ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں، میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ کاش اپنے بھائیوں یعنی قیامت تک آنے والے امتیوں کو دیکھ لیتا! حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یارسول اللہ! ہم آپ کے بھائی نہیں ہیں؟ آپ علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ: ''تم میرے صحابی ہو اور میرے بھائی وہ ہیں جو ابھی تک نہیں آئے''۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک مرتبہ عمرہ کے لئے روانہ ہونے لگے، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ: ''اے میرے چھوٹے بھائی ہم کو اپنی دعا میں شریک کرنا اور فراموش نہ کرنا''۔

مذکورہ بالا الفاظ کی بنا پر کچھ لوگوں نے ان عالم صاحب کو گستاخ رسول قرار دیا ہے، تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا حضور ﷺ کا خود کو اپنی امت کا بھائی کہنا حدیث سے ثابت ہے؟ اور کیا بھائی قرار دینے کی وجہ سے عالم مذکور کو گستاخ رسول اور نبی کریم ﷺ کی شان

المختار، كتاب الصلاة، باب الامامة، ج: ۲، ص: ۲۹۹، ط، دار عالم الكتب رياض/ الدر المنتقى فى شرح الملتقى على هامش مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، ج: ۱، ص: ۱۶۲، ۱۶۳، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

میں توہین کرنے والا قرار دیا جاسکتا ہے؟ مذکورہ سوالات کے جوابات مفصل اور مدلل عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

مذکورہ عالم صاحب نے اپنے بیان میں جو دو روایتیں پیش کی ہیں وہ صحیح سند سے ثابت ہیں، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت جس میں آپ نے قیامت تک آنے والے امتیوں کو "بھائیوں" سے تعبیر فرمایا ہے، یہ حدیث شریف مسلم شریف وغیرہ میں موجود ہے۔ اسی طرح سیدنا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو چھوٹا بھائی قرار دینے کی روایت صحیح سند سے متعدد کتب حدیث میں موجود ہے، اس لئے ان صحیح روایات کو بیان کرنے کی وجہ سے مذکورہ عالم دین کو گستاخ رسول قرار دینا اپنی کم علمی کی دلیل ہے۔

لیکن یہاں یہ واضح رہنا چاہئے کہ اس سے حقیقی بھائی نہیں، بلکہ دینی بھائی ہونا مراد ہے، اور یہ ظاہر ہے کہ اخوت دینی کہ اعتبار سے تمام مسلمان اہل ایمان اولین واخرین سب ایک دوسرے کے بھائی ہیں۔

خود قرآن پاک میں ارشاد ہے: ﴿انما المومنون اخوۃ﴾ اور ایک روایت میں نبی اکرم ﷺ نے اپنے جاں نثار یار غار خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو واضح طور پر "أخی فی الدین" (دینی بھائی) قرار دیا ہے، لہٰذا اس طرح کی اخوت پر کوئی اعتراض یا اشکال نہیں ہونا چاہئے۔

عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه ﷺ خرج الی المقبرة فقال: السلام عليكم دار قوم مؤمنين، وانا ان شاء اللّٰه بكم لاحقون، وودت انی قد رأيت اخواننا، قالوا: يارسول اللّٰه ألسنا اخوانک؟ قال: أنتم أصحابی، واخوانی الذين لم ياتو بعد وأنا فرطهم علی الحوض. (سنن النسائی ۱۹/۱، صحيح مسلم ۱۲۶/۱ - ۱۲۷، سنن ابن ماجة ۳۱۹)

ان عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنه استأذن النبی ﷺ فی عمرة، فأذن له، وقال: یا أخی أشرکنا فی دعائک ولا تنسأنا فی دعائک. (سنن أبی داؤد ۱/ ۲۱۰، سنن ابن ماجة ۲۰۸، شعب الایمان ۲/ ۱۵۰۶)

قال رسول اللّٰہ ﷺ: المسلم أخو المسلم. (مسند أحمد ۲/ ۹، صحیح البخاری ۱/ ۳۳۰، سنن الترمذی ۱/ ۲۶۳)

قال ﷺ: لو کنت متخذا من هذه الأمة خلیلا دون ربی عزوجل لاتخذت ابن أبی قحافة، أخی فی الدین، وصاحبی فی الغار. (مسند أحمد ۴/ ۴، سنن الترمذی ۲/ ۲۰۷) فقط واللّٰہ تعالی اعلم (کتاب النوازل، ج: ۱، ص: ۲۷۳ تا ۲۷۵، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مراد آباد الهند)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کے خدا کی طرف سے ہونے کا ثبوت

﴿سوال﴾:

آنحضرت ﷺ کے خدا کی طرف سے سچا پیغمبر ہونے کا کیا ثبوت ہے؟

﴿جواب﴾:

آنحضرت صلی اللّٰہ تعالی علیه وسلم نے کبھی مخلوق کی طرف سے کوئی بات نقل کرتے ہوئے بھی جھوٹ نہیں بولا، بلکہ ساری زندگی جو بات کہی، سچ کہی۔ بھلا ایسا شخص خدا کا نام لے کر کیسے جھوٹ بول سکتا ہے (۱۱۲)....؟ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱،

(۱۱۲): اخرج البخاری فی حدیث طویل أن هرقل قال لأبی سفیان: "فهل

ص:۱۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

کیا شیطان کا علم حضور ﷺ کے علم سے زیادہ ہے؟

﴿سوال﴾:

زید کہتا ہے کہ شیطان کا علم زیادہ ہے حضور اکرم ﷺ کے علم سے اور بکر کہتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کا علم زیادہ ہے، ان دونوں میں سے کس کا قول صحیح ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

شیطان ملعون کی کیا حیثیت ہے کہ اس کے علم کو زیادہ کہا جائے جب کہ حضرت رسول مقبول ﷺ کے علوم کی وہ شان ہے کہ سید الاولین والاخرین امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خالق کائنات جل شانہ نے شان نبوت کے لائق اپنی ذات وصفات اور امور اخروی سے متعلق اتنے علوم عطا فرمائے کہ دیگر تمام انبیاء وملائکہ اور تمام جن وبشر کے علوم کی حیثیت ان کے سامنے ایسی ہے جیسے بحر ناپیدا کنار کے سامنے ایک قطرہ کی ہوتی ہے اور یہ حق تعالیٰ کے عطا فرمانے سے ہے(۱۱۳)۔ حق تعالیٰ کا علم ذاتی ہے اور اس کے علم کے سامنے

كنتم تتهمونه بالكذب قبل أن يقول ما قال؟" (قال ابو سفيان) "قلت: لا"....(قال هرقل لأبي سفيان)"سألتك: هل كنتم تتهمونه بالكذب قبل أن يقول ما قال؟ فذكرت أن لا، فقد أعرف أنه لم يكن ليذر الكذب على الناس ويكذب على الله...الخ. (صحيح البخاري، كتاب بدء الوحي، باب بلاترجمة، ص: ۳، ٤، رقم: ۷، دار السلام رياض)

(۱۱۳): في الفتح: لأن قوله ﷺ "أنا أعلمكم بالله" ظاهر في أن العلم بالله درجات، وأن بعض الناس فيه أفضل من بعض، وأن النبي ﷺ منه في أعلى الدرجات والعلم بالله يتناول ما بصفاته وما بأحكامه وما يتعلق بذلك. (فتح الباري بشرح صحيح البخاري، كتاب الايمان، باب قول النبي ﷺ: أنا أعلمكم بالله الخ، ج: ۱، ص:

تمام مخلوقات کے علوم ایک قطرہ کی حیثیت بھی نہیں رکھتے (۱۱۴)، کیونکہ حق تعالیٰ کا علم غیر

۸۹)

وفی منحة الملک الجلیل: فقوله: "أعلم باللّٰه أنا"، یعنی أن الرسول أعلم الناس باللّٰه، وغیره أقل علما باللّٰه منه. (منحة الملك الجليل شرح صحيح محمد بن اسماعيل، كتاب الايمان، باب قول النبیﷺ: أنا أعلمكم باللّٰه، ج: ۱، ص: ۱۰۹، ط، دار التوحيد)

وفی المهند علی المفند: نقول باللسان ونعتقد بالجنان ان سیدنا رسول اللّٰهﷺ اعلم الخلق قاطبة بالعلوم المتعلقة بالذات والصفات والتشریعات من الاحکام العملیة والحکم النظریة والحقائق الحقة والاسرار الخفیة وغیرها من العلوم مالم یصل الی سرادقات ساحته احد من الخلائق لاملک مقرب ولانبی مرسل ولقد اعطی علم الاولین والاخرین وکان فضل اللّٰه علیه عظیما. (المهند على المفند، ص: ٤٥، ط، الميزان ناشرون وتاجرون كتب لاهور)

(وكذا فی امداد الفتاوی، كتاب العقائد والكلام، ج: ۱۲، ص: ٥٤٨، ط، زكريا بك ڈپو الهند/ ج: ٦، ص: ۳۱۲، ط، مكتبه دار العلوم كراچی)

(وكذا فی منحة الباری بشرح صحیح البخاری، كتاب الايمان، باب قول النبیﷺ أنا أعلمكم باللّٰه، ج: ۱، ص: ۱٦۳، ط، مكتبة الرشد)

(وكذا فی منار القاری شرح مختصر صحیح البخاری، كتاب الايمان، باب قول النبیﷺ أنا أعلمكم باللّٰه، ج: ۱، ص: ۱۰۲، ط، مكتبة دار البيان دمشق و مكتبة المؤيد المملكة العربية السعودية)

(۱۱۴):عن النبیﷺ قال: قام موسی النبی علیه السلام خطیبا فی بنی اسرائیل، فسئل أی الناس أعلم؟ فقال: أنا أعلم، فعتب اللّٰه علیه، اذ لم یرد العلم الیه، فأوحی اللّٰه الیه أن عبداً من عبادی بمجمع البحرین هو أعلم منک، قال: رب، وکیف لی به؟ فقیل له: احمل حوتا فی مکتل فاذا ففدته فهو ثم، فانطلق وانطلق بفتاه یوشع بن نون وحملا حوتا.....فانطلقا یمشیان علی ساحل البحر، لیس لهما

متناہی ہے، اور سب کے علوم کثرت کے باوجود متناہی ہیں، حضرات اکابر دیوبند کا یہی مسلک ہے۔(فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۳۷۵)

حضور ﷺ کا خود کو گرانے کا عزم اور اس کی تحقیق

﴿سوال﴾:

کیا آنحضرت ﷺ سے کوئی ایسی روایت ثابت ہے جس کا مضمون یوں ہو کہ ''میرا دل چاہتا ہے کہ اپنے آپ کو پہاڑ کی چوٹی سے گرادوں۔'' اگر یہ روایت آپؐ سے ثابت ہو تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ حضور ﷺ نے یہ ارادہ کب کیا تھا اور یہ کیسے ہوا؟ جبکہ خودکشی شریعت میں حرام ہے۔

﴿الجواب﴾:

یہ روایت بعض کتب حدیث میں موجود ہے، اور یہ واقعہ فترۃ الوحی کے زمانے میں پیش آیا تھا، اس روایت کو علامہ قسطلانیؒ نے امام زہریؒ سے یوں نقل کیا ہے:۔

وفترالوحی فترة حتیٰ حزن رسول اللّٰہ ﷺ زاده فی التعبیر من طریق معمر عن الزهریؒ فیما بلغنا حزنا غدا منه مراراً کی یتردیٰ من رؤس شواهق الجبال فکلما اوفی بذروة جبل لکی یلقی نفسه تبدیٰ له جبریل فقال یا محمد انک

سفینة فمرت بهما سفینة، فکلموهم أن یحملوهما فعرف الخضر فحملوهما بغیر نول، فجاء عصفور فوقع علی حرف السفینة فنقر نقرة أو نقرتین فی البحر، فقال الخضر: یاموسی ما نقص علمی وعلمک من علم اللّٰہ الا کنقرة هذا العصفور فی البحر...الخ. (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب مایستحب للعالم اذا سئل: أی الناس أعلم؟ فیکل العلم الی اللّٰہ، ص: ۳۱، ۳۲، رقم: ۱۲۲، ط، دار السلام ریاض)

رسول الله حق فيسكن لذلک جاشه وتقر نفسه فيرجع واما ارادته عليه السلام القا نفسه من رؤس شواهن الجبال فخرنا على مافاته من الامر الذى بشر به ورقة. (ارشاد الساری ج ۸ ص ٤٢٧ سورة اقراء باسم ربك الذى خلق۔ صحيح ابن حبان ج ۱ ص ۱۲۰۔ البداية ج ۳ ص ٤ باب كيف بدأ لوحى)

اور اس سے خودکشی ثابت نہیں ہوتی بلکہ یہ تو عشق ومحبت مع اللہ کا درجہ ہے، جیسے کہ ایک شخص کے دل میں تڑپ ہو کہ اللہ کی راہ میں قربان ہو جائے اور پھر جہاد کو چلے اور کفار کے ساتھ مقابلہ کرتے ہوئے آخر شہید ہو جائے تو اس کو خودکشی نہیں کہا جاتا جو باعث عتاب ہو بلکہ یہ باعث اجر ہوتی ہے، یا یہ ابتدائی وقت تھا جب خودکشی سے ممانعت نہیں ہوئی تھی۔

اور قاضی عیاضؒ نے اس وقت پر حمل کیا ہے جب حضور ﷺ نے توحید کی دعوت پیش کی تو کفار نے اسے جھٹلایا اور انکار کر بیٹھے جس پر حضور ﷺ نہایت غمگین ہوئے۔ چنانچہ "**فَلَعَلَّکَ بَاخِعٌ نَّفْسَکَ عَلٰی آثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا**". (سورة الكهف آيت ص ٦) میں بھی اس کی طرف اشارہ ہے۔

لما قال القسطلانى: وحمله القاضى عياضؒ على انه لما اخرجه من تكذيب من بلغه كقوله تعالىٰ: فعلك باخع..... الخ ولم يرد بعد شرع عن ذلک فيعترض به. (ارشاد الساری ض ۸ ص ٤٢٧ سورة اقرأ باسم ربك الذى خلق)(فتاوی حقانیه، ج: ۲، ص: ۱۹۹، ۲۰۰، ط، مكتبه سيد احمد شهيد اكوڑه خٹك/فتاوی محموديه، ج: ۱، ص: ۳۸۳، ۳۸٤)

کیا حضور ﷺ اللہ تعالیٰ کے مجبور محض اور محتاج بندے ہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے مجبور محض اور محتاج بندے ہیں یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

حضرت سید الکونین ﷺ اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیدا کردہ مقبول ترین اور سچے رسول ہیں، تمام انبیاء کے سردار ہیں (۱۱۵)، اللہ کے دربار میں آپ ﷺ مجبور اور محتاج ہیں، اللہ کے حکم کے تابع ہیں اور آپ ﷺ اللہ کی مرضی کے خلاف کوئی عمل نہیں کرتے تھے، ہمیشہ اللہ کو خوش کرنے کی کوشش فرماتے تھے۔

قُلْ لَا اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَاشَاءَ اللّٰهِ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ. [الأعراف: ۱۸۸]

اِنَّكَ لَاتَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِیْ مَنْ يَشَاءُ.

[قصص: ٥٦]

قُلْ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰى اِلَّیٓ اَنَّمَا اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ. [الكهف: ۱۱۰]

---

(۱۱۵):وعن أبی سعیدؓ، قال: قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: أنا سید ولد آدم یوم القیامة ولافخر، وبیدی لواء الحمد ولافخر. وما من نبی یومئذ آدم فمن سواه الا تحت لوائی، وأنا أول من تنشق عنه الأرض ولافخر. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل،باب فضل سید المرسلین، الفصل الثانی، ص: ۵۱۳، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

عن ابن عباسؓ سمع عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه یقول علی المنبر: سمعت النبی ﷺ یقول: لا تطرونی کما أطرت النصاری ابن مریم، فانما أنا عبده، فقولوا: عبد اللّٰہ ورسوله.

[صحیح البخاری، کتاب الأنبیاء، باب قول اللّٰہ: "واذکر فی الکتاب مریم"، النسخة الهندیة ۱/ ٤۹۰، رقم: ۳۳۲۹، ف: ۳٤٤٥، مسند البزار، مکتبه العلوم والحکم ۱/ ۲۹۹، رقم: ۱۹٤]فقط واللّٰہ سبحانه وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۹۰، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

کیا حضرت یوسف علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے زیادہ سخی تھے؟

﴿سوال﴾:

ایک شخص کہتا ہے کہ حضرت یوسف علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے سخاوت میں زیادہ تھے، یہ صحیح ہے یا غلط؟

﴿الجواب﴾:

یہ کہنا اس شخص کا کہ حضرت یوسف علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے سخاوت میں زیادہ تھے غلط ہے، آپ ﷺ نے فرمایا ہے: **أنا أجود الناس الحدیث.** کہ میں سب بنی آدم میں سے سخی تر ہوں (۱۱٦)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۴۰، ۲۴۱، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

(۱۱٦):عن ابن عباسؓ قال: کان رسول اللّٰہ ﷺ أجود الناس، وکان أجود ما یکون فی رمضان حین یلقاه جبریل، وکان یلقاه فی کل لیلة من رمضان فیدارسه

حضور اکرم ﷺ کی تمام دنیا کے لئے بعثت

﴿سوال﴾:

رسول اکرم ﷺ ساتویں صدی عیسوی میں ساری دنیا کے لئے مبعوث ہوئے تھے، ''ساری دنیا میں'' براعظم امریکا بھی شامل ہے مگر وہاں تک اسلام کی دعوت خود رسول اللہ ﷺ صحابہ کرم رضی اللہ عنہم بلکہ تابعینؒ، تبع تابعینؒ، اور اس کے بہت عرصہ بعد تک صوفیائے کرامؒ کے ذریعہ بھی نہیں پہنچی، تا آنکہ پندرہویں صدی میں امریکا دریافت ہوا، ساتوں صدی عیسوی سے پندرہویں صدی عیسوی تک آٹھ سو سال امریکا مکمل جہالت کی تاریکی میں ڈوبا رہا۔

امریکا کے قدیم باشندے، جنہیں ریڈانڈین کا نام دیا گیا، وہ مظاہر پرست ہی رہے، وہ حضرت نوح علیہ السلام کے کسی بیٹے کی اولاد ہیں؟ جیسا کہ ایشیائی اقوام کو سام کی، افریقی اقوام کو حام کی اور یورپی اقوام کو یافث کی اولاد تسلیم کیا گیا ہے۔

حضرت عقبہ بن نافعؓ نے جس وقت ''بحر ظلمات'' میں گھوڑا ڈال دیا اور زمین ختم ہوجانے پر حسرت کا اظہار کیا تھا، اس وقت بھی وہاں سے بہت دور امریکا کی سرزمین موجود تھی۔ سوال یہ ہے کہ حضور ﷺ کی نظر اور صحابہ کرامؓ اور صوفیائے عظامؒ کی بصیرت سے امریکا کیسے بچا رہا؟

القرآن، فلرسول الله أجود بالخير من الريح المرسلة. (صحيح البخاری، كتاب بدء الوحی، باب بلاترجمة، ص: ٣، رقم: ٦، ط، دار السلام رياض)

وعن أنس بن مالكؓ قال: قال رسول اللهﷺ: هل تدرون من أجود جوداً؟ قالوا: الله ورسوله أعلم. قال: الله أجود جوداً، ثم أنا أجود بنی آدم، وأجودهم من بعدی رجل علم علما فنشره، يأتی يوم القيامة أميرا وحده، أو قال: أمة واحدة. (مشكاة المصابيح، كتاب العلم، الفصل الثالث، ص: ٣٦، ٣٧، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

﴿الجواب﴾:

جب معلوم دنیا میں امریکا کا وجود ہی کسی کو معلوم نہ تھا تو وہاں دعوت پہنچانے کا بھی کوئی مکلّف نہیں تھا، اور جب امریکا دریافت ہوا وہاں دعوت بھی پہنچ گئی، جن امور کا آدمی مکلّف ہے اور جس پر اس سے قیامت کے دن باز پرس ہوگی، آدمی کو ان امور میں غور کرنا چاہئے، اور جن امور کا وہ مکلّف ہی نہیں ان میں غور فکر لایعنی اور بے مقصد ہے، جس کا کوئی نتیجہ نہیں۔ واللہ اعلم (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۷۱،۲۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

کیا حضور ﷺ پر زکوۃ فرض نہیں تھی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: فرضیت زکوۃ کے لئے جو نصاب شریعت میں متعین ہے، کیا وہ نصاب اگر نبی اکرم ﷺ کو حاصل ہوتا تو آپ ﷺ پر زکوۃ فرض نہ ہوتی؟ گزارش ہے کہ تفصیلی جواب عطا فرمائیں، کیوں کہ قبوری شریعت کے مالکان اعلیٰ حضرت بریلوی کی ذریت نے اس مسئلہ کو بڑے زور وشور سے اچھا لا ہے اور تقریباً ہر جلسہ میں اس مسئلہ کو اڑا رہے ہیں اور اس کے لئے دو عقلی دلیلیں ذکر کرتے ہیں:

(۱) زکوۃ مال کا میل کچیل ہوتا ہے اور نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کا مال بالکل پاک صاف، دودھ سے زیادہ صاف، لہٰذا آپ ﷺ پر زکوۃ نہیں۔

(۲) پوری کائنات نبی کریم علیہ الصلاۃ والسلام کی غلام ہے اور غلام کا مال اپنا مال ہوتا ہے، نتیجہ یہ ہوگا کہ اپنے جیب سے مال نکال کر خود اپنے ہی جیب میں مال ڈالنا لازم آئے گا، لہٰذا معلوم ہوا کہ نبی آخر الزماں محمد رسول اللہ ﷺ پر زکوۃ کبھی نہیں، اگر یہ دلیلیں

درست ہیں تو الحمد للہ ورنہ ان دلیلوں کا تشفی بخش رد فرمائیں اور قرآن وسنت وائمۂ اربعہ ومتفق علیہ علماء کی روشنی میں مسئلہ کی وضاحت فرمائیں، عین نوازش ہوگی۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

شریعت مقدسہ کے ہر احکام پر ہمیشہ سب سے پہلے صاحب شریعت سرور کائنات ﷺ نے عمل فرمایا ہے، نماز، روزہ، حج، زکوۃ یہ اسلام کے ارکان اور اساس ہیں، ان میں سے ہر ایک پر شدت کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی پاک ذات نے عمل فرمایا ہے، تو اگر نماز، روزہ، حج آپ کی ذات اقدس پر فرض ہوئے ہیں، تو مالک نصاب ہونے کے بعد زکوۃ کے فرض ہونے پر کیوں اشکال ہے؟ سب کا حکم قرآن مقدس کے ذریعہ سے نازل ہوا ہے، جس طرح قرآن کریم نے نماز، روزہ، حج کا پابند بنایا ہے، اسی طرح زکوۃ کا بھی پابند بنایا ہے، اب رہی مال کے پاک صاف ہونے کی وجہ سے اشکال؟ تو اس طرح کا اشکال نماز، روزہ، حج کے فرض ہونے پر بھی ہوتا ہے، کہ اللہ تعالیٰ نے دنیا ہی میں آپ سے سوال وجواب نہ ہونے اور جنت کے مقام محمود کی گارنٹی دے دی ہے، تو پھر نماز، روزہ، حج کی فرضیت اور پابندی کیوں ہوئی؟ تو جس طرح نماز، روزہ، حج کا حکم تھا اسی طرح زکوۃ کا بھی حکم رہا ہے۔ اور یہ جو کہا گیا ہے کہ ساری کائنات آپ ﷺ کی غلام ہے اور غلام کا مال اپنا مال ہوتا ہے، تو ایسی دلیل پیش کرنے والے نے کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ آپ ﷺ جب ان غلاموں سے کوئی چیز خریدتے تھے تو پوری قیمت دے کر ہی لیا کرتے تھے تو آپ ﷺ کیوں قیمت دے کر لیتے تھے، جب غلاموں کا مال اپنا ہی مال ہوتا ہے؟ اور قیمت دے کر خریدنے کی ذخیرۂ حدیث میں بے شمار روایات موجود ہیں (۱۱۷)۔ حدیث کی کتابوں کو دیکھ لیں، ہم

---

(۱۱۷):عن سماک بن حرب، حدثنا سوید ابن قیس قال: جلبت أنا ومخرفة العبدی بزاً من هجر فأتینا به مکة فجاء نا رسول اللہ ﷺ یمشی فساومنا بسراویل فبعناه وثم رجل یزن بالاجر، فقال له رسول اللہ ﷺ: زن وأرجح. (سنن أبی داؤد، کتاب البیوع، باب فی الرجحان فی الوزن والوزن بالأجر، ص: ٤٨٦، رقم: ٣٣٣٦، ط،

یہاں ایک روایت نقل کردیتے ہیں۔

عن أنس بن مالکؓ قال: نهينا أن نسأل ـ الى ـ فجاء رجل من أهل البادية، فقال: يا محمد! أتانا رسولک، فزعم لنا أنک تزعم أن الله أرسلک، قال: صدق ـ الى قال: وزعم رسولک أن علينا خمس صلوات فی يومنا وليلتنا، قال: صدق، قال: فبالذی أرسلک آللّٰه أمرک بهذا؟ قال: نعم، قال: وزعم رسولک أن علينا زكوة فی أموالنا، قال: صدق، قال: فبالذی أرسلک اللّٰه أمرک بهذا؟ قال: نعم. الحديث

(مسلم شريف، كتاب الايمان، باب بيان أركان الاسلام، النسخة الهندية ۱/ ۳۱، بيت الأفكار، رقم: ۱۲، ترمذی، أبواب الزكوة،

دار السلام رياض)

عن جابرؓ: أن النبیﷺ اشترى عبداً بعبدين. (سنن أبی داؤد، كتاب البيوع، باب فی ذلك اذا كان يداً بيد، ص: ٤٨٨، رقم: ٣٣٥٨، ط، دار السلام رياض)

وعن عروة بن أبی الجعد البارقی: أن رسول اللّٰهﷺ أعطاه ديناراً ليشترى له شاة، فاشترى له شاتين، فباع احداهما بدينار، وأتاه بشاة ودينار، فدعا له رسول اللّٰهﷺ فی بيعة بالبركة، فكان لو اشترى تراباً لربح فيه. رواه البخاری. (مشكاة المصابيح، كتاب البيوع، باب الشركة والوكالة، الفصل الأول، ص: ٢٥٤، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

وعن حكيم بن حزام: أن رسول اللّٰهﷺ بعث معه بدينار ليشترى له به أضحية، فاشترى كبشاً بدينار، وباعه بدينارين، فرجع فاشترى أضحية بدينار، فجاء بها وبالدينار الذی استفضل من الأخرى، فتصدق رسول اللّٰهﷺ بالدينار، فدعا له أن يبارک له فی تجارته. رواه الترمذی. وأبوداؤد. (مشكاة المصابيح، كتاب البيوع، باب الشركة والوكالة، الفصل الثالث، ص: ٢٥٤، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

باب ماجاء اذا أديت الزكوة، النسخة الهندية ۱/۱۳٤، دارالسلام، رقم: ٦١٩، رقم: ٦١٩، مسند البزار، مكتبة العلوم والحكم ۱۳/۳۲۲، رقم: ٦٢٨)فقط والله سبحانه وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۱۱۱تا ۱۱۳، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

کیا حضور ﷺ پر مہر دینا واجب تھا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: (سورۂ احزاب، آیت نمبر: ۵۰) مورخہ ۱۹/خون ۱۹۸۸ء کو یہ جوآزاد بہنوں کا مسئلہ میں نے آپ کے سامنے رکھا تھا اور آپ نے شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندیؒ کی تفسیر پڑھ کر پل بھر میں حل کردیا تھا، حقیقت میں یہ مسئلہ اتنا آسان نہیں جو چٹکی بجا کر حل ہوجائے، اگر ایسا ہوجاتا تو امت محمد ﷺ جو آپسی اختلاف کی بدولت تباہ برباد ہے، ایک ہوجاتی، دنیا کی حاکم ہوجاتی، جس دن یہ مسئلہ حل ہوجائے، یقین مانیں اس دن اماموں کی کھڑی کی ہوئیں فقہاء کی دیواریں ڈھ جائیں گی اور دنیا کا تختہ پلٹ جائے گا۔ تفسیر شیخ الہند جو آپ نے پڑھ کر سنائی وہ قطعی صحیح نہیں، انصاف نہیں کہ نبی ﷺ کے لئے بلامہر عورتیں یا بیویاں جائز اور حلال تھیں، اگر ایسا ہوتا آیت ابتداء میں یہ نہ کہتی کہ: ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ﴾ [الأحزاب: ۵۰] ”اے نبی ہم نے حلال کی تمہاری بیویاں جن کے مہر تم نے ادا کردیئے“۔ اس پہلے فقرے سے صاف واضح ہے کہ نبی ﷺ کے لئے وہی بیویاں حلال تھیں جن کے مہر انہوں نے ادا کردیئے، اور مہر ادا کئے بنا نبی ﷺ کے لئے کوئی بیوی حلال نہیں، بلکہ حرام ہے، نبی کے لئے وہ بیویاں جن کا مہر آپ نے ادا نہیں کیا، بیویاں

چاہے ملکیت میں ہوں یا آزاد بہنیں ہوں، یا پھر مومن عورت بیوی بنانے کے لئے مہر کا ادا کرنا نبی کے لئے ضروری ہے، لہٰذا کسی حالت میں نبی کے لئے بلا مہر عورتیں جائز اور حلال نہیں حرام ہیں، اس میں ملکیت ہے اور یہ کہ ﴿خَالِصَةً لَّكَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ﴾ سے ملحق فقرے ﴿وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ يَّسْتَنْكِحَهَا﴾ [الأحزاب: ۵۰] اور مومن عورت (اگر ان میں سے) جو ہبہ کر دے اپنا نفس نبی کو اگر ان میں سے جن سے نبی ارادہ کرے نکاح کا (حلال ہیں) یہ فقرہ مہروں کے متعلق ہرگز نہیں ہے، "وهبت نفسها" مہر و مہروں کی ادائے گی کو ہرگز نہیں کہتے، بلکہ نفس کے ہبہ کو کہتے ہیں، لہٰذا کسی بھی عالم کا یہ کہنا قطعی غلط اور بے بنیاد ہوگا کہ نبی کو مہر ادا کئے بغیر عورت حلال ہے، اللہ رب العالمین کو "وهبت نفسها" کے بجائے "وهبت اجورهن" استعمال کرنے میں کوئی مجبوری نہ تھی۔ اور "وهبت نفسها" میں حکمت ہے۔ اور آیت مندرجہ بالا سورۂ احزاب کی ایک مکمل آیت ہے، لہٰذا "خالصة لك من دون المؤمنين" اوپر والے ہر فقروں سے تعلق رکھتا ہے، اس آیت میں واضح طور پر نبی ﷺ کو اجازت ہے کہ وہ اپنی ملکیت یا آزاد بہنوں یا مومن عورت سے نکاح کرنا چاہیں تو وہ نکاح کر سکتے ہیں، یہ خاص اجازت نبی ﷺ کو ہے، اور مومن مسلمانوں کو نہیں حرام ہے، مسلمانوں کے لئے ملکیت اور آزاد بہنوں کے سلسلہ میں یہ شرط ہے کہ ملکیت وہ ہوں جو جہاد میں ہاتھ لگی ہوں اور آزاد بہنیں، وہ ہوں جو آپ کے ساتھ ہجرت کی ہوئی ہوں، سوال ہوا کہ اگر خالصۃ والی بات آیت و آیت کے ہر فقرے سے متعلق ہے تو مسلمانوں کو ملکیت اور مومن عورتوں سے نکاح کرنا حرام ہو جائے گا، سوال صحیح ہوگا، لیکن الجھن نہیں کیوں کہ "خالصۃ" والی بات اللہ فوراً کہتا ہے: ﴿قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْ اَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ﴾ [الأحزاب: ۵۰] واضح ہے۔ اور حکمت اس میں اشارہ ہے، سورہ نساء کی طرف: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ﴾ [النساء: ۲۳] کی طرف۔

میں نے آپ سے مصلحتاً جرح نہیں کی، اس لئے جرح نہیں کی کیوں کہ جو حضرات

(جنید صاحب وحاجی مختار صاحب) میرے ساتھ تھے، ان دونوں کی نظر میں آپ بہت بڑے ولی ہیں۔ اور مجھے یقین ہے کہ اس بات کا علم آپ کو بھی ہے، ان کے عقیدت مندانہ لہجے عمل سے آپ کیا ہیں اللہ بہتر جانے، لیکن آپ بہت کام کے ہیں، مجھے آپ کی سخت ضرورت ہے، جیسے موسیٰ کو ہارون کی ضرورت تھی، آپ دنیا کا تختہ پلٹ سکتے ہیں، بنی نوع انسان کو گمراہی سے بچا سکتے ہیں، اب وقت ہے قرآن واسلام کی اصلیت واضح کر دینے کا۔ فی امان اللہ آپ کا مدثر (مہدی) جواب کا منتظر۔

جواب از مفتی الطاف الرحمٰن صاحب حیات العلوم مراد آباد

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن علیہ الرحمہ کی تفسیر صحیح اور حق ہے، ایک ذی علم کے لئے عظیم فہم وادراک کی ضرورت ہے، آپ نے دراصل قرآن کی آیت کی تفسیر اپنی رائے سے کی ہے، جو کہ صریح البطلان ہے۔ اور آپ نے اپنے زور قلم میں فقہاء کرام وائمۂ عظام کو مورد الزام ٹھہرایا، یہ آپ کی انتہائی گستاخی اور بے ادبی ہے، ان ائمۂ کرام وفقہاء عظام کی توہین، فی الحقیقت دین مبین کی توہین ہے، بظاہر آپ کے قلم سے مترشح ہو رہا ہے کہ آپ قرآنیہ فرقہ سے یا اس سے متاثر ہیں۔ حدیث وفقہ کے جو کہ ہمارے دین محمد ﷺ کا بڑا سرمایہ ہے، جس کے بغیر دین مکمل نہیں۔ اس حدیث وفقہ کے آپ منکر ہیں ''العیاذ باللہ'' فہم قرآن کے لئے مختلف علوم وفنون کی ضرورت ہے، وہ علوم خادم قرآن اور وسیلۂ علم قرآن ہیں، جن میں لغت، صرف، نحو، بلاغت، ادب، حدیث، فقہ وتاریخ وغیرہ شامل ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان علوم سے آپ کو بالکل مس اور لگاؤ نہیں۔ اور آپ اتنے بڑے جری ہو گئے کہ آپ نے اپنی ذہن سے قرآن کا مفہوم سمجھ لیا، جب کہ صحابۂ کرام، تابعین اور تبع تابعین وائمۂ کرام وفقہاء عظام اور اسلاف محتاج ہیں، قرآن پاک کے سمجھنے میں حدیث پاک اور ارشاد نبوی ﷺ کے، بہر حال زیادہ تفصیل میں نہیں جاتا، اولاً آپ تائب

ہوجائے کہ آئندہ اپنی رائے سے قرآن پاک کی تفسیر نہیں کروں گا، بلکہ محمد الرسول اللہ ﷺ کی رائے کو مقدم سمجھوں گا اور صحیح سمجھوں گا، اس کے بعد میں آپ کو واضح کرنا چاہتا ہوں کہ قرآن پاک میں جو لفظ "وهبت نفسها" آیا ہے، اس میں ہبہ کا فاعل عورت کو مانا گیا۔ اور "ہبہ" کے اصطلاحی معنی یہ ہیں: "الهبة تمليك العين بلاعوض" جس کے معنی ہیں: کسی چیز کا مالک بنانا بغیر کسی عوض اور بدلہ کے۔ لہٰذا جب ہبہ کے مفہوم میں ہی عوض نہیں ہے، تب پھر کسی طرح سے اس کے دوسرے معنی اپنی عقل سے مہر کے نکالنا صحیح ہوگا؟

دوسرے یہ کہ رسول پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کچھ خصوصیات ہیں جو کہ آپ کی ذات کے لئے مخصوص ہیں، اس میں سے یہ بھی ہے، مثلاً آپ کے لئے اور آپ کے خاندان والوں کے لئے زکوۃ کا حرام ہونا (۱۱۸)۔ اور آپ کی میراث کا وارثین میں تقسیم نہ ہونا (۱۱۹)، آپ کے لئے چار سے زائد بیویوں کا حلال ہونا (۱۲۰)، بیویوں کے

---

(۱۱۸): وعن عبدالمطلب بن ربيعة، قال: قال رسول اللّٰه ﷺ ان هذه الصدقات انما هي أوساخ الناس، وانها لاتحل لمحمد، ولا لآل محمد. رواه مسلم. (مشكاة المصابيح، كتاب الزكاة، باب من لاتحل له الصدقه، الفصل الاول، ص: ١٦١، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۱۱۹): في تفسير ابن كثير: أنه قد ثبت في الصحيحين من غير وجه: أن رسول اللّٰه ﷺ قال: لانورث ماتركنا فهو صدقة. وفي رواية عند الترمذی باسناد صحيح: نحن معشر الأنبياء لانورث. (تفسير ابن كثير، سورة مريم، الآية: ٦، ج: ٥، ص: ٢١٢، ٢١٣، ط، دارطيبة)

(۱۲۰): في تفسير ابن كثير: قال الشافعي: وقد دلت سنة رسول اللّٰه ﷺ المبينة عن اللّٰه أنه لايجوز لأحد غير رسول اللّٰه ﷺ أن يجمع بين أكثر من أربع نسوة.

وهذا الذی قاله الشافعی رحمه اللّٰه، مجمع عليه بين العلماء، الا ما حكی عن طائفة من الشيعة أنه يجوز الجمع بين أكثر من أربع الی تسع. وقال بعضهم:

درمیان باری کا ضروری نہ ہونا (۱۲۱)، اپنے نفس کو ہبہ کرنے والی عورت سے بلا مہر نکاح کرنا

بلاحصر. وقد يتمسک بعضهم بفعل النبیﷺ في جمعه بين أكثر من أربع الى تسع كما ثبت في الصحيحين، وأما احدى عشرة كما جاء في بعض ألفاظ البخاری. وقد علقه البخاری، وقد روينا عن أنس ان رسول اللهﷺ تزوج بخمس عشرة امراة، ودخل منهن بثلاث عشر، واجتمع عنده احدى عشرة ومات عن تسع. وهذا عند العلماء من خصائص رسول اللهﷺ دون غيره من الأمة. (تفسير ابن كثير، سورة النساء، الآية: ۳، ج: ۲، ص: ۲۰۹، ط، دار طيبة)

وفي الجامع لاحكام القرآن: اعلم أن هذه العدد: مثنى وثلاث، ورباع، لايدل على اباحة تسع، كما قاله من بعد فهمه للكتاب والسنة...وأما ما أبيح من ذلک للنبیﷺ، فذلک من خصوصياته، على ما يأتي بيانه في الاحزاب. (الجامع لاحكام القرآن، سورة النساء: ۳، ج: ٦، ص: ۳۳، ۳٤، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(۱۲۱):قال اللّٰه تبارک وتعالى: ترجي من تشآء منهن وتؤيٓ اليک من تشآء ومن ابتغيت ممن عزلت فلاجناح عليک ذٰلک ادنٰى ان تقر اعينهن ولايحزن ويرضين بمآ اٰتيتهن كلهن واللّٰه يعلم ما في قلوبكم وكان اللّٰه عليما حليما. (سورة الاحزاب: ۵۱)

وفي الجامع لأحكام القرآن: واختلف العلماء في تأويل هذه الآية، وأصح ما قيل فيها: التوسعة على النبیﷺ في ترک القسم، فكان لايجب عليه القسم بين زوجاته. وهذه القول هو الذي يناسب ما مضى، وهو الذي ثبت معناه في الصحيح عن عائشة رضي اللّٰه عنها، قالت: كنت أغار على اللائي وهبن أنفسهن لرسول اللهﷺ وأقول: أوتهب المرأة نفسها لرجل؟ فلما أنزل اللّٰه عزوجل: ﴿ترجي من تشاء منهن وتؤيٓ اليک من تشآء ومن ابتغيت ممن عزلت﴾ قالت: قلت: واللّٰه ما أرى ربک الا يسارع في هواک. قال ابن العربي: هذا الذي ثبت في الصحيح هو الذي ينبغي أن يعول عليه. والمعنى المراد: هو أن النبیﷺ كان مخيراً في أزواجه، ان شاء أن يقسم قسم، وان شاء أن يترک القسم ترک. فخص النبیﷺ بأن جعل

وغیرہ وغیرہ (۱۲۲)۔ یہی وجہ ہے کہ ۷ھ میں حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا نے اپنے آپ کو رسول اللہ ﷺ کے لئے ہبہ بغیر مہر کے کیا، مگر آپ نے اپنی شان عالی کی بنا پر بعد میں بغیر ان کی خواہش اور مطالبہ کے ان کو مہر عطا فرمایا (۱۲۳)۔ امید ہے کہ آپ ان جوابات

الأمر اليه فيه، لكنه كان يقسم من قبل نفسه دون فرض ذلک عليه، تطييباً لنفوسهن، وصونا لهن عن أقوال الغيرة التی ترقی الی ما لاينبغی. (الجامع لاحكام القرآن، سورة الأحزاب، الآية: ٥١، ج: ١٧، ص: ١٩٠، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(۱۲۲):فی الدرالمنثور: وأخرج عبدالرزاق، وعبد بن حميد وعن ابن شهاب قال: لايحل لرجل أن يهب ابنته بغير صداق، قد جعل الله ذلک للنبیﷺ خاصة دون المؤمنين. (الدرالمنثور فی التفسير بالمأثور، سورة الأحزاب، الآية: ٥٠، ج: ١٢، ص: ٨٨)

وفی التفسير المأمون: قال قتادة: ليس لامرأة أن تهب نفسها بغير أمر ولی ولا مهر، الا للنبی، كانت له خالصة من دون الناس. (التفسير المأمون، سورة الأحزاب، الآية: ٥٠، ج: ٦، ص: ١٩٥)

وفی الجامع لاحكام القرآن: خص الله تعالیٰ رسوله فی أحكام الشريعة بمعان لم يشاركه فيها أحد. فی باب القرض والتحريم والتحليل. مزية علی الأمة وهيبة له، ومرتبة خص بها، ففرضت عليه أشياء ما فرضت علی غيره، وحرمت عليه أفعال لم تحرم عليهم، وحللت له أشياء لم تحلل لهم، منها متفق عليه، ومنها مختلف فيه.....وأما ما أحل لهﷺ فجملته ستة عشر:...السابع: النكاح بغير صداق.(الجامع لاحكام القرآن، سورة الأحزاب، الآية: ٥٠، ج: ١٧، ص: ١٨٥، ١٨٦، ١٨٧، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(وكذا فی التفسير المأمون علی منهج التنزيل والصحيح المسنون، سورة النساء، الآية: ٣، ج: ٢، ص: ١٨٥)

(۱۲۳):فی الاصابة: وقال ابن سعد: حدثنا محمد عمر، وأنبأنا ابن جريج،

سے مطمئن ہوں گے، ورنہ خدا آپ سے خود پوچھ لے گا اور جواب طلب کرے گا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

مفتی الطاف الرحمٰن

۱۴۰۸/۱۱/۱۷ھ

❁❁❁

جواب از مفتی شبیر صاحب، مفتی مدرسہ شاہی مراد آباد

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

''ہبہ'' کے معنی عربی زبان میں بلاعوض مالک بنانے اور اختیار میں دے دینے کے ہیں۔

" **الهبة تمليک العين بلاعوض**" [قواعد الفقه، أشرفی ديوبند ۵۵۰]

" **الهبة تمليک فی الحياة بغير عوض**" [لغة الفقهاء، كراچی ۴۹۲]

عن أبی الزبير، عن عكرمة أن ميمونة بنت الحارث وهبت نفسها لرسول اللّٰہ ﷺ. وعن محمد بن عمر، عن موسی بن محمد بن عبدالرحمٰن، عن أبيه، عن عمرة، قال: قيل لها ان ميمونة وهبت نفسها: فقالت: تزوجها رسول اللّٰہ ﷺ علی مهر خمسمائة درهم، وولی نكاحه اياها العباس. (الاصابة فی تميز الصحابة، كتاب النساء، حرف الميم، ج: ۸، ص: ۳۲۳، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفی اعلام النساء: وقال ابن شهاب: هی التی وهبت نفسها للنبی ﷺ وكذلک قال قتادة. وقال: وفيها نزلت (وامرأة مؤمنة ان وهبت نفسها للنبی) الآية فقال ابن عبد البر وقول ابن شهاب الصواب. (أعلام النساء فی عالمی العرب والاسلام، ج: ۵، ص: ۱۳۸، ۱۳۹، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

اور باب نکاح میں عورت کے اپنی ذات کو مرد کے اختیار میں دینے کے عوض میں جو متعین مقدار مال مرد کی طرف سے عورت کو دیا جاتا ہے، اس کو مہر کہتے ہیں۔ اب قرآن کریم میں "وهبت نفسها" کا معنی ہی صحیح ہوسکتا ہے کہ جب بلا مہر حضور ﷺ کے ملک نکاح میں دینا مراد ہو، اب آیت کریمہ کے دونوں ٹکڑوں میں تطبیق کی صورت یوں ہوگی کہ جن بیویوں سے آپ ﷺ نے نکاح فرمایا ہے وہ دو قسم پر ہیں:

(۱) وہ بیویاں جن سے آپ نے از خود اقدام کر کے نکاح فرمایا ہے، انہوں نے اپنے کو آپ کے ہاتھ ہبہ نہیں کیا۔

(۲) وہ مومنہ بیوی جنہوں نے اپنی ذات کو آپ کے ہاتھ ہبہ کر دیا۔ اول الذکر بیویوں کے لئے آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر ان کا مہر ادا کرنا تمام مومنین کی طرح واجب تھا، اسی طرف اللہ تعالیٰ نے: ﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ﴾ [الأحزاب: ۵۰] کے ٹکڑے سے اشارہ فرمایا ہے۔ اور موخر الذکر بیویوں کے لئے مہر ادا کرنا آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر واجب نہیں تھا، یہ آپ ﷺ کی باب نکاح میں سات خصوصیات میں سے ایک خصوصیت ہے، اسی کو اللہ تعالیٰ نے: ﴿وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا﴾ [الأحزاب: ۵۰] کے ٹکڑے سے بیان فرمایا ہے، اسی طرح آنحضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نکاح خاص طور پر مومنہ عورتوں کے ساتھ صحیح تھا، کافرہ، کتابیہ کے ساتھ نہیں، بخلاف عام مؤمنین کے کہ ان کے لئے کافرہ کتابیہ کے ساتھ نکاح صحیح اور درست ہے، اس لئے الجھن میں پڑنے کی ضرورت نہیں ہے۔

فلما أخبر في هذه الآية أن ذلك كان خالصاله دون المؤمنين مع اضافة لفظ الهبة الى المرأة دل ذلك على أن ما خص به النبي ﷺ من ذلك، انما هو استباحة البضع بغير بدل، لأنه لو كان المراد اللفظ لماشاركه فيه غيره، لأن ما

كان مخصوصا به وخالصا له، فغير جائز أن تقع بينه وبين غيره فيه شركة حتى يساويه فيه اذا كانت مساواتهما في الشركة تزيل معنى الخلوص والتخصيص. (أحكام القرآن للجصاص، سورة الأحزاب، ٥٢، مكتبه سهيل الكيڈمی لاهور ٣٦٦/٣)

مزید تفصیل ذیل کے حوالوں میں مطالعہ فرمائیں:

(أحكام القرآن للعلامه تهانوی ٥/ ٤٤٦، أحكام القرآن للجصاص، سورة الأحزاب، ٥٢، مطبه سهيل اكيڈمی لاهور ٣٦٥/٣، معارف القرآن، سورة الأحزاب، ٥٢، مكتبه اشرفی ديوبند ١٨٦/٧ تا ١٩٥/٧، تفسيرروح المعانی، سورة الأحزاب، ٥٢، جز: ٢٢، مكتبه زكريا ٩٤/١٢، تفسير خازن، سورة الأحزاب: ٥٢، مطبع دارالمعرفة بيروت ٤٧٣/٣، مدارك ٤٧٣/٣)فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسميه، ج: ٢، ص: ١١٣تا١١٩،ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

❁❁❁

کیا حضور ﷺ پر عورتوں سے پردہ فرض تھا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عورتوں کو پردہ ضروری اور فرض تھا یا نہیں؟

﴿الجواب وباللّٰه التوفيق﴾:

حضور اکرم ﷺ پر عورتوں سے پردہ فرض تھا یا نہیں؟ اسی طرح عورتوں پر

حضور ﷺ سے پردہ فرض تھا یا نہیں؟ اس بارے میں کوئی صریح روایت بندہ کی نظر سے نہیں گذری، البتہ پردہ کا مدار فتنہ پر ہے۔ اور آپ ﷺ سے اس کا وہم وگمان بھی نہیں ہوسکتا، اس لئے آپ ﷺ پر پردہ فرض ہونے کی بات سمجھ میں نہیں آتی، البتہ اتنی بات صراحت سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ بیعت کے وقت عورتوں سے مصافحہ نہیں فرماتے تھے۔

فقال رسول اللّٰہ ﷺ: انی لا أضافح النساء، انما قولی لمائة امرأة کقولی لامرأة واحدة. الحدیث (نسائی شریف، کتاب قسم الفیء، باب بیعة النساء، النسخة الهندیه ۲/ ۱۸۳، دارالسلام، رقم: ٤١٨٦، المستدرك، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز ۸/ ۲٤۸۱، رقم: ٦٩٤٦)فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۱۱۹، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

حضور ﷺ کے سینہ چاک ہونے کی تحقیق

﴿سوال﴾:

جناب رسالت مآب ﷺ سینہ اقدس کو چیر کر اندر کے حصہ کو دھونے اور پھر رکھ کر سینے کا ذکر متعدد کتب میں لکھا ہے۔ کیا کسی اور نبی کا سینہ بھی اسی طرح چاک کیا گیا تھا؟ اور اس طرح چیرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی؟ حضور ﷺ نے فرمایا "**کنت نبیا و آدم بین الماء والطین** اور اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے **لولاک لما خلقت الافلاک** ظاہر ہوا کہ حضور علیہ السلام روز ازل سے ہی نبی تھے۔ اور جب نبی تھے تو یقیناً پاک بھی ہوں گے۔ پھر سینہ کس لئے چیرا گیا۔ اگر الم نشرح لک صدرک کا مطلب سینہ چیرنا ہے تو پھر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی خدا کے حضور عرض کی تھی۔ رب اشرح لی صدری۔ مگر یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بھی سینہ چاک کر کے دھویا گیا۔ اور سیا گیا۔ براہ کرم اس روایت پر روشنی ڈالیں۔

﴿الجواب﴾:

شق صدر کی روایات صحیح ہیں۔ امام بخاریؒ وامام مسلمؒ وغیرہما نے اپنی اپنی کتاب میں ان روایات کو نقل فرمایا ہے(۱۲۴)۔ پس توہمات ذہنیہ کی بناء پر انکار کرنا خلاف تحقیق ومنافی دیانت امر ہے۔ دلائل سے جب اس کا وقوع ثابت ہے تو صرف اس بناء پر اس کا انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اس کی ضرورت ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ واقعہ ہو چکا ہماری سمجھ میں آئے تو بھی

---

(۱۲۴):**عن قتادة، عن أنس بن مالک، عن مالک بن صعصعة، أن النبی ﷺ حدثهم عن ليلة أسری به: بينما أنا فی الحطيم۔ وربما قال فی الحجر۔ مضطجعاً اذ أتانی آت، فشق ما بين هذه الی هذه. يعنی من ثغرة نحره الی شعرته فاستخرج قلبی، ثم أتيت بطست من ذهب مملوء ايماناً، فغسل قلبی، ثم حشی، ثم أعيد۔ وفی رواية: ثم غسل البطن بماء زمزم، ثم ملیء ايمانا وحكمة۔ ثم أتيت بدابة دون البغل وفوق الحمار، أبيض يقال له: البراق.الخ.** (مشكلة المصابيح، كتاب الفضائل، والشمائل، باب فی المعراج، الفصل الأول، ص: ٥٢٦، ط، قديمی كتب خانه كراچی/ صحيح البخاری، كتاب مناقب الأنصار، باب المعراج، ص: ٧٩٤، ٧٩٥، رقم: ٣٨٨٧، ط، دار السلام رياض/ صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الاسراء برسول الله ﷺ الی السموات وفرض الصلوات، ص: ٨٤، رقم: ٤١٥، ط، دار السلام رياض)

عن أنس بن مالک، أن رسول الله ﷺ أتاه جبريل عليه السلام وهو يلعب مع الغلمان، فاخذه فصرعه فشق عن قلبه، فاستخرج القلب، فاستخرج منه علقة، فقال: هذا حظ الشيطان منک، ثم غسله فی طست من ذهب بماء زمزم، ثم لأمه، ثم أعاده فی مكانه، وجاء الغلمان يسعون الی امه۔ يعنی ظئره۔ فقالوا: ان محمداً قد قتل، فاستقبلوه وهو منتقع اللون.

قال انسؓ: وقد كنت أری اثر ذلک المخيط فی صدره. (صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الاسراء برسول الله ﷺ الی السموات وفرض الصلوات، ص: ٨٣، ٨٤، رقم: ٤١٣، ط، دار السلام رياض)

اور نہ آئے تو بھی۔ روزمرہ کی زندگی میں بھی بعض واقعات ایسے پیش آجاتے ہیں کہ عقل انسانی نہ ان کی ضرورت کی قائل ہوتی ہے اور نہ ان کی کوئی توجیہ کر پاتی ہے۔ لیکن عقل انسانی کی اس درماندگی سے واقعہ کے ہوجانے پر کیا اثر پڑسکتا ہے۔ یہ ہونا اب نہ ہونے سے تو نہیں بدلا جاسکتا ہے۔

الف: اس میں اختلاف ہے کہ شق صدر آنحضرت علیہ السلام کے ساتھ ہی خاص ہے یا دیگر انبیاء علیہم السلام کا بھی شق صدر ہوا۔

واختلف هل كان شق صدره وغسله مختصابه او وقع بغيره من الانبياء وقد وقع للطبرانی فی قصة تابوت بنی اسرائيل ان كان فيه الطست التی يغسل فيه قلوب الانبياء وهذا مشعر بالمشاركة. (فتح الملهم: ج،۱: ص، ۳۲۳)(۱۲۵).

ب: ضرورت بروایت صحیح مسلم یہ ہے۔

فاستخرج القلب، فاستخرج منه علقة(۱۲۶) الحديث (ج ۱ : ص ۳۲۳) قلب مبارک دھویا گیا اور اس میں ایمان وحکمت بھر دیا گیا۔ روایت کے الفاظ یہ ہیں۔

ثم جاء بطست من ذهب ممتلیء حكمة وايمان

---

(۱۲۵):(فتح الملهم بشرح صحيح الامام مسلم، كتاب الايمان، باب الاسراء برسول اللّٰه ﷺ الى السموات وفرض الصلوات، ج: ۲، ص: ۲٦۰، ط، داراحياء التراث العربی بيروت لبنان)

(۱۲٦):(صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الاسراء برسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالى عليه وسلم الى السموات وفرض الصلوات، ص: ۸۳، ۸٤، رقم: ٤۱۳، ط، دار السلام رياض)

فافرغها فی صدری (۱۲۷). (رواه مسلم فتح الملهم ج ۱: ص ۳۲٤)

اور یہ اعتراض لغو ہے کہ جب آپؐ پاک تھا تو سینہ کس لئے چیرا گیا۔ قلب پاک ہی میں تو ایمان وحکمت بھرا جاتا ہے۔ نیز پاکی کے بے شمار مراتب ہیں۔ ہر پاکی سے اعلیٰ وبالا اور کمال اور پاکیزگی ہے۔ کمال کے مراتب غیر متناہی ہیں۔ ہر مرتبہ کے بعد نبی اکرم ﷺ کو مزید علو ورفعت عنایت فرمائی جاتی ہے۔ لہٰذا نبی کریم ﷺ کی سابقہ عبادت اس نظافت کے خلاف نہیں۔ جیسے کمالات معراج آپؐ کے سابقہ کمالات کے خلاف نہیں اور نہ ہی یہ کہا جاسکتا ہے کہ آپ کی ذات گرامی معراج سے قبل کمالات سے خالی تھی العیاذ باللہ۔

لولاک لما خلقت الافلاک کے الفاظ حدیث صحیح کے الفاظ نہیں بلکہ مضمون صحیح ہے (۱۲۸) اور اس کا کسی حدیث سے تعارض نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۳۱۱،۳۱۲، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

---

(۱۲۷):(صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الاسراء برسول اللّٰه ﷺ الى السموات وفرض الصلوات، ص: ٨٤، رقم: ٤١٥، ط، دار السلام رياض)

(۱۲۸):**فی كشف الخفاء: ولولاک ولولاک ما خلقت الأفلاک.**

قال الصغانی موضوع، وأقول لكن معناه صحيح وان لم يكن حديثاً. (كشف الخفاء ومزيل الالباس عما اشتهر من الأحاديث على ألسنة الناس، ج: ٢، ص: ١٩١، رقم: ٢١٢٣، ط، مكتبة العلم الحديث)

وفی الآثار المرفوعة: قال علی القاری فی تذكرة الموضوعات: حديث لولاک لما خلقت الأفلاک، قال العسقلانی موضوع، كذا فی الخلاصة، لكن معناه صحيح. (الآثار المرفوعة فی الأخبار الموضوعة، ص: ٣٣، ط، ادارة القرآن والعلوم الاسلامية كراتشی)

شقِ صدر اور معراج

﴿سوال﴾:

جو شخص حضرت نبی اکرم ﷺ کے شق صدر کو باطل کہتا ہے اور آنحضرت ﷺ کی معراج جسمانی کو خواب وخیال سمجھتا ہے اس کا کیا حکم ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً مسلماً﴾:

حضور اکرم ﷺ کا شق صدر، روایات صحیحہ سے ثابت ہے، تفسیر فتح العزیز تفسیر الم نشرح: ۲/ ۲۷۵ میں ہے کہ چار مرتبہ شق صدر ہوا ہے، ابن حبان، حاکم، اور نعیم، ابن عساکر، عبداللہ بن احمد وغیرہ ہم کی روایات صحیحہ کو استدلال میں پیش کیا ہے (۱۲۹) لہٰذا اس کا انکار

---

(۱۲۹): فی تفسیر عزیزی: روزے همراه پسران دایۂ خود در کود کان بازی کرده، درچرانیدنِ گوسفندان مشغول بودند، وبسران دایه برائے گرفتنِ نان وآذوقه پیشِ مادر خود رفته، وآنجناب تنهاهمراه گو سفندان در آن صحرا بودند که ناگاه دو جانور کلان بصورتِ کرگس (که آنرا در زبان هندی گِد گویند) نمودار شدند، یکے مرد یگرے راپر سید که این همان شخص ست؟ آن دیگر گفت که آری، پس هر دو متوجهِ آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم شدند، وآنحضرت بسببِ ترس ازان جانوران رو بگریز نهادند، تا آنکه آن هر دو جانور هر دو بازوئے آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم را گرفته بر پشت بر زمین انداختند، وبمنقار هائے خود شکم مبارکِ آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم چاک کردند واز سینه آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم دل مبارک رابر آورده، نیز چاک کردند، وازان خون بسته سیاه بر آورده برتافتند، وگفتند که این خونِ بسته مردار نصیبِ شیطان ست، در دل هر آدمی این را از دل او بر آوردیم، والا هر گز وسوسه شیطان را قبول نخوهد کرد.

بعد از ان یکے مر دیگرے را گفت که آبِ برف بیار، بآن آب شکمِ ایشان

ناواقفیت یا عناد پر مبنی ہے۔

معراج جسمانی مسجد اقصیٰ تک بحالت یقظہ نص قطعی سے ثابت ہے، اس کا انکار کفر ہے اور سماء دنیا تک خبر مشہور سے ثابت ہے، اس کا منکر مضل اور مبتدع ہے اور سماء دنیا سے

را بشستند، بعد ازان آبِ ژاله طلبیدند، وبآن آب دل را شستند، بعد ازان گفت که سکینه بیار، آنچیری بود بر مثالِ ذر در وآنرا بزلِ ایشان افشاند ند، بعد ازان یکے مر دیگرے را گفت که این را بد وزر وآنرا دروخته بمهرِ نبوت مهر کردند، وسینه مبارک آن حضرت صلی اللّٰه علیه وسلم را دوخته برابر کردند، چنانچه انس بن مالک رضی اللّٰه تعالیٰ عنه که خادم ملازمِ آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم میدیدم الخ.

دوم آنکه ابن حبان وحاکم وابو نعیم وابن عساکر وضیائی مقدسی وعبداللّٰه بن احمد در زوائدِ مسند بسندِ صحیح روایت کرده اند که آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم چون ده ساله شدند، در صحرائے بودند که دو کس بصورتِ دو مرد ظاهر شدند، آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم میفر مودند که من مانندِ چهره هائے آن دو شخص هیچگاه چهرهٔ نورانی ندیده ام، وبوئے خوش که از انها می آمد در هیچ عطرے نشمیده ام، ومانندِ جامه هائے آن دو شخص در نفاست وصفا ودرخشندگی هیچ جامه بنظر من نیامده، آن هر دو شخص جبرئیل ومیکائیل علیهما السلام بودند، هر دو بازوئے مرا بوجهی گرفتند که اصلاً مرا معلوم نشد، وباسانی تمام بر فقره فقا مرا غلطانیدند که هیچ عضوِ من بے جانشد، و درد نه کرد، وباز آنها شکم مرا چاک کردند، واصلا خون نه بر آمد، ودرد نه شد، ویکے از آنها آب درطشتِ زرین می آورد، ودیگر تمام درد نه مرامی شست، بازیکے مر دیگرے را گفت که دلِ این را چاک کن، وغل وحسد را ازوے دور کن، خونِ بسته بر آوردند، وبر تافتند، باز گفت مهر بانگی وشفقت در دلِ این بیند، از چیزے بصورت تل سیمین آورده در دلِ من انداختند، ودوائے خشکی برمثالِ زر در بالائے آن پاشیدند، باز انگشت آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم لاگزفته، گفتند

آگے جنت وعرش وغیرہ تک خبر واحد سے ثابت ہے، اس کا منکر فاسق ہے۔

فی العقائد النسفیة: " والمعراج لرسول اللّٰہ ﷺ فی الیقظة بشخصه الی السماء ثم الی ماشاء اللّٰه تعالیٰ من العلی حق" قال التفتازانی تحت (قوله: حق)" أی ثابت بالخبر المشهور حتی أن منکره یکون مبتدعاً (الی أن قال) فقوله: فی الیقظة اشارة الی الرد علی من زعم أن المعراج کان فی المنام (الی أن قال) وقوله: بشخصه اشارة الی الرد علی من زعم أنه کان للروح فقط(الی أن قال) وقوله: الی السماء اشارة الی الرد علی من زعم أن المعراج فی الیقظة لم یکن الا الی بیت المقدس علی مانطق به لکتاب وقوله: (ثم الی ما شاء اللّٰه) اشارة الی اختلاف أقوال السلف، فقیل: الی الجنة، وقیل: الی العرش، وقیل: فوق العرش الی طرف العالم.

کہ کہ بر دو سلامت باش آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم فرمودند کہ من اذان وقت در دلِ خود شفقت ورحمت بر ہر صغیر وکبیر می یابم، واین بار آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم چون سنِ بلوغ قریب رسیدہ بود لوازمِ جوانی میل بشہوت وسورتِ غضب ست، برائے عصمت از گنا ہائے کہ تعلق باین دو صفت دارند، وبیشتر غلبہ آنہا در جوانی وما بعد جوانی ست شقِ صدر مکرر واقع شد. سوم آنکہ چون ہنگامِ بعثت قریب ست، وزمان نزولِ وحی بر دل مبارکِ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم نزدیک آمد، بارِ دیگر دلِ ایشاں را برائے تنقیہ وتقویت چاک کردند.....چہارم: شب معراج، واین بار شقِ صدر برائے آن بود کہ دل مبارکِ آنحضرت صلی اللّٰہ علیہ وسلم قوتِ سیر عالم ملکوت بہم سازند، وطاقت دیدن تجلیات بدیہہ وانوارِ مثلہ لیہ پیدا کند. (تفسیر عزیزی، سورۃ الم نشرح: ۲۳۰، ۲۳۲، ارگ بازار قندھار)

فالاسراء وهومن المسجد الحرام لی بیت المقدس قطعی ثبت بالکتاب، والمعراج من الأرض الی السماء مشهور، ومن السماء الی الجنة أو الی العرش أوغیر ذلک احاد". شرح عقائد نسفی، ص: ۱۰۴ (۱۳۰).

" قال أهل السنة بأجمعهم: ان المعراج الی المسجد الأقصی قطعی ثابت بالکتاب، والی سماء الدنیا ثابت بالخبر المشهور، والی مافوقه من السموات ثابت بالآحاد، فمنکر الأول کافر ألبتة، ومنکر الثانی مبتدع مضل، ومنکر الثالث فاسق". تفسیر احمدیه" ص: ۵۰۳. فقط واللّٰه سبحانه تعالی اعلم(فتاوی محمودیه، ج: ۱، ص: ۳۹۳ تا ۳۹۶)

رسول اللہ ﷺ کا شق صدر

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہمارے امام صاحب نے یہ بات بیان فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ کے شق صدر کا تذکرہ قرآن میں موجود ہے۔ حالانکہ یہ بات میں نے پہلی دفعہ سنی ہے۔ آپ وضاحت فرمائیں تاکہ میرا یہ خلجان دور ہوجائے۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

رسول اللہ ﷺ کے شق صدر کا ذکر قرآن مجید میں صراحۃً موجود نہیں ہے البتہ بعض حضرات کی رائے کے مطابق الم نشرح لک صدرک کا مدلول یہی ہے۔

---

(۱۳۰):(شرح العقائد النسفیة، مسألة المعراج، ص: ۳۳۵، ۳۳۶، ۳۳۷، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

قال اللّٰہ تعالیٰ (الانشراح: ۱): أَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ.

لمافی تفسیر روح المعانی (۲۱۲/۳۰): وعن ابن عباسؓ وجماعة انه اشارة الی شق صدر الشریف فی صباه علیه الصلاة والسلام.

وفی احکام القرآن للقرطبی (۱۰۴/۲۰): وفی الصحیح عن انس بن مالک عن مالک بن صعصعة رجل من قومه ان النبیﷺ قال فینا انا عند البیت بین النائم والیقظان اذ سمعت قائلا فاتیت بطست من ذهب فیها ماء زمزم فشرح صدری الی کذا وکذا.

وفی التفسیر المنیر (۲۹۴/۳۰): وقیل المراد بذلک شرح صدره لیلة الاسراء کما رواه الترمذی عن مالک بن صعصعة قال ابن کثیر ولکن لامنافاة فان من جملة شرح صدره الذی فعل بصدره لیلة الاسراء. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۴۹)

❁❁❁

معراج کا واقعہ عالم بیداری میں پیش آیا تھا یا خواب میں؟

﴿سوال﴾:

جناب سرور کائناتﷺ کو معراج شریف بہ جسد شریف خاکی ہوئی یا روحانی عالم بیداری یا عالم خواب (میں)؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کو معراج بسجدہ الشریف عالم بیداری میں ہوئی۔ شرح فقہ اکبر میں ہے:

''وخبر المعراج أی بجسد المصطفیٰ ﷺ یقظةً الی السماء ثم الی ماشاء اللّٰه تعالیٰ فی المقامات العلیٰ حق الخ، فمن ردّه ..... فهو ضالّ مبتدع'' (۱۳۱)(شرح فقه اکبر، ص: ۱۳۵)

اور مرقاۃ میں ہے:

''والحق الذی علیه أکثر الناس ومعظم السلف وعامة المتأخرین من الفقهاء والمحدثین والمتکلمین أنه أسری بجسده'' (۱۳۲). **فقط واللّٰه اعلم** (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۳۶، ۲۳۷، ط، مکتبة دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

---

(۱۳۱):(شرح الفقه الأکبر، بحث فی أن المعراج حق، ص: ۱۰۰، دار الکتب العربیة الکبریٰ مصر)

(۱۳۲):(مرقات شرح مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فی المعراج، الفصل الاول، ج: ۱۰، ص: ۵۴۷، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی بیان السنة والجماعة: ونقول المعراج لرسول اللّٰه ﷺ حق أی ثابت بالخبر المشهور حتی ان منکره یکون مبتدعاً وانکاره وادعاء استحالته انما یبتنی علی أصول الفلاسفة وقد أسری بالنبی محمد ﷺ من المسجد الحرام الی المسجد الأقصی کما نطق به الکتاب و منه عرج بشخصه خلافاً لمن زعم أنه کان للروح فقط فی الیقظة خلافاً لمن زعم أنه کان فی المنام. (شرح العقیدة الطحاویة، بیان السنة والجماعة، ص: ۷۵، ط، دار الفکر المعاصر بیروت لبنان)

معراج جسمانی یا روحانی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آپ ﷺ کو معراج جسمانی ہوئی تھی یا روحانی؟ مدلل جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

جمہور کے نزدیک آپ ﷺ کو معراج جسمانی ہوئی۔ البتہ بعض حضرات نے بعض آثار کی وجہ سے تطبیق یہ بیان کی ہے کہ آپ کو دو دفعہ معراج ہوئی، اول روحانی اور دوئم جسمانی۔

لقوله تعالیٰ (الاسراء: ۱): سبحن الذی اسریٰ بعبده لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصا الایة وفی روح المعانی (۱۵/ص ۷): واختلف ایضا انه فی الیقظة اوفی المنام..... وذهب الجمهور الی انه فی الیقظة ببدنه وروحه ﷺ والرویا تکون بمعنی الرؤیة فی الیقظة کما فی قول الراعی یصف صائدا ؎

وکبر للرؤیا وهش فؤاده
وبشر قلبا کان جماً بلالله

.....وذهبت طائفة..... بان لاسراء کان مرتین احداهما فی نومه ﷺ قبل النبوة.... ثم اسری بروحه وبدنه بعد النبوة قال فی الکشف وهذا هو الحق به یحصل الجمع بین الاخبار.

وفی احکام القرآن للقرطبی (۱۰/۲۰۸): هل کان

اسراء بروحه اوجسده اختلف فی ذلک السلف والخلف فذهبت طائفة الی انه اسراء بالروح....وذهب معظم السلف والمسلمین الی انه کان اسراء بالجسد وفی الیقظة وانه رکب البراق بمکة ووصل الی بیت المقدس وصلی فیه ثم اسری بجسده.

وفی تفسیر کبیر(۱۴۸/۲۰):اختلف فی کیفیة ذلک الاسراء فالاکثرون من طوائف المسلمین اتفقوا علی انه اسری بجسد رسول اللهﷺ والاقلون قالوا انه مااسری البروحه.

وفی المرقات(۱۳۸/۱۱): فی شرح السنة قال القاضی عیاض اختلف الناس فی الاسراء برسول اللهﷺ فقیل انما کان جمیع ذلک فی المنام والحق الذی علیه اکثر الناس ومعظم السلف وعامة المتاخرین من الفقهاء والمحدثین والمتکلمین انه اسری بجسده. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۷۱،۲۷۲)

❁❁❁

شب معراج میں انبیاء علیہم السلام کو آپ ﷺ نے نفل نماز پڑھائی تھی یا فرض؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ معراج کے موقع پر آپ ﷺ نے جو انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی امامت کرائی تھی اس نماز میں انبیاء علیہم السلام اپنے

جسموں کے ساتھ حاضر تھے یا صرف روحیں موجود تھیں نیز وہ نفل نماز تھی یا فرض نماز؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

آپ ﷺ نے معراج کی رات جو انبیاء کی امامت کرائی تھی وہ نفل نماز تھی اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی روحیں وہاں موجود تھیں۔

وفی مرقات المفاتیح (۱۱/ ۱۴۳): قال ابن الملک فی شرح المشارق المرئی کان ارواح الانبیاء متشکلة بصورهم التی کانوا علیها الاعیسی فانه مرئی بشخصه وسبقه التوربشتی حیث قال ورویة الانبیاء فی السموات وفی بیت المقدس یحمل علی رؤیة روحانیتهم الممثلة بصورهم التی کانوا علیها غیر عیسی فان رویته محتملة للامرین او احدهما.

لما فی السراجیة(ص ۲۲): امامة النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم لیلة المعراج لارواح الانبیاء علیهم السلام کانت فی النافلة. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۷۰، ۲۷۱)

❁❁❁

معراج کس تاریخ میں ہوئی؟

﴿سوال﴾:

معراج شریف جس کا ذکر قرآن پاک میں ہے رسول اللہ ﷺ کو کس ماہ اور کس تاریخ میں ہوئی ہے، گو اس میں اختلاف ہے مگر مشہور اور اولیٰ کونسی روایت ہے؟

﴿الجواب﴾:

قال فی ردالمحتار فی شرح قول صاحب

الدرالمختار فی کتاب الصلاۃ: فرضیت فی الاسراء لیلة السبت سابع عشر رمضان قبل الهجرة بسنة ونصف الخ: قوله: (فرضت فی الاسراء) نقله أيضا الشيخ اسماعيل" الأحكام شرح درر الحكام"ثم قال: وحاصل ماذكره الشيخ محمد البكرى نفعنا اللّٰه تعالىٰ ببركاته فی "الروضة الزهراء" أنهم اختلفوا فی أی سنة كان الاسراء بعد اتفاقهم على أنه كان بعد البعثة؟ فجزم جمع بأنه كان قبل الهجرة بسنة، ونقل ابن حزم الاجماع عليه، وقيل بخمس سنين، ثم اختلفوا فی أی الشهور كان؟ فجزم ابن الأثير والنووی فی فتاويه بأنه كان فی ربيع الأول، قال النووی: ليلة سبع وعشربن، وقيل فی ربيع الأخر، وقيل فی رجب، وجزم به النووی فی "الروضة"، تبعا للرافعی وقيل فی شوال، وجزم الحافظ عبدالغنی القدسی فی سيرته بأنه ليلة السابع والعشرين من رجب، وعليه عمل أهل الأمصار انتهى. (۱۳۳)۔

خلاصہ اور حاصل اس عبارت کا یہ ہے کہ صاحب درمختار نے یہ فرمایا کہ نماز معراج کی رات میں فرض ہوئی جو کہ رمضان شریف کی سترہ تاریخ تھی، ہجرت سے ڈیڑھ برس پہلے یعنی سن گیارہ نبوی میں، شامی نے کہا کہ یہ قول شیخ اسماعیل نے نقل کیا ہے احکام شرح دررحکام میں، پھر یہ کہا کہ شیخ محمد بکری نے روضۃ الزہراء میں فرمایا کہ معراج کے سال میں اختلاف ہے بعد متفق ہونے کے اس پر کہ معراج بعثت کے بعد ہوئی، سو ایک جماعت نے اس پر یقین کیا کہ ہجرت سے ایک برس پہلے ہوئی، اور ابن جزم نے اس پر اجماع نقل کیا اور

(۱۳۳):(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاۃ، ج: ۲، ص: ٤، ط، دار عالم الکتب ریاض)

کہا گیا کہ ہجرت پانچ برس پہلے، پھر اس میں اختلاف ہے کہ معراج کس مہینہ میں ہوئی، سوابن اثیر اور امام نوویؒ نے اپنے فتاویٰ میں نقل کیا کہ ربیع الاوّل کی ستائیس تاریخ میں اور بعض نے کہا کہ ربیع الثانی میں اور کہا گیا کہ رجب میں ہوئی، امام عبدالغنی قدسی نے سیرت میں اس پر یقین کیا کہ معراج ستائسویں رجب کو ہوئی اور اسی پر عمل ہے اہل امصار کا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دارالعلوم دیوبند، ج:۱۸،ص:۲۳۷، ۲۳۸، ط، مکتبہ دارالعلوم دیوبند)

❁❁❁

انبیاء کی امامت کا واقعہ معراج سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟

﴿سوال﴾:

مسجد اقصی میں نبی کریم ﷺ نے تمام انبیاء کو نماز پڑھائی تھی، یہ واقعہ معراج سے پہلے کا ہے یا بعد کا؟ اگر پہلے کا ہو تو پھر حضرت جبریل ﷺ نے تمام انبیاء سے حضور کا تعارف کیوں کرایا؟

﴿الجواب﴾:

رسول اللہ ﷺ نے انبیاء کی امامت آسمان پر تشریف لے جانے سے پہلے کی یا آسمان سے اترنے کے بعد؟ اس میں سیرت نگاروں کا اختلاف ہے، اور دونوں طرح کے اقوال موجود ہیں، مشہور مؤرخ، محدث اور مفسر علامہ ابن کثیر کا خیال ہے کہ آپ ﷺ نے یہ امامت آسمان سے اترنے کے بعد فرمائی تھی، اور اس کے لئے انہوں نے دو لیلیں دی ہیں'' اول تو یہی کہ اگر آپ ﷺ نے پہلے امامت کی ہوتی تو آسمان پر تعارف کی حاجت نہ ہوتی، دوسرے یہ کہ بعض روایتوں میں یہ بات آئی ہے کہ نماز کا وقت ہوگیا تو آپ ﷺ نے امامت فرمائی، بظاہر نماز کے وقت سے نماز فجر ہی مراد ہوسکتی ہے، اور زیادہ امکان یہی ہے کہ فجر کا وقت آپ کی واپسی پر ہوا ہوگا (۱۳۴)۔ ویسے سیرت کی اکثر کتابوں میں پہلے

(۱۳۴): فی البداية: ثم هبط رسول الله ﷺ الى بيت المقدس والظاهر أن

امامت کا ذکر ہے، ایسی صورت میں آسمان پر آپ ﷺ کے تعارف کو تکریم واحترام پر محمول کیا جائے گا، کیونکہ بعض دفعہ کسی شخص کی تعظیم کے طور پر بھی اس کا تعارف کرایا جاتا ہے۔ واللہ اعلم (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۳۷، ۵۳۸، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

معراج کا جوتوں سمیت اور بغیر پردہ کے ہونا ثابت ہے یا نہیں

﴿سوال﴾:

ایک شخص کہتا ہے کہ آنحضرت ﷺ جب معراج میں اللہ پاک سے ملاقات کرنے تشریف لے گئے، جب آپ ﷺ پہنچے تو اللہ پاک نے فرمایا کہ اے میرے حبیب جوتوں سمیت آیئے تاکہ میرا عرش مزین ہوجائے، چنانچہ آپ مع جوتوں کے عرش پر گئے اور یہ بھی کہتا ہے کہ آپ ﷺ اور اللہ پاک کے مابین بغیر کسی پردہ وغیرہ کے باتیں ہوگئیں، کیا یہ صحیح ہے یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

نعلین شریفین کے متعلق یہ بات کہ حضرت حق جل جلالہ نے حضور ﷺ کو نعلین

الانبياء هبطوا معه تكريما له وتعظيما عند رجوعه من الحضرة الالهية العظيمة كما هى عادة الوافدين لايجتمعون باحد قبل الذى طلبوا اليه، ولهذا كان كلما مر على واحد منهم يقول له جبريل عند ما يقدم ذلك للسلام عليه هذا فلان نسلم عليه، فلو كان قد اجتمع بهم قبل صعوده لما احتاج الى تعرف بهم مرة ثانية. ومما يدل على ذلك أنه قال فلما حانت الصلاة: أممهم. ولم يحن وقت اذ ذاك الا صلاة الفجر فتقدمهم امامهم عن أمر جبريل فيما يرويه عن ربه عزوجل، فاستفاد بعضهم من هذا أن الامام الاعظم يقدم فى الامامة على رب المنزل حيث كان بيت المقدس محلتهم ودار اقامتهم..الخ. (البداية والنهاية، ج: ۳، ص: ۱۱۲، ۱۱۳، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

سمیت عرش پر بلایا بعض سیر وتفاسیر میں مذکور ہے۔ واعظ اسے دیکھ کر بیان کر دیتے ہیں مگر سند اور صحت کے لحاظ سے ہمیں اس کی کوئی پختہ سند نہیں ملی۔

اور حضور ﷺ کا لیلۃ المعراج میں اللہ تعالیٰ کی رؤیت بغیر حجاب سے مشرف ہونا ثابت ہے اگر چہ کلام بغیر حجاب کا صراحۃ ثبوت نہیں ہے(۱۳۵)۔ فقط واللہ اعلم (کفایۃ المفتی، ج:۱، ص:۱۰۴، ۱۰۵، ط، دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

(۱۳۵): وقال القاضي عياض[رحمه الله]: اختلف السلف والخلف، هل رأى نبينا ﷺ ربه ليلة الاسراء، فأنكرته عائشة، وهو المشهور عن ابن مسعود. واليه ذهب جماعة من المحدثين والمتكلمين. وروى ابن عباس أنه رأى بعينه، ومثله عن أبي ذر وكعب والحسن كان يحلف على ذلك، وحكى مثله عن ابن مسعود وأبي هريرة وأحمد بن حنبل. وحكى اصحاب المقالات عن أبي الحسن الأشعرى وجماعة من أصحابه [رضي الله عنهم] أنه رآه. (مرقاة الفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب أحوال القيامة وبدء الخلق، باب رؤية الله تعالى، الفصل الثالث، ج: ١٠، ص: ٣٢٦، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

عن ابن عباس: أنه رآه بعينه، هذا هو المشهور عنه، وحجته قوله تعالى: (ماكذب الفؤاد ما رأىٰ. [النجم: ١١]). وقال عبدالله بن الحارث: اجتمع ابن عباس وكعب، فقال ابن عباس: اما نحن بنو هاشم فنقول: ان محمداً رأى ربه مرتين. ثم قال ابن عباس: أتعجبون أن الخلة تكون لابراهيم، والكلام لموسىٰ، والرؤية لمحمد ﷺ وعليهم أجمعين. قال: فكبر كعب حتى جاوبته الجبال، ثم قال ان الله قسم رؤيته وكلامه بين محمد وموسىٰ عليهما السلام، فكلم موسىٰ ورآه محمد ﷺ.

وحكى عبدالرزاق ان الحسن كان يحلف بالله لقد رأى محمد ربه....

وحكى ابن اسحاق أن مروان سأل أبا هريرة: هل رأى محمد ربه؟ فقال: نعم.

کیا حضور ﷺ کی عمر کے ۲۷ رسال معراج میں گذرے ہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کیا یہ بات صحیح ہے کہ جب آپ ﷺ کے پاس قبض روح کے لئے ملک الموت آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ میری کل عمر ۹۰ ربرس کی ہے اور ابھی میری عمر سے ۶۳ رسال گذرے ہیں، ۲۷ ربرس کہاں گئے؟ تو ملک الموت نے جواب دیا کہ کہ ۲۷ ربرس آپ کی عمر کے معراج میں گذرے ہیں؟ کیا واقعی کسی حدیث یا تاریخ میں ایسا ذکر ہے؟ اگر نہیں ہے تو ایسا کہنے والے کے لئے کیا حکم ہے؟ اور عدم صحت کی صورت میں سننے والوں پر کوئی گناہ ہے یا نہیں؟ براہ کرم حقیقت سے آگاہ فرمائیں۔ اللہ آپ کو اجر عطا فرمائے گا۔

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

یہ کسی صحیح حدیث یا معتبر کتاب میں نظر سے نہیں گذارا، آپ ان سے اس کا حوالہ

وحكى النقاش عن أحمد بن حنبل أنه قال: أنا أقول بحديث ابن عباس: بعينه رآه رآه... حتى انقطع نفسه، يعنى نفس أحمد.

والى هذا ذهب الشيخ أبو الحسن الأشعرى وجماعة من اصحابه: أن محمداً ﷺ رأى اللّٰه ببصره وعيني رأسه. وقاله أنس وابن عباس وعكرمة والربيع والحسن. وكان الحسن يحلف باللّٰه الذى لااله الاهو لقد رأى محمد ربه. (الجامع لأحكام القرآن، ج: ۸، ص: ٤٨٤، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(وكذا فى المفهم لما أشكل من كتاب تلخيص مسلم، كتاب الايمان باب هل رأى محمد ﷺ ربه؟، ج: ۱، ص: ٤٠١، ٤٠٢، ط، دار ابن كثير، مشق وبيروت)

(وكذا فى الكوكب الوهاج والروض البهاج فى شرح صحيح مسلم بن الحجاج، كتاب الايمان، باب فى ذكر الاختلاف هل رأى محمد ﷺ ربه؟، ج: ٤، ص: ٢٥٠، ط، دار طوق النجاة، بيروت لبنان)

طلب فرمائیں کہ کہاں سے بیان کررہے ہیں؟ سننے والوں پر کوئی گناہ تو نہیں، لیکن اس طرح غیر مستند باتوں پر یقین بھی نہیں کرنا چاہئے، جن وعظ کی کتابوں میں اس قسم کی باتیں موجود ہیں وہ غیر مستند ہیں۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسمیہ، ج:۲،ص: ۱۰۸، ۱۰۹، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

❁❁❁

شبِ معراج میں نبی ﷺ کا اللہ کی زیارت کا مسئلہ

﴿سوال﴾:

ماقولکم (رحمکم اللّٰہ)فی رؤیة النبی ﷺ ربه لیلة المعراج؟

﴿الجواب﴾:

اختلف اصحاب النبی ﷺ ومن بعدهم فی هذه المسألة والأحوط أن یتوقف الانسان ولا یجزم فی ذالک بشی لأن لایلزم تخطیئة احد الطرفین وفی کلاهمامن اصحاب النبی ﷺ ولان الأیات لاتدل علی احدالمعانی بالصراحة والاحادیث ایضا آحاد لاتثبت بها العقیدة ومع هذا لاتعلق بالرؤیة وعدمها عمل من اعمالنا.

لمافی فتح الملهم: (۲/۴۱۶:-۴۱۷، طبع دارلاعلوم کراچی)

اختلف السلف فی رؤیة النبی ﷺ ربه فذهبت عائشة وابن مسعودؓ الی انکارها واختلف عن ابی ذرؓ وذهب جماعة الی اثباتها.....(۲/۴۷۱).....وقد رجح القرطبیؒ فی المفهم قول الوقف فی هذه المسئلة وعزاه جماعة من المحققین وقواه بانه لیس فی الباب دلیل قاطع وغایة مااستدل به للطائفتین ظواهر متعارضة قابلة للتأویل قال

وليست المسئلة من العمليات فيكتفى فيها بالادلة الظنية وانما هى من المعتقدات فلا يكتفى فيها الا بالدليل القطعى.

ولما فى شرح الفقه الاكبر: (ص ۳۱۳،طبع بيروت)

اختلفوا فى جواز ها فى الدنيا شرعا فاثبتها اكثرون ونفاهم اخرون، ثم الذين أثبتوها فى الدنيا خصوها وقوعها لهﷺ فى ليلة الاسراء على خلاف فى ذالک بين السلف والخلف من العلماء والصحيح انهﷺ رأى ربه بفؤاده لابعينه كما فى شرح العقائد وغيره وهكذا فى النبراس: (ص ۲۹۵، طبع) (فتاوی عباد الرحمٰن، ج: ۱، ص: ۷۸، ط، ایجوکیشنل پریس کراچی)

❁❁❁

شبِ معراج میں اقتداء کرنے والے انبیاء علیہم السلام کی تعداد

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: شب معراج میں مسجد اقصیٰ میں حضورﷺ کے پیچھے سوالاکھ انبیاء علیہم السلام نے نماز پڑھی، یا کچھ کم زیادہ نے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

بعض احادیث میں صراحت ہے کہ شب معراج میں آنحضرتﷺ نے تمام انبیاء کی امامت فرمائی اور انبیاء علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں احادیث مختلف ہیں، ان میں سے ایک روایت ایک لاکھ چوبیس ہزار کی بھی ہے، اس روایت کے اعتبار سے حضورﷺ نے شب معراج میں پورے ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء علیہم السلام کی امامت فرمائی ہے۔

أخرج أحمد عن ابن عباس ـ رضی اللّٰه عنه ـ حدیثا طرفه هذا: قال: فلما دخل النبی ﷺ المسجد الأقصیٰ، قام یصلی، ثم التفت، فاذا النبیون أجمعون یصلون معه. (مسند أحمد ۱/ ۲۵۷، رقم: ۲۳۲٤، تفسیر ابن کثیر ۳/۲۳)

عن أبی ذر ـ رضی اللّٰه عنه ـ قال: فقلت یارسول اللّٰه؟ کم النبیون؟ قال: مائة ألف وأربعة وعشرون ألف نبی. الحدیث (مستدرك، مکتبه نزار مصطفیٰ الباز ٤/ ۱۵٦۱، رقم: ٤۱٦٦)

وقدر روی بیان عددهم فی بعض الأ حادیث علی ماروی أن النبی علیه السلام سئل عن عدد الأنبیاء، فقال: مائة ألف وأربعة وعشرون ألفا. وفی روایة: مائتا ألف وأربع وعشرون ألفا، والأولیٰ أن لایقتصر علی عدد فی التسمیة. (شرح عقائد، مکتبه نعیمیه دیوبند: ۱۳۸) **(۱۳٦)**فقط واللّٰه

---

(۱۳٦):وعن أبی ذرؓ، قال: قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! أی الأنبیاء کان أول؟ قال: آدم. قلت: یارسول اللّٰه[ﷺ]! ونبی کان؟ قال: نعم نبی مکلم قلت یا رسول اللّٰه کم المرسلون قال ثلثمائة وبضعة عشر جما غفیراً وفی روایة عن ابن امامة قال ابوذرؓ قلت یارسول اللّٰه کم وفاء عدة الانبیاء قال مائة الف واربعة وعشرون الفا الرسل من ذلک ثلثمائة وخمسة عشرا غفیرا. (مشکاة المصابیح، کتاب أحوال القیامة وبدء الخلق، باب بدء الخلق وذکر الأنبیاء، الفصل الثالث، ص: ۵۱۱، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی شرح الفقه الأکبر: وقد ورد فی مسند أحمد رحمه اللّٰه أنه علیه الصلاة والسلام سئل عن عدد الأنبیاء علیهم الصلاة والسلام فقال مائة ألف وأربعة وعشرون ألفا والرسل منهم ثلاثمائة وثلاثة عشر أولهم آدم علیه الصلاة والسلام

سبحانه وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسميه، ج: ۲، ص: ۱۰۲، ۱۰۳، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

شب معراج سے قبل حضورؐ کونسی نماز پڑھتے تھے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ شب معراج سے قبل رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کون سی نماز پڑھتے تھے اور کتنے وقت کی؟ زید کہتا ہے باضابطہ نماز تو معراج میں ملی ہے۔

﴿الجواب وباللّٰه التوفيق﴾:

اس وقت نماز فرض تو نہیں تھی لیکن نوافل پڑھتے تھے اور نوافل کے لئے وقت اور تعداد متعین نہیں ہے، البتہ صلوٰۃ الفجر وصلوۃ العصر کا پڑھنا بعض روایات سے ثابت ہے۔

أقول: ان صلاة الصبح والعصر كان يؤديها النبى

وآخرهم محمد صلى اللّٰه عليه وعلى آله وسلم وهو لاينافى قوله تعالى ولقد أرسلنا رسلا من قبلك منهم من قصصنا عليك ومنهم من لم نقصص عليك فان نبوت الاجمال لاينافى تفصيل الاحوال نعم الأولى أن لايقتصر على الاعداد فان الآحاد لاتفيد الاعتماد فى الاعتقاد بل يجب كما قال اللّٰه تعالىٰ كل آمن باللّٰه وملائكته وكتبه ورسله أن يؤمن ايمانا اجماليا من غير تعرض لتعدد الصفات وعدد الملائكة والكتب والأنبياء وأرباب الرسالة من الاصفياء. (شرح الفقه الأكبر، بحث فى أن الأنبياء منزهون عن الكبائر والصغائر، ص: ۵۵، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(وكذا فى ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب فى عدد الأنبياء والرسل عليهم الصلاة والسلام، ج: ۲، ص: ۲۴۲، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قبل لیلة الاسراء فلاحاجة الی تعلیمها، وقد ذهب بعض العلماء الی فرضیة الفجر والعصر قبل لیلة الاسراء وکثیر من آیات القرآن دالة علی هاتین الصلاتین وفی الصحیحین أنه علیه السلام صلی بالنخلة حین ذهب عامداً الی عکاظ واستمع له الجن وجهر بالقراءة واتفق العلماء علی أنه علیه السلام کان یصلی الفجر. الخ.

[العرف الشذی علی هامش الترمذی، کتاب الصلاة، باب ماجاء فی مواقیت الصلوة ۱/ ۳۹] فقط واللّٰہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔

(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۳۵۱، ۳۵۲، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند الهند)

❁❁❁

ہجرت کی رات صدیق اکبرؓ کا آنحضرت علیہ السلام کو کندھوں پر اٹھانے کا ثبوت

﴿سوال﴾:

ایک مولوی صاحب نے تقریر میں یہ کہا کہ ہجرت کے وقت حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب غارِ ثور کی طرف تشریف لے جارہے تھے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے کندھوں پر سوار تھے۔ اور فتح مکہ کے وقت کعبہ سے تصویریں اور بت اتارنے کے لئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہا کہ اے علی تو میرے کندھوں پر چڑھ کر ان کو اتار دے۔ تو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ حضور آپ اللہ کے نبی ہیں اور میں آپ کے کندھوں پر چڑھنے کی بے ادبی کیسے کروں۔ تو اس پر حضور صلی اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے علی: میں نبی ہوں اور نبوت کے وزن کی وجہ سے تو مجھ کو

اپنے کندھوں پر نہیں اٹھا سکتا۔ القصہ اس سے معلوم ہوا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان بلند ہے کہ انہوں نے اپنے کندھوں پر اٹھالیا۔

ایک دوسرے سید صاحب کہتے ہیں کہ مولوی صاحب مذکور نے غلط بیانی کی ہے۔ نہ ہی ابوبکر صدیقؓ کے کندھوں پر حضورؐ سوار ہوئے اور نہ حضرت علیؓ کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ تو میرا بوجھ نہیں اٹھا سکتا۔ اور ابوبکر صدیقؓ کی فضیلت کا دعویٰ صحیح نہیں ہے۔

اور یہ شاہ صاحب اور وہ مولوی صاحب دونوں اہلسنت والجماعت ہونے کے مدعی ہیں۔ آپ فرمائیں کہ مولوی صاحب کے بیان کردہ دونوں واقعے سچے ہیں؟ اور حضرت صدیق اکبرؓ کی فضیلت کے دلائل کیا ہیں؟

﴿الجواب﴾:

بوقتِ ہجرت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کندھوں پر اٹھانے کا ذکر حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی تاریخ میں بحوالہ بیہقی کیا ہے۔ ان کے الفاظ یہ ہیں:

لما حفیت رجلا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم حملہ الصدیقؓ علی کاھلہ اھ۔

لیکن آخر میں فرماتے ہیں:

"وفی ھذا السیاق غرابۃ ونکارۃ". [ج: ۱، ص: ۱۸۰]

اور فتح مکہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ والا واقعہ بھی بعض سیرت کی کتابوں میں ملتا ہے۔ [دیکھئے سیرت محمدیہؐ غزوہ فتح مکہ]۔ لیکن اس کے الفاظ بعینہٖ وہی نہیں جو سوال میں درج ہیں۔ بلکہ اس سے کچھ مختلف الفاظ ہیں۔ پس سید صاحب واقعہ اول کی تغلیط کرنا بے جا ہے۔

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت قرآن وحدیث سے ثابت ہے۔

اوراسی پرامت کااجماع ہے(۱۳۷)۔وعن محمد بن الحنفية قال قلت لابی ای

(۱۳۷): قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: الا تنصروه فقد نصره اللّٰه اذ أخرجه الذين كفروا ثانی اثنين اذ هما فی الغار اذ يقول لصٰحبه لاتحزن ان اللّٰه معنا. الی آخر الآية. (سورة التوبة: ٤٠)

وفی تفسير القرطبی تحت هذه الآية: قوله تعالیٰ: ﴿اذ يقول لصٰحبه لاتحزن ان اللّٰه معنا﴾ هذه الآية تضمنت فضائل الصديق رضی اللّٰه تعالیٰ عنه. وروى أصبغ وأبو زيد عن ابن القاسم عن مالک: ﴿ثانی اثنين اذ هما فی الغار اذ يقول لصٰحبه لاتحزن ان اللّٰه معنا﴾ هو الصديق. فحقق اللّٰه تعالیٰ قوله له بكلامه، ووصف الصحبة فی كتابه.

قال بعض العلماء: من أنكر عمر وعثمان أو أحد من الصحابة صاحب رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم فهو كذاب مبتدع. ومن أنكر أن يكون أبو بكر رضی اللّٰه عنه صاحب رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم فهو كافر، لأنه رد نص القرآن. (الجامع لاحكام القرآن، سورة التوبة، الآية: ٤٠، ج: ١٠، ص: ٢١٥، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما قال: كنا نخير بين الناس فی زمان رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، فنخير أبا بكر ثم عمر ثم عثمان رضی اللّٰه عنهم. (صحيح البخاری، كتاب فضائل اصحاب النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، باب فضل أبی بكرؓ بعد النبی صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، ص: ٧٤٩، رقم: ٣٦٥٥، ط، دار السلام رياض)

وفی شرح عقيدة الامام الطحاوی: (ونثبت الخلافة بعد رسول اللّٰه صلی اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم لأبی بكر الصديق تفصيلا له وتقديما على جميع الأمة، ثم لعمر بن الخطاب، ثم عثمان بن عفان، ثم لعلی بن أبی طالب رضی اللّٰه تعالیٰ عنهم أجمعين، وهم الخلفاء الراشدون والأئمة المهديون).....لأنه أفضل الناس بعد الأنبياء لقوله عليه الصلاة والسلام: ما طلعت شمس ولا غربت علی أحد بعد النبيين أفضل من

الناس خیر بعد النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قال ابوبکر قلت ثم قال عمر. الحدیث. رواہ البخاری. مشکوٰۃ ص: ۵۵۵. یہ خود حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ تمام لوگوں میں سے بہتر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد ابوبکرؓ ہیں۔ اب اس کے بعد نزاع کی کیا ضرورت رہ گئی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (خیر الفتاوی، ج:۱، ص:۴۶۹، ۴۷۰، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک

﴿سوال﴾:

نبی اکرم ﷺ کا حلیہ مبارک کیسا تھا؟ اور آپ کے لباس اور بالوں کے متعلق تفصیل سے بیان فرمائیں۔

﴿جواب﴾:

آنحضرت ﷺ کے حلیہ مبارک کی تفصیل شمائل ترمذی میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منقول ہے، اس کو ''خصائل نبوی'' سے نقل کیا جاتا ہے۔

''ابراہیم بن محمد، حضرت علیؓ کی اولاد میں سے ہیں (یعنی پوتے ہیں)، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت علیؓ جب حضور ﷺ کے حلیہ مبارک کا بیان فرماتے تو کہا کرتے تھے کہ: حضور اقدس ﷺ نہ زیادہ لانبے تھے، نہ زیادہ پستہ قد، بلکہ میانہ قد لوگوں میں تھے۔ حضور ﷺ کے بال مبارک نہ بالکل پیچ دار تھے نہ بالکل سیدھے تھے، بلکہ تھوڑی سی پیچیدگی لئے

أبی بکرؓ. واذا ثبتت خلافة أبی بکر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه بالاجماع وقد أوصی بالخلافة لعمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه واتفقت الصحابة علی بیعته، ثبتت خلافة عمر رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه بعده. (شرح عقیدة الامام الطحاوی لأبی حفص الغزنویؒ، ص: ۱۵۲، ۱۵۳، دارة الکرز مصر)

ہوئے تھے۔ نہ آپ ﷺ موٹے بدن کے تھے، نہ گول چہرہ کے، البتہ تھوڑی سی گولائی آپ ﷺ کے چہرہ مبارک میں تھی، یعنی (چہرۂ انور بالکل گول نہ تھا، نہ بالکل لانبا بلکہ دونوں کے درمیان تھا) حضور ﷺ کا رنگ سفید سرخی مائل تھا، آپ ﷺ کی مبارک آنکھیں نہایت سیاہ تھیں اور پلکیں دراز، بدن کے جوڑوں کے ملنے کی ہڈیاں موٹی تھیں (مثلاً: کہنیاں اور گھٹنے)، اور ایسے ہی دونوں مونڈھوں کے درمیان کی جگہ بھی موٹی اور پُر گوشت تھی۔ آپ کے بدن مبارک پر (معمولی طور سے زائد) بال نہیں تھے (یعنی بعض آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ ان کے بدن پر بال زیادہ ہوجاتے ہیں، حضور ﷺ کے بدن مبارک پر خاص خاص جگہوں کے علاوہ جیسے بازو، پنڈلیاں، وغیرہ ان کے علاوہ اور کہیں بال نہیں تھے)، آپ ﷺ کے سینہ مبارک سے ناف تک بالوں کی لکیر تھی۔ آپ ﷺ کے ہاتھ اور قدم پر گوشت تھے۔ جب آپ ﷺ تشریف لے چلتے تو قدموں کو قوت سے اٹھاتے گویا کہ پستی کی طرف چل رہے ہیں، جب آپ ﷺ کسی کی طرف توجہ فرماتے تو پورے بدن مبارک کے ساتھ توجہ فرماتے (یعنی یہ کہ گردن پھیر کر کسی کی طرف متوجہ نہیں ہوتے تھے، اس لئے کہ اس طرح دوسرے کے ساتھ لاپروائی ظاہر ہوتی ہے، اور بعض اوقات متکبرانہ حالت ہوجاتی ہے، بلکہ سینہ مبارک سمیت اس طرف توجہ فرماتے۔ بعض علماء نے اس کا مطلب یہ بھی فرمایا ہے کہ جب آپ ﷺ توجہ فرماتے تو تمام چہرہ مبارک سے فرماتے، کن انکھیوں سے نہیں ملاحظہ فرماتے تھے، مگر یہ مطلب اچھا نہیں)۔ آپ ﷺ کے دونوں مبارک شانوں کے درمیان مہر نبوّت تھی۔ آپ ﷺ ختم کرنے والے تھے نبیوں کے۔ آپ ﷺ سب سے زیادہ سخی دل والے تھے اور سب سے زیادہ سچی زبان والے، سب سے زیادہ نرم طبعیت والے تھے اور سب سے زیادہ شریف گھرانے والے تھے (غرض آپ ﷺ دل وزبان، طبعیت، خاندان، اوصاف ذاتی اور نسبی ہر چیز میں سب سے افضل تھے)۔ آپ ﷺ کو جو شخص یکا یک دیکھتا مرعوب ہوجاتا تھا (یعنی آپ ﷺ کا وقار اس قدر زیادہ تھا کہ اوّل وہلہ میں دیکھنے والا رعب کی وجہ سے ہیبت میں آجاتا تھا، اوّل تو جمال وخوبصورتی کے لئے بھی

رعب ہوتا ہے:

شوق افزوں مائع عرض تمنا داب حسن
بار بادل نے اٹھائے ایسی لذّت کے مزے

اس کے ساتھ جب کمالات کا اضافہ ہو تو پھر رعب کا کیا پوچھنا! اس کے علاوہ حضور اقدس ﷺ کو جو مخصوص چیزیں عطا ہوئیں، ان میں رعب بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کیا گیا)۔ البتہ جو شخص پہچان کر میل جول کرتا، وہ آپ ﷺ کے اخلاق کریمانہ واوصاف کا گھائل ہو کر آپ ﷺ کو محبوب بنا لیتا تھا۔ آپ ﷺ کا حلیہ بیان کرنے والا صرف یہ کہہ سکتا ہے کہ: میں نے حضور اکرم ﷺ جیسا باجمال وباکمال نہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پہلے دیکھا، نہ بعد میں دیکھا (ﷺ) (۱۳۸)۔

❁:... اور لباس میں آنحضرت ﷺ کے معمول مبارک کا مختصر خلاصہ یہ ہے کہ لباس میں اکثر سوتی کُرتا زیب تن فرماتے تھے (۱۳۹)، جس کی آستینیں عموماً گٹوں تک (۱۴۰) اور لمبائی آدھی پنڈلی تک ہوتی تھی (۱۴۱)۔ ایک بار رومی ساخت کا جبہ بھی،

---

(۱۳۸): (خصائل نبوی، باب ماجاء فی خلق رسول اللّٰہ، ص: ۱۷، ۱۸، ۱۹، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۳۹): **عن أم سلمۃ ؓ قالت: کان أحب الثیاب الی رسول اللّٰہ ﷺ القمیص.** (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ٦٤، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۰): **عن أسماء بنت یزید قالت: کان کم قمیص رسول اللّٰہ ﷺ الی الرسغ.** (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ٦٧، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۱): فی خصائل نبوی: مناوی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ حضور [صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم] کا کُرتا زیادہ لمبا نہ ہوتا تھا، نہ اس کی آستینیں لمبی ہوتی تھیں۔ دوسری حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نقل کیا ہے کہ حضور [صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ

جس کی آستینیں آگے سے تنگ تھیں، استعمال فرمایا (۱۴۲)۔ سفید کو پسند فرماتے تھے اور اس کی ترغیب دیتے تھے (۱۴۳)، اکثر لنگی استعمال فرماتے تھے (۱۴۴)، یمانی چادروں کو پسند فرماتے تھے (۱۴۵)، شلوار کا خریدنا اور پسند فرمانا ثابت ہے، مگر پہننا ثابت

وسلم] کا کُرتا ٹخنوں سے اونچا ہوتا تھا۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ نصف پنڈلی تک ہونا چاہئے۔ (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم، ص: ٦٥، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۲):**عن عروة بن المغيرة بن شبعة، عن أبيهؓ: أن النبی ﷺ لبس جبة ضيقة الكمين.** (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ٧٦، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۳):**عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم عليكم بالبياض من الثياب، ليلبسها أحياؤكم، وكفنوا فيها موتاكم، فانها من خيار ثيابكم.**

عن سمرة بن جندب رضی اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم: البسوا البياض، فانها أطهر وأطيب، وكفنوا فيها موتاكم. (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم، ص: ٧٥، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۴):**عن أبی بردة: قال أخرجت الينا عائشة رضی اللّٰہ عنها كساء ملبدا، وازاراً غليظا فقالت: قبض روح رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم فی هذين.** (خصائل نبوی مع شمائل ترمذی، باب ماجاء فی صفة ازار رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ١٣٠، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

(۱۴۵):**عن أنسؓ، قال: كان أحب الثياب الى النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم أن يلبسها الحبرة. وفی المرقات تحت هذا الحديث: ففی النهاية الحبرة من البرود ما كان موشياً مخططاً يقال: برد حبرة بوزن عنبة على الوصف والاضافة، وهو برد يمانی.** (مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الأول، ج: ٨،

نہیں(۱۴۶)۔ سبز چادریں بھی استعمال فرمائیں(۱۴۷)،گاہے سرخ دھاریوں والی دوچادریں بھی استعمال فرمائیں(۱۴۸)، بالوں کی بنی ہوئی سیاہ چادر (کالی کملی) بھی استعمال فرمائی(۱۴۹)، سرمبارک پر کپڑے کی کلاہ اور اس کے اوپر دستار پہننے کا معمول تھا(۱۵۰)۔

ص: ۱۹۱، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

(۱۴۶):**عن أبی هریرةؓ قال دخلت مع النبیﷺ یوماً السوق فجلس الی البزار فاشتری سراویل بأربعة دراهم وکان لأهل السوق وزان یزن فقال له رسول اللّٰهﷺ اتزن وأرجح...الخ.** (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، کتاب اللباس، باب السراویل، ج: ۵، ص: ۱۲۱، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

(۱۴۷):**وعن أبی رمثة التیمی، قال: أتیت النبیﷺ علیه ثوبان أخضران، وله شعر قد علاه الشیب وشیبه أحمر.** (مشکاة المصابیح، کتاب اللباس، الفصل الثانی، ص: ۳۷۶، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۱۴۸):**عن عون بن أبی جحیفة، عن أبیه قال: رأیت النبیﷺ وعلیه حلة حمراء کأنی أنظر الی بریق ساقیه. قال سفیان: أُراها حبرة.** (خصائل نبوی مع شمائل ترمذی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰهﷺ، ص: ۷۱، ۷۲، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

(۱۴۹):**عن عائشة رضی اللّٰه عنها قالت: خرج رسول اللّٰهﷺ ذات غداة، وعلیه مرط من شعر أسود.** (خصائل نبوی مع شمائل ترمذی، باب ماجاء فی لباس رسول اللّٰهﷺ، ص: ۷۶، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

(۱۵۰):**فی تحفة الاحوذی:وقال ابن القیم فی زاد المعاد: وکان یلبسها یعنی العمامة ویلبس تحتها القلنسوة وکان یلبس القلنسوة بغیر عمامة ویلبس العمامة بغیر قلنسوة. انتهٰی. وفی الجامع الصغیر بروایة طبرانی عن ابن عمرؓ قال کان یلبس قلنسوة بیضاء .قال العزیزی: اسناده حسن وفیه بروایة الرویانی وابن عسا کرعن ابن عباس: کان یلبس القلانس تحت العمائم و بغیر العمائم ویلبس العمائم بغیر**

❁:...سر مبارک پر پٹے رکھنے کا معمول تھا، جو اکثر و بیشتر نرمہ گوش (کانوں کی لو) تک ہوتے اور کبھی کم وبیش بھی ہوتے تھے(۱۵۱)۔ حج وعمر کا احرام کھولنے کے موقع پر سر کے بال استرے سے صاف کرادیئے جاتے اور موئے مبارک رفقاء واحباب میں تقسیم فرما دیئے جاتے (۱۵۲)، صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ واتباعہ اجمعین!

نعلین شریفین رنگے ہوئے چمڑے کے ہوتے تھے جن میں دو تسمے ہوا کرتے

قلانس وكان يلبس القلانس اليمانية وهن البيض المضربة و يلبس القلانس ذوات الآذان فى الحرب وكان ربما نزع قلنسوته فجعلها سترة بين يديه وهو يصلى. **الحديث.** (تحفة الاحوذى بشرح جامع الترمذى، باب بلاترجمة، ج: ٥، ص: ٥٨٣، ط، دار الفكر)

(۱۵۱):**وعن عائشةؓ قالت: كنت أغتسل أنا ورسول اللهﷺ من اناء واحد، وكان له شعر فوق الجمة، ودون الوفرة. وفى المرقات تحت هذا الحديث: وهذا بظاهره يدل على أن شعرهﷺ كان أمراً متوسطاً بين الجمة والوفرة وليس بجمة ولاوفرة اذ معنى فوق الجمة أن شعره لم يصل الى محل الجمة وهو المنكب، ومعنى دون الوفرة أن شعره كان أنزل من شحمة الاذن، لكن جاء فى بعض الروايات أنهﷺ كان عظيم الجمة الى شحمة أذنيه وهذا ظاهر أن شعره كان جمة، وعلى أن جمته مع عظمها الى أذنيه، ولعل ذلك باعتبار اختلاف أحوالهﷺ.** (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، ج: ٨، ص: ٢٩٨، ٢٩٩، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۱۵۲):**وعن أنسؓ: أن النبىﷺ أتى منى، فأتى الجمرة فرماها، ثم أتى منزله بمنى، ونحر نسكه، ثم دعا بالحلاق، وناول الحالق شقه الأيمن فحلقه، ثم دعا أبا طلحة الأنصاريؓ، فأعطاه اباه، ثم ناول الشق الأيسر، فقال: احلق فحلقه، فأعطاه أبا طلحةؓ، فقال: اقسمه بين الناس.** (مشكاة المصابيح، كتاب المناسك، باب الحلق، الفصل الأول، ص: ٢٣٢، ط، قديمى كتب خانه كراچى)

تھے(۱۵۳)۔(آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۱،ص:۱۶۵تا۱۶۸، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

حضور ﷺ کا قد مبارک

﴿سوال﴾:

کیا آپ کو معلوم ہے کہ ہمارے نبی کریم ﷺ کا قد مبارک کتنا ہوگا؟ انداز بتادیں۔

﴿جواب﴾:

یہ تو معلوم نہیں، اتنا معلوم ہے کہ جب آنحضرت ﷺ لوگوں میں چلتے تھے تو سب سے اونچے نظر آتے تھے(۱۵۴)۔(آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۱،ص:۱۶۸، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

---

(۱۵۳):عن قادة قال: قلت لأنس بن مالکؓ: کیف کان نعل رسول اللّٰہ ﷺ؟ قال لهما قبالان. (شمائل ترمذی، مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی نعل رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ۸٤، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

(۱۵۴):حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا قد مبارک درمیانہ تھا لیکن میانہ پن کے ساتھ کسی قدر طول کی طرف کو مائل۔ چنانچہ ہند بن ابی ہالہ وغیرہ کی روایت میں اس کی تصریح ہے۔ ان دونوں روایتوں پر اس حدیث سے اشکال ہوتا ہے جس میں آیا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی جماعت میں کھڑے ہوتے تو سب سے زیادہ بلند نظر آتے، لیکن یہ درازی قد کی وجہ سے نہ تھا بلکہ معجزہ کے طور پر تھا تاکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جیسا کمالات معنویہ میں کوئی بلند مرتبہ نہیں ہے، اسی طرح صورتِ ظاہری میں بھی کوئی بلند محسوس نہ ہو۔(خصائل مع شمائل ترمذی، باب ماجاء خلق رسول اللہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم، ص:۱۱، ط، مکتبۃ البشریٰ کراتشی)

حضور ﷺ کے نعل مبارک کے نقش کو چومنے، اس جیسے نعل پہننے اور اس کے احترام کا حکم

﴿سوال﴾:

مکرّم ومحترم جناب مفتی صاحب، دامت برکاتہم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ، امابعد!

۱: جو چیز سرور کائنات ﷺ کے جسد اطہر سے متصل ہوگئی، اس کی برکات کا انکار تو کوئی جاہل یا ملحد ہی کرے گا، لیکن اس شے کی مثل ہاتھ سے تیار کرلی جائے تو کیا اس میں بھی وہ برکت آجاتی ہے؟ بالفاظ دیگر متبرک سے کی تصویر بھی متبرک ہے؟

۲: آج کل سرور کائنات ﷺ کے نعل مبارک کا نقشہ بہت عام ہوگیا، لوگ اس کو چومتے ہیں، برکت کے لئے سر پر رکھتے ہیں، اس کی کیا حیثیت ہے؟ اس نقشے کی یہ حیثیت مسلم کہ اس سے آپ ﷺ کے نعل مبارک کی صورت معلوم ہوگئی، روایات حدیث میں مذکور نعل کا سمجھنا آسان ہوگا۔

۳: کیا اس نقشے کے مطابق نعل بنوا کر استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ جبکہ سرور کائنات ﷺ کی ہر ادا ہمارے لئے نمونہ ہے، آپ ﷺ کی جیسی پگڑی، قمیص جیسی قمیص بنوانا، پہننا سب باعثِ سعادت اور محبت کا تقاضا ہے، کیا آپ ﷺ کے جوتے جیسا جوتا پہننا بھی محبت کا تقاضا ہے یا نہیں؟

۴: نیز یہ بھی قابل دریافت ہے کہ یہ نقشہ اس وقت عام مروج تھا یا حضور ﷺ کے ساتھ خاص تھا؟ آپ ﷺ کا نعل مبارک صحابہ رضوان اللہ علیہم کے زمانے میں موجود تھا، دیگر مستعمل کپڑوں، برتنوں کی طرح اس کو سنبھال کر رکھا گیا۔ جن حضرات کے پاس یہ موجود نہیں تھا، کیا کسی روایت سے ثابت ہے کہ وہ لوگ کاغذ پر اس کی صورت بنا کر برکت حاصل کرتے ہوں؟ اگر ثابت نہ ہو تو آج اس کو باعثِ ثواب سمجھنا، سفر میں ساتھ رکھنا،

برکت کے لئے دکانوں، مکانوں پر لگانا کیا بدعت نہیں ہوگا؟

۵: روضۂ اقدس کی صحیح تصویر یعنی فوٹو، بیت اللہ کی صحیح تصویر بھی باعث برکت ہے یا نہیں؟ اب لوگ ان کپڑوں اور قالینوں پر نماز پڑھنا بے ادبی سمجھنے لگ گئے ہیں جن پر روضۂ اقدس کی تصویر ہو، اس کی کیا حیثیت ہے؟

۶: اب نقشِ خاتم بھی شائع ہوگیا ہے، لوگ اس کے تصوّر کو انوار و برکات کا باعث سمجھنے لگے ہیں، اس کی کیا شرعی حیثیت ہے؟ مجھے خطرہ ہے کہ غالی لوگوں کی طرف سے جلد ہی آپ ﷺ کی اونٹنی اور بغل اور حمار کی مثل شائع ہو کر ان کا بھی احترام نہ شروع ہوجائے۔ میرے غیر مرتب الفاظ کو اپنے مرتب الفاظ میں منتقل کر کے سوال و جواب اپنے ماہنامہ ''البلاغ'' میں شائع فرمادیں تو میرے جیسے کئی متحیر لوگوں کی رہنما ہوجائے گی۔ والسلام، عبدالمجید غفرلہ، باب العلوم کہروڑپکا

بخدمت اقدس جناب مولانا عبدالمجید صاحب مدظلہم العالی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

آپ کا مفصل استفتاء نعل مبارک کے نقشے کے بارے میں کافی عرصہ پہلے مل گیا تھا، وہ برابر زیر غور رہا، آخر میں مشورے کے لئے حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی کی خدمت گرامی میں پیش کیا، ہماری خوش قسمتی ہے کہ حضرت والا خود جواب تحریر فرمانے کے لئے تیار ہوگئے، چنانچہ یہ جواب حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی کا لکھا ہوا ہے۔ والسلام بندہ عبدالرؤف سکھروی۔

مخدوم گرامی قدر حضرت مولانا عبدالمجید صاحب مدظلہم العالی!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

آنجناب کا گرامی نامہ مولانا مفتی عبدالرؤف صاحب کے نام آیا تھا، انہوں نے احقر کو مشورے کے لئے بھیجا، احقر نے جو کچھ سمجھ میں آیا، لکھ دیا، اور آنجناب کی خدمت میں اس

خیال سے ارسال کررہا ہوں کہ اگر کوئی غلطی ہوگی تو آنجناب اس پر متنبہ فرمائیں گے۔

﴿جواب﴾:

شاید جناب کے علم میں ہوگا کہ حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے رسالہ ''زاد السعید'' میں حضور اقدس ﷺ کے نعل مبارک کا نقشہ شائع فرمایا تھا اور اس کو سر پر رکھ کر دعا کرنے کی بھی فی الجملہ ترغیب دی تھی، اور اس سلسلے میں ایک رسالہ بھی تحریر فرمایا تھا، بعد میں حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ نے اس موضوع پر حضرتؒ سے خط وکتابت کی جو کفایت المفتی جلد:۲ صفحہ:۱۶ تا ۶۹ (۱۵۵) اور امداد الفتاوی جلد:۴ صفحہ: ۳۲۸ تا ۳۳۲ (۱۵۶) میں مکمل شائع ہوچکی ہے۔ اس خط وکتابت کے مطالعے سے مسئلے کی شرعی حیثیت بڑی حد تک واضح ہوجاتی ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ جہاں تک آنحضرت ﷺ کے ان آثار متبرکہ کا تعلق ہے جو آپ کے زیر استعمال رہے ہوں یا آپ کے جسم اطہر سے مس ہوئے ہوں، ان سے تبرک یا انہیں بوسہ دینا یا سر پر رکھنا متعدد صحابہ کرامؓ اور علمائے متقدمین سے ثابت ہے، اور جیسا کہ خود آنجناب نے ذکر فرمایا ہے وہ محلِ اشکال نہیں۔ البتہ اگر آپ ﷺ کے ان آثارِ متبرکہ کی کوئی تصویر بنائی جائے یا اس کا کوئی نقشہ بنایا جائے تو وہ اگرچہ اصل آثار کے مساوی نہ ہوگا، لیکن چونکہ اصل کے ساتھ مشابہت اور مشاکلت کی وجہ سے اس کو حضور اقدس ﷺ سے فی الجملہ ایک نسبت حاصل ہے، اس لئے اگر کوئی شخص اپنے شوق طبعی اور محبت کے داعیہ سے اس کا بھی ادب کرے اور اسی محبت کے داعیہ سے اسے بوسہ دے یا آنکھوں سے لگائے تو فی نفسہٖ اس کی ممانعت پر بھی کوئی دلیل نہیں، لہٰذا فی نفسہٖ ایسا کرنا مباح ہوگا، بلکہ جس محبت کے داعیہ سے ایسا کیا

---

(۱۵۵):(کفایت المفتی، کتاب السلوك والطریقة، ج: ۲، ص: ۹۱ تا ۹۹، ط، دار الاشاعت کراچی)

(۱۵۶):(امداد الفتاوی، ج: ۱۰، ص: ۵۷ تا ۶۲، ط، مکتبه زکریا بُك ڈپو الهند، ج: ٤، ص: ۳۷٤ تا ۳۷۹، ط، مکتبه دار العلوم کراچی)

جارہا ہے وہ محبت ان شاء اللہ موجب اجر بھی ہوگی بشرطیکہ اس خاص عمل کو بذاتہٖ عبادت نہ سمجھا جائے، کیونکہ عبادت کے لئے ثبوت شرعی درکار ہے۔ البتہ جواز کے لئے کسی مستقل دلیل کی ضرورت نہیں کیونکہ اس کے لئے ممانعت کی دلیل نہ ہونا بھی کافی ہے۔ اور اس تفصیل میں دونوں صورتیں شامل ہیں، خواہ نقش اصل کے بالکلیہ مطابق ہو یا بالکلیہ مطابق نہ ہو، کیونکہ مشابہت کی وجہ سے فی الجملہ نسبت دونوں کو حاصل ہے۔

یہ تو مسئلے کی اصل تھی، لیکن چونکہ ان نازک حدود کو سمجھنا اور ان کی نزاکت کو ملحوظ رکھنا عوام کے لئے مشکل معلوم ہوتا ہے، اور اس بات کا اندیشہ ہے اس میں حدود سے تجاوز نہ ہوجائے، مثلاً یہ کہ ان اعمال کو بذاتہٖ عبادت جانے لگے یا ادب وتعظیم میں حدود سے تجاوز ہوکر مشرکانہ افعال یا اعتقادات اس کے ساتھ نہ مل جائیں۔ اس لئے مناسب یہی ہے کہ ان نقشوں کی عمومی تشہیر اور ان کی طرف ترغیب وغیرہ سے اجتناب ہی کیا جائے، اس لئے حضرت حکیم الامت قدس اللہ سرہٗ نے اپنے رسالہ ”نیل الشفاء بنعل المصطفی ﷺ“ سے بعد میں رجوع فرمالیا تھا۔

خلاصہ یہ کہ تشہیر کی ہمت افزائی نہیں کرنی چاہئے، لیکن اگر کوئی شخص حدود میں رہ کر مذکورہ افعال کرتا ہے اس پر نکیر بھی درست نہیں۔

۳: آنحضرت ﷺ کی نعل شریف جیسی نعل بنوا کر پہننے کے جواز یا عدم جواز کے بارے میں فقہائے کرامؒ کی کوئی تصریح تو نہیں دیکھی، البتہ یہ بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہ معاملہ ذوق کا ہے، اور مذاق مختلف ہوسکتے ہیں، ایک مذاق یہ ہے کہ جس چیز کو حضور اقدس ﷺ کے آثار متبرکہ میں سے کسی کے ساتھ مشابہت حاصل ہو وہ تو سر اور آنکھوں پر رکھنے کی چیز ہے، نہ یہ کہ اس کو پاؤں میں استعمال کیا جائے، لہٰذا اگر کوئی شخص اس مذاق کے تحت اسے پہننے سے احتراز کرے تو یہ اس کے مذاق تعظیم ومحبت کا تقاضا ہے جس پر وہ قابل علامت نہیں، جیسا کہ حضرت گنگوہی قدس اللہ سرہٗ کے بارے میں منقول ہے کہ سبز رنگ کا جوتا بھی اس لئے نہیں پہنتے تھے کہ گنبد خضراء کا رنگ سبز ہے۔ اور دوسرا مذاق یہ ہے کہ انسان

اپنے ہر عمل اور ہر ادا میں حتی الامکان حضور اقدس ﷺ کی اداؤں کی نقل اتارنے کی کوشش کرے، اور آپ ﷺ کے لباس جیسا لباس پہنے، اور اس نقطۂ نظر سے آپ ﷺ کے نعل مبارک جیسا نعل بنوا کر پہنے اور مقصود اتباع ہو تو بظاہر اس پر بھی ممانعت کی کوئی دلیل نہیں، بلکہ یہ بھی محبت کا تقاضا ہے۔ چونکہ اس کا مقصود اتباع ہے، اس لئے بظاہر اس میں اہانت کا بھی کوئی پہلو نہیں۔ چنانچہ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم اجمعین سے یہ کہیں منقول نہیں کہ انہوں نے حضور اقدس ﷺ کے نعل مبارک جیسے جوتے پہننے سے احتراز کا اہتمام کیا ہو، بالخصوص جبکہ اس دور میں جوتوں کی اوضاع میں اتنا تنوّع بھی نہیں تھا، لہٰذا جیسا عرض کیا گیا یہ ذوق کی بات ہے اور کوئی ذوق قابل ملامت نہیں۔

۴۔ یہ بات تلاش کے باوجود نہیں مل سکی کہ آیا یہ نقشہ عام مروّج تھا یا آنحضرت ﷺ کے ساتھ خاص تھا۔

۵، ۶۔ روضۂ اقدس یا بیت اللہ کی صحیح تصویر کا حکم بھی قریب قریب ایسا ہی ہے کہ ان کو اصل کے ساتھ تشابہ کی ایک نسبت قویہ حاصل ہے، نیز انہیں دیکھ کر اس کا استحضار قوی ہوتا ہے، لہٰذا ان کا احترام کرنا چاہئے، یعنی ان کو کسی موضع اہانت میں استعمال کرنا درست نہیں، جہاں تک ان کے باعث برکت ہونے کا تعلق ہے، یہ بات واضح ہے کہ کسی جگہ ان کے لگانے سے ان شعائر کا بار بار استحضار ہوتا ہے، اور یہ استحضار یقیناً باعث برکت ہے۔

جانمازوں پر فی نفسہ کسی بھی قسم کے نقش پسندیدہ نہیں، لیکن اگر کسی جائے نماز پر حرمین شریفین میں سے کسی کی تصویر اس طرح بنی ہوئی ہے کہ وہ پاؤں کے نیچے نہیں آتی تو اس میں بھی اہانت کا کوئی پہلو نہیں، البتہ موضع سجود میں بیت اللہ کے سوا کسی اور چیز کی تصویر بالخصوص روضۂ اقدس کی شبیہ میں چونکہ ایہام خلاف مقصود کا ہوسکتا ہے اس سے احتراز مناسب معلوم ہوتا ہے۔

۷۔ نقش خاتم کے بارے میں بھی وہی تفصیل ہے جو نقش نعلین کے بارے میں عرض کی گئی، البتہ ظاہر ہے کہ ان غیر ذی روح اشیاء کے نقوش پر ذی روح کے نقوش کو ہرگز قیاس

نہیں کیا جاسکتا، کہ ذی روح کا نقش یا تصویر بہر صورت ممنوع ہے(۱۵۷)۔ واللہ سبحانہ اعلم (فتاوی عثمانی، ج:۱،ص:۴۵تا۴۹، ط، مکتبہ معارف القرآن کراچی)

❁❁❁

(۱۵۷): عن أبی طلحةؓ، قال: قال النبیﷺ: لاتدخل الملائكة بيتاً فيه كلب، ولاتصاوير. متفق عليه. وفی المرقات تحت هذا الحديث: "ولاتصاوير" يعم جميع أنواع الصور. وقد رخص فيما كان فی الأنماط الموطوءة بالأرجل على ما ذكره ابن الملک. قال الخطابی: انما لاتدخل الملائكة بيتاً فيه كلب أو صورة مما يحرم اقتناؤه من الكلاب والصور، واما ما ليس بحرام من كلب الصيد والزرع والماشية ومن الصورة التی تمتهن فی البساط والوسادة وغيرهما، فلايمنع دخول الملائكة بيته. قال النوویؒ: والأظهر أنه عام فی كل كلب وصورة، وأنهم يمتنعون من الجميع لاطلاق الأحاديث ولأن الجر والذی كان فی بيت النبیﷺ تحت السرير كان له فيه عذر ظاهر لأنه لم يعلم به، ومع هذا امتنع جبريل عليه الصلاة والسلام من دخول البيت، وعلله بالجرو....قال أصحابنا وغيرهم من العلماء: تصوير صورة الحيوان حرام شديد التحريم وهو من الكبائر لأنه متوعدا عليه بهذا الوعيد الشديد المذكور فی الأحاديث سواء صنعه فی ثوب او بساط أو درهم أو دينار أو غير ذلک، وأما تصوير صورة الشجر والرجل والجبل وغير ذلک فليس بحرام. هذا حكم نفس التصوير، وأما اتخاذ المصور بحيوان، فان كان معلقاً على حائط سواء كان له ظل ام لا، أو ثوباً ملبوساً أو عمامة أو نحو ذلک فهو حرام...الخ. (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب اللباس، باب التصاوير، الفصل الأول، ج: ۸، ص: ۳۲۲، ۳۲۳، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور نماز اشراق

﴿سوال﴾:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اشراق کی کتنی رکعت پڑھتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

اشراق کی دو یا چار رکعت پڑھنا مسنون ہے(۱۵۸)۔(زادالمعاد:۱/۹۳) فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۵۱)

❁❁❁

(۱۵۸): عن أبی الدرداء، وأبی ذر رضی اللّٰہ عنهما قالا: قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم: عن اللّٰہ تبارک وتعالی أنه قال: یا ابن آدم! ارکع لی أربع رکعات من أول النهار، أکفک آخره. رواه الترمذی. وفی المرقات تحت هذا الحدیث: "اربع رکعات من أول النهار" قیل: المراد صلاة الضحی وقیل: صلاة الاشراق. (مرقات المفاتیح شرح مشکاة المصابیح، ج: ۳، ص: ۳۵۵، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی الموسوعة الفقهیة: وصلاة الاشراق بهذا الاسم ذکرها بعض فقهاء الشافعیة علی ماجاء فی بعض کتبهم، وذلک فی أثناء الکلام علی صلاة الضحی.

ففی منهاج الطالبین وشرحه المحلی قال: من النوافل التی لایسن لها الجماعة: الضحی: وأقلها رکعتان، وأکثرها اثنتا عشرة رکعة، ویسلم من کل رکعتین، قال القلیوبی تعلیقا علی قوله: (الضحی) هی صلاة الأوابین وصلاة الاشراق علی المعتمد عند شیخنا الرملی وشیخنا الزیادی: وقیل: کما فی الأحیاء: انها (أی صلاة الاشراق) صلاة رکعتین عند ارتفاع الشمس.

وفی عمیرة قال الاسنوی: ذکر جماعة من المفسرین. أن صلاة الضحی هی صلاة الاشراق المشار الیها فی قوله تعالیٰ: ﴿یسبحن بالعشی والاشراق﴾ أی یصلین، لکن فی الاحیاء انها غیرها، وأن صلاة الاشراق رکعتان بعد طلوع الشمس

ختمِ نبوت ذاتی سے متعلق ''الشہاب الثاقب'' کی عبارت پر اشکال کا جواب

﴿سوال﴾:

حضرت مولانا مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ کی کتاب '' الشهاب الثاقب'' ص:۱۷۸ میں یہ عبارت ہے:

''پس بنظر اس کے وصف اصلی اور کمال ذاتی کے ممکن ہوگا کہ کوئی نبی اس کے بعد آوے اگرچہ یہ ممکن وجہٗ خارجی سے ممتنع ہوگیا ہو''۔

یہ وہی مطلب اس عبارت کا ہے جو ص:۱۴ میں مجدد بریلوی نقل کی ہے کہ:

''اگر فرض کیا جائے وجود کسی نبی کا بعد آپ کے تو آپ کی خاتمیت پر نہ ہوگا'' الی آخرہ۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''تحذیر الناس'' میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ایک اثر کی تشریح کرتے ہوئے یہ تحریر فرمایا ہے کہ ''رسول پاک ﷺ کے خاتم النبیین ہونے کے ایک معنی تو وہی ہیں جو سب کے ذہنوں میں موجود ہیں، یعنی یہ کہ حضور اکرم ﷺ تمام انبیاء علیہ الصلاۃ السلام کے بعد تشریف لائے۔'' یہ مطلب بھی درست ہے اور اس پر ہمارا عقیدہ ہے جیسا کہ خود حضرت نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ''جوابات محذورات عشر'' میں جگہ جگہ تحریر فرمایا ہے کہ ''ختم نبوت اپنا دین وایمان ہے لیکن اس کے علاوہ ایک اور معنی بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ رسول اکرم ﷺ اپنی ذات اور مرتبہ کے لحاظ سے بھی خاتم النبیین ہیں اور آپ کی ذات تمام انبیاء

عند زوال وقت الكراهة. (الموسوعة الفقهية، ج: ۲۷، ص: ۱۳۲، ۱۳۳)

کے لئے خاتم ہے اور مطلب اس وقت میں بھی صادق ہے جب کہ آپ جملہ انبیاء کے آخر میں تشریف لائے اور آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا، نبوت کا دروازہ بند ہو چکا ہے، اب اگر کوئی شخص نبوت کا دعوی کرے تو وہ باطل ہے اور اگر بالفرض آپ سب سے پہلے حتی کہ حضرت آدم علیہ الصلاۃ والسلام سے بھی پہلے تشریف لاتے تب بھی آپ اپنے مرتبہ کے لحاظ سے خاتم النبیین ہی ہو کر تشریف لاتے، اور اگر چہ چند انبیاء کے بعد چند انبیاء سے پہلے تشریف لاتے جب بھی آپ مرتبہ کے اعتبار سے خاتم النبیین ہی ہوتے''۔ الحاصل آپ کا یہ عہدہ اور مقام ہر حال میں آپ کے لئے حاصل ہے۔

یہی مطلب ''الشھاب الثاقب'' کی عبارت کا ہے، اب اگر کوئی اپنی باطن کی خرابی اور کج فہمی سے مطلب بگاڑ کر بیان کرے تو خود اس کا مطلب ہوگا، حضرت نانوتوی یا حضرت مدنی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہما کا وہ ہرگز مطلب نہیں، اس بگڑے ہوئے مطلب کو ان بزرگوں کی طرف منسوب کرنا افتراء اور بہتان ہے اور اس بگڑے ہوئے مطلب پر جو شرعی حکم عائد ہوگا وہ خود اس بگاڑنے والے پر ہوگا نہ کہ ان بزرگوں پر۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم

(فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۳۷۲ تا ۳۷۴)

❁❁❁

ختم نبوت ذاتی وزمانی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین، حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کی درج ذیل عبارت کے بارے میں کہ:

''بلکہ اگر بالفرض بعد زمانۂ نبوی کوئی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا''۔ (حوالہ تحذیر الناس ص:۴۱، مطبوعہ مکتبہ تھانوی دیوبند)

کیا اس عبارت سے ختم نبوت کا معاذ اللہ انکار لازم آتا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضرت نانوتویؒ کی کتاب ''تحذیر الناس'' کی پوری عبارت ملاحظہ فرمائیں:

''ہاں اگر خاتمیت بمعنی اوصاف ذاتی بوصف نبوت لیجئے، جیسا کہ اس ہیچ مداں نے عرض کیا ہے تو پھر سوائے رسول ﷺ اور کسی افراد مقصودہ بالخلق میں سے مماثل نبوی ﷺ نہیں کہہ سکتے؛ بلکہ اس صورت میں فقط انبیاء کے افراد خارجی ہی پر آپ ﷺ کی فضیلت ثابت نہ ہوگی افراد مقدرہ پر بھی آپ ﷺ کی فضیلت ثابت ہوجائے گی؛ بلکہ اگر بالفرض بعد زمانہ ﷺ بھی کوئی نبی پیدا ہو تو پھر بھی خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا''۔

واضح رہنا چاہئے کہ حضرت نانوتویؒ نے اس کتاب میں یہ ثابت کیا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تین طریقوں سے خاتم النبیین ہیں:

(۱) خاتمیت مکانی (۲) خاتمیت زمانی (۳) خاتمیت ذاتی مرتبی یعنی زمانہ اور مکان کی قید سے قطع نظر کرتے ہوئے آپ ﷺ کا ختم نبوت کے مرتبہ پر فائز ہونا جس کو حدیث: ''کنت نبیا و آدم بین الماء و الطین'' میں بیان فرمایا گیا ہے، مذکورہ عبارت میں اسی خاتمیت ذاتی سے بحث کی گئی ہے، اس عبارت کا تعلق خاتمیت زمانی کے بحث سے بالکل ہے ہی نہیں، یعنی آنحضرت ﷺ کی فضیلت صرف اسی وجہ سے نہیں ہے کہ آپ سب سے آخر میں مبعوث ہوئے؛ بلکہ اس سے آگے بڑھ کر خود آپ ﷺ اپنی ذات والا صفات کے اعتبار سے زمان ومکان کی قید سے بالا تر ہو کر خاتمیت نبوت سے متصف ہیں۔ (مستفاد: قادیانی مغالطے ۶۱)

اسی کو سمجھاتے ہوئے حضرت نانوتویؒ نے یہ بات لکھی ہے ''کہ اگر بالفرض (محض

سمجھانے کے لئے ایک فرضی صورت اختیار کی ہے جس پر اگر اور بالفرض کے الفاظ صراحۃً دلالت کررہے ہیں، اس سے ہرگز یہ لازم نہیں آتا ہے کہ حضرت نانوتویؒ آنحضرت ﷺ کے بعد کسی نبی کے امکان کے قائل ہیں) بعد زمانہ بھی کوئی نبی پیدا ہوتو پھر بھی خاتمیت محمدی (یعنی بحیثیت ذاتی) میں کچھ فرق نہ آئے گا'' (بلکہ اس مفروضہ صورت میں بھی آپ ﷺ کی ذات ہی خاتم النبیین کی مستحق ہوگی)

معلوم یہ ہوا کہ حضرت نانوتویؒ کی اس عبارت سے یہ سمجھنا کہ آں موصوف نبی اکرم ﷺ کے آخری نبی ہونے کے منکر ہیں قطعاً صحیح نہیں ہے؛ بلکہ اس کے برخلاف اس عبارت کا صاف مطلب یہ ہے کہ آپ ﷺ صرف سب نبیوں کے بعد میں آنے کی وجہ سے ہی خاتم النبیین نہیں بلکہ آپ ﷺ ذاتی مرتبہ کی بنا پر بھی خاتم النبیین ہیں، یعنی دونوں اعتبار سے خاتم النبیین ہیں۔

اور یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ حضرت نانوتویؒ ختم نبوت کے منکر ہوں، حالاں کہ رسالہ ''تحذیر الناس'' کا موضوع ہی یہی ہے کہ آپ ﷺ آخری نبی ہیں، اور خود ''تحذیر الناس'' میں جابجا حضرت نانوتویؒ نے نبی اکرم ﷺ کی ختم نبوت کا صراحۃً ذکر فرمایا ہے۔

مثال کے طور پر ص:۱۰/ پر تحریر فرماتے ہیں:

> ''سوا اگر اطلاق اور عموم ہے تب تو ثبوت خاتمیت زمانی ظاہر ہے ورنہ تسلیم لزوم خاتمیت زمانی بدلالت التزامی ضرور ثابت ہے''۔

اور ص:۲۱/ پر ہے

> ''درصورت کہ زمانے کو حرکت کہا جائے تو اس کے لئے کوئی مقصود بھی ہوگا، جس کے آنے پر حرکت منتہی ہوجائے سو حرکت سلسلہ نبوت کے لئے نقطہ ذات محمدی منتہی ہے''۔

اسی طرح اپنی دیگر تصنیفات میں بھی اس کی صراحت کی ہے کہ آپ ﷺ سب سے آخری نبی ہیں۔

مناظرہ عجیبہ کے ص:۲۹/ پر ہے:

''خاتمیت زمانی اپنا دین وایمان ہے ناحق کی تہمت کا البتہ کچھ علاج نہیں''۔

اور ص:۶۹/ پر رقم طراز ہیں:

''ہاں یہ مسلم ہے کہ خاتمیت زمانی اجماعی عقیدہ ہے''۔

اور صفحہ ۱۰۳ پر ارقام فرماتے ہیں:

''بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کسی اور نبی کے ہونے کا احتمال نہیں، جو اس میں تامل کرے اس کو کافر سمجھتا ہوں''۔

(مستفاد: فیصلہ کن مناظرہ ص:۵۳)

ایک اور جگہ تحریر فرماتے ہیں:

''خاتمیت زمانی سے مجھ کو انکار نہیں؛ بلکہ یہ کہئے کہ منکروں کے لئے گنجائش انکار نہ چھوڑی''۔ (جواب محذورات ۵۰)

قاسم العلوم حضرت مولانا قاسم نانوتویؒ کی مذکورہ بالا تصریحات کے ہوتے ہوئے کوئی صاحب دیانت اور صاحب عقل یہ نہیں کہہ سکتا ہے کہ آپ ختم نبوت زمانی کے منکر ہیں؛ لیکن افتراء پردازی کا کوئی علاج نہیں۔

نیز یہ بتلا دینا بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ تحقیق کہ آنحضرت ﷺ خاتم زمانی ہونے کے ساتھ خاتم مرتبی اور خاتم ذاتی بھی ہیں یعنی آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے کمالات نبوت براہ راست عطا فرمائے اور دیگر انبیاء علیہم السلام کو آنحضرت ﷺ کے واسطے سے، اس میں حضرت نانوتویؒ منفرد نہیں؛ بلکہ بہت سے متقدمین علماء محققین بھی اس کی تصریح فرما چکے ہیں۔

اور خود مولوی احمد رضا خاں بریلوی بھی اپنے رسالہ ''جزاء اللہ عدوہ'' کے ص:۲۳/ پر لکھتے ہیں:

''اور نصوص متواترہ اولیاء کرام وائمہ عظام وعلماء اعلام سے مبرہن ہو چکا ہے کہ ہر نعمت قلیل یا کثیر، صغیر یا کبیر، جسمانی یا روحانی، دینی یا دنیوی (الی قولی) ملک یا انسان جن یا حیوان؛ بلکہ تمام ماسوا اللہ میں جسے جو کچھ ملی ہے یا ملے گی اس کی کلی انہیں کے صبائے کرم سے کھلی اور کھلتی ہے، یا کھلے گی، یہ سر الوجود اور اصل الوجود خلیفۃ اللہ الاعظم وولی نعمت عالم ﷺ ہیں۔

یہ خود فرماتے ہیں: ﷺ **أنا أبو القاسم، اللّٰه يعطي وأنا قاسم**''.

فاضل بریلوی کی اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم میں جو کچھ نعمت روحانی یا جسمانی کسی کو ملی ہے وہ آنحضرت ﷺ کے دست کرم کا نتیجہ ہے، اور چونکہ نبوت بھی ایک اعلی درجہ کی روحانی نعمت ہے؛ لہٰذا وہ بھی دوسرے انبیاء علیہم السلام کو حضور ﷺ ہی کے واسطہ سے ملی ہے اور اسی حقیقت کا نام حضرت مولانا قاسم صاحب نانوتویؒ کی اصطلاح میں ''خاتمیت ذاتی'' اور ''خاتمیت رتبی'' ہے۔

﴿مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ﴾[الاحزاب: ٤٠]

عن جبير مطعم رضى اللّٰه عنه قال: سمعت النبى ﷺ يقول:....وأنا العاقب، والعاقب الذى ليس بعده نبى..

(صحيح البخارى، المناقب /ما جاء فى أسماء رسول اللّٰه ﷺ رقم: ٣٥٣٢، صحيح مسلم، الفضائل/باب فى أسمائه ﷺ رقم: ٢٣٥٤)

''**وقد أخبر اللّٰه تبارك وتعالىٰ فى كتابه ورسوله ﷺ فى السنة المتواترة أنه لا نبى بعده، ليعلموا أن كل من ادعى هٰذا المقام بعده، فهو كذاب وأفاك دجال ضال مضل**''.

(تفسير ابن كثير ٦٥٢/٣ الاحزاب: ٤٠ بيروت)

اعلم أن الاجماع قد انعقد على أنه ﷺ خاتم المرسلين كما أنه خاتم النبيين وان كان المراد بالنبيين فى الآية هم المرسلين. (اليواقيت والجواهر ۲/ ۳۷)

قوله: "وكل دعوى النبوة بعده فغي وهوى" ش: لما ثبت أنه خاتم النبيين، علم أن من ادعى بعده النبوة فهو كاذب. (عقيدة الطحاوية مع الشرح ۱۷٦، بحواله: عقائد اهل السنة والجماعة ۱۰۰) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم (كتاب النوازل، ج: ۱، ص: ۲۸۷تا ۲۹۱، ط، المركز العلمى للنشر والتحقيق لال باغ مراد آباد الهند)

❁❁❁

حضور اکرم ﷺ کے خاتم النبیین ہونے پر اشکال اور اس کا جواب

﴿سوال﴾:

بلاشبہ حضور اقدس ﷺ پر نبوت ختم ہوچکی، آپ ﷺ خاتم النبیین ہیں لہٰذا اب کوئی دوسرا نبی نہیں آئے گا، لیکن اشکال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب اللہ تبارک وتعالیٰ قادر مطلق ہے اور اس نے جس طرح پہلے انبیاء بھیجے اب بھی ان کے بھیجنے پر قادر ہے، پھر اب وہ نبی کیوں نہیں بھیجے گا؟ براہ کرم اس اشکال کو دور فرمادیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

جب وہ قادر مطلق ہے تو اس کو کون مجبور کرسکتا ہے کہ وہ ضرور نبی بھیجے، کسی کو مطالبہ کا حق نہیں، اس نے اپنے پاک نبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آخری نبی اور خاتم النبیین قرار دیدیا ہے (۱۵۹) اس لئے وہ قادر مطلق ہونے کے باوجود کسی نبی کو پیدا نہیں

(۱۵۹): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكن

فرمائے گا (۱٦۰)۔فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۳۷۴)

❁❁❁

رسول الله وخاتم النبيين. (الأحزاب: ٤٠)

وعن أبي هريرةؓ، أن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم قال: فضلت على الأنبياء بست: أعطيت جوامع الكلم، ونصرت بالرعب، وأحلت لي الغنائم، وجعلت لي الأرض مسجدا وطهوراً، وأرسلت الى الخلق كافة، وختم بي النبيون. وفي المرقات تحت هذا الحديث: "وختم بي النبيون" أي وجودهم فلايحدث بعدي نبي ولايشكل بنزول عيسى عليه السلام، وترويج دين نبيناصلى الله تعالى عليه وسلم على أتم النظام وكفى به شهيداً شرفاً وناهيک به فضل على سائر الأنام. قال الطيبي: أغلق باب الوحي وقطع طريق الرسالة وسد، وأخبر باستغناء الناس عن الرسل واظهار الدعوة بعد تصحيح الحجة وتكميل الدين. (مرقات المفاتيح شرح مشكلة المصابيح، كتاب الفضائل والشمائل، باب فضل سيد المرسلينﷺ، الفصل الأول، ج: ١٠، ص: ٤٢٧، ٤٢٨، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۱٦۰):قال الله تبارک وتعالىٰ: والله يحكم لامعقب لحكمه. (سورة الرعد: ٤١)

وفي روح المعاني: لأن اخباره تعالىٰ بوقوع الشيء أو عدم وقوعه القدرة عليه، ولايخرجه من الامكان الذاتي لامتناع الانقلاب، وانما ينفي وقوعه أو وقوعه فيصير بالغير، واللازم للممكن أن لايلزم من فرض وقوعه نظراً الى ذاته محال، وأما بالنظر الى امتناعه بالغير فقد يستلزم الممتنع بالذات كاستلزام عدم المعلول الأول عدم الواجب. (روح المعاني، سورة البقر، الآية: ٦، ج: ١، ص: ١٣٠، ط، دار احياء التراث العربي بيروت لبنان)

حضور ﷺ ازل سے خاتم الانبیاء ہیں

﴿سوال﴾:

حضور ﷺ کو کب سے خاتم النبیین تسلیم کیا جائے قبل الولادت بھی آپ خاتم الانبیاء تھے؟ وضاحت کی جائے مہربانی ہوگی۔

﴿الجواب﴾:

چونکہ ختم کے متعلق بہت سے آیات اور احادیث وارد ہیں (۱۶۱)۔ اور ان میں سے

---

(۱۶۱):**قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ما کان محمد أبا أحد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین.** (الأحزاب: ٤٠)

وعن أبی هریرةؓ، أن رسول اللّٰہ ﷺ قال: فضلت علی الأنبیاء بست: أعطیت جوامع الکلم، ونصرت بالرعب، وأحلت لی الغنائم، وجعلت لی الأرض مسجدا وطهوراً، وأرسلت الی الخلق کافة، وختم بی النبیون. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلوات اللّٰہ وسلامه علیه، الفصل الأول، ص: ٥١١، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وعن العرباض بن ساریةؓ، عن رسول اللّٰہ ﷺ، أنه قال: انی عنداللّٰہ مکتوب: خاتم النبیین، وان آدم لمنجدل فی طینته، وسأخبرکم بأول أمری، دعوة ابراهیم، وبشارة عیسی، ورؤیا أمی التی رأت حین وضعتنی وقد خرج لها نور أضاء لها منه قصور الشام. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلوات اللّٰہ وسلامه علیه، الفصل الثانی، ص: ٥١٣، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وعن جابرؓ، أن النبی ﷺ قال: أنا قائد المرسلین ولافخر، وأنا خاتم النبیین ولافخر، وأنا أول شافع ومشفع ولافخر. (مشکاة المصابیح، کتاب الفضائل والشمائل، باب فضائل سید المرسلین صلوات اللّٰہ وسلامه علیه، الفصل الثانی، ص: ٥١٤، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

سب سے اول کا تعین مشکل ہے۔ لہٰذا ہم عقیدہ رکھیں گے کہ پیغمبر علیہ الصلاۃ والتسلیم اللہ تعالیٰ کے علم میں ازل سے خاتم الانبیاء ہیں اور اس کے متعلق اول وحی کی تاریخ نا معلوم ہے۔ وھوالموفق (فتاوی فریدیہ، ج:۱،ص:۴۶۸)

❁❁❁

رسول اللہ ﷺ آخری نبی ہیں

﴿سوال﴾:

بعض لوگ کہتے ہیں کہ قیامت کے قریب نبی آخر الزمان آنے والے ہیں اور بعض کہتے ہیں کہ نہیں، اس سلسلہ میں وضاحت کیجئے۔

﴿جواب﴾:

نبی آخر الزمان پیغمبر اسلام جناب محمد ﷺ ہیں، آپ ﷺ اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں، اور ہر طرح کی نبوت آپ ﷺ پر ختم ہوچکی ہے، آپ ﷺ کے بعد کسی نبی کی آمد کا امکان باقی نہیں رہا، قرآن میں یہ بات صراحت سے فرمائی گئی ہے (۱۶۲)، احادیث اس سلسلہ میں بکثرت وارد ہوئی ہیں (۱۶۳)، اور یہ امت کا اجماعی عقیدہ ہے، اگر کوئی شخص

---

(۱۶۲):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ما کان محمد أبا أحد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین. (الأحزاب: ٤٠)

(۱۶۳):عن أبی هریرة رضی اللّٰہ عنه: أن رسول اللّٰہ ﷺ قال: ان مثلی ومثل الأنبیاء من قبلی کمثل رجل بنی بیتاً فأحسنه وأجمله الا موضع لبنة من زواية فجعل الناس یطوفون به ویعجبون له ویقولون: هلا وضعت هذه اللبنة؟ قال: فأنا اللبنة، وأنا خاتم النبیین. (صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب خاتم النبیین ﷺ، ص: ۷۲۷، رقم: ۳۵۳۵، ط، دار السلام ریاض)

عن مصعب بن سعد، عن أبیه، أن رسول اللّٰہ ﷺ خرج الی تبوک واستخلف علیا فقال: أتخلفنی فی الصبیان والنساء؟ قال: ألا ترضی أن تکون منی

آپ ﷺ کے بعد نبوت کا دعوی کرے، یا اس جھوٹے مدعی کی تصدیق کرے، تو وہ کافر ہے، اور اس کے کفر میں کوئی شبہ نہیں (۱۶۴)، قیامت تک کے لئے آپ ﷺ ہی کی نبوت

بمنزلة هارون من موسى الا أنه ليس نبى بعدى. (صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب غزوة تبوك، وهى غزوة العسرة، ص: ۹۰۹، رقم: ٤٤١٦، ط، دار السلام رياض)

عن الزهرى: سمع محمد بن جبير بن مطعم عن ابيه، أن النبى ﷺ قال: أنا محمد، وأنا أحمد، وأنا الماحى يمحىٰ بى الكفر، وأنا الحاشر الذى يحشر الناس على عقبى، وأنا العاقب، والعاقب الذى ليس بعده نبى. (صحيح مسلم، كتاب الفضائل، باب فى أسمائه ﷺ، ص: ١٠٣٤، ط، دار السلام رياض)

وأخرج أحمد عن حذيفةؓ، عن النبى ﷺ قال: فى أمتى كذابون ودجالون سبعة وعشرون، منهم أربع نسوة، وانى خاتم النبيين لانبى بعدى.

وأخرج ابن أبى شيبة عن عائشة قالت: قولوا: خاتم النبيين. ولاتقولوا لانبى بعده. (الدرالمنثور فى التفسير بالماثور، سورة الأحزاب، الآية: ٤٠، ج: ١٢، ص: ٦٤)

(۱۶۴):فى الجامع لأحكام القرآن: قال ابن عطية: هذه الألفاظ عند جماعة علماء الأمة خلفاً وسلفاً متلقاة على العموم التام، مقتضية نصاً أنه لانبى بعده ﷺ. (الجامع لأحكام القرآن، سورة الأحزاب، الآية: ٤٠، ج: ١٧، ص: ١٦٦، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

وفى الموسوعة الفقهية: من ادعى النبوة لنفسه أو غيره فهو كاذب قطعاً، لأن اللّٰه تعالىٰ نص فى القرآن الكريم على أن محمداً ﷺ هو خاتم النبيين، أى آخرهم، ليس بعده نبى حتى تقوم الساعة. قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿ما كان محمد أبا أحد من رجالكم ولكن رسول اللّٰه وخاتم النبيين﴾. قال النبى ﷺ: أنا خاتم النبيين. وقال أيضاً: فضلت على الأنبياء بست.... الحديث، وفيه: وختم بى النبيون، وقال ﷺ: سيكون فى أمتى كذابون ثلاثون كلهم يزعم أنه نبى، وأنا خاتم النبيين لانبى بعدى.

وهذا أمر مجمع عليه معلوم من الدين بالضرورة. ومن هنا ينص الفقهاء على أن من ادعى أنه شريك لمحمد ﷺ فى الرسالة، أو قال بجواز اكتسابها بتصفية

ہے، کیونکہ آپ ﷺ کے بعد قیامت تک کوئی اور نبی نہیں آسکتا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں انگلیوں ''انگشت شہادت اور بیچ کی انگلیوں'' کو جمع کرکے اشارہ سے سمجھاتے ہوئے فرمایا کہ میری بعثت اور قیامت ان دونوں انگلیوں کی طرح ہے، ''بعثت أنا والساعة كهاتين'' (۱۶۵) مقصد یہ ہے کہ میری نبوت اور قیامت کے درمیان کسی اور نبی کا ظہور نہیں ہوسکتا۔ (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۳۶، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

القلب وتهذيب النفس فهو كافر.

وكذا ان ادعى أنه يوحى اليه وان لم يدع النبوة. قال القاضي عياض: لاخلاف في تكفير مدعي الرسالة. قال: وتقبل توبته على المشهور.

وقال عبدالقاهر البغدادي: قال أهل السنة بتكفير كل متنبيء، سواء كان قبل الاسلام كزرادشت، ويوراسف، ومانى، وديصان، ومرقيون، ومزدك، أو بعده، كمسيلمة وسجاح، والأسود بن يزيد العنسي، وسائر من كان بعدهم من المتنبئين.

ومن صدق مدعي النبوة يكون مرتداً،لكفره، كذلك، لانكاره الأمر المجمع عليه.

ونقل القرافي عن أشهب أنه قال: ان كان المدعي للنبوة ذمياً استتيب ان أعلن ذلك، قان تاب والا قتل، وقال ابن القاسم: يقتل المتنبيء أسر ذلك أو أعلنه.

ومن ادعى البنوة لغيره من الناس فهو مرتد، وقال عبدالقاهر: قال أهل السنة بتكفير من ادعى للأئمة الالهية أو النبوة، كالسبئية والبيانية والخطابية ومن جرى مجراهم. (الموسوعة الفقهية، ج: ٤٠، ص: ٣٨، ٣٩، ٤٠)

وفيه ايضاً: آخر الأنبياء بعثة محمد ﷺ وذلك أمر اجماعي...الخ.

(الموسوعة الفقهية، ج: ٤٠، ص:٤١)

(۱۶۵):قال ابو حازم: سمعت من سهل ابن سعد الساعدیؓ ضاحب رسول

رسول اللہ ﷺ کا خاتم النبیین ہونا

﴿سوال﴾:

مندرجہ ذیل عبارت کے اس عقیدہ پر شرعی فتویٰ دیجئے (کتاب تحذیر الناس ص ۳) از افاضات مبارکہ حجۃ الاسلام حضرت قاسم العلوم والخیرات مولانا محمد قاسم صاحب قدس اللہ سرہ العزیز۔

عوام کے خیال میں تو رسول اللہ کا خاتم ہونا بایں معنی ہے کہ آپ کا زمانہ انبیاء سابق کے زمانہ کے بعد ہے اور آپ سب میں آخری نبی ہیں، مگر اہل فہم پر روشن ہوگا کہ تقدم وتاخر زمان میں بالذات کچھ نہیں ہے کچھ مقام مدح میں ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین فرمانا اس صورت میں کیوں کر صحیح ہوسکتا ہے کتاب تحذیر الناس ص ۳ کیا یہ عقیدہ رکھنا درست ہے۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

عبارت منقولہ پوری عبارت نہیں ہے پوری عبارت کا جو مفہوم ہے وہ بالکل صحیح وبرحق ہے اور وہی عقیدہ تمام اہل سنت والجماعت کا ہے اور حاصل اس کا یہ ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ محض زمانہ ہی کے اعتبار سے خاتم النبیین نہیں تھے بلکہ ذات ومرتبہ کے اعتبار سے بھی آپ خاتم النبیین ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (منتخبات نظام الفتاوی، ج:۱، ص:۸۷، ط، ایفا پبلیکیشنز نئی دہلی)

❁❁❁

اللہ ﷺ يقول: قال رسول الله ﷺ: **بعثت وأنا والساعة كهٰذه من هٰذه أو كهاتين، وقرن بين السبابة والوسطى.** (صحيح البخاری، كتاب الطلاق، باب اللعان وقول الله تعالىٰ: ﴿والذين يرمون أزواجهم﴾ الى قوله: ﴿ان كان من الصادقين﴾، ص: ۱۱۵۰، رقم: ۵۳۰۱، ط، دار السلام رياض)

کیا نبوت جاری ہے؟

﴿سوال﴾:

سورۂ اعراف کی آیت ''یا بنی آدم اما یأتینکم رسل منکم'' سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد قیامت تک نبی آتے رہیں گے کیونکہ بنی آدم سے یوم قیامت تک آنے والے تمام افراد مراد ہیں ان کے انبیاء بھی قیامت تک آنے چاہئیں۔

﴿جواب﴾:

یہاں دو عموم ہیں۔ ایک افراد انسانی کا عموم۔ دوسرا تمام اوقات میں عموم واحاطہ رسل۔ حتی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد بھی قیامت تک ظاہر ہے کہ پہلا عموم دوسرے عموم کو مستلزم نہیں۔ بایں طور پر ہر دور میں نئے نئے رسول آتے رہیں بلکہ یہ چیز امکانِ وقوعی کے طور پر ثابت ہے کہ ایک ہی رسول قرونِ کثیرہ کے افراد انسانی کے لیے کافی ہو جیسا کہ عیسیٰ علیہ السلام امت عیسویہ کے قرونِ کثیرہ کے لیے کافی ہوئے (یعنی حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل پانچ صد سال) یہ معاملہ باری تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہے۔ ہر ایک کے لیے جس قدر چاہتا ہے حد مقرر فرماتا ہے۔ لہٰذا عین ممکن ہے کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام اپنے ہمعصروں کے لیے اور مابعد میں قیامت تک آنے والوں کے لیے کافی ہوں۔ پس آیت مذکورہ سے مستدل کا استدلال کوئی قوت نہیں رکھتا بلکہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد سلسلہ نبوت ورسالت کا انقطاع نص قرآنی ''وخاتم النبیین'' سے ثابت ہے۔

﴿سوال﴾:

شیخ اکبر حضرت محی الدین ابن عربیؒ نے فتوحات میں اور امام شعرانی نے یواقیت والجواہر میں کئی مقامات پر تصریح فرمائی ہے کہ نبوت تشریعی کا سلسلہ منقطع ہوا ہے مطلق نبوت

کانہیں۔لہٰذا جائز ہے کہ بعض کاملین امت کو نبی غیر تشریعی کہا جائے۔

﴿جواب﴾:

ایسا کہنا بالکل جائز نہیں۔حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت علیؓ سے ارشاد فرماتے ہیں:**انت منی بمنزلة هارون من موسیٰ الا انه لانبی بعدی.** [مشکاۃ ص: ۵۶۳] تم مجھ سے قرب ومنزلت میں اس طرح ہو جس طرح موسیٰ علیہ السلام سے ہارون علیہ السلام تھے۔لیکن میرے بعد کوئی نبی نہیں۔یہاں مطلقاً اسم نبی کے اطلاق کی نفی فرمادی خواہ وہ تشریعی کہلائے یا غیر تشریعی۔اگر کہا جائے کہ صاحب فتوحات وصاحب یواقیت نے اس حدیث کی خلاف ورزی کیوں کی ہے تو جواباً یہ کہا جائے گا کہ ان اکابر کی غرض یہ ہے کہ اس امت مرحومہ میں اہل اللہ کا ایسا گروہ موجود ہے جنہیں کشف یا الہام یا لوح محفوظ کے مطالعہ کے ذریعے کتاب وسنت وغیرہ کے اسرار سے مطلع کیا جاتا ہے۔یہ نہیں کہ اس معنی کے حصول سے انہیں نبوت کا مقام مل جاتا ہے۔یا ان پر اسم نبی کا اطلاق صحیح ہے بلکہ صاحب فتوحات خود فتوحات میں تصریح فرماتے ہیں۔**لایصح لاحد ان یال مقام النبوة انا نراه کالنجوم علی السماء.** کہ اب کسی کے لیے نہیں ہوسکتا کہ وہ نبوت کا مقام پائے ہم تو نبوت کے مقام کو اپنے سے اتنا دور دیکھتے ہیں جتنا کہ آسمان کی بلندی پر دور سے ستارے نظر آتے ہیں۔یواقیت میں بھی اسی طرح منقول ہے۔

خلاصہ یہ کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے بعد رسول ونبی کا اطلاق امت مرحومہ کے کسی فرد پر جائز نہیں۔**ذالک فضل اللّٰه یؤتیه من یشاء.** یہ وہبی چیز ہے کسبی نہیں۔قصیدہ بردہ میں ہے **تبارک اللّٰه ما وحی بمکتسب** یعنی کسبی چیز نہیں۔شرح عقائد وغیرہ میں ہے کہ کوئی ولی درجہ انبیاء تک نہیں پہنچ سکتا(۱۶۶)۔صاحبِ سمجھ کے لیے یہی کافی

---

(۱۶۶): **فی شرح العقائد: ولایبلغ ولی درجة الأنبیاء، لأن الأنبیاء معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة.** (شرح العقائد النسفیة، مسألة أفضلیة النبوة والولایة، ص: ۳۷۹، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

ہے۔ **واللّٰہ یقول الحق ویھدی السبیل والصلاۃ والسلام علی رسولہ محمد صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم وعلی آلہٖ واصحابہ اجمعین.** [فتاوی مہریہ، ۲۸، ۲۹]۔ (فتاوی ختم نبوت، ج: ۱، ص: ۲۲۸، ۲۲۹، ط، عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت ملتان)

❁❁❁

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الرسل ہونے کی دلیل

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ قرآن واحادیث مبارکہ میں حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کے بے شمار دلائل ملتے ہیں، تو سوال یہ ہے کہ کیا یہی دلائل حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الرسل ہونے کے بھی ہیں، یا ان کے علاوہ کوئی اور دلائل ہیں، جو حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الرسل ہونے پر دال ہیں؟ اگر ان دلائل کے علاوہ کوئی دوسری دلیل ہے تو اس کو جواب میں تحریر فرمایئے واضح رہے کہ ہمیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم النبیین والرسل ہونے میں کوئی شک وتردد نہیں ہے، بلکہ صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الرسل ہونے کے دلائل معلوم کرنا ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خاتم الأنبیاء اور خاتم النبیین ہونے کے دلائل قرآن مقدس اور احادیث شریفہ میں موجود ہیں، اسی طرح خاتم الرسل ہونے کی بھی صراحت

وفی شرح الفقه الأكبر: ومنها أن الولی لايبلغ درجة النبی لأن الأنبياء عليهم السلام معصومون مأمونون عن خوف الخاتمة. (شرح الفقه الأكبر، مسئلة فی أن الولی لايبلغ درجة النبیؑ، ص: ۱۱۰، ط، دار الكتب العربية الكبریٰ)

احادیث میں موجود ہے، ملاحظہ فرمائیے:

عن أنس بن مالکؓ قال: قال رسول اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: ان الرسالة والنبوة قد انقطعت فلا رسول بعدی ولا نبی، الحدیث. [ترمذی شریف، کتاب الرؤیا، باب ذهبت النبوة، النسخة الهندية، ۲/ ۵۳، دار السلام رقم: ۳۲۷۲، مسند احمد ۳/ ۲۶۷، رقم: ۷۷۳]

عن أبی هريرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه قال قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم مثلی ومثل الأنبياء كمثل قصر أحسن بنيانه الا موضع تلک اللبنة فكنت أنا سددت موضع اللبنة ختم بی البنيان وختم بی الرسل. [مشكوة المصابيح، النسخة الهندية ۲/ ۵۱۱، صحيح ابن حبان، دار الكفر ۶/ ۸۳، رقم: ۶۴۱۵] فقط واللّٰہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۳۴۷، ۳۴۸، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

❁❁❁

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے موئے مبارک کی شرعی حیثیت

﴿سوال﴾:

جناب مفتی صاحب افغانستان اور مقبوضہ کشمیر میں کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ ان کے پاس رسول ﷺ کے موئے مبارک وبال موجود ہیں، لوگ ان کی زیارت کے لئے ثواب کی نیت سے جاتے ہیں اور وہاں نذرانے وغیرہ پیش کرتے ہیں، دریافت طلب امر یہ ہے کہ کیا واقعی کسی جگہ ابھی تک رسول اللہ ﷺ کے موئے مبارک موجود ہیں اور ان کی

زیارت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

﴿الجواب﴾:

روایات سے یہ ثابت ہے کہ بعض صحابہ کرامؓ کے پاس آنحضرت ﷺ کے موئے مبارک (بال) موجود تھے، خود رسول اللہ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر احرام سے نکلنے کے لیے حلق فرمایا تو ان موئے مبارک کو حضرت ابوطلحہؓ کے ذریعے صحابہ کرامؓ میں تقسیم فرمایا جن کو آپ ﷺ کے جان نثار صحابہ کرامؓ نے اپنی جانوں سے پیارا سمجھ کر ان کی حفاظت فرمائی۔

لما رواه الامام ابوعيسىٰ الترمذی رحمه الله: عن انس بن مالک قال: لما رمی رسول الله ﷺ الجمرة نحر نسکه ثمّ ناول الحالق شقه الايمن فحلقه فأعطاء اباطلحة ثمّ ناوله شقه الايسر فحلقه فقال: اقسمه بين الناس. (الجامع الترمذی علیٰ صدر معارف السنن ج ٦ ص ٢٧٥ باب ماجاء بأی جانب الراس يبدا فی الحلق، كتاب الحج)

حضرت خالد بن ولیدؓ کے پاس بھی حضور ﷺ کے موئے مبارک تھے جن کو وہ اپنے خود (حفاظتی ٹوپی) میں رکھا کرتے تھے، خصوصاً جنگ کے موقع پر انہیں اپنے خود میں ضرور رکھتے جن کی برکت سے اللہ تعالیٰ آپ کو فتح عطا فرماتا۔

قال العلامة العينیؒ: وذكر غير واحد ان خالد ابن وليدؓ كان فی قلنسوته شعرات من شعره ﷺ فلذلک كان لا يقدم علیٰ وجه الا فتح له ويؤيده ما ذكره الملا فی السيرة ان خالد سال ابا طلحة حين فرق شعره ﷺ بين الناس ان يعطيه شعرة ناصيته فاعطاء اياه فكان مقدم ناصيته مناسباً لفتح كل ما اقدم عليه. (عمدة القاری ج-١ ص ٦٣ كتاب

الحج باب الحلق و التقصير عند الاحلال)

آنحضرت ﷺ کے موئے مبارک حضرات صحابہ کرامؓ اور ان کے اہل وعیال کی وساطت سے دوسروں تک بھی پہنچے جوان کے ہاں دنیا ومافیہا سے زیادہ محبوب تھے چونکہ صحابہ کرامؓ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد پوری دنیا میں پھیل گئے تھے، اس لئے ممکن ہے کہ آپ کے موئے مبارک صحابہ کرامؓ کے واسطہ سے کشمیر اور افغانستان کے علاقوں میں کسی کے پاس ہوں۔

علامہ سید محمد یوسف بنوریؒ نے صحیح بخاری کے حوالہ سے لکھا ہے:

"عن ابن سيرين قال: قلت لعبيدة عندنا من شعر النبی ﷺ اصبناه من قبل انس اومن اهل انس فقال لأن تكون عندی شعرة منه احب الی من الدنيا وما فيها". (معارف السنن ج ٦ ص ٣٧٨، ٣٧٩ كتاب الحج)

تو ان روایات اور اس قسم کی دوسری روایات سے واضح طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے موئے مبارک لوگوں کے ہاں محفوظ چلے آرہے ہیں، اس لیے یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ دنیا کے کسی مقام پر حضور نبی کریم ﷺ کے موئے مبارک موجود ہوں اور لوگ ان کی زیارت کے لیے سفر کریں، تاہم اس بارے میں کہیں شک پیدا ہو جائے تو خاموشی اختیار کرنے میں ہی بہتری ہے۔ خواہ مخواہ نزاع کی صورت اختیار کرنے سے اجتناب کیا جائے۔ (فتاوی حقانیہ، ج:۲، ص:۶۸، ۶۹، ط، مکتبہ سید احمد شہید اکوڑہ خٹک/ فتاوی رحیمیہ، ج:۳، ص:۴۰، ط، دار الاشاعت کراچی/ فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۶۶)

آپ ﷺ پر جادو کا ہونا مقام نبوت کے خلاف نہیں

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک شخص کہتا ہے کہ حضور انور ﷺ پر جادو نہیں ہوا اگر ہوا ہے تو براہ کرم اسکا حوالے بخاری و مسلم سے عنایت فرمائیں؟ بینوا توجروا۔

﴿جواب﴾:

سارا دین اسلام صرف بخاری و مسلم میں نہیں ہے احادیث کی اور بھی کتب ہیں جو کہ خیر القرون میں مدون ہوئی ہیں بخاری و مسلم سے ہی حوالہ کا مطالبہ وہی لوگ کرتے ہیں جن کے ذہنوں پر غلط محنت ہوئی ہوتی ہے اور وہ لوگ باقی احادیث سے متعلق بدگمانی کی بیماری میں مبتلا ہوتے ہیں یہ بڑی جہالت اور خطرناک بیماری ہے، تاہم آپ ﷺ پر جادو کے بارے میں احادیث بخاری و مسلم میں بھی ہیں جن کے حوالے آپ ملاحظہ فرمائیں گے، اس سے پہلے آپ بطور تمہید یہ جان لیں کہ سحر اور جادو حقیقت میں اسباب طبعیہ ہی کا اثر ہوتا ہے اور انبیاء علیہم السلام اسباب طبعیہ کے اثرات سے متاثر ہوتے ہیں اور یہ تأثر شان نبوت کے خلاف نہیں جیسے انکا بھوک پیاس سے متأثر ہونا، بیماری میں مبتلا ہونا اور شفاء پانا ظاہری اسباب سے متأثر ہونا سب جانتے ہیں اسی طرح جادو کے باطنی اسباب سے انبیاء علیہم السلام متأثر ہوسکتے ہیں اور یہ تأثر شان نبوت کے منافی نہیں ہے چنانچہ بخاری شریف میں حضرت عائشہؓ سے مختلف سندوں کے ساتھ روایت ہے کہ حضور ﷺ پر ایک یہودی نے سحر اور جادو کیا تو اسکا اثر آپ پر یہ تھا کہ بعض اوقات آپ ﷺ محسوس کرتے تھے کہ فلاں کام کرلیا ہے مگر وہ نہیں کیا ہوتا، پھر ایک روز آپ ﷺ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے بتلادیا ہے کہ میری بیماری کیا ہے اور فرمایا کہ (خواب میں) دو شخص آئے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا ایک پاؤں کی طرف سرہانے والے نے دوسرے سے کہا کہ انکو کیا

تکلیف ہے دوسرے نے کہا کہ یہ مسحور یعنی ان پر جادو کیا گیا ہے اس نے پوچھا کہ سحر ان پر کس نے کیا ہے؟ تو دوسرے نے جواب دیا کہ لبید بن اعصم نے جو یہودیوں کا حلیف منافق ہے، اس نے پوچھا کس چیز میں جادو کیا ہے، اس نے بتلایا کہ کھجور کے غلاف میں (جس میں کھجور کا پھل پیدا ہوتا ہے) بئر ذی اروان (ایک کنویں کا نام ہے) میں ایک پتھر کے نیچے مدفون ہے، آپ ﷺ اس کنویں پر تشریف لے گئے اور اسکو نکال لیا اور فرمایا کہ مجھے خواب میں یہی کنواں دکھلایا گیا تھا، حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ آپ اس کا اعلان فرمادیتے تو بہتر ہوتا (کہ فلاں شخص نے یہ حرکت کی ہے، حضور انور ﷺ نے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے شفا دیدی اور مجھے یہ پسند نہیں کہ میں کسی شخص کے لیے کسی تکلیف کا سبب بنوں (مطلب یہ تھا کہ اسکا اعلان ہوتا تو لوگ اسکو قتل کردیتے یا تکلیف پہنچاتے) اور اسی طرح یہی روایت مسلم شریف میں بھی ہے۔

لما فی صحیح البخاری: (۲/ ۳۸۰، طبع رحمانیه لاهور)

حدثنی عبداللّٰه بن محمد .... عن عائشةؓ کان رسول اللّٰه ﷺ سحرحتی کان یری أنه یاتی النساء ولا یاتیهن قال سفیان وهذا اشد مایکون من السحر اذا کان کذا قال فانتبه من نومه ذات یوم فقال یا عائشةؓ اعلمت ان اللّٰه قد افتانی فیما استفتیته فیه اتانی رجلان فقعد احدهما عند رأسی والاخر عند رجلی فقال الذی عند رسه للاخر ما بال الرجل فقال مطبوب قال ومن طبه قال لبید بن الاعصم رجل من بنی زریق حلیف لیهود کان منافقا قال وفیما قال فی مشط ومشاطة قال فاین قال فی جف طلعة ذکر تحت رعوفة فی بئر ذی اروان قال فاتی البئرحتی استخرجه فقال هذه البئر التی اریتها وکان مائها نقاعة الحناء وکان نخلها رؤس

الشیاطین قال فاستخرج قالت فقلت افلا تنشرت فقال اما اللّٰہ فقد شفانی واکرہ ان اثیر علی احد من الناس شرا.

ولما فی الصحیح للمسلم:(۲/ ۲۲۱، طبع قدیمی کراچی)

حدثنا ابو کریب... عن عائشۃ رضی اللہ عنہا قالت سحر رسول اللّٰہ ﷺ یھودی من یھود بنی زریق یقال لہ لبید بن الاعصم قالت حتی کان یخیل الیہ انہ یفعل الشی وما یفعلہ حتی اذا کان ذات یوم او ذات لیلۃ دعا رسول اللّٰہ ﷺ ثم دعا ثم قال یاعائشۃ رضی اللہ عنہا اشعرت ان اللّٰہ افتانی فیما استفتیتہ فیہ جاء نی رجلان عند رجلی فقعد احدھما عند رأسی ما وجع الرجل قال مطبوب قال من طبہ قال لبید بن الاعصم قال فی ای شئ قال فی مشط ومشاطۃ وجب طلعۃ ذکر قال فاین ھو قال فی بئر ذی اروان قالت فاتاھا رسول اللّٰہ ﷺ فی اناس من اصحابہ ثم قال یا عائشۃ واللّٰہ لکان مائھا نفاعۃ الحنا، ولکان نخلھا رؤس الشیاطین قالت فقلت یارسول اللّٰہ افلا احرقتہ قال لا اما انا فقد عافانی اللّٰہ وکرھت ان اثیر علی الناس شرا فامرت بھا فدفنت. وکذا فی سنن ابن ماجۃ: ص ۲۵۳، طبع قدیمی. واللّٰہ بالصواب اعلم. (فتاوی عباد الرحمن، ج: ۱، ص: ۱۰۳ تا ۱۰۵، ط، ایجوکیشنل پریس کراچی)

حضور ﷺ کے چادر کا مقدار اور رنگ، بال مبارک اور آستین وقمیص کی مقدار

﴿سوال﴾:

(۱) حضور ﷺ کا عام لباس یعنی چادر کی مقدار اور رنگ کیا تھا۔

(۲) بالوں کی مقدار کتنی تھی۔

(۳) آستین اور قمیص کی مقدار لکھئے، تو بڑی مہربانی ہوگی۔

﴿الجواب﴾:

(۱) چادر کی طول چار شرعی گز اور عرض ڈھائی شرعی گز یا دو گز ایک بالشت اور اس کا رنگ سبز تھا۔(زرقانی ص ۲۹ جلد ۵)۔

(۲) حج کے ماسوائے بال رکھتے تھے۔الی انصاف اذنیه، الی شحمتی الاذنین، الی المنکین، الی مافوق المنکبین فی اوقات مختلفة، فلیراجع الی الشمائل وغیرها(۱۶۷).

---

(۱۶۷):عن أنس بن مالک رضی اللّٰه عنه قال: کان شعر رسول اللّٰه ﷺ الی نصف أذنیه.

عن البراء بن عازب رضی اللّٰه عنه قال: کان رسول اللّٰه ﷺ مربوطا، بعید ما بین المنکبین، وکانت جمته تضرب شحمة أذنیه.

عن قتادة قال: قلت لأنسؓ: کیف کان شعر رسول اللّٰه ﷺ؟ قال لم یکن بالجعد ولابالبسط، کان یبلغ شعره شحمة أذنیه. (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی شعر رسول اللّٰه ﷺ، ص: ٤٤، ٤٥، ٤٦، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

عن عائشةؓ قالت: کنت أغتسل أنا ورسول اللّٰه ﷺ من اناء واحد، وکان له شعر فوق الجمة، ودون الوفرة. وفی المرقات تحت هذا الحدیث: وهذا بظاهره

(۳) آستین بہت طویل اور بہت فراخ نہ تھے۔ رسغین تک لمبے تھے (۱۶۸)۔ اور قمیص کعبین سے اوپر تک ہوئی تھی۔ اور غالبًا انصاف الساقین تک ہوئی تھی (۱۶۹)۔ (زرقانی ص ۵ جلد ۵) وهو الموفق (فتاوی فریدیہ، ج:۱، ص:۴۵۷)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کا معجزہ ردشمس

﴿سوال﴾:

گزشتہ دنوں ایک مولانا صاحب نے مقامی مسجد میں اتباع رسول کے موضوع پر

يدل على أن شعره ﷺ كان أمراً متوسطاً بين الجمة والوفرة وليس بجمة ولا وفرة اذ معنى فوق الجمة أن شعره لم يصل الى محل الجمة وهو المنكب، ومعنى دون الوفرة أن شعره كان أنزل من شحمة الاذن، لكن جاء في بعض الروايات أنه ﷺ كان عظيم الجمة الى شحمة أذنيه وهذا ظاهر أن شعره كان جمة، وعلى أن جمته مع عظمها الى أذنيه، ولعل ذلك باعتبار اختلاف أحواله ﷺ. (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، ج: ۸، ص: ۲۹۸، ۲۹۹، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۱۶۸):عن أسماء بنت يزيد قالت: كان كم قميص رسول الله ﷺ الى الرسغ. (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللہ ﷺ، ص: ٦٧، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشی)

(۱۶۹): فی خصائل نبوی: مناوی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نقل کیا ہے کہ حضور [ﷺ] کا کُرتا زیادہ لمبا نہ ہوتا تھا، نہ اس کی آستینیں لمبی ہوتی تھیں۔ دوسری حدیث میں حضرت ابن عباس رضی اللہ سے نقل کیا ہے کہ حضور [ﷺ] کا کُرتا ٹخنوں سے اونچا ہوتا تھا۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ نصف پنڈلی تک ہونا چاہئے۔ (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی لباس رسول اللہ ﷺ، ص: ٦٥، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشی)

وعظ کرتے ہوئے فرمایا کہ: ایک مرتبہ حضور ﷺ، حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے زانو پر سر رکھ کر لیٹے کہ اتنے میں انہیں نیند آ گئی اور آپ ﷺ سو گئے، ادھر عصر کا وقت ختم ہو رہا تھا۔ حضرت علیؓ نے انہیں جگانا مناسب نہ سمجھا، انہوں نے سوچا کہ نماز تو پھر مل جائے گی مگر حضور ﷺ کی اس طرح قربت نہ جانے پھر نصیب ہوگی یا نہیں؟ اتنے میں سورج غروب ہو گیا، حضور ﷺ کی آنکھ کھلی تو سورج غروب ہو چکا تھا، حضور ﷺ نے جاگ کر حضرت علیؓ سے فرمایا کہ: نماز پڑھنا چاہتے ہو یا قضا پڑھو گے؟ حضرت علیؓ نے فرمایا کہ: قضا نہیں پڑھنا چاہتا! تو حضور ﷺ نے سورج کو حکم دیا، سورج دوبارہ نکل آیا اور حضرت علیؓ نے نماز پڑھی۔ خلاصہ کلام یہ ہوا کہ حضرت علیؓ نے اپنی نماز تو قضا کر لی مگر زانو سے حضور ﷺ کو نہ جگایا۔

اس میں تفصیل طلب بات یہ ہے کہ آیا حضور ﷺ نے خود نماز پڑھنے سے پہلے سو گئے یا دونوں نے نماز نہیں پڑھی؟ اگر حضور ﷺ نے پڑھی تو یہ کیسے ممکن ہے کہ حضرت علیؓ وہاں بیٹھے رہے اور انہوں نے نماز نہیں پڑھی؟ اور پھر نبی جب سوتا ہے تو غافل نہیں ہوتا، نبی کا دل جاگ رہا ہوتا ہے، بھلا یہ کیسے ممکن ہے کہ نبی سو جائے، اس کی اپنی نماز قضا ہو جائے یا اس کے رفیق کی؟

مولانا کی گفتگو سے مندرجہ بالا اشکالات میرے ذہن میں آئے، امید ہے کہ ان کا جواب دے کر ممنون فرمائیں گے اور بتلائیں گے کہ آیا یہ واقعہ صحیح احادیث سے ثابت ہے یا واقعہ کی حد تک ہے؟

﴿جواب﴾:

حضرت علیؓ کے لیے ردّ شمس کی حدیث امام طحاوی رحمہ اللہ نے مشکل الآثار (ج:۲ ص:۹) میں حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے روایت کی ہے، بہت سے حفاظ حدیث نے اس کی تصحیح فرمائی ہے۔ امام طحاویؒ نے اس کے رجال کی توثیق کرنے کے بعد حافظ احمد بن صالح مصریؒ کا یہ قول نقل کیا ہے:

" لا ينبغي لمن كان سبيله العلم التخلف عن حفظ

حدیث اسماء الذی روی لنا عنه، لانه من اجل علامات النبوة." (مشکل الآثار ج:۲ ص: ۱۱)

ترجمہ:..."جو شخص علم حدیث کا راستہ اختیار کئے ہوئے ہو، اسے حضرت اسماءؓ کی حدیث کے، جو آنحضرت ﷺ سے مروی ہے، یاد کرنے میں کوتاہی نہیں کرنی چاہئے، کیونکہ یہ جلیل القدر معجزات نبوت میں سے ہے"۔

حافظ سیوطیؒ "اللآلی المصنوعة" میں لکھتے ہیں:

"ومما یشهد بصحة ذالک قول الامام الشافعی وغیره ما اوتی نبی معجزة الا اوتی نبینا ﷺ نظیرها، او ابلغ منها، وقد صح ان الشمس حسبت علیٰ یوشع (علیه السلام) لیالی قاتل الجبارین، فلابد ان یکون لنبینا ﷺ نظیر ذالک، فکانت هذه القصة نظیر تلک." (مشکل الآثار ج: ۱ ص: ۳٤۱)

ترجمہ:..."اور من جملہ ان امور کے جو اس واقعہ کے صحیح ہونے کی شہادت دیتے ہیں، حضرت امام شافعیؒ اور دیگر حضرات کا یہ ارشاد ہے کہ کسی نبی کو جو معجزہ بھی دیا گیا ہمارے نبی کریم ﷺ کو اس کی نظیر عطا کی گئی، یا اس سے بھی بڑھ کر، اور صحیح احادیث میں آچکا ہے کہ سورج، حضرت یوشع علیہ السلام کے لیے روکا گیا تھا، جبکہ انہوں نے جبارین سے جہاد کیا، پس ضروری تھا کہ ہمارے نبی کریم ﷺ کے لیے بھی اس کی نظیر واقع ہوتی، چنانچہ یہ واقعہ حضرت یوشع علیہ السلام کے واقعہ کی نظیر ہے"۔

امام ابن جوزیؒ نے اس قصہ کو موضوعات میں شمار کیا ہے، اور حافظ ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے بھی "منہاج السنۃ" میں بڑی شدومد سے اس کا انکار کیا ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ "فتح

الباری'' میں لکھتے ہیں:

''وهذا ابلغ المعجزات، وقد اخطا ابن الجوزی فی ایراده فی الموضوعات، وکذا ابن تیمیة فی کتاب الرد علی الروفض فی زعم وضعه، واللّٰه اعلم!'' (ج: ٦ ص: ٢٢٢)

ترجمہ:..... ''ردشمس کا یہ واقعہ حضرت یوشع علیہ السلام کے واقعہ سے بلیغ تر ہے، ابن جوزیؒ نے اس واقعہ کو موضوعات میں درج کر کے غلطی کی ہے، اسی طرح ابن تیمیہؒ نے اپنی کتاب میں جو ردّ روافض پر لکھی گئی ہے، اس کو موضوع قرار دے کر غلطی کی ہے''۔

حافظ سیّد مرتضٰی زبیدی رحمہ اللہ ''شرح احیاء'' میں لکھتے ہیں:

''وهذا تحامل من ابن الجوزی، وقد ردّ علیه الحافظان السخاوی والسیوطی، وحاله فی ادراج الأحادیث الصحیحة فی حیز الموضوعات معلوم عند الائمة، وقد ردّ علیه وعابه کثیرون من اهل عصره ومن بعدهم، کما نقله الحافظ العراقی فی اوائل نکته علی ابن الصلاح، فلا تطیل بذکره، وهذا الحدیث صححه غیر واحد من الحافظ، حتیٰ قال السیوطی ان تعدد طرقه شاهد علی صحته، فلا عبرة بقول ابن الجوزی''. (اتحاف شرح احیاء ج:٧ ص: ١٩٢)

ترجمہ:..... ''اس واقعہ کو موضوعات میں شمار کرنا ابن جوزیؒ کی زیادتی ہے، حافظ سخاویؒ اور حافظ سیوطیؒ نے ان پر ردّ کیا ہے، اور ابن جوزیؒ جس طرح صحیح احادیث کو موضوعات میں ذکر کر جاتے ہیں وہ ائمہ کو معلوم ہے، ان کی اس روش پر ان کے معاصرین نے بھی اور بعد کے حضرات نے بھی ان کی عیب چینی کی ہے، جیسا کہ حافظ عراقیؒ نے اپنی کتاب ''نکت ابن اصلاح'' کے اوائل میں ذکر کیا ہے اور اس حدیث کو بہت سے حفاظِ حدیث نے صحیح کہا ہے۔ سیوطیؒ کہتے ہیں کہ: اس کے طرق کا متعدد ہونا اس کی صحت

پر شاہد ہے، اس لئے ابن جوزیؒ کے قول کا کوئی اعتبار نہیں۔"

بہر کیف! یہ واقعہ صحیح ہے اور اس کا شمار معجزات نبوی میں ہوتا ہے، رہا آپ کا یہ کہنا کہ: "یہ کیسے ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ نے نماز پڑھ لی ہو اور حضرت علیؓ نے نہ پڑھی ہو؟" اس کا جواب خود اسی حدیث میں موجود ہے کہ حضرت علیؓ کو آنحضرت ﷺ نے کسی کام سے بھیجا تھا، جب وہ اس کام سے واپس آئے تو نماز ہو چکی تھی، آنحضرت ﷺ یہ سمجھا کہ یہ نماز پڑھ چکے ہوں گے۔

اور آپ کا یہ کہنا کہ: "نبی سوتا ہے اس کا دل جاگتا ہے، پھر نماز قضا ہو سکتی ہے؟" اس کا جواب یہ ہے کہ نماز کے اوقات کا مشاہدہ کرنا دل کا کام نہیں، بلکہ آنکھوں کا کام ہے، اور نیند کی حالت میں نبی کی آنکھ سوتی ہے، دل جاگتا ہے، یہی وجہ کہ "لیلۃ التعریس" میں آنحضرت ﷺ کی اور آپ ﷺ کے رفقا کی نماز فجر قضا ہوئی (۱۷۰)۔ واللہ اعلم (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۶۹ تا ۱۷۱، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۱۷۰):عن ابی هريرةؓ قال ان رسول اللهﷺ حين قفل من غزوة خيبر سار ليلة حتى اذا ادركه الكرى عرس وقال لبلال اكلأ لنا الليل فصلى بلال ما قدر له ونام رسول اللهﷺ واصحابه فلما تقارب الفجر استند بلال الى راحلته موجه الفجر فغلبت بلالا عيناه وهو مستند الى راحلته فلم يستيقظ رسول اللهﷺ ولا بلال ولا احد من اصحابه حتى ضربتهم الشمس فكان رسول اللهﷺ اولهم استيقاظاً ففزع رسول اللهﷺ فقال اى بلال فقال بلال اخذ بنفسي الذى اخذ بنفسك قال اقتادوا فاقتادوا رواحلهم شيئاً ثم توضأ رسول اللهﷺ وامر بلالا فاقام الصلاة فصلى بهم الصبح فلما قضى الصلاة قال من نسى الصلاة فليصلها اذا ذكرها فان الله تعالى قال واقم الصلاة لذكرى رواه مسلم. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الصلاة، باب تأخير الصلاة، الفصل الأول، ص: ٦٦، ٦٧، ط، قديمى كتب خانه كراچى)

معجزہ شق القمر

﴿سوال﴾:

ہمارے یہاں ایک مولوی صاحب جو مسجد کے امام بھی ہیں، ان کا عقیدہ یہ ہے کہ شق قمر والا جو معجزہ نبی پاک ﷺ سے ظاہر ہوا تھا، وہ صحیح نہیں ہے اور نہ ہی اس کا ثبوت ہے۔ براہِ کرم اس کے متعلق صحیح احادیث لکھ دیں، تاکہ ان کی تسلی ہو۔

﴿جواب﴾:

شق قمر کا معجزہ صحیح احادیث میں حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس، حضرت انس بن مالک، حضرت جبیر بن مطعم، حضرت حذیفہ، حضرت علی وغیرہم [رضوان اللہ تعالیٰ علیہم] سے مروی ہے۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی حدیث میں ہے:

"**انشق القمر علی عهد رسول اللّٰه ﷺ فرقتین، فرقة فوق الجبل وفرقة دونه فقال رسول اللّٰه ﷺ: اشهدوا**". (صحیح بخاری ج: ۲ ص: ۷۲۱ واللفظ له، صحیح مسلم ج: ۲ ص: ۳۷۳، ترمذی ج: ۲ ص: ۱۶۱)

ترجمہ:... رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں چاند دو ٹکڑے ہوا، ایک ٹکڑا پہاڑ سے اوپر تھا اور ایک پہاڑ سے نیچے، آنحضرت ﷺ نے فرمایا: گواہ رہو"۔

حضرت ابن عباسؓ کی روایت میں ہے:

"**انشق القمر فی زمان النبی ﷺ**". (صحیح بخاری ج: ۲ ص: ۷۲۱ واللفظ له، صحیح مسلم ج: ۲ ص: ۳۷۳، ترمذی ج: ۲ ص: ۱۶۱)

ترجمہ:... "آنحضرت صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم کے

زمانے میں چاند دو ٹکڑے ہوا"۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں ہے:

"ان اهل مكة سالوا رسول الله ﷺ ان يريهم آية، فأراهم انشقاق القمر مرتين". (صحيح بخاری ج: ۲ ص: ۷۲۲، صحيح مسلم ج: ۲ ص: ۳۷۳ واللفظ له، ترمذی ج: ۲ ص: ۱٦۱)

ترجمہ:..."اہل مکہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ کوئی معجزہ دکھائیں، آنحضرت ﷺ نے ان کو چاند کے دو ٹکڑے ہونے کا معجزہ دکھایا۔"

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث میں ہے:

"انفلق القمر على عهد رسول الله ﷺ، فقال رسول الله ﷺ: اشهدوا". (صحيح مسلم ص: ۳۷۳ ج: ۲ ترمذی ص: ۱٦۱ ج:۲ واللفظ له)

ترجمہ:..."رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں چاند دو ٹکڑے ہوا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: گواہ رہو"۔

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے:

"انشق القمر على عهد رسول الله ﷺ حتىٰ صار فرقتين على هذا الجبل وعلىٰ هذا الجبل، فقالو: سحرنا محمد، فقال بعضهم لئن كان سحرنا فما يستطيع ان يسحر الناس كلهم". (ترمذی ج: ۲ ص: ۱٦٤، سورة القمر، طبع قديمی)

ترجمہ:..."رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چاند دو ٹکڑے ہوا،

یہاں تک کہ ایک ٹکڑا اس پہاڑ پر تھا، اور ایک ٹکڑا اس پہاڑ پر۔ مشرکین نے کہا کہ محمد (ﷺ) نے ہم پر جادو کر دیا، اس پر ان میں سے بعض نے کہا کہ: اگر اس نے ہم پر جادو کر دیا ہے تو سارے لوگوں پر تو جادو نہیں کر سکتا (اس لئے باہر کے لوگوں سے معلوم کیا جائے، چنانچہ انہوں نے باہر سے آنے والوں سے تحقیق کی تو انہوں نے بھی تصدیق کی)"۔

حافظ ابن کثیرؒ نے البدایۃ والنہایۃ (ج:۳ص:۱۱۹) میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی نقل کی ہے(۱۷۱)، اور حافظ ابن حجرؒ نے فتح الباری (ج:۶ص:۶۳۲) میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی حدیث کا بھی حوالہ دیا ہے(۱۷۲)۔

امام نوویؒ شرح مسلم میں لکھتے ہیں:

"قاضی عیاضؒ فرماتے ہیں کہ چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا ہمارے نبی ﷺ کے اہم ترین معجزات میں سے ہے، اس کو متعدد صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے روایت کیا ہے، علاوہ ازیں آیت کریمہ: "**اقتربت الساعة**

---

(۱۷۱):**فی البداية: وأما حذيفة بن اليمان [رضی اللّٰه عنه] فروى أبو نعيم فی الدلائل من طريق عن عطاء بن السائب عن أبی عبدالرحمٰن السلمی. قال: خطبنا حذيفة بن اليمان بالمدائن فحمداللّٰه واثنی عليه ثم قال (اقتربت الساعة وانشق القمر) ألا وان الساعة قد اقتربت، ألا وان القمر قد انشق، ألا وان الدنيا قد آذنت بفراق، ألا وان اليوم المضمار وغدا السباق..الخ.** (البداية والنهاية، فصل انشقاق القمر فی زمان النبی ﷺ، ج: ۳، ص: ۱۱۹، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

(۱۷۲):**فی الفتح: قوله: (باب سؤال المشركين أن يريهم النبی ﷺ آية، فأراهم انشقاق القمر) فذكر فيه حديث ابن مسعود وأنس وابن عباس فی ذلک، وقد ورد انشقاق القمر أيضاً من حديث علی وحذيفة وجبير ابن مطعم وابن عمر وغيرهم.** (فتح الباری، كتاب بدء الخلق الأنبياء، باب سؤال المشركين ان يريهم النبی ﷺ آية فأراهم انشقاق القمر، ج: ٦، ص: ۷۳۰)

وانشق القمر" کا بظاہر وسیاق بھی اسی کی تائید کرتا ہے۔ زجاج کہتے ہیں کہ بعض اہل بدعت نے، جو مخالفین ملت کے مشابہ ہیں، اس کا انکار کیا ہے، اور یہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دل کو اندھا کر دیا ہے، ورنہ عقل کو اس میں مجال انکار نہیں۔" (نووی: شرح مسلم ج:۲ص:۳۷۳)(۱۷۳)۔ فقط واللہ اعلم (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱، ص: ۱۷۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

معجزہ شق القمر

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: شق القمر کا معجزہ قرآن پاک سے ثابت ہے یا حدیث شریف سے، یا دونوں سے ثابت ہے؟ نیز یہ بات بھی بتائیں کہ واقعہ شق القمر حضور ﷺ کی انگلی مبارک کے اشارہ سے ہوا یا یوں ہی اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے بغیر انگلی کے اشارہ کے چاند کے دو ٹکڑے فرما دیئے تھے؟ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ شق القمر کا واقعہ حضور ﷺ کی انگلی کے اشارہ سے نہیں ہوا۔ اور بعض لوگ کہتے ہیں کہ شق القمر کا واقعہ ہوا ہی نہیں، سرے سے وقوع کا ہی انکار کرتے ہیں، اصل حقیقت کیا ہے؟

---

(۱۷۳):فی شرح النووی: قال القاضی: انشقاق القمر من امهات معجزات نبینا صلی اللّٰہ علیه وسلم وقد رواها عدة من الصحابة رضی اللّٰہ عنهم مع ظاهر الآية الكريمية وسياقها، قال الزجاج: وقد أنكرها بعض المبتدعة المضاهين لمخالفی الملة وذلک لما اعمی اللّٰہ قلبه ولاانكار للعقل فيها. (شرح النووی لمسلم، کتاب صفة المنافقين و احكامهم، باب انشقاق القمر، ج: ۲، ص: ۳۷۳، ط، صداقت کتب خانه کندهار افغانستان)

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

چاند کے دوٹکڑے ہونے کا معجزہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے، اس کا انکار کرنے والا شخص ایک قطعی واقعہ کا انکار کرنے والا ہے، البتہ جو شخص یہ کہے کہ واقعۂ شق القمر تو پیش آیا، لیکن اس میں پیغمبر علیہ السلام کے ہاتھ کے اشارہ کا کوئی دخل نہیں تھا، تو ایسے شخص کی بات کی تردید نہیں کی جاسکتی، کیوں کہ اشارہ کرنے کا ثبوت کسی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔

﴿اَقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾[القمر: ۱]

ان أهل مكة سألوا رسول اللّٰه ﷺ أن يريهم آية فأراهم انشقاق القمر. (صحيح البخاری ۵۱۳/۱، رقم: ۳۵۰۸)

عن ابن عباس رضی اللّٰه عنهما فی قوله تعالیٰ: ﴿اقتربت الساعة وانشق القمر﴾ قال ابن عباس: اجتمعت المشركون الى رسول اللّٰه ﷺ، منهم: الوليد بن المغيرة وأبوجهل بن هشام والعاص بن أبی وائل والعاص بن هشام والأسود بن عبد يغوث والأسود بن عبد المطلب بن أسد بن عبد العزى وزمعة بن الأسود والنضر بن الحارث ونظراؤهم كثير، فقالوا للنبی ﷺ: ان كنت صادقا فشق القمر لنا فرقتين: نصفا على أبی قبيس ونصفا على قعيقعان، فقال لهم رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وآله وسلم: ان فعلت تؤمنوا؟ قالوا نعم، وكانت ليلة بدر، فسأل رسول اللّٰه ﷺ عزّوجلّ أن يعطيه ماسألوا، الحديث. (دلائل النبوة لأبی نعيم الأصبهانی ۲۷۹/۱ رقم: ۲۰۹، بحواله: فتاویٰ دارالعلوم ديوبند ۱۸/ ۲۳۹)

وقد شرع أن النبی ﷺ أشار الی القمر بسبابته الشریفة فانشق ولم أره فی خبر صحیح. (روح المعانی ۱۱۵/۱۵)

اذا أنکر آیة من القرآن أوسخر بآیة من القرآن، وفی الخزانة: أوعاب فقد کفر. (الفتاویٰ التاتا رخانیة ۳۱۵/۷ رقم: ۱۰۵۷۶ زکریا)فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم۔ (کتاب النوازل، ج: ۱، ص: ۲۹۱، ۲۹۲، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مراد آباد الهند/فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۳۸، ط، مکتبه دار العلوم دیوبند/فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۱۰۷، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کی انگلی سے چشمہ کا پھوٹنا

﴿سوال﴾:

کسی موقعہ پر آنحضرت ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوگئے تھے جن سے اس وقت کے ہمراہی جہاد کرنے والوں نے بھی پانی پیا تھا، اس کے متعلق جو ذکر صحیح اور معتبر روایات میں ہے وہ تحریر فرمائیے۔

﴿الجواب﴾:

یہ معجزہ آنحضرت ﷺ کا صحیح احادیث سے ثابت ہے، بخاری شریف اور مسلم شریف دونوں میں یہ واقعہ مروی ہے، اور تمام امت کا متفق علیہ ہے، چنانچہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے:

''**قال: عطش الناس یوم الحدیبیة ورسول اللّٰہ ﷺ بین یدیه رکوة**

فتوضأ منها، ثم أقبل الناس نحوه، قالوا: ليس عندنا ماء نتوضأ به ونشرب الاما في ركوتك فوضع النبی ﷺ يده في الركوة، فجعل الماء يفور من بين أصابعه كأمثال العيون، قال: فشربنا وتؤضأنا، قيل لجابر: كم كنتم؟ قال: لو كنا مائة ألف لكفانا، كنا خمس عشرة مائة (متفق عليه) (۱۷۴)".

اور یہ قصہ کئی طرح مختلف مواقع میں پیش آیا ہے (۱۷۵)، الغرض یہ معجزہ آپ کا صحیح ہے اس کو کسی نے ضعیف نہیں کہا اور انکار نہیں کیا۔ فقط واللہ اعلم (فتاوی دار العلوم ديوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۳۹، ۲٤۰، ط، مكتبه دار العلوم ديوبند)

❁❁❁

(۱۷۴): (مشكاة المصابيح، باب في المعجزات، الفصل الأول، ص: ۵۳۲، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

(۱۷۵): عن عمران بن حصين ؓ أنهم كانوا مع النبی ﷺ في مسير فأدلجوا ليلتهم حتى اذا كان وجه الصبح عرسوا فغلبتهم أعينهم حتى ارتفعت الشمس، فكان أول من استيقظ من منامه أبوبكر ؓ، وكان لايوقظ رسول الله ﷺ من منامه حتى يستيقظ. فاستيقظ عمر ؓ فقعد أبوبكر ؓ عند رأسه فجعل يكبر ويرفع صوته حتى استيقظ النبی ﷺ فنزل وصلى بنا الغداة. فاعتزل رجل من القوم لم يصل معنا، فلما انصرف قال: يا فلان، ما يمنعك أن تصلي معنا؟ قال: أصابتي جنابة، فأمره أن يتيمم بالصعيد، ثم صلى وجعلني رسول الله ﷺ في ركوب بين يديه، وقد عطشنا عطشاً شديداً فبينما نحن نسير اذا نحن بامراة سادلة رجليها بين مزادتين، فقلنا لها: أين الماء؟ قالت: ايه لاماء، قلنا: كم بين أهلك وبين الماء؟ قالت: يوم وليلة، فقلنا: انطلقي الى رسول الله ﷺ، قالت: وما رسول الله؟ فلم نملكها من أمرها حتى استقبلنا بها النبی ﷺ فحدثته بمثل الذى حدثتنا غير أنها حدثته أنها مؤتمة، فأمر بمزادتيها، فمسح بالعزلاوين. فشربنا عطاشاً أربعون رجلا حتى روينا، فملأنا كل قربة معنا واداوة غير أنه لم نسق بعيراً وهي تكاد تبض من الملء، ثم قال: هاتوا ما

حضور اکرم ﷺ اور صلاۃ اوابین

﴿سوال﴾:

آپ ﷺ اوّابین کی کتنی رکعت پڑھتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

اوّابین کی کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت پڑھنا ثابت ہے(۱۷۶)۔(زاد المعاد:۱/۲۱۸)(فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۵۱،۱۵۲)

❁❁❁

عندکم، فجمع لها من الكسر والتمر، حتى أتت أهلها. قالت: أتيت أسحر الناس أو هو نبي كما زعموا فهدى الله ذاك الصرم بتلك المرأة فأسلمت وأسلموا.

(صحيح البخاری، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فی الاسلام، ص: ۷۳۲، رقم: ۳۵۷۱، ط، دار السلام رياض)

عن أنس رضی الله تعالیٰ عنه قال: أتى النبی ﷺ باناء وهو بالزوراء فوضع يده فی الاناء فجعل الماء ينبع من بين أصابعه فتوضأ القوم. قال قتادة: قلت لأنس كم كنتم؟ قال: ثلاثمائة أو زهاء ثلاثمائة. (صحيح البخاری، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فی الاسلام، ص: ۷۳۲، رقم: ۳۵۷۲، ط، دار السلام رياض)

عن انس رضی الله عنه قال: خرج النبی ﷺ فی بعض مخارجه ومعه ناس من أصحابه، فانطلقوا يسيرون من ماء يسير فأخذه النبی ﷺ فتوضأ ثم مد أصابعه الأربع على القدح. ثم قال: قوموا فتوضوا، فتوضأ القوم حتى بلغوا فيما يريدون من الوضوء، وكانوا سبعين أو نحوه. (صحيح البخاری، كتاب المناقب، باب علامات النبوة فی الاسلام، ص: ۷۳۲، ۷۳۳، رقم: ۳۵۷٤، ط، دار السلام رياض)

(۱۷۶):فی الموسوعة الفقهية: عند الفقهاء الضحى: ما بين ارتفاع الشمس الى زوالها.

حضور اکرم ﷺ اور نوافل

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ کون کون سی سنن ونوافل گھر میں پڑھتے تھے؟

الألفاظ ذات الصلة: صلاة الأوابين: قيل: هى صلاة الضحى. وعلى هذا فهما مترادفتان وقيل: ان صلاة الأوابين ما بين المغرب والعشاء، وبهذا تفترقان. (الموسوعة الفقهية، ج: ٢٧، ص: ٢٢١)

وفيه ايضاً: وعن أبى هريرة رضى الله عنه قال: أوصانى خليلى ﷺ بثلاث لست بتاركهن: ان لا أنام الا على وتر، وأن لاأدع ركعتى الضحى فانها صلاة الأوابين، وصيام ثلاثة أيام من كل شهر.

وقت صلاة الأوابين وحكمها: قال الجمهور: هى صلاة الضحى، والأفضل فعلها بعد ربع النهار اذا اشتد الحر واستدلوا بحديث النبى ﷺ: صلاة الأوابين حين ترمض الفصال فقول النبى ﷺ: صلاة الأوابين هو الذى أعطاها هذه تسمية، وكان ذلك واضحا فى حديث أبى هريرة لمتقدم وفيه...وأن لا أدع ركعتى الضحى فانها صلاة الأوابين.

ولذلك يقول الفقهاء: من أتى بها (أى بصلاة الضحى) كان من الأوابين.

وينظر تفصيل أحكام الصلاة الضحى فى مصطلح: صلاة الضحى.

وتطلق أيضاً عن التنفل بعد المغرب. فقالوا: يستحب أداء ست ركعات بعد المغرب ليكتب من الأوابين، واستدلوا على أفضلية هذه الصلاة بحديث النبى ﷺ: من صلى بعد المغرب ست ركعات لم يتكلم فيما بينهن بسوء عدلن له عبادة اثنتى عشرة سنة.

قال الماوردى: كان النبى ﷺ يصليها ويقول: هذه صلاة الأوابين.

يؤخذ مما جاء عن صلاة الضحى والصلاة بين المغرب والعشاء أن صلاة الأوابين تطلق على صلاة الضحى، والصلاة بين المغرب والعشاء. فهى مشتركة

﴿الصواب حامداً ومصلیاً﴾:

آپ ﷺ فرض نماز کے علاوہ دوسری تمام سنن ونوافل گھر ہی میں پڑھتے تھے، اور فرماتے تھے کہ ''تم اپنے گھروں میں بھی نمازیں پڑھتے رہواوران کوقبرستان نہ بناؤ''(۱۷۷)۔

یعنی قبرستان میں جس طرح مردے کوئی عمل نہیں کرسکتے، اس طرح اپنے گھروں کو عبادت سے خالی نہ رکھو، بلکہ نماز کے ذریعہ انہیں آباد رکھو۔ البتہ موجودہ دور میں مسجد ہی میں سنن ونوافل پڑھنا بہتر ہے، اس لیے کہ اگر گھر میں پڑھنے کے لیے کہا جائے، تو اس بات کا قوی اندیشہ ہے کہ آدمی فرض نماز کے بعد مسجد سے نکل کر دنیاوی مشاغل میں لگ جائے، اور سنن ونوافل سے بالکل غافل ہوجائے، نتیجہ یہ ہوکہ نہ گھر میں پڑھ سکے اور نہ مسجد میں(۱۷۸)۔فقط واللہ بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۵۳)

❁❁❁

بینهما کما یقول الشافعیة.

وانفرد الشافعیة بتسمیة التطوع بین المغرب والعشاء بصلاة الأوابین، وقالوا: تسن صلاة الأوابین، وتسمی صلاة الغفلة لغفلة الناس عنها، واشتغالهم بغیرها من عشاء، ونوم، وغیرهما، وهی عشرون رکعة بین المغرب والعشاء، وفی روایة أخری أنها ست رکعات. (الموسوعة الفقهیة، ج: ۲۷، ص: ۱۳۳، ۱۳٤، ۱۳۵)

(۱۷۷):عن ابن عمرؓ، عن النبی ﷺ قال: اجعلوا من صلاتکم فی بیوتکم. ولاتتخذوها قبورا. وفی فتح الملهم تحت هذا الحدیث: قوله: (ولاتتخذوها قبوراً) الخ: تأوله جماعة علی أنه انما فیه الندب الی الصلاة فی البیوت، اذا الموتی لایصلون، کأنه قال: لاتکونوا کالموتی الذین لایصلون فی بیوتهم، وهی القبور. (موسوعة فتح الملهم بشرح صحیح الامام مسلم، کتاب صلاة المسافرین وقصرها، باب استحباب صلاة النافلة فی بیته وجوازها فی المسجد، ج:۵،ص: ۱٤۳، ط، داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان)

(۱۷۸):فی الدرالمختار: والأفضل فی النفل غیر التراویح المنزل الا لخوف

حضور اکرم ﷺ اور مسواک

﴿سوال﴾:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسواک کب فرماتے تھے؟ صرف صبح میں یا ہر نماز کے وقت؟ بینوا وتوجروا۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

رسول اللہ ﷺ کے لیے خصوصی طور سے ہر نماز کے لیے وضو فرض تھا، اس کے بعد آپ ﷺ کے لیے ہر نماز سے پہلے مسواک لازم قرار دیا گیا۔ اس کے علاوہ قرآن پاک پڑھنے کے لیے، سونے سے پہلے، نیند سے بیدار ہونے کے بعد اور گھر میں داخل ہوتے وقت بھی آپ ﷺ سے مسواک کرنا ثابت ہے(۱۷۹)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۵۳، ۱۵۴)

❁❁❁

شغل عنها، والأصح أفضلية ما كان أخشع وأخلص.

وفي الشامية تحته: قوله: (والأفضل في النفل الخ) شمل ما بعد الفريضة وما قبلها، لحديث الصحيحين: "عليكم بالصلاة في بيوتكم، فان خير صلاة المرء في بيته الا المكتوبة". وأخرج أبو داؤد: "صلاة المرء في بيته أفضل من صلاته في مسجدي هذا الا المكتوبة". وتمامه في شرح المنية، وحيث كان هذا أفضل يراعى مالم يلزم منه خوف شغل عنها لو ذهب لبيته، أو كان في بيته ما يشغل باله ويقلل خشوعه، فيصليها حينئذ في المسجد، لأن اعتبار الخشوع أرجح. (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الصلاة، باب الوتر والنوافل، قبيل مطلب سنة الوضوء، ج: ۲، ص: ٤٦٤، ط، دار عالم الكتب رياض)

(۱۷۹):عن أبي هريرة رضی اللہ عنہ عن النبي ﷺ، قال: لولا أن اشق على المؤمنين (وفي

حضور ﷺ کا ناشتہ

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ صبح کے وقت ''ناشتہ'' کرتے تھے؟ اگر کرتے تھے، تو اس وقت کیا تناول فرماتے تھے؟

حديث زهير، على امتى) لأمرتهم بالسواک عند كل صلاة. وفى فتح الملهم تحت هذا الحديث: قوله: (عند كل صلاة) الخ: قال النووى: السواک مستحب فى جميع الأوقات، ولكن فى خمسة أوقات أشد استحباباً:

أحدها: عند الصلاة سواء كان متطهراً بماء أو بتراب، أو غير متطهر، كمن لم يجد ماء ولاتراباً.

والثانى: عند الوضوء.

الثالث: عند قراءة القرآن.

الرابع: عند الاستيقاظ من النوم.

الخامس: عند تغير الفم، وتغيره يكون بأشياء، منها ترک الأكل والشرب، ومنها: أكل ما له رائحة كريهة، ومنها: طول السكوت، ومنها: كثرة الكلام.

وقال ابن عابدين رحمه اللّٰه: قال فى امداد الفتاح: وليس السواک من خصائص الوضوء فانه، يستحب فى حالات: منها تغير الفم، والقيام من النوم، والى الصلاة، ودخول البيت، والاجتماع بالناس، وقراءة القرآن، لقول أبى حنيفة رحمه اللّٰه: ان السواک من سنن الدين. فتستوى فيه الأحوال كلها. (موسوعة فتح الملهم بشرح صحيح الامام مسلم، كتاب الطهارة، باب السواك، ج: ۲، ص: ۴۹۲، ۴۹۳، ط، دار احياء التراث العربى بيروت لبنان)

عن المقدام بن شريح عن أبيه قال: سألت عائشةؓ، قلت: بأى شىء كان يبدأ النبى ﷺ اذا دخل بيته؟ قالت: بالسواک. (صحيح مسلم، كتاب الطهارة، باب السواك، ص: ۱۲۳، رقم: ۵۸۹، ط، دار السلام رياض)

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

رسول اللہ ﷺ کی مکی زندگی کے تیرہ سال اور ہجرت کے بعد سات سال آپ ﷺ پر بہت تنگی اور تکالیف ومصائب کے گزرے ہیں، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ بسا اوقات تین تین مہینے کا طویل عرصہ گزر جاتا، مگر گھر میں چولہا نہ جلتا تھا، صرف ''اسودین''، یعنی کھجور اور پانی پر آپ ﷺ گذر بسر فرمالیتے، گھر میں اناج یا غلہ وغیرہ کوئی چیز نہ ہوتی، جسے پکایا جائے، آپ ﷺ کے فقر اختیاری کا یہ حال تھا کہ اگر کوئی صحابیؓ کھجور یا

عن حذيفةؓ قال: كان رسول اللهﷺ اذا قام ليتهجد، يشوص فاه بالسواك.

(صحيح مسلم، كتاب الطهارة، باب السواك، ص: ١٢٤، رقم:٥٩٣، ط، دار السلام رياض)

وفى الدرالمختار: والسواك سنة مؤكدة كما فى الجوهرة عند المضمضة، وقيل قبلها، وهو للوضوء عندنا الا اذا نسيه فيندب للصلاة كما يندب لاصفرار سن وتغير رائحة وقراءة قرآن، وأقله ثلاث فى الأعالى وثلاث فى الأسافل بمياه ثلاثة.

وفى الشامية تحته: قال فى امداد الفتاح: وليس السواك من خصائص النوضوء، فانه يستحب فى حالات: منها تغير الفم، والقيام من النوم، والى الصلاة، ودخول البيت، والاجتماع بالناس، وقراءة القرآن، لقول أبى حنيفة: ان السواك من سنن الدين فتستوى فيه الأحوال كلها اهـ. وفى القهستانى: ولاتختص بالوضوء كما قيل، بل سنة على حدة على ما فى ظاهر الرواية. وفى حاشية الهداية أنه مستحب فى جميع الأوقات، ويؤكد استحبابه عند قصد الوضوء فيسن أو يستحب عند كل صلاة اهـ. وممن صرح باستحبابه عند الصلاة أيضا الحلبى فى شرح المنية الصغير، وفى هداية ابن العماد أيضاً، وفى التاترخانية عن التتمة: ويستحب السواك عندنا كل صلاة ووضوء وكل مايغير الفم وعند اليقظة اهـ. فاغتنم هذا التحرير الفريد. (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الطهارة، قبيل مطلب فى منافع السواك، ج: ١، ص: ٢٣٢، ٢٣٣، ٢٣٤، دار عالم الكتب رياض)

دودھ وغیرہ لے آتے، تو اسے تناول فرما لیتے (۱۸۰)۔ اور یہی حال ازواج مطہرات کا بھی تھا، کہ آپ ﷺ ان تمام کو سالانہ اخراجات کے لیے جو کچھ بھی دیتے، اکثر ازواج مطہرات اس کو اغرباء اور حاجت مندوں میں خرچ فرما دیتیں، آپ ﷺ کی سخاوت کا بحرِ ذخار تو اس سے بھی کہیں بڑھ کر تھا، اس لیے کسی بھی چیز کی ذخیرہ اندوزی آپ ﷺ کو پسند نہ تھی (۱۸۱)۔ چائے اور ناشتہ تو درکنار، ضروری کھانے پینے کے لیے بھی آپ ﷺ کوئی خاص انتظام نہیں فرماتے تھے، وقت پر جو کچھ بھی میسر ہوتا، اسے بہ خوشی تناول فرماتے، چائے کا رواج اس زمانے میں نہ تھا، میرے علم کے مطابق چائے کی ایجاد تقریباً دو صدی قبل کی ہے۔

شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ چائے

---

(۱۸۰):**عن عروةؒ، عن عائشة رضی اللّٰه عنها: أنها قالت لعروة: ابن اختی: ان کنا لننظر الی الهلال، ثم الهلال ثلاثة أهلة فی شهرین وما أوقدت فی أبیات رسول اللّٰه ﷺ نار، فقلت: یاخالة، ما کان یعیشکم؟ قالت: الأسودان: التمر والماء، الا أنه قد کان لرسول اللّٰه ﷺ جیران من الأنصار کانت لهم منائح، وکانوا یمنحون رسول اللّٰه ﷺ من ألبانهم فیسقینا.** (صحیح البخاری، کتاب الهبة وفضلها والتحریص علیها، باب فضل الهبة، ص: ۵۱۰، رقم: ۲۵۶۷، ط، دار السلام ریاض)

(۱۸۱):**عن أنسؓ قال: کان النبی ﷺ لایدخر شیئا لغد. قال أبو عیسی: هذا حدیث غریب.** (جامع الترمذی، کتاب الزهد، باب ماجاء فی معیشة النبی ﷺ وأهله، ص: ۵۳۸، رقم: ۲۳۶۲، ط، دار السلام ریاض)

عن أبی هریرةؓ، أن النبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم دخل علی بلال، وعنده صبرة من تمر، فقال: ما هذا یا بلال؟ قال: شیء أدخرته لغد. فقال: أما تخشی أن تری له غداً بخارا فی نار جهنم یوم القیامة، أنفق بلال! ولاتخش من ذی العرش اقلالا. (مشکاة المصابیح، کتاب الزکاة، باب الانفاق وکراهیة الامساك، الفصل الثالث، ص: ۱۶۷، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

کی کمپنی کے ملازمین مجھے چائے کے پیکٹ بیچنے کے لیے دیتے اور چائے بنا کر مفت پلاتے تھے، ہندوستان میں اسے آئے سو/۱۰۰ سال ہوئے ہوں گے، لہٰذا رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چائے کا وجود ہی نہ تھا، صبح میں بھی آپ ﷺ کی جانب سے کوئی کھانا پہلے سے طے نہ ہوتا، جو کچھ بھی میسر ہوتا، آپ ﷺ تناول فرمالیتے۔

''مختصر شمائل ترمذی'' صفحہ نمبر: ۱۷۱/ پڑھیں، تمام تفصیلات مذکور ہیں۔ فقط، واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۵۴ تا ۱۵۶)

❁❁❁

حضور ﷺ کی تفریح

﴿سوال﴾:

آپ ﷺ تفریح کے لیے کہاں تشریف لے جاتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

انسان کو تھکن دور کرنے اور اکتاہٹ ختم کرنے کے لیے تفریح کی ضرورت ہوتی ہے، اور حضور پاک ﷺ کی شان یہ تھی کہ آپ ﷺ کو ایک روایت کے مطابق تیس جنتی اور ایک روایت کے مطابق چالیس جنتی آدمی کی طاقت دی گئی تھی۔ اور اہل جنت میں سے ایک آدمی کی طاقت ایک سو عام انسانوں کے برابر ہے۔ لہٰذا آپ ﷺ کے قویٰ اس اعتبار سے تین یا چار ہزار آدمیوں کے قویٰ کے برابر ہوئے (۱۸۲)، حاصل یہ ہے کہ جس شخصیت

---

(۱۸۲): عن أنس بن مالک ؓ قال: كان النبی ﷺ يدور على نسائه فی الساعة النواحدة من الليل والنهار وهن احدى عشرة. قلت لأنس: أو كان يطيقه؟ قال كنا نتحدث أنه أعطى قوة ثلاثين. وقال سعيد عن قتادة أن انساً حدلهم: تسع نسوة. وفی الفتح تحت هذا الحديث: قوله: (أوكان) بفتح الواو هو مقول قتادة والهمزة للاستفهام ومميز ثلاثين محذوف أی ثلاثين رجلاً، ووقع فی رواية الاسماعيلی من

عظمیٰ میں اتنی طاقت ہو، اسے تھکن یا اکتاہٹ چھو بھی نہیں سکتی، پھر تفریح کی ضرورت ہی کیا ہے۔

دیگر یہ کہ آپ ﷺ کے تمام اوقات ذکر الٰہی اور ارشادِ انام میں صرف ہوتے تھے، مخلوق کی رہنمائی کے بعد جو بھی وقت ملتا، آپ ﷺ اسے ''توجہ الی الخالق'' میں صرف فرماتے، چناں چہ آپ ﷺ کا فرمان ہے کہ ''**جعلت قرة عيني في الصلاة**'' (۱۸۳). یعنی نماز تو میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، جسے یاد الٰہی میں اس قدر مزہ آرہا ہو، اسے تفریح کی ضرورت نہیں ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص: ۱۵۶تا۱۵۸)

❁❁❁

طريق أبي موسى عن معاذ بن هشام "أربعين" بدل ثلاثين، وهي شاذة من هذا الوجه، لكن في مراسيل طاوس مثل ذلك، وزاد "في الجماع"، وفي صفة الجنة لأبي نعيم من طريق مجاهد مثله وزاد "من رجال أهل الجنة"، ومن حديث عبدالله بن عمر ورفعه "أعطيت قوة أربعين في البطش والجماع" وعند أحمد والنسائي وصححه الحاكم من حديث زيد بن أرقم رفعه "ان الرجل من أهل الجنة ليعطى قوة مائة في الأكل والشرب والجماع والشهوة" فعلى هذا يكون حساب قوة نبينا أربعة آلاف.

(فتح الباري، كتاب الغسل، باب اذا جامع ثم عاد۔ ومن دار على نسائه في غسل واحد، ج: ۱، ص: ٤٤٩)

(۱۸۳):عن عائشةؓ قالت: كان رسول اللهﷺ يذكر الله عزوجل على كل احيانه. وفي البذل تحت هذا الحديث: المراد من ذكر الله عزوجل الذكر القلبي، وهو المعبر بالحضور، فحينئذ يكون عموم الأحيان شاملاً لجميع أحيانه لايستثنى منه حين، لأنهﷺ كان دائم الذكر، لاينقطع ذكره القلبي في يقظة ولانوم ولا في وقت ما. (بذل المجهود في حل سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، باب في الرجل يذكر الله تعالى على غير طهر، ج: ۱، ص: ۲۲۷، ۲۲۸، ط، دار البشائر الاسلامية بيروت

حضور ﷺ کے اسفار

﴿سوال﴾:

کیا ہجرت مدینہ کے بعد آپ ﷺ نے کسی ملک کا سفر فرمایا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

ہجرت کے بعد آپ ﷺ نے سفر جہاد کے علاوہ اور کوئی سفر نہیں فرمایا، جہاد کے لیے آپ ﷺ کا خیبر (۱۸۴) (جسے اب خُبر کہا جاتا ہے) اور تبوک (۱۸۵) (جو ملک شام

لبنان)

عن المغيرة بن شعبةؓ قال قال رسول اللّٰهﷺ: جعلت قرة عيني في الصلاة. (المعجم الكبير للطبرانی، ج: ۲۰، ص: ۴۲۰، رقم: ۱۰۱۲، ط، مكتبة ابن تيمية القاهرة)

وعن أنسؓ قال: قال رسول اللّٰهﷺ: حبب الي الطيب والنساء، وجعلت قرة عيني في الصلاة، رواه احمد والنسائي وزاد ابن الجوزي بعد قوله: حبب الي من الدنيا. (مشكاة المصابيح، باب فضل الفقراء وما كان من عيش النبيﷺ، الفصل الثالث، ص: ۴۴۹، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۱۸۴):عن بشير بن يسار: أن سويد بن النعمان أخبره أنه خرج مع النبيﷺ عام خيبر حتى اذا كنا بالصهباء وهي من أدنى خيبر صلى العصر ثم دعا بالأزواد فلم يؤت الا بالسويق، فأمر به فثرى فأكل وأكلنا ثم قام الى المغرب فمضمض ومضمضنا ثم صلى ولم يتوضأ.

عن سلمة بن الأكوع رضي اللّٰه عنه قال: خرجنا مع النبيﷺ الى خيبر، فسرنا ليلاً...الخ. (أخرجهما البخاری فی صحيحه، كتاب المغازی، باب غزوة خيبر، ص: ۸۶۵، رقم: ۴۱۹۵، ۴۱۹۶، ط، دار السلام رياض)

(۱۸۵):عن مصعب بن سعد، عن أبيه، أن رسول اللّٰهﷺ خرج الى تبوك واستخلف عليا فقال: أتخلفني في الصبيان والنساء؟ قال: ألا ترضى أن تكون مني

کی جانب ہے) کا سفر کرنا ثابت ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۵۸)

حضور ﷺ کا اونٹ اور خچر پر سواری کرنا

﴿سوال﴾:

کیا آپ ﷺ نے اونٹ کے علاوہ گھوڑے یا خچر پر سواری فرمائی ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

رسول اللہ ﷺ نے اونٹ کے علاوہ گھوڑے اور خچر پر بھی سواری فرمائی ہے، گھوڑوں کے رنگ اور خصوصیات کے اعتبار سے ان کے نام بھی روایات میں مذکور ہیں، ایک روایت میں دس اورر دوسری میں پندرہ گھوڑوں پر سواری کا بیان ہے(۱۸۶)۔ (زادالمعاد:۱/۳۴) فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۵۸،۱۵۹)

بمنزلة هارون من موسى الا أنه ليس نبى بعدى. (صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب غزوة تبوك، وهى غزوة العسرة، ص: ۹۰۹، رقم: ٤٤١٦، ط، دار السلام رياض)

(۱۸۶):عن زاد المعاد: فمن الخيل: السكب. قيل وهو أول فرس ملكه، وكانه اسمه عند الأعرابى الذى اشتراه منه بعشر أواق الضرس، وكان أغر محجلا طلق اليمن كميتا. قيل كان أدهم... والمرتجز، وكان أشهب وهو الذى شهد فيه خزيمة بن ثابت.... واللحيف، واللزاز، والظرب، وسبحة، والورد. فهذه سبعة متفق عليها.... وقيل: كانت له أفراس أخر خمسة عشر، ولكن مختلف فيها، وكان دفتا سرجه من ليف.

وكان له من البغال دلدل، وكانت شهباء أهداها له المقوس. وبغلة أخرى. يقال لها: "فضة". أهداها له فروة الجذامى، وبغلة شهباء أهداها له صاحب أيلة، وأخرى أهداها له صاحب دومة الجندل، وقد قيل: ان النجاشى أهدى له بغلة فكان

حضور ﷺ اور پنکھا

﴿سوال﴾:

کیا گرمی کی شدت کی وجہ سے آپ ﷺ نے پنکھے کا استعمال کیا ہے؟ اگر استعمال منقول ہے، تو وہ پنکھا کیسا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

پنکھے کے متعلق احادیث میں کہیں کوئی ذکر نہیں ہے، البتہ آپ ﷺ نے فرمایا ہے کہ: "**مابین بیتی ومنبری روضة من ریاض الجنة**(۱۸۷).

یعنی میرے گھر اور منبر کے درمیان کی جگہ جنت کے باغات کا ایک ٹکڑا ہے، اب غور کیجئے کہ جب جنت میں گرمی نہیں ہے، تو اس جگہ بھی گرمی نہیں ہوسکتی، لہٰذا پنکھے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ آپ ﷺ معصوم (یعنی تمام گناہوں سے پاک) تھے، علماء نے لکھا ہے کہ آپ ﷺ کو معصوم ہونے کی وجہ سے جنتی آدمی کی طرح دنیا میں بھیجا گیا تھا۔ اور جنتی کو جنت میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔

تیسری وجہ یہ ہے کہ آپ ﷺ کی زندگی نہایت سادہ تھی، جو امت کے لیے سادگی کا سبق تھی، آپ ﷺ نے ایسی سادگی کے ساتھ زندگی بسر فرمائی کہ روایات میں منقول ہے

یرکبها.... و من الحمیر عفیر وکان أشهب، أهداه له المقوقس ملک القبط، وحمار أخر أهداه له فروة الجذامی، وذکر أن سعد بن عبادة أعطی النبی ﷺ حمارا فرکبه. (زاد المعاد فی هدی خیر العباد، فصل فی دوابه ﷺ، بحواله حاشیه فتاوی فلاحیه)

(کتاب الطبقات الکبیر، ذکر خیل رسول اللّٰه ﷺ ودوابه، ج: ۱، ص: ٤٢١)

(۱۸۷):(جامع الترمذی، أبواب المناقب، باب ماجاء فی فضل المدینة، ص: ۸۸۱، رقم: ۳۹۱۵، ط، دار السلام ریاض)

کہ سخت کھردرے بچھونے کے اثرات آپ ﷺ کے بدن مبارک پر نمایاں بھی ہوجاتے۔ لیکن آپ ﷺ نے کبھی نرم گدا یا تکیہ وغیرہ استعمال نہیں فرمایا، لہٰذا پنکھے کے استعمال کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا (۱۸۸)۔ فقط، واعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۵۹، ۱۶۰)

❁❁❁

حضور ﷺ کا گریبان مبارک کس جانب تھا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ حضور ﷺ کا گریبان مبارک کس جانب تھا؟ اور آپ کے گریبان پر بٹن تھے یا نہیں؟ وضاحت مطلوب ہے۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

---

(۱۸۸): عن عمرؓ قال دخلت علی رسول اللّٰہ ﷺ فاذا ھو مضطجع علی رمال حصیر لیس بینہ وبینہ فراش قد اثر الرمال بجنبہ متکئا علی وسادۃ من ادم حشوھا لیف قلت یارسول اللّٰہ ادع اللّٰہ فلیوسع علی امتک فان فارس والروم قد وسع علیھم وھم لایعبدون اللّٰہ فقال اوفی ھذا انت یا ابن الخطاب اولئک قوم عجلت لھم طیباتھم فی الحیوۃ الدنیا وفی روایۃ اما ترضی ان تکون لھم الدنیا ولنا الأخرۃ. متفق علیہ. (مشکاۃ المصابیح، کتاب الرقاق، باب فضل الفقرء وما کان من عیش النبی ﷺ، الفصل الاول، ص: ۴۴۷، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

عن ابن مسعودؓ ان رسول اللّٰہ ﷺ نام علی حصیر فقام وقد اثر فی جسدہ فقال ابن مسعود یارسول اللّٰہ لو امرتنا ان نبسط لک ونعمل فقال مالی وللدنیا وما انا والدنیا الا کراکب استظل تحت شجرۃ ثم راح وترکھا رواہ احمد والترمذی وابن ماجۃ. (مشکاۃ المصابیح، کتاب الرقاق، الفصل الثانی، ص: ۴۴۲، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

حضور ﷺ کا گریبان مبارک سینے پر تھا جیسا کہ آج کل رائج ہے اور اس پر بٹن بھی تھے۔

لمافی المرقات (۸/۲۴۷): عن معاوية بن قرة عن ابيه قال اتيت النبی ﷺ فی رهط من مزينة فبايعوه وانه لمطلق الازار فادخلت يدی فی جيب قميصه فمسست الخاتم. (فی جيب قميصه) قال السيوطی فيه ان جيب قميصه كان على الصدر كما هو المعتاد الآن فظن من لا علم عنده انه بدعة وليس كماظن.

وفی عمدة القاری (۲۱/۳۰۲): باب جيب القميص اى هذا باب فی ذكر جيب القميص الكائن عندا لصدر وكانه اشار بهذا الى ما وقع فی حديث الباب من قوله ويقول باصبعه هكذا فی جيبه فان الظاهر انه كان لابس قميص و كان فی طوقه فتحة الى صدره وعن هذا قال ابن بطال كان الجيب فی ثياب السلف عندا لصدر. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵۵، ۲۵۶)

❁❁❁

عصا ہاتھ میں رکھنا سنت ہے

﴿سوال﴾:

عصا ہاتھ میں رکھنا سنت ہے، کیا عصا ہاتھ میں رکھنا عمر کے ساتھ مقید ہے یا ہر کوئی اس کو رکھ سکتا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلياً﴾:

اگر ادائے سنت کی نیت ہوتو موافقِ سنت عصار کھنے سے ان شاء اللہ بلاقیدِ عمر بھی ثواب ملے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۴، ص:۴۸۴)

❁❁❁

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین کا رنگ

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ بعض لوگ پیلے رنگ کے چپل پہنتے ہیں اور ان کو آپ علیہ السلام کی طرف منسوب کرتے ہیں آیا یہ بات صحیح ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

احادیث مبارکہ میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک کا ذکر ملتا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نعلین مبارک (چپلوں) کے دو تسمے تھے اور نعلین مبارک ایسے چمڑے کے بنے ہوئے تھے جو بالوں سے صاف تھے۔ البتہ کتب احادیث اور سیر وتاریخ کی کتابوں میں یہ بات تلاش کے باوجود نہیں مل سکی کہ نعلین مبارک کا رنگ کیا تھا؟ لہٰذا جب تک تحقیق سے یہ بات معلوم نہ ہو جائے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین مبارک کا رنگ پیلا تھا اس وقت تک پیلے رنگ کے جوتے کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر کے پہننا صحیح نہیں۔

لمافی الصحیح للبخاری (۲/۸۷) عن قتادة قال حدثنا انس ان نعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان لها قبالان.

وفی الشمائل للترمذی (ص ٦): عن ابن عباس قال کان لنعل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبالان مثنی شراکهما.

وفی مصنف ابن ابی شیبة (۱۲/ ۵۳۴): عن یزید بن ابی زیاد قال رأیت نعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المدینة مخصرة ملسنة

لها عقب خارج.

وفی حاشیته للشیخ محمد عوامه: المخصرتان: الصیقتان من وسطهما ملسنة: کانت دقیقة علی شکل اللسان.

وفی الصحیح للبخاری (۱/۲۱): ربعی بن حراش یقول سمعت علیا یقول قال النبی ﷺ لاتکذبوا علی فانه من کذب علی فلیلج النار.

حدثنا المکی بن ابراهیم قال حدثنا یزید بن ابی عبید عن سلمة هو ابن الاکوع قال سمعت النبی ﷺ یقول من یقل علی مالم اقل فلیتبوا مقعده من النار. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵۶)

❁❁❁

حضور اکرم ﷺ اور گرم پانی استعمال کرنا

﴿سوال﴾:

کیا آپ ﷺ نے کبھی گرم پانی سے غسل فرمایا ہے؟ اور وہ گرم پانی کتنا ہوتا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

پانی کے گرم ہونے کی صراحت میری نظر سے نہیں گذری ہے، البتہ آپ ﷺ وضو میں دو رطل پانی استعمال فرماتے تے تھے (۱۸۹)۔ (ابوداود: ۱/۱۳، ترمذی: ۱/۹)

اور غسل میں آٹھ رطل پانی استعمال فرماتے تھے (۱۹۰)۔ (ابوداود: ۱/۱۳، بخاری:

(۱۸۹/۱۹۰): عن عائشة أن النبی ﷺ کان یغتسل بالصاع ویتوضأ بالمد.

وفی البذل تحت هذا الحدیث: والصاع مکیال یسع أربع امداد، والمد رطل وثلث

۱/۳۹، ترمذی: ۱/۹) فقط، واللہ علم بالصواب (فتاوی فلاحیه، ج: ۱، ص: ۱٦۰)

❁❁❁

حضور ﷺ اور شکار

﴿سوال﴾:

کیا رسول اللہ ﷺ نے کبھی جانور کا شکار کیا تھا؟ اگر کیا تھا، تو کون سے ہتھیار سے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

شکار کے متعلق روایات میں کوئی ثبوت نہیں ملتا، البتہ آپ ﷺ نے اپنے دست

بالبغدادی، وهذا عند الشافعي، وأما عند أبي حنيفة رحمهما الله فالمد رطلان، والصاع ثمانية أرطال لخبر النسائي بذلك، ولفظه هكذا: وعن موسى الجهني قال: أتى مجاهد بقدح حزوته ثمانية أرطال، فقال: حدثتني عائشةؓ أن رسول اللهﷺ كان يغتسل بمثل هذا، ورجاله رجال الصحيح، وقد قال النووي: وذكر جماعة من أصحابنا وجهاً لبعض أصحابنا أن الصاع هاهنا ثمانية أرطال، والمد رطلان. (بذل المجهود في حل سنن أبي داؤد، كتاب الطهارة، باب مايجزئ من الماء في الوضوء، ج: ۱، ص: ٤٧٦، ط، دار البشائر الاسلامية بيروت لبنان)

وفي الأوجز: فان مقدار الماء عند الحنفية عدّه صاحب "الدر المختار" من سنن الغسل، نقل الشامي عن "الحلية"؛ نقل غير واحد اجماع المسلمين على أن ما يجزئ في الوضوء والغسل غير مقدر بمقدار، وما في ظاهر الرواية من أن أدنى ما يكفي في الغسل صاع، وفي الوضوء مد للحديث المتفق عليه، ليس بلازم بل هو بيان أدنى القدر المسنون. قال في البحر: حتى من أسبغ بدون ذلك أجزأه. انتهٰى. (أوجز المسالك الى موطأ مالك، كتاب الطهارة، باب العمل في غسل الجنابة، ج: ۱، ص: ۱۰۵، ۲۰۵، ط، دار القلم دمشق)

مبارک سے اونٹ کی قربانی فرمائی ہے(۱۹۱)۔فقط، واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج: ۱،ص:۱۶۱)

حضور اکرم ﷺ گھر سے وضو فرما کر مسجد جاتے تھے

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ وضو گھر میں کرنے کے بعد مسجد میں جاتے تھے، یا مسجد میں وضوء فرماتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

آپ ﷺ ہمیشہ گھر سے وضو کر کے مسجد تشریف لاتے، اس وقت عام مسجدوں میں یا مسجد نبوی کے باہر وضو کے لیے کوئی باقاعدہ نظم نہیں تھا۔فقط، واللہ اعلم بالصواب۔(فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۶۱)

---

(۱۹۱):**فی حدیث طویل: ثم انصرف الی المنحر، فنحر ثلاثاً وستین بیده، ثم أعطی علیاً..الخ.** (صحیح مسلم، کتاب الحج، باب حجة النبی ﷺ، ص: ٥١٦، رقم: ٢٩٥٠، ط، دار السلام ریاض)

نوٹ: آپ ﷺ سے مینڈھے کی قربانی کرنا بھی ثابت ہے، ملاحظہ ہو:

عن أنس ؓ قال: ضحی النبی ﷺ بکبشین أملحین، فرأیته واضعاً قدمه علی صفاحهما یسمی ویکبر فذبحهما بیده. (صحیح البخاری، کتاب الأضاحی، باب من ذبح الأضاحی بیده، ص: ١٢٠٠، رقم: ٥٥٥٨، ط، دار السلام ریاض)

حضور اکرم ﷺ نے وعظ کے لیے کوئی وقت مقرر نہیں فرمایا تھا

﴿سوال﴾:

کیا رسول اللہ ﷺ نے وعظ ونصیحت کے لیے کوئی وقت مقرر فرمایا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

وعظ ونصیحت کے لیے آپ ﷺ کی جانب سے کوئی وقت مقرر نہیں تھا، امام بخاریؒ نے کتاب العلم میں اس کے متعلق دو باب قائم فرمائے ہیں:

(۱) باب ما کان النبی ﷺ یتخولهم بالموعظة والعلم، کی لاینفروا.

(۲) باب من جعل لأهل العلم أیاما معلومة.

پہلے باب میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ اور دیگر صحابۂ کرامؓ سے متعدد روایات منقول ہیں، جن کا حاصل یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابۂ کرامؓ کے نشاط کا خیال رکھتے ہوئے کچھ دن ناغہ کرتے اور کچھ دن نصیحت فرماتے تھے (۱۹۲)۔ دوسرے باب میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی روایت ہے کہ ان سے ایک تلمیذ نے یہ درخواست کی کہ ہم چاہتے ہیں کہ آپ سے روزانہ نصائح سنیں، تو آپؓ نے فرمایا کہ میں تمہارے نشاط کا خیال رکھتے ہوئے کچھ دن ناغہ کرتا ہوں، جیسا کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بھی اسی طرح ہمارے نشاط کا خیال رکھتے ہوئے وقتاً فوقتاً نصیحت فرمایا کرتے تھے (۱۹۳)۔ واللہ اعلم

---

(۱۹۲):عن ابن مسعودؓ قال: کان النبی ﷺ یتخولنا بالموعظة فی الأیام کراهة السامة علینا. (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب ما کان النبی ﷺ یتخولهم بالموعظة والعلم کی لاینفروا، ص: ۲۰، رقم: ٦٨، ط، دار السلام ریاض)

(۱۹۳):عن أبی وائل قال: کان عبداللّٰه یذکر الناس فی کل خمیس، فقال له رجل: یا أبا عبدالرحمٰن، لوددت أنک ذکرتنا کل یوم، قال: أما انه یمنعنی من

بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،ص:۱۶۱،۱۶۲)

حضور ﷺ کا بیٹھ کر نماز پڑھنا

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ کون سی نفل بیٹھ کر پڑھتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بہ حالت مرض فرض نماز بیٹھ کر پڑھی ہے، نیز حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ کمزور ہو گئے تھے، تو بیٹھ کر نوافل پڑھتے تھے (۱۹۴)۔ (بخاری شریف)

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھنے سے آدھا ثواب ملتا ہے۔ لیکن آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تعلیم امت کے خاطر بھی بیٹھ کر نماز پڑھی ہے، لہٰذا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس نماز کا پورا ثواب ملے گا (۱۹۵)۔ وتر کے بعد کی دو

ذلک أنی أکرہ أن أملکم، وانی أتخولکم بالموعظة کما کان النبی ﷺ یتخولنا بها مخافة السامة علینا. (صحیح البخاری، کتاب العلم، باب من جعل لأهل العلم ایاماً معلومة، ص: ۲۰، رقم: ۷۰، ط، دار السلام ریاض)

(۱۹۴):عن عائشة رضی الله عنها قالت: لما بدن رسول الله ﷺ وثقل کان أکثر صلاته جالساً. متفق علیه. (مشکاة المصابیح، کتاب الصلاة، باب صلاة اللیل، الفصل الأول، ص: ۱۰۶، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۱۹۵):عن عبدالله بن عمرو قال: حدثت ان رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم قال: صلاة الرجل قاعدا نصف الصلاة قال: فاتیته فوجدته یصلی جالسا، فوضعت یدی علی رأسه. فقال: مالک یا عبدالله بن عمرو؟ قلت: حدثت یا رسول الله! أنک قلت: صلاة الرجل قاعداً علی نصف الصلاة وأنت تصلی قاعداً! قال:

رکعات کے بارے میں بعض علماء نے فرمایا ہے کہ ان کو اگر کوئی اس نیت سے کر پڑھتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طرح پڑھی ہے، تو اسے پورا ثواب ملے گا۔ اور بعض فرماتے ہیں کہ اسے آدھا ثواب ملے گا (۱۹۶)۔ واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱،

اجل، ولٰكنى لست كأحد منكم. وفى فتح الملهم تحت هذا الحديث: قوله: (أجل، ولكنى لست) الخ: أى: قلت ذلك، ولكن الفرق أنى لست كأحدكم. قال عياض يعنى ليس كأحدكم فى السلامة من العذر، لأنه انما فعله للمشقة التى لحقته فى آخر عمره من كبر سنه، وحطم الناس، وما كان صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم ليدع الأفضل لغير عذر، ويحتمل أن يريد: لست كأحدكم فى الحكم، بل أجرى قاعداً كأجرى قائما، ويكون هذا من خصائصه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم، وقد خص بأشياء.

قال النووى: هذا مذهبنا فى هذا الحديث، والأول باطل، لأنه لاتبقى معه خصوصية لهﷺ، لأن من غيره من ذوى الأعذار أجره مع العذر كامل. اهـ.

قال ابن عابدين: اما النبىﷺ فمن خصائصه أن نافلته قاعداً مع القدرة على القيام كنافلته قائما. (موسوعة فتح الملهم بشرح صحيح الامام مسلم، كتاب صلاة المسافرين وقصرها، باب جواز النافلة قائما وقاعداً، ج: ٤، ص: ٤٩١، ٤٩٤، ط، دار أحياء التراث العربى بيروت لبنان)

فى مراقى الفلاح: ولكن له أى للمتنفل جالساً (نصف أجر القائم) لقولهﷺ: من صلى قائما فهو أفضل، ومن صلى قاعداً فله نصف أجر القائم.

وفى حاشية الطحطاوى تحته: قوله: (ولكن له نصف أجر القائم) يستثنى منه صاحب الشرع صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم كما ورد عنه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم: فان أجر صلاته قاعداً كأجر صلاته قائما فهو خصوصياته. (حاشية الطحطاوى على مراقى الفلاح، كتاب الصلاة، فصل فى صلاة النفل جالساً والصلاة على الدابة، ص: ٤٠٣، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۱۹۶):عن أبى سلمة عائشة رضى اللّٰه عنها قالت: صلى النبىﷺ العشاء،

ص:۱۶۳،۱۶۴)

❁❁❁

وصلی ثمانی رکعات، ورکعتین جالسا، ورکعتین بین النداء ین، ولم یکن یدعها أبدا.

وفی انعام الباری تحت هذا الحدیث: یہ "رکعتین جالساً" سے وتر کے بعد کی دو رکعتیں مراد ہیں اور یہ حضور اقدس ﷺ سے بیٹھ کر پڑھنا ہی ثابت ہیں۔ یہ حدیث صریح ہے اور اس کے ثبوت میں اور بھی حدیثیں ہیں، لہٰذا یہ کہنا کہ وتر کے بعد دو رکعتیں پڑھنا ثابت نہیں غلط ہے۔

البتہ جہاں بھی حدیث میں آیا ہے بیٹھ کر ہی پڑھنا آیا ہے، اس لئے بیشتر فقہاء یہ کہتے ہیں کہ اگر پڑھنی ہوں تو کھڑے ہوکر پڑھنا ہی افضل ہے لیکن اگر بیٹھ کر پڑھ لے تو یہ بھی جائز ہے۔

لیکن حضرت شاہ صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میرا خیال یہ ہے کہ حضور ﷺ کا ہمیشہ بیٹھ کر پڑھنا یہ قصد و اختیار سے تھا، لہٰذا اس میں بیٹھ کر پڑھنا ہی افضل ہے۔

دوسرے حضرات کہتے ہیں کہ جو عام قاعدہ ہے کہ قیام افضل ہے وہ اس میں بھی جاری ہوتا ہے۔ روایت میں ہے کہ آپ ﷺ نے آٹھ رکعتیں کھڑے ہوکر پڑھیں اور یہاں وتر کا ذکر نہیں کیا، اس لئے کہ یہاں نفلی نماز کا ذکر کر رہے ہیں اور وتر واجب ہے۔

پھر فرمایا کہ دو رکعتیں بیٹھ کر پڑھتے تھے یعنی وتر کے بعد اور دو رکعتیں صلاۃ الفجر۔ لہٰذا جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ مابعد الوتر جو رکعتیں ہیں وہ حقیقت میں رکعتی الفجر تھیں، اس سے ان کی تردید ہوجاتی ہے کیونکہ یہاں فجر کی رکعتوں کو الگ ذکر کیا ہے۔(انعام الباری، کتاب التهجد، باب المداومة علی رکعتی الفجر، ج: ٤، ص: ٣٢٣، ط، مکتبة الحراء کراچی)

وفی فیض الباری: قوله: (ثمان رکعات) والعجب من الراوی حیث ترک فیه ذکر الوتر مع کونه دعامة فی أحادیث صلاة اللیل. وهو مذکور عد أبی داؤد فی هذه الروایة بعینها: "رکعتین جالساً". وهاتان الرکعتان لیستا عد البخاری رحمه اللّٰه تعالی فی غیر هذا الموضع. ولکنه لم یترجم علیهما لأنه لم یذهب الیهما. وتردد فیها مالک رحمه اللّٰه تعالی أیضاً کما مر، مع أن الأحادیث قد صحت فیهما. بقی أن الجلوس فیهما اتفاقی أو قصدی؟ فاختار النووی رحمه اللّٰه تعالی

حضور ﷺ کا قضائے حاجت کے وقت دیکھا جانا

﴿سوال﴾:

ہمارے ہاں ایک مولوی صاحب کہتا ہے کہ حضور ﷺ کو قضائے حاجت کے وقت کسی نے نہیں دیکھا ہے۔ یہ بات کہاں تک صحیح ہے؟ بینوا وتوجروا

﴿الجواب﴾:

هذا مخالف من حديث ابن عمر انه ارتقى على البيت فرئ النبی ﷺ يقضى حاجته. والحديث مشهور (۱۹۷). وهو الموفق. (فتاوی فريديه، ج: ۱، ص: ٤٦٥)

❁❁❁

کیا حضور اکرم ﷺ نائب مطلق، مالک ومختار ہیں؟

﴿سوال﴾:

”حضور اقدس ﷺ نائب مطلق ہیں، تمام جہاں حضور ﷺ کے تحت تصرف کردیا گیا جو چاہیں کریں، جس سے جو چاہیں لیں جسے جو

الأول. وعندی المختار هو الثانی لأنهما لم تثبتا عنه قائماً قط. فحمل فعله فی جميع عمره على الاتفاق مما يصادم البداهة، واذن هو قصدی، وقد مرت نكتته من قبل. (فيض البارى على صحيح البخارى، كتاب التهجد، باب المداومة على ركعتى الفجر، ج: ۲، ص: ٥٧٥، رقم: ۱۱٥۹، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۱۹۷):عن ابن عمرؓ، قال: رقيت يوما على بيت حفصة، فرأيت النبی صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم على حاجته مستقبل الشام مستدبر الكعبة. قال أبو عيسىٰ: هذا حديث حسن صحيح. (جامع الترمذی، كتاب الطهارة، باب ماجاء من الرخصة فی ذلك، ص: ۳، رقم: ۹، ط، دار السلام رياض)

چاہیں دیں، تمام جہاں میں ان کے حکم کا پھیرنے والا کوئی نہیں، تمام جہاں ان کا محکوم ہے اور وہ اپنے رب کے سوا کسی کے محکوم نہیں، تمام آدمیوں کے مالک ہیں، جو انہیں مالک نہ جانے حلاوت سنت سے محروم ہے، تمام زمین ان کی ملک ہے، تمام جنت ان کی جاگیر ہے، ملکوت السموات والارض حضور اکرم ﷺ کے زیر فرمان، جنات ونار کی کنجیاں دستِ اقدس میں دیدی گئیں، رزق وخیر اور ہر قسم کی عطائیں حضور اکرم ﷺ کے دربار سے تقسیم ہوتی ہیں، دنیا وآخرت حضور ﷺ کی عطا کا ایک حصہ ہے، احکام شرعیہ حضور ﷺ کے قبضہ میں کردیئے گئے جس پر جو چاہیں حرام فرمادیں اور جس پر جو چاہیں حلال کردیں اور جو فرض چاہیں معاف فرمادیں''۔ (بہار شریعت، حصہ اول، ص:۲۲)

۲..... ''جتنے فضائل وکمالات خزانۂ قدرت میں ہیں سب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمائے گئے''۔ (ملفوظات خان صاحب، حصہ دوم، ص: ۳۹)

۳..... ''حضور ﷺ کو خداوند عرب کہہ کر ندا کرسکتے ہیں''۔ (ملفوظات خان صاحب، حصہ اول، ص:۱۸۸)

۴..... '' انبیاء علیہم السلام کو معجزات وادراک مغیبات ظاہری جوارح، سماع، بصر کی طرح باطنی بخشی ہیں، جب چاہیں خرق عادت فرمالیں، مغیبات کو معلوم فرمالیں، چاہیں نہ فرمائیں''۔ (الأمن والعلی، مصنفہ خان صاحب بریلوی، ص۲۰۹)

مذکورہ بالا چاروں نمبروں کی تحریر جو مع حوالہ کتب لکھی گئی ہے، معلوم کرنے پر بریلوی حضرات ان عبارات کی یہ تفصیل کرتے ہیں کہ اطاع اللّٰہ اطاع الرسول کے تحت یہ نظریہ ہے کہ ہر حکم حضور ﷺ کے واسطے سے امت کو ملا ہے، آپ کے کل فرمان باذن اللہ

ہیں، آپ نے ذاتی کوئی حکم نافذ نہیں فرمایا، بلکہ خالصتاً ہر حکم ربی امت کو دیا، بایں ہمہ عشق محبت رسول میں یہ تحریر کیا ہے ورنہ ہر چیز کا رب ہی مالک ہے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ مذکورہ بالا عبارات سے جو ظاہر ہے اور جو تفصیل ان کی نقل کی گئی، زید امام اسی گروپ کی تائید میں ہے اور نظریہ دیوبند سے مناسبت بھی نہیں رکھتا، ایسے امام کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں؟ اگر نماز پڑھ لی تو اعادہ ضروری ہے یا نہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

نقل کردہ عبارات کے خلاف بھی خان صاحب بریلوی کی کتابوں میں موجود ہے "الأمن والعلی" میں غیر اللہ کو عالم الغیب کہنا منع لکھا ہے، ایک مقام پر یہ بھی لکھتے ہیں کہ "جو شخص حضور اکرم ﷺ یا خدائے پاک کے سوا کسی کے لئے بھی علم غیب ذاتی کا ایک ذرہ بھی تسلیم کرے وہ ایمان سے خارج ہے" اور یہ بھی لکھا ہے کہ "علم محیط (یعنی علم کلی) صرف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے، غیر خدا کے لئے علم غیب ماننا درست نہیں"۔

بہر حال آپ کے تحریر کردہ عقائد جو شخص اپنائے ہوئے وہ اس کو امام بنانا جائز نہیں، آپ صحیح العقیدہ شخص کے پیچھے نماز پڑھیں، اگر کچھ عملی غلطیاں ہوں تو اس کی وجہ سے آپ اعادہ کرتے ہوں تو آپ نفس جماعت کی فضیلت حاصل کرلیں گے۔ خان صاحب بریلوی کا تو اہم عقیدہ یہ ہے کہ علمائے حق جن کے نام بھی تحریر کئے ہیں وہ کافر ہیں، جو ان کو کافر نہ سمجھے وہ بھی کافر ہے جس کی وجہ سے اس شخص کا نکاح بھی باقی نہیں رہا، اولاد ولد الزنا ہے۔ ایسے عقائد والے کی امامت کی کیا گنجائش ہے (۱۹۸)۔ فقط واللہ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۳۷۷)

(۱۹۸):فی شرح العقائد: وتجوز الصلاة خلف كل بر وفاجر، لقوله عليه السلام: صلوا كل بر و فاجر. ولأن علماء الأمة كانوا يصلون خلف الفسقة، وأهل الهواء، والبدع، من غير نكير. وما نقل عن بعض السلف من المنع عن الصلاة خلف

ابوجہل آپ ﷺ کا چچا نہیں تھا

﴿سوال﴾:

کیا ابوجہل آپ ﷺ کا حقیقی چچا تھا یا آپ ﷺ کے خاندان میں ہونے کی وجہ سے کسی دور کے رشتے سے چچا تھا؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

البدع فمحمول على الكراهة، اذ لا كلام فى كراهة الصلاة خلف الفاسق والمبتدع.هذا اذا لم يؤد الفسق أو البدعة الى حد الكفر، أما اذا أدى اليه فلا كلام فى عدم جواز الصلاة خلفه. (شرح العقائد النسفية، الكلام فى العقائد المتفرقة، ص: ٣٦٩، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشى)

وفى نورالايضاح: وكره امامة العبد....والفاسق، والمبتدع.

وفى امداد الفتاح تحته: والمراد المبتدع الذى لاتكفره بدعته فان كفر بها لاتصح امامته كما قدمناه. (امداد الفتاح شرح نورالايضاح ونجاة الارواح، كتاب الصلاة، فصل فى الأحق بالامامة، وترتيب الصفوف، ص: ٣٤٢، ٣٤٣، ط، مكتبه رشيدية كوئٹه)

وفى ملتقى الأبحر: ويكره امامة العبد والأعرابى والأعمى والفاسق والمبتدع.

وفى مجمع الأنهر تحته: (والمبتدع) أى صاحب هوى لايكفر به صاحبه حتى اذا كفر أنه لم تجز أصلا. (مجمع الأنهر فى شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، ج: ١، ص: ١٦٢، ١٦٣، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان/ رد المحتار على الدر المختار، كتاب الصلاة، باب الامامة، ج: ٢، ص: ٢٩٩، ط، دار عالم الكتب رياض/ الدر المنتقى فى شرح الملتقى على هامش مجمع الأنهر، كتاب الصلاة، ج: ١، ص: ١٦٢، ١٦٣، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

ابولہب تو نبی کریم ﷺ کا حقیقی چچا تھا (۱۹۹)؛ لیکن ابوجہل چچا نہیں تھا، اس کا نسب نبی ﷺ کے پردادا کے اوپر سے ملتا ہے (۲۰۰)۔ فقط، واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۶۷)

❁❁❁

حضور علیہ السلام بھی لوازماتِ بشریہ سے مستثنیٰ نہ تھے

﴿سوال﴾:

ایک صاحب مسائل غسل بیان فرمارہے تھے انہوں نے کہا کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ

---

(۱۹۹):فی اسد الغابة: وكان للنبی ﷺ من الأعمام عشرة، ومن العمات خمس، فالأعمام.... وعبدالعزى بن عبدالمطلب، وهو أبو لهب، وكان جواداً، كناه أبوه بذلك لحسنه، وأمه لبنى بنت هاجر بن عبد مناف بن ضاطر بن حبشية بن سلول الخزاعية. (أسد الغابة فی معرفة الصحابة، ذكر أعمامه وعماته ﷺ، ج: ۱، ص: ۱٤۲، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۲۰۰):ابوجہل ملعون کا نسب ساتویں پشت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ملتا ہے۔

فی اسد الغابة:محمد بن عبدالله بن عبدالمطلب بن هاشم بن عبد مناف بن قصی بن كلاب بن مرة بن كعب بن لؤی بن فهر بن مالك بن النضر بن كنانة بن خزيمة بن مدركة بن الياس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان أبو القاسم، سيد ولد آدم عليهما السلام. (أسد الغابة فی معرفة الصحابة، محمد رسول الله ﷺ، ج: ۱، ص: ۱۲۱، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفی الاستيعاب: واسم أبی جهل عمرو بن هشام بن المغيرة بن عبدالله بن عمر بن مخزوم بن يقظة بن مرة بن كعب بن لؤی القرشی المخزومی. كان أبو جهل يكنى أبا الحكم، فكناه رسول الله ﷺ أبا جهل، فذهبت. (الأستيعاب فی معرفة الأصحاب، باب عكرمة، ج: ۳، ص: ۱۰۸۲، ط، دار الجيل بيروت لبنان)

علیہ وسلم بھی غسل جنابت فرماتے تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی منی آتی تھی۔ تو ایک مولوی صاحب نے کہا کہ تو نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی توہین کی ہے لہٰذا تو کافر ہوگیا۔ کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو منی آتی تھی؟ اور فتوی کفر دینے والا مولوی صاحب حق بجانب ہے یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ بھی لوازمات بشریّہ سے مستثنیٰ نہ تھے (۲۰۱)، مگر یہ انداز درست نہیں اور اگر کوئی غلطی سے یہ بات کہہ بیٹھے تو اس کی تکفیر بھی درست نہیں۔ (خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۳۲۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

آپ ﷺ کے اذان دینے کا ثبوت

﴿مسئلہ﴾:

عوام میں یہ بات مشہور ہے کہ آپ ﷺ نے کبھی اذان نہیں دی، مگر تقریرات رافعی میں علامہ سیوطی رحمہ اللہ کے حوالے سے ایک مرسل روایت نقل کی گئی ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے ایک مرتبہ اذان دی ہے (۲۰۲)۔ (المسائل المہمہ فیما ابتلت بہ

---

(۲۰۱): **وعن أنس ؓ قال: كان النبي ﷺ يطوف على نسائه بغسل واحد. رواه مسلم.** (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، باب مخالطة الجنب، الفصل الأول، ص: ٤٩، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

وعن أبي رافع، قال: ان رسول الله ﷺ طاف ذات يوم على نسائه، يغتسل عند هذه، وعند هذه، قال: فقلت له: يارسول الله! ألا تجعله غسلا واحداً آخر؟ قال: هذا أزكى وأطيب وأطهر. (مشكاة المصابيح، كتاب الطهارة، باب مخالطة الجنب، الفصل الثالث، ص: ٥٠، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

(۲۰۲): **في تقريرات الرافعي: وفي السراج روى عقبة بن عامر ؓ قال: كنت مع**

العامۃ، ج:۳،ص: ۵۹/ فتاوی قاسمیہ، ج: ۵،ص: ۳۴۹، ۳۵۰، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند/ کتاب النوازل، ج:۳،ص:۲۸۳، ۲۸۴، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مرادآباد الہند/نجم الفتاوی، ج:۲،ص:۲۴۲)

❁❁❁

آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام کا رکانہ سے کُشتی لڑنے کا ثبوت

﴿سوال﴾:

یہاں ایک صاحب سے اس مسئلہ پر بحث ہوگئی کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رکانہ پہلوان سے کشتی لڑے تھے یا نہیں؟ فریق مخالف نے کہا کہ یہ واقعہ درست نہیں۔ جو ثابت کردے اسے انعام دونگا ہم نے صحاح ستہ میں بہت تلاش کیا مگر نہیں ملا۔ ترجمان السنۃ میں یہ حدیث موجود ہے مگر وہ صاحب کہتے ہیں کہ حدیث کی کسی کتاب سے دکھاؤ۔ آپ برائے مہربانی اس حدیث کا صحیح حوالہ تحریر فرمائیں۔

﴿الجواب﴾:

ابوداؤد شریف، ج:۲،ص:۵۶۳، اصح المطابع میں یہ حدیث موجود ہے۔

ان رکانة صارع النبی صلی ﷺ فصرعه النبی ﷺ (۲۰۳). فقط

رسول الله صلی الله تعالی علیه وسلم فی سفر، فلما زالت الشمس أذن بنفسه وأقام وصلی الظهر. وقال السیوطی: ظفرت بحدیث آخر مرسل أخرجه سعید بن منصور فی سننه قال: أذن رسول الله ﷺ مرة فقال: "حی علی الفلاح". وهذه روایة لاتقبل التأویل. اهـ. والله سبحانه وتعالیٰ أعلم. (تقریرات الرافعی علی ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاة، قبیل باب شروط الصلاة، ج: ۱، ص: ٦٥، ط، دار عالم الکتب ریاض)

(۲۰۳):(سنن ابی داؤد، کتاب اللباس، باب فی العمائم، ص: ٥٧٥، رقم: ٤٠٧٨، ط، دار السلام ریاض)

واللّٰہ تعالیٰ اعلم. (خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ٤٦٦، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام کا اہل نجد کے لئے دعا نہ کرنے کا سبب

﴿سوال﴾:

بعض لوگ کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرب کے لئے دعاء مانگی لیکن نجد کے لئے دعاء نہیں مانگی، حالانکہ صحابہ کرامؓ نے عرض بھی کیا تھا کہ نجد کے لئے دعاء مانگو۔ کیا یہ حدیث ہے یا نہیں؟ صحیح ہے یا موضوع؟

﴿الجواب﴾:

حدیث درست ہے اور حدیثِ مذکور میں نجد سے مراد ''عراق'' اور اس کے گرد کا علاقہ ہے۔ اس وقت وہاں کے لوگ کافر تھے۔ نیز بعد میں وہاں سے بہت سے فتنوں کا ظہور ہوا۔ اس لئے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس جگہ کے لئے دعاء نہیں مانگی۔

والنجد هو ما ارتفع من الارض ومن كان بالمدينة كان نجده بارية العراق ونواحيها فی مشرق اهلها قيل اهل المشرق كانوا حينئذ اهل كفر وظهور الخوارج فی ارض نجد والعراق. اهـ. [حواشی بخاری، ج: ۲، ص: ۱۰۵۱]فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم(خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ٤٦٦، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

بنائے کعبہ کے وقت آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بے ہوش ہونا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ کیا حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جبکہ آپ کی عمر شریف ۳۵ یا ۲۵ برس کی تھی تعمیر کعبہ کے وقت خواجہ ابو طالب کے کہنے سے جبکہ کندھے پر پتھر لے کر چلنے میں تکلیف ہو رہی تھی کہ اپنا تہبند کھول کر کندھے پر رکھ لو تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب ایسا کیا تو بیہوش ہو کر زمین پر گر پڑے تھے کیا یہ واقعہ درست ہے؟ واضح فرمائیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

جی ہاں واقعہ درست اور صحیح ہے، سیرۃ مصطفیٰ ص: ۱۱۳ میں بعمر ۳۵ رسال کا واقعہ نقل فرمایا ہے اور صحیح بخاری اور مسلم میں یہ واقعہ موجود ہے اور حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے خواجہ ابو طالب کے بجائے حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو نقل فرمایا ہے۔

عن جابر بن عبداللّٰه قال: لما بنيت الكعبة ذهب النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم وعباس ينقلان فقال العباس للنبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم: اجعل ازارك على رقبتك فخر الى الارض وطمحت عيناه الى السماء فقال أرنى ازارى فشده عليه. (بخاری شریف، كتاب الحج، باب فضل مكه وبنيانه، النسخة الهندية، ۱/ ۲۱۵، رقم: ۱۵۵۸، ف: ۱۵۸۲، مسلم شريف كتاب الحيض، باب الاعتناء بحفظ العورة، النسخة الهندية ۱/ ۱۵٤، بيت الافكار رقم: ۳٤۰)

وفى طبقات ابن سعد من حديث الزهرى عن محمد بن جبير بن مطعم دخل حديث بعضهم فى حديث بعض

قالوا: بينا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ينقل معهم الحجارة يعني للبيت وهو يومئذ ابن خمس وثلاثين سنة الخ.

(عمدة القاری، کتاب الحج، باب فضل مکه وبنیانه، مکتبه زکریا ۷/ ۱۳۰، تحت رقم الحدیث: ۱۵۸۲)

فبينا رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ينقل معهم وهو يومئذ ابن خمس وثلاثين سنة وكانوا يضعون أزرهم على عواتقهم، ويحملون الحجارة ففعل ذلك رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم الخ. (الطبقات الكبرى دار الكتب العلمية بيروت ۱/ ۱۱۶، ذكر حضور رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم هدم قريش الكعبة وبناء ها ورسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يومئذ ابن خمس وثلاثين سنة تاريخ طبری ۲/ ۲۸۷) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم۔(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۳۵۰، ۳۵۱، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند الهند)

❁❁❁

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج کئے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پوری زندگی میں کتنے حج کئے ہیں کیونکہ ایک صاحب نے دعویٰ کے ساتھ کہا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک حج کیا ہے۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت سے قبل ہر سال حج فرمایا کرتے تھے اور موسم حج ہی اہل مدینہ کو دعوت دینے کا سبب بنا تھا، البتہ ہجرت کے بعد صرف ایک حج فرمایا تھا شاید جن صاحب نے ایک حج بتلایا ہے ان کی مراد ہجرت کے بعد کا حج ہو اگر یہی بات ہے تو ان کی بات بھی صحیح ہے۔

قال ابن الأثير: كان عليه الصلوٰة والسلام يحج كل سنة قبل أن يهاجر ويوافقه قول ابن الجوزى حج حججا لايعلم عددها الخ. (مرقات، كتاب المناسك، الفصل الاول، مطبع ملتان ٥/ ٢٦٣)

حجته بعد الهجرة الى المدينة واحدة، وأما قبل الهجرة وبعد النبوة فواحدة أيضا وأما قبل النبوة فالحج ثابتة بدون تعيين العدد الخ. (العرف الشذى على هامش الترمذى، كتاب المناسك باب ماجاء كم حج النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم ١/ ١٧١)

وقال ابن حزم: حج او اعتمر قبل النبوة وبعدها وقبل الهجرة وبعدها حججا وعمرا لايعلمها الا اللّٰه كذا فى الخميس قلت: لكنهم لاخلاف بينهم فى أنه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم لم يحج بعد الهجرة الا مرة واحدة. (الكوكب الدرى، مكتبة يحيىٰ سهانپور ١/ ٢٧٢، كتاب المناسك، باب كم حج النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم) فقط واللّٰه سبحانه و تعالىٰ اعلم۔ (فتاوى قاسميه، ج: ٢، ص: ٣٥٣، ٣٥٤، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم اطہر پر مکھی بیٹھتی تھی یا نہیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر مکھی بیٹھتی تھی یا نہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر مکھی بیٹھنے سے متعلق ہمیں کوئی صریح مستند روایت نہیں مل سکی، البتہ علامہ سیوطیؒ نے قاضی عیاضؒ کی ''شفاء'' کے حوالہ سے الخصائص الکبریٰ میں یہ نقل کیا ہے، کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر مکھی نہیں بیٹھتی تھی۔

ذكر القاضي عياض في الشفاء في مولده ان خصائصه صلى الله تعالى عليه وسلم أنه كان لاينزل عليه الذباب وذكره ابن سبع في الخصائص بلفظ أن لم يقع على ثيابه ذباب قط زاد أن من خصائصه أن القمل لم يكن يؤذيه.

(الخصائص الكبرىٰ، باب مالاينزل الذباب على ثيابه ١/ ٦٨)

فقط واللہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔(فتاوی قاسمیه، ج: ٢، ص: ٣٥٤، ٣٥٥، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

سرورکائنات صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دندان مبارک کون سی جنگ میں شہید ہوئے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ آقائے نامدار محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دندانِ مبارک جنگ بدر میں شہید ہوئے یا جنگ احد میں شہید ہوئے تھے؟ تحریر فرمائیں۔ عین نوازش ہوگی؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دندانِ مبارک جنگ احد میں شہید ہوئے ہیں۔

عن انسؓ أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کسرت رباعیتہ یوم أحد، وشج فی رأسہ الحدیث. (مسلم شریف، کتاب الجهاد والسیر، باب غزوة احد، النسخة الهندية ۲/ ۱۰۸، بیت الأفکار رقم: ۱۷۹۱، سنن ترمذی ابواب تفسیر القرآن، باب ومن سورة آل عمران، النسخة الهندية ۲/ ۱۲۹، دار السلام رقم: ۳۰۰۲، صحیح ابن حبان، باب کتب النبی، ذکر ومن وجه المصطفیٰ عند اظهاره.... دار الفکر ٦/ ١٤٨، رقم: ٦٥٨٣) فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۳۵۸، ۳۵۹، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند الهند)

کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمائی یا چھینک آتی تھی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمائی آتی تھی یا نہیں؟ اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھینک آتی تھی یا نہیں؟ اس سلسلہ میں حدیث میں کیا صراحت وارد ہوئی ہے، واضح فرمایئے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جمائی نہیں آتی تھی، حضرت یزید ابن اصم کی روایت میں اس کی صراحت موجود ہے، کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی جمائی نہیں آتی تھی، مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت یزید ابن اصم کی مرسل روایت مذکور ہے، اور اس کی وجہ یہی ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جمائی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے، اور شیطان آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر کبھی غالب نہیں ہوسکا اسی طرح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انگڑائی بھی نہیں آتی تھی، چنانچہ ابن حجر عسقلانی نے ''فتح الباری'' میں حدیث: ۶۲۲۶ کی تشریح کے آخر میں ابن سبع کی شفاء کے حوالہ سے نقل فرمایا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو انگڑائی بھی نہیں آتی تھی، اس لئے کہ انگڑائی بھی شیطان کی طرف سے ہوتی ہے، روایات ملاحظہ فرمایئے:

عن یزید بن الأصم قال: ما تثاء ب رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم فی صلاۃ قط. (المصنف لابن ابی شیبۃ، کتاب الصلاۃ، باب فی التثاء ب فی الصلاۃ، مؤسسۃ علوم القرآن ۵/ ۳۱۷، رقم: ۸۰۶۵)

ومن الخصائص النبویۃ ما أخرجہ ابن أبی شیبۃ والبخاری فی التاریخ من مرسل یزید بن الاصم قال: ماتثاء ب

النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم قط. واخرج الخطابی من طریق مسلمة بن عبدالملک بن مروان قال: ما تثاء ب نبی قط، ومسلمة أدرک بعض الصحابة وهو صدوق، ویؤید ذلک ما ثبت أن التثاء من الشیطان ووقع فی الشفاء لابن سبع: أنه لایتمطی، لأنه من الشیطان. (فتح الباری، کتاب الأدب، باب اذا تثاء ب فلیضع یده علی فیه، دار الفکر ۱۰/ ۶۱۳، رقم: ۵۹۸۵، ف: ۶۲۲۶، اشرفیه دیوبند ۱۰/ ۷۴۷)

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھینک آیا کرتی تھی، جب آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو چھینک آتی تھی، تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے منہ پر ہاتھ رکھ لیا کرتے تھے، اور چھینک آنا اللہ کی طرف سے ایک رحمت ہوتی ہے، اس لئے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی چھینک آتی تھی، روایات ملاحظہ فرمائیے:

عن أبی هریرة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه أن النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کان اذا عطس غطی وجهه بیده أو ثوبه وغض بها صوته. (ترمذی شریف، کتاب الأدب، باب ماجاء فی خفض الصوت وتخمیر الوجه عند العطاس، النسخة الهندیة، ۲/ ۱۰۳، دار السلام رقم: ۲۷۴۵)

عن أبی هریرةؓ قال کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم اذا عطس وضع یده أو ثوبه علی فیه وخفض أو غض بها صوته. (ابوداؤد شریف، کتاب الأدب، باب فی العطاس، النسخة الهندیة، ۲/ ۲۸۶، دار السلام رقم: ۵۰۲۹)

عن أبی هریرةؓ قال: کان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم اذا عطس غض صوته وخمر وجهه. (السنن

الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الصلوٰة، باب كراهية رفع الصوت الشديد بالعطاس، دار الحديث القاهرة، ۲/ ۵۸۸، رقم: ۳۵۷۹، دار الكتب العلمية ۳/ ۲۰۵، رقم: ۳۶۷۱)

عن أبي هريرة رضى الله تعالىٰ عنه قال: كان رسول الله صلى الله تعالى عليه وسلم اذا عطس أمسك يده أو ثوبه على فيه ثم خفض بها صوته. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الصلوٰة، باب كراهية رفع الصوت الشديد بالعطاس، دار الحديث القاهرة، ۲/ ۵۸۹، رقم: ۳۵۸۰، دار الكتب العلمية ۳/ ۲۰۵، رقم: ۳۶۷۲، شعب الايمان للبيهقي، باب فى تشميت العاطس فصل فى خفض الصوت بالعطاس ۷/ ۳۱، ۳۲، رقم: ۹۳۵٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۳۵۵تا ۳۵۷، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند الھند)

❁❁❁

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے راستہ میں ام جمیل عورا بنت حرب کا کانٹا ڈالنا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے راستہ میں کانٹے اور گھر کا کوڑا کون ڈالا کرتا تھا کسی عورت کے بارے میں سنا تھا کیا یہ سچ ہے، اس عورت کا نام کیا تھا؟ مہربانی فرما کر جواب عنایت فرمائیں نوازش ہوگی؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے راستے میں کانٹے اور کوڑا ابولہب کی بیوی ام جمیل عوراء بنت حرب ڈالا کرتی تھی۔

أخرج ابن جرير عن ابن اسحاق عن رجل من همدان يقال له يزيد أن امرأة أبى لهب كانت تلقى فى طريق النبى صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم الشوكة والعضاة لتعقرهم.

(تفسير مظهرى، زكريا جديد، ١٠/ ٥٣، قديم ١٠/ ٣٦٨، روح المعانى زكريا، ١٦/ ٤٧٢)

أن امراته أم جميل بنت جرب أخت أبى سفيان قال الضحاك: كانت تنشر السعدان على طريق رسول اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم فيطؤه كما يطأ أحدكم الحرير. (عمده القارى زكريا ١٣/ ٥٢٢، دار احياء التراث العربى ٢٠/ ٨، تحت رقم الحديث: ٤٩٧٣، حاشية بخارى شريف ٢/ ٧٤٣، تحت تب يدا، ٢/ ٧٣٩، تحت سورة الضحىٰ)

عبدالرحمٰن بن أبى زياد عن أبيه قال: سمعت ربيعة بن عباد الديلى، وهو يقول: أما ما سمعكم تقولون: ان قريشا كانت تنال من رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالى عليه وسلم فانى أكثر ما رأيت أن منزله كان بين منزل أبى لهب وعقبة بن أبى معيط،فكان ينقلب رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم الى بيته فيجد الأرحام، والدماء، والأبحاث قد تصدت على بابه، فينحى ذلك بسية قوسه ويقول: بئس الجوار هذا يا معشر قريش. (المعجم الاوسط للطبرانى، دار الفكر ٦/ ٣٧٥، رقم: ٩١٢٠) فقط واللّٰه سبحانه وتعالىٰ اعلم۔(فتاوى قاسميه، ج: ٢،

ص: ۳۶۰تا ۳۶۲ ، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند الهند)

اسم ذات اور اسم محمد ﷺ میں ہونٹوں کے بند ہونے اور نہ ہونے کا لطیفہ

﴿سوال﴾:

ہمارے مسجد کے امام نے ایک دفعہ تقریر کے دوران کہا ''اللہ کے نام لینے سے لب بند نہیں ہوتے اور محمد ﷺ کے نام سے لب بند ہو جاتے ہیں اس نام میں کتنا مٹھاس ہے'' یہ جملہ کہنا کس طرح ہے؟

﴿الجواب﴾:

اس سے مقصد اسم محمد ﷺ کی تعظیم ہے۔ نہ اسم اللہ کی تحقیر، لہٰذا اس میں حرج نہیں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی فریدیہ، ج:۱،ص:۴۶۹، ۴۷۰)

حضور ﷺ کی قبر اطہر کا سب جگہوں سے افضل ہونا

﴿سوال﴾:

وسمی هذا السوال والجواب بحث فضل سید القبور علی کل مکان مزور، کتاب ثلج الصدور کے حصہ الحیور کے ختم کے قریب مضمون عید میلاد کے سلسلہ میں بعض علماء سے نقل کیا گیا ہے کہ وہ بقعہ جس سے جسم مبارک خصوص مع الروح مس کئے ہوئے ہے عرش سے بھی افضل ہے۔ الخ

(الف) اس مسئلہ کی کیا اصل ہے، اور وہ قطعی ہے یا غیر قطعی؟

(ب) کیا مسئلہ اعتقادیہ دلیل قطعی سے ثابت ہو سکتا ہے؟

(ج) کیا ایسے احکام میں غیر مجتہد کا حکم کافی ہے؟

(د) ایسے مسائل میں کیا توقف احوط نہیں جب تک ضرورتِ کلام داعی نہ ہو اور یہاں کونسا ضرورت داعی ہوئی؟

(ہ) کیا اس مسئلہ میں کوئی عقلی اشکال نہیں، جو بعض کی تحریر میں دیکھا گیا اور اس کا کیا جواب ہے؟

﴿الجواب﴾:

(الف) في الدرا لمختار: اٰخر كتاب الحج، ومكة أفضل منها (أي من المدينة) على الراجح الا ما ضم أعضاء وعليه الصلوٰة والسلام، فانه أفضل مطلقًا حتىٰ من الكعبة والعرش والكرسي. اهـ

وفي ردالمحتار: بعد نقل بعض الخلاف مانصه وقد نقل القاضي عياض وغيره الاجماع علىٰ تفضيله (أي الضريح الشريف) حتىٰ على الكعبة وأن الخلاف فيها ماعداه ونقل عن ابن عقيل الحنبليان تلك البقعة أفضل من العرش وقد وافقه السادة البكريون علىٰ ذلك وقد صرح التاج الفاكهي بتفضيل الأرض على السموات لحلوله ﷺ بها، وحكاه بعضهم على الأكثرين لخلق الأنبياء منها ودفنهم فيها.

وقال النووي الجمهور على تفضيل السماء على الأرض، فينبغي أن يستثنى منها مواضع ضم أعضاء الأنبياء للجمع بين الأقوال العلماء (۲۰۴).

(۲۰۴): (الدرالمختار مع ردالمحتار، كتاب الحج، باب الهدى، مطلب في

اور بھی بعض مصنفین نے باختلاف الفاظ ایسا ہی لکھا ہے۔اس سے چند امور مستفاد ہوئے:

(الف) اول یہ کہ وہ مسئلہ قطعی نہیں۔

(ب) ثانی یہ کہ تفاضلِ قطعی کے لئے تو دلیل شرط ہے مگر تفاضل ظنی کے لئے دلیل ظنی جس میں اجتہاد بھی داخل ہے کافی ہے، البتہ اجتہاد کے لئے ماخوذ ہونا شرط ہے، خواہ ظنی ہو، چنانچہ عبارت بالا میں اس حکم کو بحلولﷺ سے معلول کیا گیا ہے جس کا ماخذ یہ آیت ہوسکتی ہے۔

لَا أُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَأَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ (۲۰۵) فی روح المعانی والاعتراض لتشریفهﷺ بجعل حلوله علیه الصلوٰة والسلا مناطا لاعظام البلد بالاقسام به وجعل بعض الاجلة الجملة علیٰ هذا الوجه حالا من هذا البلد(۲۰۶).اه

اس آیت میں تفسیر مذکور پر تصریح ہے، آپ کا حلول سبب ہے، عظمت محل کا مگر چونکہ یہ تفسیر قطعی نہیں، لہٰذا یہ دلیل باوجود قطعی الثبوت ہونے کے ظنی الدلالت ہوگی، اس لئے یہ حکم جو اس کا مدلول ہے ظنی ہوگا، پس ثابت ہوا کہ دلیل ظنی سے تفاضل ظنی کا صحیح ہے، اسی قبیل سے ہے استدلال حضرت ابن عباسؓ کا تفضیل نبوی۔ علی الملائکة پر درج ذیل روایت ہے:

قال ان اللّٰه تعالیٰ: فضل محمداﷺ علی الأنبیاء وعلیٰ أهل السماء. فقالوا: یا أبن عباس بم فضله اللّٰه علی

تفضیل مکة علی المدینة، ج: ٤، ص: ٥٢، ٥٣، ط، دار عالم الکتب ریاض)

(۲۰۵):(سورة البلد: ١،٢)

(۲۰۶):(روح المعانی، سورة البلد، الآیة: ٢، ج: ٣٠، ص: ١٣٤، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

أهل السماء. قال ان اللّٰه تعالیٰ: قال لأهل السماء ومن يقل منهم انی الٰه من دونه فذلک نجزيه جهنم كذلک نجزی الظٰلمين. وقال اللّٰه تعالیٰ: لمحمد ﷺ انا فتحنا لک فتحا مبينا ليغفرلک اللّٰه ما تقدم من ذنبک وما تأخر الحديث. كذالک فی المشكوٰة عن الدارمی (۲۰۷). وظنية الاستدلال ظاهر اذا نظر الی اٰية ولئن اتيت الذين أوتو الكتٰب بكل اٰية ماتبعوا قبلتک وما أنت بتابع قبلتهم وما بعضهم بتابع قبلة بعض ولئن اتبعت أهوآء هم من بعد ماجاء ک من العلم انک اذا لمن الظٰلمين (۲۰۸). والیٰ حديث أم سلمه رفعته من أهل بحجة أوعمرة من المسجد الأقصیٰ الیٰ المسجد الحرام غفرله ماتقدم من ذنبه وما تأخر أووجبت له الجنة شک الراوی لأبی داؤد (كذا فی جمع الفوائد) (۲۰۹) لكن لايستلزم كون بعض الدائل ظنيا كون المدلول ظنيا لثبوته بدلائل الاخریٰ قطعية فافهم حق الفهم ولاتقع فی الوهم.

(ج) ثالث یہ کہ ایسے احکام غیر مقصود کے لئے مطلق مجتہد کا اجتہاد کافی ہے، مجتہد مطلق کا اجتہاد شرط نہیں، کیونکہ یہ حضرات اہل اختلاف مجتہد مطلق نہیں ہیں، مگر پھر بھی کسی

---

(۲۰۷):(مشكاة المصابيح، باب فضائل سيد المرسلين، الفصل الثالث، ص: ٥١٥، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۲۰۸):(سورة البقرة: ١٤٥)

(۲۰۹):(جمع الفوائد، كتاب المناسك، فضل الحج ووجوبه وفضل العمرة وسنيتها، ج: ١، ص: ٥٢٧، رقم: ٣١٢٠، دار ابن حزم بيروت لبنان/ سنن أبی داؤد، كتاب المناسك، باب فی المواقيت، ص: ٢٥٦، رقم: ١٧٤١، ط، دار السلام رياض)

نے ان پر یہ نکیر نہیں کیا، کہ ان کو اجتہاد کا حق نہیں، بلکہ بلانکیر اس اجتہاد کو برابر نقل کرتے ہوئے آئے اور اس مسئلہ کی طرح اور بہت سے مسائل اختلافیہ ایسے ہی ہیں جہاں محض اجتہاد سے کام لیا گیا ہے، پھر اجتہاد بھی کہیں مجتہد مطلق کا ہے کہیں غیر مجتہد مطلق کا، نیز کہیں مستند ہے نقل ظنی کی طرف کہیں مستند ہے عقلی ظنی کی طرف جیسے مسئلہ تفاضل بشر وملائکہ کا اور جیسے مسئلہ ترکیب جسم من اجزاء لاتتجزی اور جیسے مسئلہ دخول صبیان فی الجنۃ کا اور بہت سے مسائل چنانچہ ان کے دلائل سے ظاہر ہے اور بعض میں تصریح بھی ہے، چنانچہ شرح عقائد میں تفاضل بشر وملائکہ کے متعلق لکھا ہے۔

''ولا خفاء فی ان هذا المسئلة ظنية يكتفى فيها بالأدلة الظنية''(۲۱۰).

اسی طرح مسئلہ وصول ثواب الی المیّت کا ظنّی اور خود اہل حق مختلف فیہ ہے، چنانچہ اہل حق نے معتزلہ کے ساتھ مطلق عبادت میں اختلاف کرکے عبادات بدنیہ میں خود اختلاف کیا ہے، امام صاحب قائل ہیں، شافعیؒ مالکؒ نافی نہیں (۲۱۱)۔

---

(۲۱۰):(شرح العقائد النسفية، بحث أفضلية رسل البشر من رسل الملائكة، ص: ٤٠٥، ط، مكتبة البشرىٰ كراتشى)

(۲۱۱):**فی مراقی الفلاح: فللانسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة صلاة كان أو صوماً أو حجاً، أو صدقة، أو قراءة للقرآن أو الأذكار أو غير ذلک من انواع البر ويصل الى الميت.**

وقال الشيخ احمد الطحطاوی رحمه الله تعالىٰ تحته: (فللانسان أن يجعل ثواب عمله لغيره عند أهل السنة والجماعة) سواء كان المجعول له حياً، أو ميتاً من غير أن ينقص من أجره شيء. (حاشية الطحطاوی على مراقی الفلاح شرح نور الايضاح، كتاب الصلاة،باب أحكام الجنائز، فصل فی زيارة القبور، ص: ٦٢١، ٦٢٢،ط، دار الكتب العلمية، بيروت لبنان)

وفی التبيين: وقال مالک والشافعی يجوز ذلک فی الصدقة والعبادة المالية

(د) البتہ ایسے مسائل میں احوط توقف ہی کو کہا گیا ہے۔

فی الدر المختار: قبیل باب المساجد، وعنه علیه الصلوٰة والسلام القرآن أحب الی اللّٰه تعالیٰ من السموات والأرض ومن فیهن فی ردالمحتار ظاهره یعم النبی ﷺ والمسئلة ذات خلاف والأحوط الوقف (۲۱۲).

لیکن اگر کوئی ضرورت شرعیہ جس کی تشخیص بھی اجتہادی ہے، داعی ہو تو بقدر ضرورت کلام بھی جائز ہے، جیسا اسی قسم کے مسائل میں مختلف ضرورتوں سے علماء نے کلام کیا ہے، ایسی ہی ضرورت ما نحن فیہ میں بھی داعی ہوئی اور وہ ضرورت ایک بدعت کا ابطال ہے، وہ بدعت عید میلاد منانا ہے، اس دعوے پر ایک خاص دلیل سے استدلال کیا گیا ہے، اس دلیل کے مقدمات میں سے یہ مسئلہ تفصیل بقعہ قبر شریف علی جمیع الامکنۃ ایک مقدمہ ہے اور مقدمہ بھی وہ جس کی تسلیم میں ایسے مذاق والوں کی جو عید مناتے ہیں کوئی شک ہی نہیں، چنانچہ وہ تقریر عبارت ذیل پر ختم ہوئی ہے کہ ''بقعہ شریفہ وقبر شریف تمام اماکن سے افضل ہے۔

اب اس مقدمہ کے بعد یہ سمجھنا چاہئے کہ قبر شریف تو بلا اختلاف بعینہ باقی ہے اس میں کسی کو بھی شک نہیں ہوسکتا اور '' **یوم الولادة ویوم المعراج ویوم البعثة**'' وغیرہ یقیناً باقی نہیں کیونکہ زمانہ غیر قار ہے، وہ دن جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی اب یقیناً نہیں لوٹتا بلکہ اس کا مثل عود کرتا ہے، ایک مقدمہ ہوا، اس کے بعد یہ سمجھئے کہ جب حضور ﷺ نے قبر کو عید منانے سے منع فرمادیا اور اس کا عید منانا حرام ہوگیا، تو ان

وفی الحج ولایجوز فی غیره من الطاعات کالصلاة والصوم وقراءة القرآن وغیره.

(تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق، کتاب الحج، باب الحج عن الغیر، ج:۲، ص: ۸۳، ۸٤، ط، مکتبة الکبری، مصر)

(۲۱۲): (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الطهارة، قبیل باب المیاة، ج: ۱، ص: ۳۲۲، ط، دار عالم الکتب ریاض)

چیزوں کو عید بنانا کہ بعینہ باقی نہیں کیونکہ جائز ہوسکتا ہے۔ انتہت العبارۃ۔

بس اس مسئلہ کا جو کہ فی نفسہ غیر ضروری ہے ذکر کرنا اس ضرورت سے ہوا کہ جماعت مقصودہ بالتخاطب پر حجت ہو پس اس مسئلہ کا ذکر تحقیقاً نہیں، بلکہ الزاماً ہے تا کہ ان پر حجت ہو۔

(ہ) باقی اس محذور عقلی کا توہم کہ موضع القاء فضلات شریفہ میں بوقت خاص اعضاء متحقق ہے اگر یہ مس موجب تفضیل ہو تو افضلیت مذکورہ کا حکم اس موضع کے لئے یہی کیا جاوے گا۔ انتہی بحاصلہ (یہ توہم اس کے قبل کے سوال میں بفصل ایک سوال وجواب مذکورہ ہے) یہ توہم فاسد ہے، اس لئے کہ مشکوٰۃ میں ابن ماجہ سے بروایت ابو ہریرہؓ مرفوعاً روایت ہے:

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم المؤمن أکرم علی اللّٰہ من بعض ملائکتہ (۲۱۳).

اور تکشف حدیث صدوسی وسوم میں ترمذی سے حضرت عمرؓ سے موقوفاً مروی ہے۔

أنہ نظر یوما الی البیت أو الی الکعبۃ فقال: ماأعظمک وأعظم حرمتک والمؤمن أعظم حرمۃ عند اللّٰہ منک (۲۱۴).

تو بقول متوہم یہاں بھی یہ سوال کیا جائیگا کہ گو زمانۂ اخراج بول وبراز میں کہ وقت تلوث بالنجاست کا ہے، مومن میں اگر صفت ایمان علّت تفضیل ہو تو کیا افضلیت علی الکعبہ والملائکۃ کا مومن کے لئے اس حالت میں بھی کیا جاوے گا جس سے ایک ملوّث بالنجاسات کا ملائکہ مطہرین وبیت مطہر سے افضل ہونا لازم آتا ہے، یا ایک زمانہ میں خود کعبہ حسناء کے اندر اصنام واوثان موجود تھے تو کیا اس قید کے ساتھ بھی وہ مسجد اقصیٰ یا دوسری مساجد پر

---

(۲۱۳):(مشکاۃ المصابیح، کتاب الفتن، باب بدء الخلق، الفصل الثالث، ص: ۵۱۰، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

فضیلت رکھتا تھا، اس متوہم کے نزدیک جو جواب اس سوال کا ہوگا وہی جواب خود اس کے سوال کا ہوگا، وہی جواب یہی ہوسکتا ہے کہ وہ حکم فی نفسہ اس عارض سے قطع نظر ہے، کیونکہ وہ عارض اس محل کا نہ جزو ذات ہے نہ لازم ذات ہے، پس یہی اپنے سوال کا جواب سمجھ لے۔ واللہ تعالیٰ اعلم (امداد الفتاوی، ج:۱۲، ص:۱۶ تا ۲۱، ط، زکریا بک ڈپو الہند)

❁❁❁

روضۂ اقدس کا وہ حصہ جو جسد اطہر سے مس کیا ہوا ہے، اس سے متعلق کیا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

﴿سوال﴾:

میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ کیا یہ بات صحیح ہے کہ کیا دیوبندی عقائد کے مطابق روضہ رسول (ﷺ) کا مقام، خانہ کعبہ سے بھی اونچا ہے؟ اور عرش سے بھی اونچا ہے؟ اور کرسی سے بھی؟ اگر ہے تو وضاحت کا طالب ہوں کہ دیوبند اس کو کس تناظر میں دیکھتا ہے کیا یہ عقیدہ اللہ کے حاکمیت سے اونچا نہیں؟ براہ کرم اس پر روشنی ڈالیں تاکہ موقف واضح ہو۔

---

(۲۱۴):عن ابن عمرؓ قال: صعد رسول اللہ ﷺ المنبر فنادی بصوت رفیع قال: یا معشر من أسلم بلسانه ولم یفض الایمان الی قلبه، لاتؤذوا المسلمین ولاتعیروهم ولاتتبعوا عوراتهم، فانه من تتبع عورة أخیه المسلم تتبع اللہ عورته، ومن یتبع اللہ عورته یفضحه ولو فی جوف رحله. قال: ونظر ابن عمرؓ یوما الی البیت أو الی الکعبة فقال: ما أعظمک وأعظم حرمتک، والمؤمن أعظم حرمة عند اللہ منک.

قال أبو عیسی: هذا حدیث حسن غریب لانعرفه الا من حدیث الحسین بن واقد. (جامع الترمذی، أبواب البر والصلة، باب ماجاء فی تعظیم المؤمن، ص: ٤٦٨، رقم: ٢٠٣٢، ط، دار السلام ریاض)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حامداً ومصلیاً ومسلماً: ''روضہ اطہر'' کا وہ حصہ جو آپ علیہ الصلاۃ والسلام کے جسد اطہر سے مس کیا ہوا ہے وہ خانۂ کعبہ نیز عرش وکرسی سے افضل ہے، یہ کوئی ایسا عقیدہ نہیں ہے، جس پر ایمان وکفر کا مدار ہو، ہاں عقیدہ غیر قطعیہ کے طور پر (مذکورہ بالا عقیدہ) علمائے اہلِ سنت بہ شمول علمائے دیوبند کے نزدیک مسلم ہے (۲۱۵)۔ قاضی عیاض نے اس پر امت کا اجماع نقل کیا ہے، دلائل، حکمت، مصلحت وغیرہ تفصیلات کے لیے ''رد المحتار''، (۲۱۶)

---

(۲۱۵):فی المهند: ان البقعة الشريفة والرحبة المنيفة التی ضم أعضاء ه صلی اللّٰه عليه وسلم أفضل مطلقاً حتی من الكعبة ومن العرش والكرسی كما صرح به فقهاء نا رضی اللّٰه عنهم. (المهند علی المفند، ص: ۲۸، ط، الميزان ناشرون تاجران كتب لاهور)

(۲۱۶):فی الدرالمختار: لاحرم للمدينة عندنا، ومكة أفضل منها علی الراجح، الا ما ضم أعضاء ه عليه السلام فانه أفضل مطلقاً حتی من الكعبة والعرش والكرسی.

وفی الشامية تحته: قال فی اللباب: والخلاف فيما عدا موضع القبر المقدس، فما ضم أعضاء ه الشريفة فهو أفضل بقاع الأرض بالاجماع اهـ. قال شارحه: وكذا أی الخلاف فی غير البيت: فان الكعبة أفضل من المدينة ما عدا الضريح الأقدس، وكذا الضريح أفضل من المسجد الحرام.

وقد نقل القاضی عياض وغيره الاجماع علی تفضيله حتی الكعبة، وأن الخلاف فيما عداه. ونقل عن ابن عقيل الحنبلی أن تلك البقعة أفضل من العرش، وقد وافقه السادة البكريون علی ذلك. وقد صرح التاج الفاكهی بتفضيل الأرض علی السموات لحلوله ﷺ بها، وحكاه بعضهم علی الأكثرين لخلق الأنبياء منها ودفنهم فيها. وقال النووی: الجمهور علی تفضيل السماء علی الأرض فينبغی أن

"الخصائص الکبری" (۲۱۷) ملاحظہ فرمائیں، نیز" شرح الزّرقانی علی المواهب اللدّنیه میں بسط سے اسے بیان کیا گیا ہے۔ (چند اہم عصری مسائل، ج:۱، ص:۴۵، ۴۶، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کا اسلام

﴿سوال﴾:

ہمارے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین مسلمان تھے یا نہیں؟

﴿جواب﴾:

حضرت صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم کے والدین کے ایمان میں اختلاف ہے (۲۱۸) حضرت امام صاحب [رحمہ اللہ تعالیٰ] کا مذہب یہ ہے کہ ان کا انتقال حالت کفر

یستثنی منها مواضع ضم أعضاء الأنبیاء للجمع بین أقوال العلماء. (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحج، باب الهدی، مطلب فی تفضیل قبره المکرم صلی اللہ علیہ وسلم، ج: ٤، ص: ٥٣، ط، دار عالم الکتب ریاض)

(۲۱۷):فی الخصائص الکبری: قال العلماء محل الخلاف فی التفضیل بین مکة والمدینة فی غیر قبره صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم أما هو فأفضل البقاع بالاجماع بل وأفضل من الکعبة بل ذکر ابن عقیل الحنبلی أنه أفضل من العرش. (الخصائص الکبری، باب اختصاصه صلی اللہ علیہ وسلم بتفضیل بلدیه علی سائر البلاد وبأن الدجال والطاعون لایدخلهما وبفضل مسجده علی سائر المساجد وبأن البقعة التی دفن فیها أفضل من الکعبة والعرش، ج: ۳، ص: ۱۸۱، ط، دار الکتب الخدیثة)

(۲۱۸):قال صاحب المرعاة: اعلم أن هذه المسالة کثر النزاع والخلاف بین العلماء فیها، فمنهم من نص علی عدم نجاة الوالدین، کما رأیت فی کلام النووی، والقاری وقد بسط الکلام فی ذلک القاری فی شرح الفقه الأکبر، وفي رسالة

میں ہوا ہے(۲۱۹)۔فقط (فتاوی رشیدیہ،ص:۲۴۵،ط،دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

مستقلة له. ومنهم من شهد لهما بالنجاة، كالسيوطي، وقد ألف في هذه المسألة سبع رسائل، بسط الكلام فيها، وذكر الأدلة من الجانبين، ومن شاء رجع اليها، والأسلم، والأحوط عندى هو التوقف، والسكوت . انتهٰى كلام صاحب المرعاة .

قال الجامع عفا الله تعالٰى عنه: عندى الأولى، والأسلم الوقوف مع النصوص الصحيحة، كحديث الباب، وحديث مسلم المذكور: ان أبى وأباك فى النار، مع عدم التوسع والخوض بزيادة ما ليس فى النصوص، وأما تصحيح حديث احياء أبوى النبىﷺ، كما قال ابن حجر الهيثمي فمما لايلتفت اليه، فان جل الحفاظ من المحدثين على أنه موضوع، كما أشرت اليه فيما تقدم.

ثم ان هذه المسألة ما رأيت للمتقدمين فيها كلاما، بل انما أثارها، وتنازع فيها، وخاض غمرتها المتأخرون، من أمثال السيوطي، ومن سار على دربه فما وسع الأولين من السكوت، وعدم الخوض وترك التنازع، والتخاصم هو الصواب لمن كان حريصا على دينه، فلو كان فى هذا الخوض خير لكان المتقدمون أسبق اليه، وأحرص من المتأخرين عليه، فسلوك سبيلهم فيه السلامة فى الدنيا والآخرة، فالواجب الوقوف على ماصح عن رسول اللهﷺ، وعدم التوسع،ونصب الخلاف فيما وراء ه.والله تعالٰى اعلم بالصواب واليه المرجع والمآب.(ذخيرة العقبىٰ فى شرح المجتبىٰ، كتاب الجنائز، باب زيارة قبر المشرك، ج: ٢٠، ص: ٣٦،٣٧ ، رقم الحديث ٢٠٣٤، ط، دار آل بروم، المملكة العربية السعودية)

(۲۱۹):فى حاشية الطحطاوى: وما فى الفقه الاكبر من أن والديهﷺ ماتا على الكفر فمدسوس على الامام ويدل عليه أن النسخ المعتمدة منه ليس فيها شئ من ذلك قال ابن حجر المكى فى فتاواه وللوجود فيها ذلك لابى حنيفة محمد بن يوسف البخارى لا لابى حنيفة النعمان بن ثابت الكوفى وعلى تسليم أن الامام قال ذلك فمعناه أنهما ماتا فى زمن الكفر وهذا لايقتضى اتصافهما به كيف والله تعالٰى

حضور اکرم ﷺ کے والدین کا ایمان لانا

﴿سوال﴾:

يقول في كلامه العزيز وتقلبک في الساجدين. الخ. (حاشية الطحطاوی على الدر المختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ج: ٢، ص: ٨٠، ط، المكتبة العربية كوئٹه)

وقال العلامة محمد زاهد بن الحسن الكوثرى نور الله مرقدهٗ: وأما فى الفقه الأكبر رواية حماد بن أبى حنيفة عن أبيه فله شروح كثيرة....ففى بعض تلك النسخ: وأبوا النبى ﷺ ماتا على الفطرة ـ و (الفطرة) سهلة التحريف الى (الكفر) فى الخط الكوفى، وفى أكثرها: (ما ماتا على الكفر)، كأن الامام الأعظم يريد به الرد على من يروى حديث (أبى و أبوک فى النار) ويرى كونهما من أهل النار. لأن انزال المرء فى النار لايكون بدليل يقينى وهٰذا الموضوع ليس بموضوع عملى حتى يكتفى فيه بالدليل الظني.

ويقول الحافظ محمد المرتضى الزبيدى شارح الأحياء والقاموس فى رسالته (الانتصار لوالدى النبى المختار) ـ وكنت رأيتها بخطه عند شيخنا أحمد بن مصطفى العمرى الحلبى مفتى العسكر العالم المعمر ـ مامعناه: ان الناسخ لما رأى تكرر (ما) فى (ما ماتا) ظن أن أحدهما زائدة فحذفها نسخته الخاطئة، ومن الدليل على ذلک سياق الخبر لأن أبا طالب والأبوين لو كانوا جميعاعلى حالة واحدة جمع الثلاثة فى الحكم بجملة واحدة لا بجملتين مع عدم التخالف بينهم فى الحكم وهٰذا رأى وجيه من الحافظ الزبيدى الا أنه لم يكن رأى النسخة التى فيها (ما ماتا) و انما حكى ذاک عمن رآها، وانى بحمدلله رأيت لفظ (ما ماتا) فى نسختين بدار الكتب المصرية قديمتين كما رأى بعض أصدقائى لفظى (ما ماتا) و (على الفطرة) فى نسختين قديمتين بمكتبة شيخ الاسلام المذكورة ـ وعلى القارى بنى شرحه على النسخة الخاطئة وأساء الأدب سامحه الله. (العالم والمتعلم، ص: ٦، ٧، ط، المكتبة الأزهرية)

حضور اکرم ﷺ کے والدین کے ایماندار ہونے کی روایت کتب سیر میں یا احادیث میں آئی ہے یا نہیں؟ اگر کوئی ہے تو کیسی ہے اور ان کے ایماندار ہونے پر اعتقاد و یقین رکھنا کیسا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضور اکرم ﷺ کے والدین کے ایماندار ہونے میں اکابر کے مختلف اقوال ہیں، بعض فرماتے ہیں کہ "**ماتا علی الکفر**"(۲۲۰).

ایک روایت ہے:"**استاذنت ربی أن أستغفر لأمی، فلم یأذن لی**" (۲۲۱)۔ مسلم کی ایک اور روایت میں ہے:" **ان رجلاً قال : یارسول اللّٰہ ﷺ ! أین أبی؟ قال: " فی النار" فلما قفا دعاہ فقال: " أبی وأباک فی النار**" (۲۲۲). مسلم،

وفی حاشیة منح الروض الأزهر: وقال الشیخ محمد بن ابراهیم البیجوریؒ المتوفی ۱۲۷۶ھ: ما نقل عن أبی حنیفة فی "الفقه الاکبر" من ان والدی المصطفی ماتا علی الکفر فمدسوس علیه، وحاشاه أن یقول ذلک. وغلط ملا علی القاری غفر اللّٰه له فی کلمة شنیعة قالها. [تحفة المرید شرح جوهرة التوحیدص: ٦٩]۔ (منح الروض الأزهر شرح الفقه الأکبر، ص: ١٩٧، ط، مکتبة المدینة کراتشی)

(۲۲۰):**فی المرقات: ثم الجمهور علی أن والدیه ﷺ ماتا کافرین وهذا الحدیث أصح ما ورد فی حقهما.** (مرقات المفاتیح، کتاب الجنائز، باب زیارة القبور، الفصل الأول، ج: ٤، ص: ٢١٦، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

(۲۲۱):**عن أبی هریرةؓ قال: قال رسول اللّٰه ﷺ استأذنت ربی أن أستغفر لأمی فلم یأذن لی، واستاذنته أن أزور قبرها فأذن لی.** (صحیح مسلم، کتاب الجنائز، باب استئذان النبی ﷺ ربه عزوجل فی زیارة قبر أمه، ص: ٣٩٢، رقم: ٢٢٥٨، ط، دار السلام ریاض)

(۲۲۲):**عن أنسؓ أن رجلا قال: یارسول اللّٰه [ﷺ]! أین أبی؟ قال: فی النار فلما قفٰی دعاه فقال: ان أبی وأباک فی النار.** (صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب

شامی:۲/۶۳۳(۲۲۳)۔

آیت:﴿وَلَا تُسْئَلُ عَنْ أَصْحَابِ الْجَحِيْمِ﴾ بصیغہ نہی حضور اکرم کے سوال: "لیت شعری ما فعل أبوای" کے جواب میں نازل ہوئی۔

تفسیر مظہری، ص: ٦٧ میں لکھا ہے کہ یہ قوی نہیں (۲۲۴) بعض روایت سے معلوم

بیان أن من مات علی الکفر فهو فی النار ولاتناله شفاعة ولاتنفعه قرابة المقربین، ص: ۱۰۷، ۱۰۸، رقم: ۵۰۰، ط، دار السلام ریاض)

(۲۲۳):فی الشامیة: ولایقال: ان فیه اساءة أدب لاقتضائه کفر الأبوین الشریفین، مع أن اللّٰه تعالیٰ أحیاهما له وآمنا به کما ورد فی حدیث ضعیف. لأنا نقول: ان حدیث أعم بدلیل روایة الطبرانی وأبی نعیم وابن عساکر: خرجت من نکاح ولم أخرج من سفاح من لدن آدم الی ان ولدنی أبی وامی، لم یصبنی من سفاح الجاهلیة شیء، واحیاء ابوین بعد موتهما لاینافی کون النکاح کان فی زمن الکفر، ولاینافی أیضاً ما قاله الامام فی الفقه الأکبر من أن والدیه ﷺ ماتا علی الکفر، ولا ما فی صحیح مسلم: استاذنت ربی أن أستغفر لأمی فلم یاذن لی، وما فیه أیضاً أن رجلا قال: یارسول اللّٰه أین أبی؟ قال: فی النار، فلما قفا دعاه فقال: ان أبی وأباک فی النار، لامکان أن یکون الأحیاء بعد ذلک، کأنه کان فی حجة الوداع، وکون الایمان عند المعاینة غیر نافع فکیف بعد الموت؟ فذاک فی غیر الخصوصیة أکرم اللّٰه بها نبیه ﷺ. (ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب النکاح، باب نکاح الکافر، مطلب فی الکلام علی أبوی النبی ﷺ وأهل الفترة، ج: ٤، ص: ۳٤۸، ط، دار عالم الکتب ریاض)

(۲۲۴):فی تفسیر المظهری: وما ذکر البغوی أنه قال عطاء عن ابن عباسؓ أن النبی صلی اللّٰه علیه وسلم قال ذات یوم: "لیت شعری ما فعل أبوای". فنزلت هذه الآیة، وقال عبدالرزاق أخبرنی الثوری عن موسی بن عبیدة عن محمد بن کعب القرظی عنه، وأخرج ابن جریر من طریق ابن جریج داود بن عاصم عنه فذکرا نحوه

ہوتا ہے کہ حضور ﷺ کے والدین کو زندہ کیا گیا اور وہ آپ پر ایمان لائے (۲۲۵)۔ ''بیہقی دلائل النبوۃ'' میں حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اور ابن نعیم نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت بیان کی ہے:

''وقال رسول اللّٰہ ﷺ: ''وما افترق الناس فرقتین الا جعلنی اللّٰہ فی خیر ھما، فأخرجت من بین أبوین فلم یصبنی شیء من عھد الجاھلیۃ، وخرجت من نکاح ولم أخرج من سفاح من لون آدم علیہ الصلاۃ والسلام حتی انتھیت الی أبی وأمی، فأنا خیر کم نفساً خیر کم أباً'' ۔تفسیر مظہری:۱/ ۶۷(۲۲۶)۔

جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ.....، ملا علی القاری، قاضی عیاض، قاضی ثناء اللہ وغیرہ ہم نے مستقل تصانیف اس بارے میں کی ہیں اور روایات جمع کی ہیں۔

حق مذہب یہ ہے کہ اس مسئلہ کی نیز اس قسم کے دوسرے مسائل میں کنج وکاؤ کرنا

فلیس بمرضی عندی ولیس بقوی. (تفسیر المظھری، سورۃ البقرۃ، الآیۃ: ۱۱۹، ج: ۱، ص: ۱۳۵، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

(۲۲۵):فی الحاوی للفتاوی: وأورد السھیلی فی الروض الأنف بسند قال: ان فیہ مجھولین عن عائشۃ رضی اللّٰہ تعالی عنھا أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم سأل ربہ أن یحیی أبویہ، فأحیاھما لہ، فاٰمنا بہ، ثم أماتھما، وقال السھیلی بعد ایرادہ: اللّٰہ قادر علی کل شیء، ولیس تعجز رحمتہ وقدرتہ عن شیء، ونبیہ صلی اللّٰہ علیہ وآلہ وسلم أھل أن یختص بما شاء من فضلہ وینعم علیہ بما شاء من کرامتہ. (الحاوی للفتاوی، مسالك الحنفاء فی والدی المصطفی،، ۲/ ۲۷۸، دار الفکر بیروت لبنان بحوالہ حاشیہ فتاوی محمودیہ)

(۲۲۶):(تفسیر المظھری، سورۃ البقرۃ، الآیۃ: ۱۱۹، ج: ۱، ص: ۱۳۵، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

مفید نہیں، بلکہ کسی حد تک مضر ہے لہٰذا توقف وسکوت بہتر ہے (۲۲۷) البتہ عمل سے شب وروز پیش آنے والے مسائل صوم وصلوۃ وغیرہ کی تحقیق مفید بلکہ ضروری ہے۔ فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۴۰۴ تا ۴۰۶)

❁❁❁

(۲۲۷):قال صاحب المرعاة: اعلم أن هذه المسالة كثر النزاع والخلاف بين العلماء فيها، فمنهم من نص على عدم نجاة الوالدين، كما رأيت فى كلام النووى، والقارى وقد بسط الكلام فى ذلك القارى فى شرح الفقه الأكبر، وفي رسالة مستقلة له. ومنهم من شهد لهما بالنجاة، كالسيوطى، وقد ألف فى هذه المسألة سبع رسائل، بسط الكلام فيها، وذكر الأدلة من الجانبين، ومن شاء رجع اليها، والأسلم، والأحوط عندى هو التوقف، والسكوت . انتهٰى كلام صاحب المرعاة .

قال الجامع عفا اللّٰه تعالٰى عنه: عندى الأولى، والأسلم الوقوف مع النصوص الصحيحة، كحديث الباب، وحديث مسلم المذكور: ان أبى وأباك فى النار، مع عدم التوسع والخوض بزيادة ما ليس فى النصوص، وأما تصحيح حديث احياء أبوى النبى ﷺ، كما قال ابن حجر الهيثمى فمما لايلتفت اليه، فان جل الحفاظ من المحدثين على أنه موضوع، كما أشرت اليه فيما تقدم.

ثم ان هذه المسألة ما رأيت للمتقدمين فيها كلاما، بل انما أثارها، وتنازع فيها، وخاض غمرتها المتأخرون، من أمثال السيوطى، ومن سار على دربه فما وسع الأولين من السكوت، وعدم الخوض وترك التنازع، والتخاصم هو الصواب لمن كان حريصا على دينه، فلو كان فى هذا الخوض خير لكان المتقدمون أسبق اليه، وأحرص من المتأخرين عليه، فسلوك سبيلهم فيه السلامة فى الدنيا والآخرة، فالواجب الوقوف على ماصح عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم، وعدم التوسع،ونصب الخلاف فيما وراءه.واللّٰه تعالٰى اعلم بالصواب واليه المرجع والمآب.(ذخيرة العقبىٰ فى شرح المجتبىٰ، كتاب الجنائز، باب زيارة قبر المشرك، ج: ٢٠، ص: ٣٦، ٣٧، رقم الحديث ٢٠٣٤، ط، دار آل بروم، المملكة العربية السعودية)

کیا حضور اکرم ﷺ کے والدین مؤمن تھے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے والدین خدا کو ماننے والے، صاحب ایمان مسلمان تھے یا نہیں؟ یا غیر مسلم تھے، بتوں کو پوجتے تھے یا نہیں؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

اس سلسلہ میں ائمہ اور فقہاء کے درمیان اختلاف چلا آرہا ہے، حضرت حافظ ابن حجرؒ وغیرہ کی رائے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کے اعزاز میں آپ کے والدین کو دوبارہ زندگی عطا فرمائی تھی، آنحضرت ﷺ پر ایمان لاکر بحالت ایمان وفات پائے۔

کما فی الشامی: ألا تری! أن نبینا علیه الصلاة والسلام قد أکرمه اللّٰه تعالیٰ بحیاة أبویه له حتی آمنا به، کما فی حدیث صحیح، صححه القرطبی. (شامی، کراچی ٤/ ٢٣١، زکریا ٦/٣٦٩)

اور حضرت امام اعظمؒ اور ملا قاریؒ کی رائے یہ ہے کہ بحالت کفر وفات پائے (۲۲۸)۔

---

(۲۲۸): فی حاشیة الطحطاوی: وما فی الفقه الاکبر من أن والدیه ﷺ ماتا علی الکفر فمدسوس علی الامام ویدل علیه أن النسخ المعتمدة منه لیس فیها شئ من ذلک قال ابن حجر المکی فی فتاواه وللوجود فیها ذلک لابی حنیفة محمد بن یوسف البخاری لا لابی حنیفة النعمان بن ثابت الکوفی وعلی تسلیم أن الامام قال ذلک فمعناه أنهما ماتا فی زمن الکفر وهٰذا لایقتضی اتصافهما به کیف واللّٰه تعالیٰ یقول فی کلامه العزیز وتقلبک فی الساجدین. الخ. (حاشیة الطحطاوی علی الدر

كما فى فقه الأكبر للامام الأعظم أبى حنيفة وشرحه للعلامة ملا على قارى: ووالدا رسول الله ﷺ ماتا على

المختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، ج: ٢، ص: ٨٠، ط، المكتبة العربية كوئٹه)

وقال العلامة محمد زاهد بن الحسن الكوثرى نور الله مرقدهٗ: وأما فى الفقه الأكبر رواية حماد بن أبى حنيفة عن أبيه فله شروح كثيرة....ففى بعض تلك النسخ: وأبوا النبى ﷺ ماتا على الفطرة۔ و (الفطرة) سهلة التحريف الى (الكفر) فى الخط الكوفى، وفى أكثرها: (ما ماتا على الكفر)، كأن الامام الأعظم يريد به الرد على من يروى حديث (أبى و أبوك فى النار) ويرى كونهما من أهل النار. لأن انزال المرء فى النار لايكون بدليل يقينى وهٰذا الموضوع ليس بموضوع عملى حتى يكتفى فيه بالدليل الظني.

ويقول الحافظ محمد المرتضى الزبيدى شارح الأحياء والقاموس فى رسالته (الانتصار لوالدى النبى المختار) ۔ وكنت رأيتها بخطه عند شيخنا أحمد بن مصطفى العمرى الحلبى مفتى العسكر العالم المعمر ۔ مامعناه: ان الناسخ لما رأى تكرر (ما) فى (ما ماتا) ظن أن أحدهما زائدة فحذفها نسخته الخاطئة، ومن الدليل على ذلك سياق الخبر لأن أبا طالب والأبوين لو كانوا جميعاعلى حالة واحدة جمع الثلاثة فى الحكم بجملة واحدة لا بجملتين مع عدم التخالف بينهم فى الحكم وهٰذا رأى وجيه من الحافظ الزبيدى الا أنه لم يكن رأى النسخة التى فيها (ما ماتا) و انما حكى ذاك عمن رآها، وانى بحمدلله رأيت لفظ (ما ماتا) فى نسختين بدار الكتب المصرية قديمتين كما رأى بعض أصدقائى لفظى (ما ماتا) و (على الفطرة) فى نسختين قديمتين بمكتبة شيخ الاسلام المذكورة ۔ وعلى القارى بنى شرحه على النسخة الخاطئة وأساء الأدب سامحه الله. (العالم والمتعلم، ص: ٦، ٧، ط، المكتبة الأزهرية)

وفى حاشية منح الروض الأزهر: وقال الشيخ محمد بن ابراهيم البيجورىؒ المتوفى ١٢٧٦ هـ: ما نقل عن أبى حنيفة فى "الفقه الاكبر" من ان والدى المصطفى

هذارد من قال: أنهما ماتا على الايمان، أو ماتا على الكفر، ثم أحياهم الله تعالىٰ، فماتا فى مقام الايقان. (شرح فقه أكبر، مكتبه اشرفى ديوبند، ص: ۱۳۰)

ثم الجمهو على أن والديه ﷺ ماتا كافرين، وهذا الحديث أصح ماروى فى حقهما. (بذل المجهود، كتاب الجنائز، باب زيادة القبور، مكتبه يحيى سهار نپور ٤/٢١٤، البشائر الاسلامية ١٠/٥٢٤، مرقاة المفاتيح، كتاب الجنائز، باب زيادة القبور، الكلام على ايمان والديه عليه الصلاة والسلام، مكتبه امداديه ملتان ٤/١١٣)

عن أنس أن رجلا قال: يارسول الله! أين أبى؟ قال: فى النار، فلما قفى دعاه، فقال: ان أبى وأباك فى النار. (مسلم شريف، كتاب الايمان، باب بيان أن من مات على الكفر، فهو فى النار، النسخة الهندية ١/١١٤، بيت الأفكار، رقم: ٢٠٣)

لہٰذا اس سلسلہ میں کف لسان ہی بہتر ہے۔ فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسمیہ، ج:۲،ص: ۱۴۷، ۱۴۸، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند/ فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱، ص: ۱۹۷، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی/ فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸،ص: ۶۰۶، ۶۰۷، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند/ امداد الاحکام، ج:۱،ص: ۳۴۰، ۳۴۱، ط، مکتبہ دار العلوم کراچی/عزیز الفتاوی،ص: ۸۶، ط، دار الاشاعت کراچی/ نجم الفتاوی، ج:۱،ص: ۲۷۲/ آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص: ۷۲، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی/ خیر الفتاوی، ج:۱،ص: ۳۲۲، ط،

ماتا على الكفر فمدسوس عليه، وحاشاه أن يقول ذلك. وغلط ملا على القارى غفر الله له فى كلمة شنيعة قالها. [تحفة المريد شرح جوهرة التوحيدص: ٦٩]- (منح الروض الأزهر شرح الفقه الأكبر، ص: ١٩٧، ط، مكتبة المدينة كراتشى)

مکتبہ امدادیہ ملتان/ فتاوی حقانیہ، ج:۱،ص:۲۳۹، ۲۴۰، ط، مکتبہ سید احمد شہید اکوڑہ خٹک/ فتاوی رحیمیہ، ج:۳،ص:۵۲، ط، دارالاشاعت کراچی/ فتاوی فریدیہ، ج:۱،ص:۴۵۳)

❁❁❁

رسول اللہ ﷺ کے باپ دادا کے ایمان وعدم ایمان میں توقف کرنا چاہیے

﴿سوال﴾:

ہمارے خاندان کے کچھ شیعہ لوگ کہتے ہیں کہ ہمارے رسول ﷺ کے باپ دادا میں سے کوئی کافر نہیں تھا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے باپ کے کافر ہونے سے بھی وہ انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آذر ان کا چچا تھا۔ مسئلہ کی وضاحت فرمائیں۔

﴿الجواب﴾:

قرآن سے صاف معلوم ہے کہ آزر حضرت ابراہیم علیہ السلام کا باپ ہے اور کافر گزرا ہے۔ اور بعض مفسرین نے لکھا ہے کہ آزر چچا ہے، لیکن تاریخی بلاسند روایات کی وجہ سے قرآن کی تصریح کو ترک کرنا نہ تقاضائے علم ہے، اور نہ تقاضائے عقل (۲۲۹)، اور پیغمبر

---

(۲۲۹): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: واذ قال ابراهيم لأبيه آزر أتتخذ اصناما آلهة انى أراك وقومک فی ضلال مبين. (سورة الانعام: ٧٤)

فی تفسير ابن كثير: قال الضحاک: عن ابن عباسؓ: ان أبا ابراهيم لم يكن اسمه آزر، وانما كان اسمه تارح. رواه ابن ابی حاتم.

وهكذا قال غير واحد من علماء النسب: ان اسمه تارح. وقال مجاهد والسدی: آزر: اسم صنم.

قلت: كأنه غلب عليه آزر لخدمته ذلک الصنم، فاللّٰه اعلم.

وقال ابن جرير: وقال آخرون: هو سب وعيب بكلامهم، ومعناه: معوج، ولم

کے والدین کے متعلق کفر اور اسلام کے دونوں قسم کی روایات مروی ہیں۔ **القسم الاول ظاهر مروی والاسلام بعد الاحیاء مروی فی الطبرانی.** لہٰذا احتیاط یہ ہے کہ ان

یسنده ولا حکاه عن أحد.

وقد قال ابن أبی حاتم: ذکر عن معتمر بن سلیمان، سمعت أبی یقرأ: ﴿واذ قال ابراهیم لأبیه آزر﴾ قال: بلغنی أنها أعوج، وأنها أشد کلمة قالها ابراهیم، علیه السلام.

ثم قال ابن جریر: والصواب أن اسم أبیه آزر، ثم أورد علی نفسه قول النسابین أن اسمه تارح، ثم أجاب بأنه قد یکون له اسمان کما لکثیر من الناس، أو یکون أحدهما لقبا، وهذا الذی قاله جید قوی واللّٰه أعلم.

وفی حاشیة تفسیر ابن کثیر: وقد اعترض علی قول ابن جریر الطبری ومحاولته الجمع، المحدث أحمد شاکر ـ رحمه اللّٰه ـ فی بحث له فی آخر کتاب "المعرب" للجوالیقی قال فی خاتمته: والحجة القاطعة فی نفی التأویلات التی زعموها فی کلمة: آزر، وفی ابطال ما سموه قراءات، تخرج باللفظ عن أنه علم لوالد ابراهیم: الخدیث الصحیح الصریح فی البخاری: عن النبی ﷺ قال: یلقی ابراهیم أباه آزر یوم القیامة، وعلی وجه آزر قترة وغبرة، فیقول له ابراهیم: الم أقل لک: لاتعصنی؟ فیقول أبوه: فالیوم لاأعصیک....الی آخر الحدیث، وفی البخاری (۴/ ۱۳۹ من الطبعة السلطانیة) وفتح الباری (۶/ ۲۷۶ من طبعة بولاق) وشرح العینی (۱۵/ ۲۴۳، ۲۴۴ من الطبعة المنیریة)، فهذا النص یدل علی أنه اسم العلم، وهو لایحتمل التأویل ولاالتحریف. (تفسیر ابن کثیر، سورة الانعام، الآیة: ۷٤، ج: ۳، ص: ۲۸۸، ۲۸۹، ط، دار طیبة)

وفی القرطبی: قال محمد بن اسحاق الکلبی والضحاک: ان آزر ابو ابراهیم علیه السلام، وهو تارح، مثل اسرائیل ویعقوب.

قلت: فیکون له اسمان کما تقدم. (الجامع لأحکام القرآن، سورة الانعام، الآیة: ۷٤، ج: ۸، ص: ٤۳۳، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

کے متعلق توقف کیا جائے کما صرح بہ علامہ شامی (۲۳۰)۔ وهو الموفق. (فتاوی فریدیہ، ج:۱،ص:۴۵۴، ۴۵۵)

(۲۳۰):عن أنسؓ أن رجلا قال: يارسول اللّٰه[ﷺ]! أين أبى؟ قال: فى النار فلما قفّٰى دعاه فقال: ان أبى وأباك فى النار. (صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب بيان أن من مات على الكفر فهو فى النار ولاتناله شفاعة ولاتنفعه قرابة المقربين، ص: ۱۰۷، ۱۰۸، رقم: ۵۰۰، ط، دار السلام رياض)

وفى تفسير الظهرى: وقال رسول اللّٰهﷺ: "وما افترق الناس فرقتين الا جعلنى اللّٰه فى خير هما، فأخرجت من بين أبوين فلم يصبنى شىء من عهد الجاهلية، وخرجت من نكاح ولم أخرج من سفاح من لون آدم عليه الصلاة والسلام حتى انتهيت الى أبى وأمى، فأنا خير كم نفساً خيركم أبا. رواه البيهقى فى دلائل النبوة من حديث أنس و أبو نعيم فى دلائل النبوة من حديث ابن عباسؓ نحوه، وقد صنف الشيخ الأجل جلال الدين السيوطى رضى اللّٰه عنه فى اثبات اسلام آباء النبىﷺ.

(تفسير المظهرى، سورة البقرة، الآية: ۱۱۹، ج: ۱، ص: ۱۳۶، ط، داراحياء التراث العربى بيروت لبنان)

وفى الشامية: ولايقال: ان فيه اساء ة أدب لاقتضائه كفر الأبوين الشريفين، مع أن اللّٰه تعالىٰ أحياهما له وآمنا به كما ورد فى حديث ضعيف. لأنا نقول: ان حديث أعم بدليل رواية الطبرانى وأبى نعيم وابن عساكر: خرجت من نكاح ولم أخرج من سفاح من لدن آدم الى ان ولدنى أبى وامى، لم يصبنى من سفاح الجاهلية شىء، واحياء ابوين بعد موتهما لاينافى كون النكاح كان فى زمن الكفر، ولاينافى أيضاً ما قاله الامام فى الفقه الأكبر من أن والديهﷺ ماتا على الكفر، ولا ما فى صحيح مسلم: استاذنت ربى أن أستغفر لأمى فلم ياذن لى، وما فيه أيضاً أن رجلا قال: يارسول اللّٰه أين أبى؟ قال: فى النار، فلما قفا دعاه فقال: ان أبى وأباك فى النار، لامكان أن يكون الأحياء بعد ذلك، كأنه كان فى حجة الوداع، وكون

کیا حضور ﷺ کے تمام آباؤ اجداد مسلمان تھے؟

﴿سوال﴾:

پارہ ۱۱ اخیر سورۃ توبہ "مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْ بَعْدِ مَاتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ". اس آیت شریفہ کا ترجمہ اور یہ کہ کس کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ آیا حضور اکرم ﷺ کے والدین کے حق میں ہے یا کفار مشرکین کے حق میں ہے اور یہ آیت ناسخ ہے یا منسوخ؟

اور ہمارے سرکار آقائے نامدار فخر موجودات احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کے آباؤ اجداد پشت در پشت حضرت آدم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام تک مسلمان تھے یا نہیں، آیا درمیان میں بت پرستی ہوئی ہے یا نہیں؟ صاف صاف قرآن وحدیث سے اس کا جواب دیں۔

﴿الجواب﴾:

اس آیت کریمہ کے شان نزول میں تینوں روایتیں موجود ہیں۔ اول یہ کہ آیت ابوطالب کے بارے میں اتری۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا کہ میں تمہارے لئے استغفار کروں گا جب تک مجھ کو خدا کی طرف سے منع نہ کیا جائے۔ تو یہ آیت نازل ہوئی اور حضور ﷺ کو منع کر دیا گیا (۲۳۱)۔

الايمان عند المعاينة غير نافع فكيف بعد الموت؟ فذاك فى غير الخصوصية أكرم الله بها نبيه ﷺ....وبالجملة كما قال بعض المحققين: انه لاينبغى ذكر هذه المسألة الا مع مزيد الأدب، وليست من المسائل التى يضر جهلها أو يسأل عنها فى القبر أو فى الموقف، فحفظ اللسان عن التكلم فيها الا بخير أولى وأسلم.

(ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب النكاح، باب نكاح الكافر، مطلب فى الكلام على أبوى النبى ﷺ وأهل الفترة، ج: ٤، ص: ٣٤٨، ٣٤٩، ٣٥٠، ط، دار عالم الكتب رياض)

(۲۳۱): فى الدرالمنثور: أخرج ابن أبى شيبة، وأحمد، والبخارى، ومسلم،

دوم: یہ کہ یہ آیت جب اتری کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی والدہ کے لئے استغفار کرنے کی اجازت حضرت حق جل مجدہٗ سے طلب کی تو اس آیت کے ذریعہ سے حضور ﷺ کو منع کیا گیا (۲۳۲)۔

والنسائی، وابن جریر، وابن المنذر، وابن أبی حاتم، وأبو الشیخ، وابن مردویه، والبیهقی فی الدلائل، عن سعید بن المسیب، عن أبیه قال: لما حضرت أبا طالب الوفاة دخل علیه النبی ﷺ وعنده أبو جهل وعبدالله بن أبی أمیة، فقال النبی ﷺ: أی عم، قل: لا اله الا الله. أحاج لک بها عندالله. فقال أبو جهل وعبدالله بن أبی أمیة: یا أبا طالب، أترغب عن ملة عبدالمطلب؟ فجعل رسول الله ﷺ یعرضها علیه، وأبو جهل وعبدالله یعودان بتلک المقالة، فقال أبو طالب آخر ما کلمهم: هو علی ملة عبدالمطلب، وأبی أن یقول: لا اله الا الله. فقال النبی ﷺ: لأستغفرن لک ما لم أنه عنک. فنزلت: ﴿ما کان للنبی والذین آمنوا أن یستغفروا للمشرکین﴾ الآیة. وأنزل الله فی أبی طالب، فقال لرسوله: ﴿انک لاتهدی من احببت ولٰکن اللّٰه یهدی من یشاء﴾ [القصص: ۵۶]. (الدرالمنثور فی التفسیر بالمأثور، سورة التوبة، الایة: ۱۱۳، ج: ۷، ص: ۵۵۰)

(۲۳۲):فی تفسیر ابن کثیر: وقال ابن أبی حاتم فی تفسیره: حدثنا أبی، حدثنا خالد بن خداش، حدثنا عبدالله بن وهب، عن ابن جریج عن أیوب بن هانئ، عن مسروق، عن عبدالله بن مسعودؓ قال: خرج رسول الله ﷺ یوماً الی المقابر، فاتبعناه، فجاء حتی جلس الی قبر منها، فناجاه طویلا ثم بکی فبکینا لبکائه ثم قام فقام الیه عمر بن الخطاب، فدعاه ثم دعانا، فقال: ما أبکاکم؟ فقلنا: بکینا لبکائک قال: ان القبر الذی جلست عنده قبر آمنة، وانی استأذنت ربی فی زیارتها فأذن لی، ثم أورده من وجه آخر، ثم ذکر من حدیث ابن مسعود قریبا منه، وفیه: وانی استأذنت ربی فی الدعاء لها فلم یأذن لی، وأنزل علی: ﴿ما کان للنبی والذین آمنوا أن یستغفروا للمشرکین ولو کانوا أولی قربی﴾، فأخذنی ما یأخذ الولد للوالدة، وکنت نهیتکم عن زیادة القبور فزروها، فانها تذکر الآخرة. (تفسیر ابن کثیر، سورة

سوم: یہ کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد کے لئے استغفار کیا میں بھی اپنے والد کے لئے استغفار کروں گا تو یہ آیت اتری اور حضور ﷺ کے اپنے والد کے لئے استغفار سے منع کیا گیا (۲۳۳)۔

یہ ثابت نہیں کہ حضور ﷺ کے تمام اجداد کرام مسلمان تھے، ان میں کوئی مشرک نہ تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے والد کا مشرک ہونا تو یقینی ہے۔ پس یہ قاعدہ نہیں ہے کہ نبی علیہ السلام کے اجداد میں مشرک نہیں ہوتا۔ (کفایۃ المفتی، ج: ۱، ص: ۱۰۵، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ کے والدین کو ایصالِ ثواب کرنا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حضور اکرم ﷺ کی والدہ ماجدہ کے لئے ایصال ثواب کریں تو کوئی حرج تو نہیں؟ کیا ایصال ثواب کر سکتے ہیں؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

نبی اکرم ﷺ کے والدین کے لئے ایصال ثواب سلف صالحین سے ثابت نہیں

التوبة، الآية: ١١٣، ج: ٤، ص: ٢٢٢، ط، دار طيبة)

(۲۳۳): في تفسير ابن كثير: قال قتادة في هذه الآية: ذكر لنا أن رجالاً من أصحاب النبي ﷺ قالوا: يا نبي اللّٰه، ان من آبائنا من كان يحسن الجوار، ويصل الأرحام، ويفك العاني، ويوفي بالذمم، أفلا نستغفرلهم؟ قال: فقال النبي ﷺ: بلى، واللّٰه اني لأستغفر لأبي كما استغفر ابراهيم لأبيه. فأنزل اللّٰه: ﴿ما كان للنبي والذين آمنوا ان يستغفروا للمشركين﴾ حتى بلغ: ﴿الجحيم﴾..الخ. (تفسير ابن كثير، سورة التوبة، الآية: ١١٣، ج: ٤، ص: ٢٢٤، ط، دار طيبة)

ہے، اوران کے کفر وایمان میں علماء کا اختلاف ہے۔

عن أنس رضی اللّٰہ عنه أن رجلا قال: یارسول اللّٰہ! أین أبی قال: فی النار، قال: فلما قفا دعاه، فقال: ان أبی وأباک فی النار. (صحیح مسلم ۱/۱۱٤) **والبحث فی الشامی.** (شامی زکریا ٤/۳٤۸، ٦/۳٦۹) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم(کتاب النوازل، ج: ۱، ص: ٦۲۸، ط، المرکز العلمی للنشر والتحقیق لال باغ مراد آباد الهند/ فتاوی رحیمیه، ج: ۳، ص: ۵۲، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ کے والدین کو مؤمن نہ ماننا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کو بہت سے لوگ مؤمن نہیں مانتے ہیں، یہ کہاں تک درست ہے؟

﴿**الجواب وباللّٰہ التوفیق**﴾:

رسول اکرم ﷺ کے والدین کے متعلق علماء کا اختلاف ہے، بعض حضرات ان کے ایمان کے قائل ہیں اور بعض عدم ایمان کے، دلائل دونوں طرف ہیں، کسی ایک جانب کو ترجیح نہیں ہے، اس لئے محققین علماء کے نزدیک اس سلسلہ میں توقف کرنا بہتر ہے، اور جہاں تک ہوسکے اس بارے میں بحث سے اجتناب کرنا چاہئے۔

ولا یقال: ان فیه اسائة أدب لاقتضائه کفر الأبوین الشریفین مع أن اللّٰہ تعالیٰ أحیا هما له وآمنا به، کما ورد فی

حديث ضعيف..... وما فيه أيضا أن رجلاً قال: يا رسول الله! أين أبي؟ قال: النار، فلما قفا دعاه فقال: ان أباك في النار. وأما الاستدلال على نجاتهما بأنهما ماتا في زمن الفترة، فهو مبني على أصول الأشاعرة أن من مات ولم تبلغه الدعوى يموت ناجياً. أما الماتريدية، فان مات قبل مضى مدة يمكنه فيها التأمل ـ الى قوله ـ وعلى هذا فالظن في كرم الله تعالٰى أن يكون أبواه ﷺ من أحد هذين القسمين، بل قيل: أن آبائه ﷺ كلهم موحدون. وباجملة كما قال بعض المحققين: أنه لا ينبغي ذكر هذه المسئلة الامع مزيد الأدب، وليست من المسائل التي يضر جهلها أو يسأل عنها في القبر أو في الموقف، فحفظ اللسان عن التكلم فيها الا بخير أولى وأسلم. (شامی زکریا ۳۴۸/٤)

وروى بأسانيد ضعيفة أن النبي ﷺ دعا ربه فأحياه وآمنة أم رسول الله ﷺ فآمنا به. واختار الامام الرازي أنهما ماتا على ملة ابراهيم عليه الصلاة والسلام، والجمع أن الاحياء كرامة لهما ليضاعف ثوابهما. وقد ألف الحافظ المحقق جلال الدين السيوطي رسائل في اثبات ايمانهما ايمان جميع آباء النبي ﷺ الى آدم، وتبعه محققوا المتأخرين، وعارضه علي بن سلطان القاري برسالته في اثبات كفرهما، فرأى استاذه ابن حجر مكي في منامه أن القاري سقط من سقف فانكسرت رجلاه، فقيل: هٰذا جزاء اهانة والدي رسول الله ﷺ، فوقع كما رأى، ومن أراد

كشف مشكلات هٰذا المسئلة فلينظر فى رسائل السيوطى.

(النبراس شرح العقائد النسفية ٣١٦، بحواله: فتاویٰ محموديه ڈابھيل ٤٠٩/١)فقط واللّٰه تعالىٰ اعلم۔ (كتاب النوازل، ج: ١، ص: ٣٨٠، ٣٨١، ط، المركز العلمى للنشر والتحقيق لال باغ مراد آباد الهند)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کے والدین کی وفات کب ہوئی

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع عظام از روئے فرمان اللہ ورسول اللہ (ﷺ) کے اس مسئلہ میں کہ ابوین کریمین وجدامجد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دور رسالت سے پہلے وفات پائے گئے یا بعد میں؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ابوین میں سے والد ماجد تو آپ کی ولادت سے پہلے وفات پا گئے تھے(۲۳۴)اور والدہ ماجدہ کی وفات اس وقت ہوئی جب کہ آپ کی

---

(۲۳۴):فى البداية: وعبدالله ابن عبدالمطلب يومئذ مريض، فقال أتخلف عند أخوالى بنى عدى بن النجار، فأقام عندهم مريضاً شهراً ومضى أصحابه فقدموا مكة فسألهم عبدالمطلب عن ابنه عبدالله فقالوا خلفناه عند أخواله بنى عدى بن النجار وهو مريض، فبعث اليه عبدالمطلب أكبر ولده الحارث. فوجده قد توفى ودفن فى دار النابغة فرجع الى ابيه فاخبره، فوجد عليه عبدالمطلب واخوته وأخواته وجداً شديداً، ورسول اللّٰه ﷺ يومئذ حمل. ولعبدالله بن عبدالمطلب يوم توفى خمس وعشرون سنة. (البداية والنهاية، ج: ٢، ص: ٢٦٣، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

عمر مبارک چھ ۶ سال کی تھی (۲۳۵) اور دور رسالت تو ۴۰ سال سے شروع ہوتا ہے (۲۳۶)۔اس سے ظاہر ہے کہ ابوین نے دور رسالت نہیں پایا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔کتبہ السید عبدالرحیم لاجپوری غفرلہ ولوالدیہ۔(فتاوی رحیمیہ، ج:۳،ص:۵۲، ط، دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

آپ ﷺ کی اولاد کی تعداد

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کل کتنی اولاد تھی؟ ان کی تعداد مع اسماء تحریر فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کل اولاد کی تعداد آٹھ ہے جن میں چار بیٹے اور چار بیٹیاں ہیں۔ بیٹوں کے نام ابراہیم، قاسم، طیب اور طاہر رضی اللہ تعالیٰ عنہم جبکہ بیٹیوں کے نام

وفی أسد الغابة: وكان أبوه عبدالله قد توفی وأمه حامل به، وقيل: توفی وللنبی ﷺ ثمانية وعشرون شهراً وقيل كان له سبعة أشهر، والأول أثبت. (اسد الغابة فی معرفة الصحابة، ج: ۱، ص: ۱۲۱، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۲۳۵):فی البداية: قال ابن اسحاق: حدثنی عبدالله بن أبی بكر بن محمد بن عمرو بن حزم أن أم رسول الله ﷺ آمنة توفيت وهو ابن ست سنين بالابواء بين مكة والمدينة. (البداية والنهاية، ج: ۲، ص: ۲۷۹، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

(۲۳۶):فی اسد الغابة: قالوا: بعث رسول الله ﷺ، وله أربعون سنة، وذلک فی ملک أبرويز بن هرمز بن كسری أنوشروان ملک الفرس....وقال ابن اسحاق: بعثه الله وله أربعون سنة، فأقام بمكة ثلاث عشرة سنة، وبالمدينة عشرا. (أسد الغابة فی معرفة الصحابة، ج: ۱، ص: ۱۲۵، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

زینب، رقیہ، ام کلثوم اور فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن ہیں۔ اور بعض حضرات کے نزدیک طیب اور طاہر ایک ہی بیٹے کے دو نام ہیں تو اس اعتبار سے بیٹوں کی تعداد تین اور کل تعداد سات ہو جائے گی۔

لما فی البداية والنهاية (۲۵۵/۵): وقال ابن جريج كان عليه السلام ابن سبع وثلاثين سنة فولدت له القاسم وبه كان يكنى والطيب والطاهر وزينب ورقية وام كلثوم، وفاطمة قلت وهى ام اولاده كلهم سوى ابراهيم فمن مارية.

وفی المنتظم (۸۶/۲): قال ابن اسحاق فولدت (اى خديجة) له ولده كلهم الابراهيم زينب ورقية وام كلثوم وفاطمة والقاسم وبه ان يكنى والطاهر والطيب وهلك هؤلاء الذكور فى الجاهلية .....وقال غيره الطيب والطاهر لقبان لعبدالله.

وفی السيرة النبوية لابى الفداء (۲۶۴/۱): عن بن عباس قال ولدت خديجة لرسول اللهﷺ غلامين واربع نسوة القاسم وعبد الله وفاطمة وام كلثوم وزينب ورقية وقال الزبير بن بكار عبد الله هو الطيب وهو الطاهر. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵٤)

حضور ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں

﴿سوال﴾:

روافض کا کہنا ہے کہ حضور ﷺ کی ایک ہی صاحبزادی تھیں یعنی حضرت فاطمہ الزہراءؓ اور باقی حقیقی صاحبزادیاں نہیں تھیں بلکہ صرف حضور ﷺ کے زیر پرورش تھیں۔ برائے کرم آپ ﷺ کی حضرت فاطمہ الزہراءؓ کے علاوہ بقیہ تین صاحبزادیوں کے بارے میں تحقیق فرما کر جواب عنایت فرماویں۔

﴿الجواب﴾:

علماء سیر کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضور ﷺ کی چار صاحبزادیاں تھیں۔ سب سے بڑی حضرت زینبؓ تھیں۔ ان کا نکاح حضرت ابو العاصؓ سے ہوا۔ اور ان سے چھوٹی سیدہ رقیہؓ اور پھر سیدہ ام کلثومؓ۔ ان دونوں کا نکاح یک بعد دیگرے حضرت عثمان بن عفانؓ سے ہوا۔ ان سے چھوٹی صاحبزادی حضرت فاطمۃ الزہراؓ جن کا نکاح حضرت علیؓ سے ہوا۔ روافض کا کہنا کہ حضور ﷺ کی ایک صاحبزادی تھیں بالکل بے بنیاد اور خلاف حقیقت بات ہے۔

لما فی بذل القوة: (ص ۴ فصل فی حوادث السنة الاولیٰ من النبوة القسم الاول)

وفیها اسلمت بنات النبی ﷺ الاربع کلهن زینب وهی اکبر بناته وفاطمة ورقیة وام کلثوم.

ولما فی الاستیعاب: (۳۹۸/۴، طبع بیروت)

رقیه بنت رسول اللّٰه ﷺ امها خدیجة بنت خویلد.....الخ

ولما فی الاستیعاب: (۵۰۶/۴، طبع بیروت)

ام كلثوم بنت رسول اللّٰه ﷺ امها خديجة بنت خويلد ولدتها قبل قاطمة وقيل رقية رضى اللّٰه عنهن..... الخ.

ولما فى الاستيعاب: (۴/ ۴۰۹، طبع بيروت)

زينب بنت رسول اللّٰه ﷺ كانت اكبر بناته رضى اللّٰه عنهن. الخ. (فتاوی عباد الرحمٰن، ج: ۱، ص: ۱۱۹، ۱۲۰، ط، ایجو کیشنل پریس کراچی)

❁❁❁

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سب سے چھوٹی بیٹی کونسی تھی

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماءِ کرام دریں مسئلہ کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیٹیوں میں سب سے چھوٹی بیٹی کون سی تھیں؟

﴿الجواب﴾:

مؤرخین کا اس میں اختلاف ہے۔ راجح یہی ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سب سے چھوٹی تھیں۔

قال ابن هشام اكبر بنيه القاسم ثم الطيب ثم الطاهر واكبر بناته رقيه ثم زينب ثم أم كلثوم ثم فاطمة. اهـ. (ابن هشام، ج: ۱، ص: ۱۰۱)

۲: وهى أصغر بناته فى قول. (مرقات، ج: ۱۱، ص: ۳۷٤)

۳: وهى اختها ام كلثوم اصغر بنات رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم واختلف فى الصغرىٰ منهما وقد

قیل ان رقیة اصغر منهما ولیس ذلک عندی بصحیح کذا فی الاستیعاب اهـ. (سیرت محمدیه، ص: ۵۵۵)فقط واللّٰه تعالیٰ اعلم(خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ٤٦٥، ط، مکتبه امدادیه ملتان)

❁❁❁

طائف سے مکۃ المکرّمۃ حضور ﷺ کس کی پناہ میں تشریف لائے؟

﴿سوال﴾:

کیا جب سرکار دو عالم ﷺ طائف تشریف لے گئے تو آپ کی مکہ مکرّمہ سے شہریت ختم کردی گئی تھی اور پھر آپ کسی شخص کی امان حاصل کرکے مکہ مکرّمہ میں داخل ہوئے تھے؟ اگر ایسا ہے تو اس شخص کا نام بھی تحریر فرمائیں کہ وہ کون شخص تھا؟

﴿جواب﴾:

مولانا محمد ادریس کاندھلویؒ نے ''سیرۃ المصطفیٰ'' (ج:۱ص:۳۸۱) میں، مولانا ابوالقاسم رفیق دلاوریؒ نے ''سیرت کبریٰ'' (ج:۲ص:۱۰۷) میں طبقات ابن سعد کے حوالے سے (سیرت مصطفیٰ میں زادالمعاد کا حوالہ بھی دیا گیا ہے) اور حافظ ابن کثیرؒ نے ''البدایہ والنہایہ'' (ج:۳ص:۱۳۷) میں اموی مغازی کے حوالے سے نقل کیا ہے کہ آپ ﷺ مطعم بن عدی کی پناہ میں تشریف لائے تھے۔ اور پناہ میں آنے کا یہ مطلب نہیں تھا جو آپ نے سمجھا ہے کہ اس سے پہلے مکہ کی شہریت ختم کردی گئی تھی، بلکہ یہ مطلب تھا کہ مطعم بن عدی نے ضمانت دی تھی کہ آئندہ اہل مکہ آپ ﷺ کو نہیں ستائیں گے (۲۳۷)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱ص:۱۸۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۲۳۷):فی البدایة:وقد ذکر الاموی فی مغازیه أن رسول اللّٰه ﷺ بعث

حضور اکرم ﷺ کے عقدِ نکاح

﴿سوال﴾:

یکم فروری ۱۹۸۹ء کو ''تفہیم دین'' پروگرام میں ٹی وی پر جناب ریاض الحسن گیلانی صاحب نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ: حضور ﷺ نے ۲۱ نکاح کئے، جن میں ۱۳ ازواج کو قائم رکھا، جبکہ ۸ کو طلاق دی۔ جہاں تک میرے ناقص علم میں حضور ﷺ نے طلاق کو ایک بُرا فعل ظاہر کیا ہے، مجبوراً دینے کی اجازت ہے، اس کے علاوہ ہمارے علم میں کوئی طلاق حضور ﷺ نے اپنی کسی زوجہ کو نہیں دی۔ برائے مہربانی! اس کی حقیقت حال بیان کی جائے۔

﴿جواب﴾:

۲۱ عقد میرے علم میں نہیں، جہاں تک مجھے معلوم ہے دو عورتوں کو نکاح کے بعد آبادی سے پہلے ان کی خواہش پر طلاق دی تھی۔ میری کتاب ''عہد نبوّت کے ماہ وسال'' میں اس کی

أريقط الى الاخنس بن شريق فطلب منه أن يجيره بمكة. فقال: ان حليف قريش لايجير على صميمها. ثم بعثه الى سهيل بن عمرو ليجيره فقال: ان بنى عامر بن لؤى لاتجير على بنى كعب بن لؤى. فبعثه الى المطعم بن عدى ليجيره فقال نعم قل له فليأت. فذهب اليه رسول اللّٰه ﷺ فبات عنده تلك الليلة، فلما أصبح خرج معه هو وبنوه ستة ـ أو سبعة ـ متقلدى السيوف جميعاً فدخلوا المسجد وقال لرسول اللّٰه ﷺ: طف واحتبوا بحمائل سيوفهم فى المطاف، فاقبل أبو سفيان الى معطم. فقال: أمجير أو تابع؟ قال لا بل مجير. قال اذا لاتخفر. فجلس معه حتى قضى رسول اللّٰه ﷺ طوافه، فلما انصرف انصرفوا معه. وذهب أبو سفيان الى مجلسه. قال فمكث أياما ثم أذن له فى الهجرة، فلما هاجر رسول اللّٰه ﷺ الى المدينة توفى مطعم بن عدى بعده يسير..الخ. (البداية والنهاية، ج: ۳، ص: ۱۳۷، ۱۳۸، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

تفصیل ہے۔(آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۱،ص:۱۷۹،ط،مکتبہ لدھیانوی کراچی)

حضور ﷺ کا نکاح کس نے پڑھایا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ حضور اقدس جناب محمد رسول اللہ ﷺ کا نکاح کس نے پڑھایا تھا؟ اور آپ کی ازواج مطہرات کا نکاح ایک ہی شخص نے پڑھایا ہے یا الگ الگ؟ وضاحت کے ساتھ تحریر فرمائیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

کتابوں میں صرف حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے نکاح پڑھانے کے متعلق صراحت ملتی ہے کہ ان کا نکاح حضور ﷺ کے چچا ابوطالب نے پڑھایا تھا۔ اور دیگر ازواج مطہرات کے نکاح پڑھانے کی صراحت نہیں ملتی، البتہ نکاح کرانے کی صراحت ملتی ہے:

(۱) حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت ابوطالب نے پڑھایا ہے۔ (زرقانی، دارالکتب العلمیہ بیروت ۴/۳۶۵)

(۲) حضرت سودہ بنت زمعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے والد نے کرایا ہے(۲۳۸)۔(اسد الغابہ، دالفکر ۶/۱۹۰)

---

(۲۳۸):فی اعلام النساء: سودة بنت زمعة بن قيس بن عبد شمس أم المؤمنين من فواضل نساء عصرها كانت قبل أن يتزوجها رسول اللهﷺ تحت ابن عم لها يقال له: السكران بن عمرو. ولما أسلمت وبايعت النبيﷺ أسلم زوجها معها وهاجرا جميعاً الى الأرض الحبشة. فلما توفى عنها جاء ت خولة بن حكيم الى رسول اللهﷺ فقالت: يارسول الله ألا تزوج؟ فقال: ومن؟ قالت: سودة بنت زمعة قد آمنت بک واتبعتک. فقال النبيﷺ اذكريها على. فانطلقت خولة الى سودة

(۳) حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے والد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کرایا ہے(۳۳۹)۔(سیرت ابن ہشام۴/ ۴۹۷)

(۴) حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے بھائی ابواحمد بن جحش نے کیا ہے۔(سیرت ابن ہشام۴/ ۴۹۸)

اس میں راجح یہ ہے کہ ان کا نکاح آسمان میں ہوا، جس کی صراحت قرآن کریم میں موجود ہے۔اللہ تعالیٰ نے:"زوجنکھا" سے ارشاد فرمایا ہے(۳۴۰)۔

وأبوها شيخ قد جلس على الموسم فحيته بتحية الجاهلية. فقال لها: أنعمت صباحاً من أنت؟ فقالت: خولة بن حكيم. فرحب بها. ثم قالت له: ان محمد بن عبدالله بن عبدالمطلب يذكر سودة ابنة زمعة. فقال: هو كريم. فما تقول صاحبتک؟ فقالت: هي تحب ذلک. فقال لها: قولي له فليأت. فأتى رسول اللهﷺ فتزوجها. (أعلام النساء في عالمي العرب والاسلام، ج: ۲، ص: ۲٦۷، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(۲۳۹):في السيرة النبوية: عائشة: وتزوج رسول اللهﷺ عائشة بنت أبي بكر الصديقؓ بمكة، وهي بنت سبع سنين، وبنى بها بالمدينة، وهي بنت تسع سنين أو عشر، ولم يتزوج رسول اللهﷺ بكراً غيرها، زوجه اياها أبوها أبوبكر، وأصدقها رسول اللهﷺ أربعمائة درهم. (السيرة النبوية، ذكر أزواجهﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹۱، ۲۹۲، ط، دار الكتاب العربي بيروت لبنان)

(۲۴۰):في السيرة النبوية: زينب بنت جحش بن رئاب الأسدية. زوجه أياها أخوها أبو أحمد بن جحش،وأصدقها رسول اللهﷺ أربعمائة درهم. (السيرة النبوية، ذكر أزواجهﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹۲، ط، دار الكتاب العربي بيروت لبنان)

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: فلما قضٰى زيد منها وطراً زوجنكها لكى لايكون على المؤمنين حرج فى ازواج ادعيآئم اذا قضوا منهن وطرا وكان امر اللّٰه مفعولاً. (سورة الأحزاب: ۳۷)

عن عيسى بن طهان قال: سمعت أنس بن مالک رضى اللّٰه عنه يقول: نزلت

(۵) حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے بیٹے سلمی بن ابو سلمی نے کیا ہے(۲۴۱)۔(ابن ہشام۴/ ۴۹۸)

(۶) حضرت حفصہ بنت عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح ان کے والد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیا ہے(۲۴۲)۔(ابن ہشام۴/ ۴۹۸)

(۷) حضرت ام حبیبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح شاہ حبشہ نے کیا ہے(۲۴۳)۔ (زادالمعاد۱/۱۱۰)

آية الحجاب فی زينب جحش، واطعم عليها يومئذ خبزاً، ولحماً، وكانت تفخر على نساء النبیﷺ، وكانت تقول: ان اللّٰه أنكحنی فی السماء. (صحيح البخاری، كتاب التوحيد، باب ﴿وكان عرشه على الماء﴾ [هود: ۷] ﴿وهو رب العرش العظيم﴾ [التوبة: ۱۲۹]، ص: ۱۵۵٤، رقم: ۷٤۲۱، ط، دار السلام رياض)

(۲۴۱):**فی السيرة النبوية:أم سلمةؓ: وتزوج رسول اللّٰهﷺ أم سلمة بنت أبی أمية بن المغيرة المخزومية واسمها هند، زوجه اياها سلمة بن ابی سلمة ابنها.** (السيرة النبوية، ذكر أزواجهﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹۲، ط، دار الكتاب العربی بيروت لبنان)

(۲۴۲):**فی السيرة النبوية: حفصةؓ: وتزوج رسول اللّٰهﷺ حفصة بن عمر بن الخطابؓ، زوجه اياها أبوها عمر بن الخطابؓ.** (السيرة النبوية، ذكر أزواجهﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹۳، ط، دار الكتاب العربی بيروت لبنان)

(۲۴۳):**فی السيرة النبوية: أم حبيبة: وتزوج رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم أم حبيبة، واسمها رملة بنت أبی سفيان بن حرب، زوجه اياها خالد بن سعيد بن العاص، وهما بأرض الحبشة، وأصدقها النجاشی عن رسول اللّٰهﷺ أربعمائة دينار، وهو الذی كان خطبها على رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالیٰ عليه وسلم، وكانت قبله عند عبيداللّٰه بن جحش الأسدی.** (السيرة النبوية، ذكر أزواجهﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹۳، ط، دار الكتاب العربی بيروت لبنان)

(۸) حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا مال غنیمت کے طور پر حضرت ثابت بن قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حصہ میں گئی تھیں، تو انہوں نے ان سے بدل کتابت کا معاملہ کیا اور آپ ﷺ سے بدل کتابت کے سلسلہ میں مدد طلب کی، تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ کیا میں تم سے اس سے بہتر معاملہ نہ رکھوں؟ پھر ارشاد فرمایا: کہ میں تمہاری بدل کتابت ادا کروں اور تم سے نکاح کرلوں، اس پر انہوں نے رضامندی ظاہر کی، تو یہ معاملہ ہی عقد نکاح کے قائم مقام ہوگیا (۲۴۴)۔ (البدایہ والنہایہ، دار الفکر ۴/ ۱۵۹)

(۹) حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو مال غنیمت میں سے آپ نے مال صفی کے طور پر منتخب فرمالیا تھا اور انسان کی آزادی کو مہر قرار دے کر ان کو اپنے نکاح میں لے لیا اور یہی ان کا نکاح ہوا، کسی تیسرے نے انکا نکاح نہیں کرایا، یہاں تک کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کو محسوس بھی نہ ہوا کہ آپ ﷺ نے ان کو نکاح میں لیا ہے یا باندی بنایا ہے، بعد میں

---

(۲۴۴): في البداية: عن عائشة رضي الله عنها قالت: لما قسم رسول الله ﷺ سبايا بني المصطلق وقعت جويرية بنت الحارث في السهم لثابت بن قيس ابن شماس أو لابن عم له فكاتبته على نفسها، وكانت امرأة حلوة ملاحة لا يراها أحد الا أخذت بنفسه فأتت رسول الله ﷺ لتستعينه في كتابتها قالت: فوالله ما هو الا أن رأيتها على باب حجرتي فكرهتها وعرفت أنه سيرى منها ما رأيت. فدخلت عليه فقالت يا رسول الله أنا جويرية بنت الحارث بن أبي ضرار سيد قومه وقد أصابني من البلاء مالم يخف عليك فوقعت في السهم لثابت ابن قيس بن شماس أو لابن عم له فكاتبته على نفسي فجئتك أستعينك على كتابتي. قال: فهل لك في خير من ذلك؟ قالت وما هو يارسول الله قال أقضي عنك كتابك وأتزوجك. قالت: نعم يارسول الله قد فعلت. قالت: وخرج الخبر الى الناس أن رسول الله ﷺ قد تزوج جويرية بنت الحارث فقال الناس أصهار رسول الله ﷺ فارسلوا ما بأيديهم قالت: فلقد أعتق بتزويجه اياها مائة أهل بيت من بني المصطلق، فما أعلم امرأة أعظم بركة على قومها منها. (البداية والنهاية، ج: ٤، ص: ١٥٩، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان)

جب پردہ کا حکم فرمایا تب صحابہ کو نکاح کا علم ہوا (۲۴۵)۔ (بخاری شریف، کتاب المغازی، باب غزوۃ ذات القرائح، النسخۃ الہندیۃ ۲/ ۶۰۶، رقم: ۴۰۶۰، ف: ۴۲۱۳)

(۱۰) حضرت زینب بنت خزیمہ رضی اللہ عنہا کا نکاح قبیصہ ابن عمرو نے کیا ہے (۲۴۶)۔ (سیرت ابن ہشام ۴/ ۵۰۰)

---

(۲۴۵):عن محمد بن جعفر بن أبی کثیر: أخبرنی حمید أنه سمع أنساً رضی اللّٰه عنه یقول: بین خیبر والمدینة ثلاث لیال یبنٰی علیه بصفیةؓ، فدعوت المسلمین الی ولیمته وما کان فیها من خبز ولا لحم وما کان فیها الا أن أمر بلالا بالأنطاع فبسطت فألقی علیها التمر والأقط والسمن. فقال المسلمون: احدی أمهات المؤمنین أو ما ملکت یمینه؟ قالوا: ان حجبها فهی احدی أمهات المؤمنین، وان لم یحجبها فهی مما ملکت یمینه ارتحل وطأ لها خلفه ومد الحجاب. (صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب غزوة خیبر، ص: ۸٦۹، رقم: ٤۲۱۳، ط، دار السلام ریاض)

وفی الجامع لاحکام القرآن:خص اللّٰه تعالیٰ رسوله فی أحکام الشریعة بمعان لم یشارکه فیها أحد. فی باب الفرض والتحریم والتحلیل. مزیة علی الأمة وهیبة له، ومرتبة خص بها، ففرضت علیه أشیاء ما فرضت علی غیره، وحرمت علیه أفعال لم تحرم علیهم، وحللت له أشیاء لم تحلل لهم، منها متفق علیه، ومنها مختلف فیه..... وأما ما أحل لهﷺ فجملته ستة عشر:....الحادی عشر: أنه أعتق صفیة وجعل عتقها صداقها. (الجامع لاحکام القرآن، سورة الأحزاب، الآیة: ۵۰، ج: ۱۷، ص: ۱۸۵، ۱۸٦، ۱۸۷، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

(۲۴٦):فی السیرة النبویة: زینب بن خزیمة: وتزوج رسول اللّٰهﷺ زینب خزیمة بن الحارث بن عبداللّٰه بن عمرو بن عبد مناف بن هلال بن عامر بن صعصعة، وکانت تسمی أم المساکین، لرحمتها ایاهم، ورقتها علیهم، زوجه ایاها قبیصة بن عمرو الهلالی.الخ. (السیرة النبویة، ذکر أزواجه صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، ج: ٤، ص: ۲۹۵، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

(۱۱) حضرت میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کا نکاح آپ ﷺ کے چچا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے کرایا ہے(۲۴۷)۔(ابن ہشام،۴/۵۰۰)(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۹٤تا۹٦، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

حضرت مریم وآسیہ علیہما السلام کی حضور ﷺ سے جنت میں شادی

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: فرعون کی بیوی آسیہ اور حضرت عیسیٰؑ کی والدہ محترمہ بی بی مریم علیہا السلام کیا یہ خاتون سرکار مدینہ کی بیوی جنت میں ہوں گی؟ جیسا کہ تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے، آیا یہ بات کہاں تک ازروئے شرع درست ہے؟ جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب وباللّٰه التوفیق﴾:

حدیث ضعیف اور بعض آثار سے معلوم ہوتا ہے کہ جنت میں حضور ﷺ کی زوجیت میں آپ کی ازواج مطہرات کے علاوہ مریم بنت عمران وکلثوم اخت موسیٰ اور آسیہ فرعون کی بیوی بھی آئیں گی۔

عن أبی أمامة قال: سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول لعائشة: أشعرت أن اللّٰه عزوجل زوجنی فی الجنة مریم بنت عمران، وکلثوم أخت موسیٰ، وامرأة فرعون. (المعجم الکبیر

---

(۲۴۷):**فی السیرة النبویة: میمونة بنت الحارث: وتزوج رسول اللّٰه ﷺ میمونة بنت الحارث بن حزن بن بجیر بن هزم بن رویبة بن عبداللّٰه بن هلال بن عامر بن صعصعة، زوجه ایاها العباس بن عبدالمطلب.** (السیرة النبویة، ذکر أزواجه ﷺ، ج: ٤، ص: ۲۹٥، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

للطبرانی، دار احیاء التراث العربی ۸/ ۲۵۸، رقم: ۸۰۰۶، مجمع الزوائد، دارالکتب العلمیة بیروت ۹/ ۲۱۸)

اس روایت میں ایک راوی خالد بن یوسف ضعیف ہیں۔

وجاء فی بعض الآثار: أن مریم وآسیة زوجا رسول اللّٰہ ﷺ فی الجنة. (روح المعانی، سورة التحریم: ۱۲ جز: ۲۸، مکتبہ زکریا ۱۵/ ۱۶۵، تفسیر ابن کثیر / ۳۹۰، سورة التحریم)

وأخرج الطبرانی عن سعدبن جنادة، قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: ان اللّٰہ زوجنی فی الجنة بنت عمران، وامرأة فرعون، وأخت موسیٰ. (الدر المنثور، سورة التحریم: ۱۲، دار الکتب العلمیة، بیروت ۶/ ۳۷۸، المعجم الکبیر للطبرانی، دار الحیاء التراث العربی ۶/ ۵۲، رقم: ۵۴۸۴) فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم(فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۱۰۳، ۱۰۴، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

❁❁❁

حضرت مریم علیہا السلام جنت میں حضور ﷺ کی زوجہ ہونگی

﴿سوال﴾:

حضرت مفتی صاحب! بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ امرأۃ فرعون (حضرت آسیہؓ) کو جنت میں حضور ﷺ کی زوجہ ہونے کا شرف حاصل ہوگا کیا یہ درست ہے؟ نیز کیا یہ فضیلت حضرت مریمؑ کو بھی حاصل ہوگی جواب بحوالہ عنایت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

﴿جواب﴾:

جس طرح فرعون کی بیوی کو جنت میں حضور ﷺ کی زوجہ بننے کا شرف حاصل ہوگا اسی طرح یہ شرف حضرت مریم کو بھی ملے گا۔

لما فی المعجم الکبیر للطبرانی (۶۴/۲۲: طبع احیاء التراث الاسلامی)

عن سعد بن جنادة قال رسول اللّٰہ ﷺ ان اللّٰہ زوجنی فی الجنة مریم بنت عمران وامرأة فرعون وأخت موسی.

ولما فی کنزالعمال للهندی (۱۱/۱۹۱: طبع رحمانیه)

ان اللّٰہ زوجنی فی الجنة مریم بنت عمران وامرأة فرعون وأخت موسی.

ولما فی جمع الجوامع (۱/۱۶۹: اللهیة المصریه العامه للکتاب).

ان اللّٰہ عزوجل زوجنی فی الجنة مریم بنت عمران وامرأة فرعون وأخت موسی طب. (فتاوی عباد الرحمن، ج: ۱، ص: ۱۱۹، ط، ایجوکیشنل پریس کراچی)

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور اولاد کرام کی تفصیل

﴿سوال﴾:

۱: آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حرمِ پاک کتنے تھے؟ اور نام کیا کیا تھے؟

۲: آپؐ کے لڑکے اور لڑکیاں کتنی تھیں اور نام کیا کیا تھے؟

۳: کن کن حرم پاک سے تھے؟ کیا چھوٹی عمر میں فوت ہوگئے یا کہ شادیاں بھی ہوئیں تھیں؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نکاح میں گیارہ عورتیں آئی تھیں۔ جن میں سے دو حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ اور حضرت زینب بنتِ خزیمہؓ آپ کے روبرو انتقال کر گئیں۔ اور ان کے نام یہ ہیں:

۱: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ۔ ۲: حضرت زینب بن خزیمہؓ۔
۳: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔ ۴: حضرت حفصہؓ۔
۵: حضرت امِ سلمہؓ۔ ۶: حضرت زینب بنت جحشؓ۔
۷: حضرت ام حبیبہؓ۔ ۸: حضرت جویریۃؓ۔
۹: حضرت میمونہؓ۔ ۱۰: حضرت صفیہؓ۔
۱۱: حضرت سودہؓ۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہن (۲۴۸)۔

۲: آپؐ کی مؤنث اولاد چار لڑکیاں تھیں۔ حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت کلثوم، حضرت فاطمۃ الزہرا رضوان اللہ تعالیٰ علیہن اجمعین۔ اور تین یا چار یا پانچ

---

(۲۴۸): فی السیرة النبویة: وکان جمیع من تزوج رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم ثلاث عشرة: خدیجة بنت خویلد.... سودة.... زینب بن جحش..... ام سلمة... حفصة... أم حبیبة... جویریة بنت الحارث... صفیة بنت حیی... میمونة بنت الحارث... زینب بنت خزیمة... فهؤلاء اللاتی بنی بهن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم احدی عشرة، فمات قبله منهن ثنتان: خدیجة بنت خویلد، وزینب بنت خزیمة. و توفی عن تسع قد ذکرنا فی أول هذا الحدیث. (السیرة النبویة لابن هشام، ج: ٤، ص: ٢٩١ تا ٢٩٥، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

لڑکے تھے۔ حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت طیب، حضرت طاہر اور حضرت ابراہیم (۲۴۹)۔[رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین]

۳: چار اول حضرت خدیجہؓ سے تھے اور حضرت ابراہیم حضرت ماریہ قبطیہؓ سے تھے جو آپ کی لونڈی تھیں۔ اور جو حضرات کہتے ہیں کہ آپ کے چار لڑکے تھے وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ کا دوسرا نام طیب تھا۔ الگ لڑکا نہیں تھا۔ اور جو لوگ تین کے قائل ہیں وہ کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ ہی کا تیسرا نام طاہر تھا۔ یہ تمام صاحبزادہ گان بچپن میں فوت ہو گئے تھے۔ تمام صاحبزادیاں جوان ہوئیں اور ان کی شادیاں بھی ہوئیں۔ حضرت زینبؓ کا نکاح حضرت ابوالعاص بن الربیع سے ہوا۔ حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کا عقد یکے بعد دیگرے حضرت عثمانؓ سے ہوا۔ اور حضرت فاطمۃ الزہراؓ کا نکاح حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ہوا۔ فقط والسلام۔ (خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۴۶۲، ۴۶۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

---

(۲۴۹):فی اسد الغابة: وولد له من الولد بناته كلهن، وأولاده الذكور كلهم من خديجة الا ابراهيم، فأما البنات فزينب ورقية وأم كلثوم وفاطمة. رضى الله تعالىٰ عنهن. وأما الذكور فالقاسم، وبه كان رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يكنى، والطاهر والطيب وقيل: القاسم والطاهر، وعبدالله وهو الطيب، لأنه ولد فى الاسلام، وقيل: القاسم وعبدالله وهو الطاهر والطيب، فمات القاسم بمكة وهو أول من مات من ولده. (اسد الغابة، ذكر تزوج رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، ج: ۱، ص: ۱۲۴، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفى طبقات الكبير: وولد مارية لرسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم، غلاماً فسماه ابراهيم. (كتاب الطبقات الكبير، ذكر ابراهيم ابن رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم تسلمياً، ج: ۱، ص: ۱۱۲)

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کیسے ہوا جبکہ آپ مکہ میں ہی تھیں؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح عمرۃ القضاء کے سفر میں ہوا تو ان کا نکاح کس نے پڑھایا اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیغام نکاح لے کر کس کو بھیجا تھا یہ نکاح حدود حرم سے دس کلومیٹر اور مسجد حرام سے ۱۶ر کلومیٹر کے فاصلہ پر ہوا۔ حضرت میمونہؓ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں تھیں، بلکہ وہ مکہ ہی میں تھیں، اس وقت انہوں نے ہجرت نہیں کی تھی اور مکہ ہی ان کے شوہر کا انتقال ہوگیا تھا، انہوں نے اسلام قبول کرلیا تھا، تو جب وہ مکہ ہی میں تھیں، تو مقام سرف میں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکہ میں داخل ہونے سے پہلے ان کا نکاح کیسے ہوا؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا نکاح حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھایا، اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیغام نکاح لیکر حضرت میمونہؓ کے پاس مکہ میں حضرت جعفر بن ابی طالب کو بھیجا تھا، اور حضرت میمونہؓ نے اپنے نکاح کا معاملہ اپنی بہن ام الفضلؓ کے سپرد کردیا تھا، پھر ام الفضلؓ نے اپنے شوہر حضرت عباسؓ کو یہ معاملہ نکاح سپرد کردیا تھا، اس کے بعد حضرت عباسؓ نے مقام سرف تشریف لے کر حضرت میمونہؓ کا نکاح آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کردیا تھا، جبکہ حضرت میمونہؓ مکہ ہی میں مقیم تھیں۔

وتزوجها رسول اللّٰه فی ذی القعدة سنة سبع لما اعتمر عمرة القضاء فيقال: أرسل جعفر بن أبی طالب يخطبها فأذنت للعباس فزوجها منه ويقال ان العباس وصفها

له فقال قد تأيمت من أبى دهم فتزوجها. (الاصابة، دار الكتب العلمية بيروت ٤/ ٢٦٣٩)

تـزوجها رسول اللّٰه [صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم] بعد زوجهـا سـنة سبـع فـى عـمـرـة القضاء فى ذى القعدة فأرسل رسـول الـلّٰـه صـلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم جعفر بن أبى طالب اليهـا فـخـطبهـا فـجـعـلـت أمرها الى العباس بن عبدالمطلب فـزوجها من رسول اللّٰه وقيل: بل العباس قال: لرسول اللّٰه ان ميـمـونة بـنـت الحارث قد تأيمت من أبى دهم بن عبدالعزى هـل أن تـزوجها؟ فتزوجها رسول اللّٰه .(اسـد الغابه، دار الفكر ٦/ ٢٧٣)

عـن ابـن عبـاسؓ أن رسـول الـلّٰـهؐ تزوج ميمونة بنت الـحارث فى سفره ذلک وهو حرام و كان الذى زوجها اياها الـعبـاس بن عبدالمطلب، قال ابن هشام: كانت جعلت أمرها الـى أختهـا أم الـفـضـل فـجـعلت ام الفضل أمرها الى زوجها الـعبـاس فـزوجهـا رسـول الـلّٰه وأصدقها عنه أربع مئة درهم. (البـداية والـنهـاية، دار الـفـكر ٤/ ٧٦، ومثله فى الاستيعاب رقم التـرجمة ٣٥٣٣ باب النساء وكناهن ٤/ ٤٦٨) فقط واللّٰه تعالىٰ اعـلـم۔(فتـاوى قـاسميـه، ج: ٢، ص: ٣٦٢، ٣٦٣، ط، مكتبـه اشرفيه ديوبند الهند)

خاتم الانبیاء ﷺ کی شادیوں پر شبہات کی وضاحت

﴿سوال﴾:

ہمارے ایک دوست جو بڑے فنکار ہیں، وہ اکثر دین کی باتوں پر تبصرہ کرنا ضروری سمجھتے ہیں، اکثر و بیشتر وہ نبی اکرم ﷺ کی شادی کے مسئلے پر تبصرہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: میں اس بات پر حیران ہوں کہ اتنی شدید مصروفیات جہاد اور تبلیغ دین کے باوجود ان کے پاس اتنا وقت کیسے تھا کہ وہ اتنی شادیاں کرتے اور عورتوں کے حقوق ادا کر سکتے تھے۔ ان کے تبصرہ کا میں کیا جواب دوں؟ وضاحت فرمائیں، مجھے شدید افسوس ہوتا ہے!

﴿جواب﴾:

یورپ کے مستشرقین نے اپنے تعصب، نادانی اور جہل مرکب کی وجہ سے اسلام کے جن مسائل کو تنقید کا نشانہ بنایا ہے، ان میں ایک آنحضرت ﷺ کے تعدد ازواج کا مسئلہ بھی ہے، جس پر انہوں نے خاصی زہر چکانی کی ہے۔ ہمارا جدید طبقہ مستشرقین سے مرعوب اور احساس کمتری کا شکار ہے، وہ ایسے تمام مسائل میں جن پر مستشرقین کو اعتراض ہے ندامت ومعذرت کا انداز اختیار کرتا ہے، اس کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ مغرب کے سامنے سرخرہ ہونے کے لئے ان حقائق کا ہی انکار کر دیا جائے، چنانچہ وہ عقلی شبہات کے ذریعہ ان حقائق کو غلط ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ آپ کے دوست کی گفتگو بھی اسی ذہنیت کی عکاسی کرتی ہے، وہ بظاہر بڑے معصومانہ انداز میں یہ پوچھتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ اتنی بیویوں کے حقوق کیسے ادا کرتے تھے؟ لیکن سوال کا منشا اصل واقعہ پر اعتراض ہے۔

بہر حال آپ کے دوست گرامی چند اصولی باتیں ذہن میں رکھیں تو مجھے توقع ہے کہ ان کے خدشات زائل ہو جائیں گے۔

۱:... سب سے پہلے یہ عرض کر دینا ضروری ہے کہ دین کے مسائل کو خوش طبعی اور ہنسی مذاق کا موضوع بنانا نہایت ہی خطرناک مرض ہے۔ آدمی کو شدت کے ساتھ ان سے پرہیز

کرنا چاہئے، خصوصاً آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی (جو اہل ایمان کا مرجع عقیدت ہی نہیں، مدار ایمان بھی ہے)، آپ کے بارے میں لب کشائی تو کسی مسلمان کے لئے کسی طرح بھی روا نہیں۔ قرآن کریم میں ان منافقوں کا واقعہ ذکر کیا گیا ہے جو اپنی نجی محفلوں میں رسول اقدس ﷺ کو، قرآن کی آیات شریفہ کو طنز و مذاق کا نشانہ بناتے تھے، جب ان سے باز پرس کی جاتی تو کہہ دیتے: ''اجی! ہم تو بس یونہی دل لگی اور خوش طبعی کی باتیں کر رہے تھے۔'' ان کے اس ''عذر گناہ، بدتر از گناہ'' کے جواب میں ارشاد ہے: ''کیا تم اللہ تعالیٰ سے، اس کی آیات سے اور اس کے ساتھ دل لگی کرتے تھے؟ بہانہ نہ بناؤ، تم نے دعویٰ ایمان کے بعد کفر کیا ہے! (۲۵۰)'' (التوبہ: ۶۵، ۶۶)۔

اس سے معلوم ہوسکتا ہے کہ آیات الٰہیہ کو اور آنحضرت ﷺ کی ذات عالی کو دل لگی اور خوش طبعی کا موضوع بنانا کتنا خطرناک ہے، جسے قرآن کریم کفر قرار دیتا ہے! اس لئے ہر مسلمان سے، جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی ایمان ہو، میری ملتجیانہ درخواست ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے کسی قول و فعل کو اپنے ظریفانہ تبصروں کو موضوع بنانے سے مکمل پرہیز کریں، ایسا نہ ہو کہ غفلت میں کوئی غیر محتاط لفظ زبان سے نکل جائے اور متاع ایمان برباد ہو کر رہ جائے، **نعوذ باللّٰہ من ذلک!**

۲:... ایک بنیادی غلطی یہ ہے کہ بہت سے لوگ آنحضرت ﷺ کی بلند و بالا ہستی کو اپنی سطح پر غور و فکر کرتے ہیں اور جب آنحضرت ﷺ کی کوئی بات اپنی ذہنی سطح سے اونچی دیکھتے ہیں تو ان کا ذہن اسے قبول کرنے پر آمادہ نہیں ہوتا، حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو جو مقام و مرتبہ عطا فرمایا ہے اور جن کمالات و خصوصیات سے آپ کو نوازہ ہے وہ ہمارے فہم و ادراک کی حد سے ماورا ہے، وہاں تک کسی جن و ملک کی رسائی ہے، نہ کسی

---

(۲۵۰): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ولئن سالتھم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب قل اباللّٰہ وایٰتہٖ ورسولہٖ کنتم تستھزء ون. لاتعتذروا قد کفرتم بعد ایمانکم. (سورۃ التوبۃ: ۶۵، ۶۶)

نبی مرسل کی، جہاں جبریل امین کے پر جلتے ہوں، وہاں ماوشما کی عقلی تگ ودو کی کیا مجال ہے! آپ کے دوست بھی اسی بنیادی غلطی میں مبتلا نظر آتے ہیں۔ اگر وہ آپ ﷺ کے معاملات سے ناپتے تو انہیں کوئی حیرت نہ ہوتی کہ آنحضرت ﷺ اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود اتنی بیویوں کے حقوق کیسے ادا فرماتے تھے۔ اہل نظر جانتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کی ہر ادا اپنے اندر اعجاز کا پہلو رکھتی ہے، آنحضرت ﷺ نے ایک مختصر سے قلیل عرصے میں بتوفیق خداوندی انسانی زندگیوں میں جو انقلاب برپا کیا اور امت کو روحانی ومادّی کمالات کی جس اوجِ ثریا پر پہنچادیا، کیا ساری امت مل کر بھی اس کارنامہ کو انجام دے سکتی ہے؟ آنحضرت ﷺ کی کونسی بات ایسی ہے جو اپنے اندر حیرت انگیز اعجاز نہیں رکھتی، ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے الفاظ میں: ”آپ کا کون سا معاملہ عجیب نہیں تھا“ (۲۵۱)!

۳:....آپ کے دوست کو یہ نکتہ بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ محض عقلی احتمالات یا حیرت وتعجب کے اظہار سے کسی حقیقت یا واقعے کا انکار نہیں کیا جاسکتا۔ مثلاً: ایک شخص سرکی

---

(۲۵۱):أخرج عبد بن حميد، وابن أبي الدنيا في التفكر، وابن المنذر، وابن حبان في صحيحه وابن مردويه، والأصبهاني في الرغيب، وابن عساكر، عن عطاء قال: قلت لعائشةؓ: أخبريني بأعجب ما رأيت من رسول اللهﷺ. قالت: وأي شأنه لم يكن عجباً! انه أتاني ليلة فدخل معي في لحافي، ثم قال: ذريني أتعبد لربي. فقام فتوضأ، ثم قال يصلي، فبكى حتى سالت دموعه على صدره، ثم ركع فبكى، ثم سجد فبكى، ثم رفع رأسه فبكى، فلم يزل كذلك حتى جاء بلال فآذنه بالصلاة، فقلت: يارسول اللّٰه، مايبكيك وقد غفر اللّٰه لك ما تقدم من ذنبك وما تأخر؟ قال أفلا اكون عبداً شكوراً، ولم لاأفعل وقد أنزل على هذه الليلة: ﴿ان في خلق السماوات والارض واختلاف الّيل والنهار لآيات لأولي الالباب﴾ الى قوله: ﴿سبحانك فقنا عذاب النار﴾. ثم قال: ويل لمن قرأها ولم يتفكر فيها. (الدرالمنثور في التفسير بالمأثور، سورة آل عمران، الآية: ۱۹۱، ط، ج: ٤، ص: ۱۸۱)

آنکھوں سے سورج نکلا ہوا دیکھ رہا ہے، اس کے برعکس ایک ''حافظ جی'' محض عقلی احتمالات کے ذریعہ اس کھلی حقیقت کا انکار اور اس پر حیرت وتعجب کر رہا ہے۔ اہل عقل اس ''حافظ جی'' کی عقل وفہم کی داد نہیں دیں گے بلکہ اسے اندھا ہونے کے ساتھ ساتھ ضدی اور ہٹ دھرم بھی قرار دیں گے۔ ٹھیک اسی طرح سمجھئے کہ آنحضرت ﷺ کا ازواج مطہرات کے حقوق نہایت عدل وانصاف کے ساتھ ادا کرنا ایک حقیقت واقعیہ ہے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ: آنحضرت ﷺ جب دنیا سے تشریف لے گئے اس وقت آپ کے یہاں نو بیویاں تھیں، ان میں آٹھ کے یہاں باری باری شب باشی فرماتے تھے (حضرت سودہؓ نے اپنی باری حضرت عائشہ کو دے رکھی تھی، اس لئے ان کے یہاں شب باشی نہیں فرماتے تھے) (صحیح بخاری ومسلم، مشکوۃ ص:۲۷۹) (۲۵۲)۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ: آنحضرت ﷺ نہایت عدل وانصاف کے ساتھ ازواج کے حقوق ادا فرماتے تھے اور پھر یہ دعا کرتے تھے: ''یا اللہ! جو بات میرے اختیار میں ہے اس میں تو پورا عدل وانصاف سے برتاؤ کرتا ہوں، اور جو چیز آپ کے اختیار میں ہے، میرے اختیار میں نہیں (یعنی کسی بی بی کی طرف دل کا زیادہ میلان) اس میں مجھے ملامت نہ کیجئے!'' (ترمذی، ابوداؤد، انسائی، ابن ماجہ، داری، مشکوۃ ص:۲۷۹) (۲۵۳)۔

---

(۲۵۲):عن ابن عباسؓ ان رسول اللہ ﷺ قبض عن تسع نسوة وكان يقسم منهن لثمان. متفق عليه.

وعن عائشةؓ ان سودةؓ كما كبرت قالت: يارسول اللہ! قد جعلت يومي منك لعائشةؓ، فكان رسول اللہ يقسم لعائشة يومين، يومها ويوم سودة. متفق عليه. (مشكاة المصابيح، كتاب النكاح، باب القسم، الفصل الاول، ص: ۲۷۹، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۲۵۳):عن عائشةؓ ان النبی ﷺ كان يقسم بين نسائه فيعدل ويقول: اللهم هذا قسمي فيما أملك فلاتلمني فيما تملك ولاأملك. رواه الترمذی وأبو داؤد

اس قسم کی بہت سی احادیث صحابہ کرام اور خود امہات المؤمنین رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہیں، گویہ یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ آنحضرت ﷺ نہ صرف ازواج مطہرتؓ کے حقوق ادا فرماتے تھے، بلکہ اس میں آپ نے عدل وانصاف کا اعلیٰ ترین معیار قائم کرکے دکھایا، خود ارشاد فرماتے تھے:

''تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو اپنے گھر والوں کے لئے سب سے بہتر ہو، اور میں اپنے گھر والوں کے لئے تم سب سے بہتر ہوں!'' (ترمذی، داری، ابن ماجہ، مشکوٰۃ ص: ۲۸۱)(۲۵۴)۔

اب اس ثابت شدہ حقیقت پر حیرت وتعجب کا اظہار کرنا اور اس سے انکار کی کوشش کرنا اس پر وہی ''حافظ جی'' کی مثال صادق آتی ہے جو آنکھیں بند کرکے محض عقلی احتمالات کے ذریعہ طلوع آفتاب کی نفی کی کوشش کررہا ہے۔

۴:... اور اگر آپ کے دوست کو اس بات کا شبہ ہے کہ امت کے لئے چار تک شادیوں کی اجازت ہے تو آنحضرت ﷺ کے لئے چار سے زائد شادیاں کیسے جائز تھیں؟ تو ان کو معلوم ہونا چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کے لئے اللہ تعالیٰ نے بہت سے خصوصی احکام دیئے تھے، جن کو اہل علم کی اصطلاح میں ''خصائص نبوی'' کہا جاتا ہے۔ حافظ سیوطیؒ نے ''الخصائص الکبریٰ'' میں، حافظ ابو نعیمؒ نے ''دلائل النبوۃ'' میں اور علامہ قسطلانیؒ

والنسائی وابن ماجة والدارمی. (مشکاة المصابیح، کتاب النکاح، باب القسم، الفصل الثانی، ص: ۲۷۹، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۲۵۴):**وعنها (أی عائشةؓ) قالت: قال رسول اللهﷺ: خیرکم خیرکم لأهله، وأنا خیرکم لأهلی. رواه الترمذی والدارمی ورواه ابن ماجة عن ابن عباسؓ.**

(مشکاة المصابیح، کتاب النکاح، باب عشرة النساء، الفصل الثانی، ص: ۲۸۱، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

نے ''مواہب لدنیہ'' میں ان ''خصائص'' کا اچھا خاصا ذخیرہ جمع کر دیا ہے(۲۵۵)۔ نکاح کے معاملے میں بھی آنحضرت ﷺ کی متعدد خصوصیات تھیں جن کو سورۂ احزاب کے چھٹے

(۲۵۵):فی الجامع لاحکام القرآن: خص اللّٰہ تعالیٰ رسوله فی أحکام الشریعة بمعان لم یشارکه فیها أحد. فی باب القرض والتحریم والتحلیل. مزیة علی الأمة وهیبة له، ومرتبة خص بها، ففرضت علیه أشیاء ما فرضت علی غیره، وحرمت علیه أفعال لم تحرم علیهم، وحللت له أشیاء لم تحلل لهم، منها متفق علیه، ومنها مختلف فیه.

فاما ما فرض علیه فتسعة: الأول التهجد باللیل، یقال: ان قیام اللیل کان واجبا علیه الی أن مات، لقوله تعالی: ﴿یایها المزمل. قم الّیل﴾ الآیة [المزمل: ۱، ۲]. والمنصوص أنه کان واجباً علیه ثم نسخ بقوله تعالی: ﴿ومن الّیل فتهجد به نافلة لک﴾ [الاسراء: ۷۹] وسیأتی: الثانی: الضحی. الثالث: الأضحی. الرابع: الوتر، وهو یدخل فی قسم التهجد. الخامس: السواک. السادس: قضاء دین من مات معسرا. السابع: مشاورة ذوی الأحلام فی غیر الشرائع. الثامن: تخییر النساء. التاسع: اذا عمل عملاً أثبته. زاد غیره: وکان یجب علیه اذا رأی منکراً أنکره وأظهره، لأن اقراره لغیره علی ذلک یدل علی جوازه، ذکر صاحب البیان.

وأما ما حرم علیه فجملته عشرة: الأول: تحریم الزکاة علیه وعلی آله. الثانی صدقة التطوع علیه، وفی آله تفصیل باختلاف. الثالث: خائنة الأعین، وهو أن یظهر خلاف ما یضمر، أو ینخدع عما یجب. وقد ذم بعض الکفار عند اذنه، ثم ألان له القول عند دخوله. الرابع: حرم علیه اذا لیس لأمته أن یخلعها عنه، أو یحکم اللّٰہ بینه وبین محاربه. الخامس: الأکل متکئاً. السادس: أکل الأطعمة الکریهة الزائحة. السابع: التبدل بأزواجه، وسیأتی. الثامن نکاح امراة تکره صحبته. التاسع نکاح الحرة الکابیة. العاشر: نکاح الأمة.

وحرم اللّٰہ علیه أشیاء لم یحرمها علی غیره تنزیهاً له وتطهیراً. فحرم علیه الکتابة وقول الشعر وتعلیمه، تأکیداً لحجته وبیاناً لمعجزته، قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وما

رکوع میں اللہ تعالیٰ نے ذکر فرمایا ہے۔ ان میں سے ایک خصوصیت یہ تھی کہ آپ کے لئے چار سے زائد شادیوں کی اجازت تھی۔

ایک یہ کہ آپ ﷺ کے لئے اپنے پدری و مادری خاندان کی خواتین میں سے صرف اس سے نکاح کرنا جائز تھا جنہوں نے مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ ہجرت کی ہو، آپ ﷺ کے خاندان کی جن عورتوں نے ہجرت نہیں کی تھی ان سے آپ ﷺ کا نکاح

كنت تتلوا من قبله من كتاب ولا يخطه بيمينك﴾ [العنكبوت: ٤٨]. وذكر النقاش أن النبي ﷺ ما مات حتى كتب، والأول هو المشهور. وحرم عليه أن يمد عينيه الى ما متع به الناس، قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿ولا تمدن عينيك الى ما متعنا به أزواجاً منهم﴾ الآية [طه: ١٣١].

وأما ما أحل له ﷺ فجملته ستة عشر: الأول صفى المغنم. الثانى: الاستبداد بخمس الخمس أو الخمس. الثالث: الوصال. الرابع: الزيادة على أربع نسوة. الخامس: النكاح بلفظ الهبة. السادس: النكاح بغير ولى. السابع: النكاح بغير صداق. الثامن: نكاحه فى حالة الاحرام. التاسع: سقوط القسم بين الأزواج عنه، وسيأتى. العاشر: اذا وقع بصره على امرأة وحب على زوجها طلاقها، وحل له نكاحها، قال ابن العربى: هكذا قال امام الحرمين، وقد مضى ما للعلماء فى قصة زيد من هذ المعنى. الحادى عشر: أنه أعتق صفية وجعل عتقها صداقها. الثانى عشر: دخوله مكة بغير احرام. وفى حقنا فيه اختلاف. الثالث عشر: القتال بمكة. الرابع عشر: أنه لا يورث. وانما ذكر هذا فى قسم التحليل لأن الرجل اذا قارب الموت بالمرض زال عنه أكثر ملكه، ولم يبق له الا الثلث خالصاً وبقى ملك رسول اللّٰه ﷺ بعد موته، على ما تقرر بيانه فى آية المواريث، وفى سورة مريم بيانه أيضاً. الخامس عشر: بقاء زوجيته من بعد الموت. السادس عشر: اذا طلق امرأة تبقى حرمته عليها فلا تنكح. (الجامع لاحكام القرآن، سورة الأحزاب، الآية: ٥٠، ج: ١٧، ص: ١٨٥، ١٨٦، ١٨٧، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

جائز نہیں تھا۔ ایک خصوصیت یہ تھی کہ اگر کوئی خاتوں مہر کے بغیر آپ کے عقد میں آنے کی پیشکش کرے اور آپ اس کو قبول فرمالیں تو بغیر مہر کے آپ کا عقد صحیح تھا (۲۵٦)، جبکہ امت کے لئے نکاح میں مہر کا ہونا ضروری ہے۔ اگر زوجین نے یہ شرط کرلی ہو کہ مہر نہیں ہوگا، تب بھی ''مہر مثل'' لازم آئے گا۔

(۲۵٦):قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: یأیها النبی انا أحللنا لک أزواجک الٰتی اٰتیت اجورهن وماملکت یمینک مما آفاء اللّٰہ علیک وبنٰت عمک وبنٰت عمٰتک وبنٰت خالک وبنٰت خٰلٰتک الٰتی هاجرن معک وامراة مؤمنة ان وهبت نفسها للنبی ان اراد النبی ان یستنکحها خالصة لک من دون المؤمنین قد علمنا ما فرضنا علیهم فی ازواجهم وما ملکت ایمانهم لکیلا یکون علیک حرج وکان اللّٰہ غفورا رحیما. (سورة الاحزاب: ٥٠)

وفی تفسیر ابن کثیر: قال الشافعی: وقد دلت سنة رسول اللّٰہ ﷺ المبینة عن اللّٰہ أنه لایجوز لأحد غیر رسول اللّٰہ ﷺ أن یجمع بین أکثر من أربع نسوة.

وهذا الذی قاله الشافعی رحمه اللّٰہ، مجمع علیه بین العلماء، الا ما حکی عن طائفة من الشیعة أنه یجوز الجمع بین أکثر من أربع الی تسع. وقال بعضهم: بلاحصر. وقد یتمسک بعضهم بفعل النبی ﷺ فی جمعه بین أکثر من أربع الی تسع کما ثبت فی الصحیحین، وأما احدی عشرة کما جاء فی بعض ألفاظ البخاری. وقد علقه البخاری، وقد روینا عن أنسؓ رسول اللّٰہ ﷺ تزوج بخمس عشرة امراة، ودخل منهن بثلاث عشر، واجتمع عنده احدی عشرة ومات عن تسع. وهذا عند العلماء من خصائص رسول اللّٰہ ﷺ دون غیره من الأمة. (تفسیر ابن کثیر، سورة النساء، الآیة: ۳، ج: ۲، ص: ۲۰۹، ط، دار طیبة)

وفی الجامع لاحکام القرآن: اعلم أن هذه العدد: مثنی وثلاث، ورباع، لایدل علی اباحة تسع، کما قاله من بعد فهمه للکتاب والسنة...وأما ما أبیح من ذلک للنبی ﷺ، فذلک من خصوصیاته، علی ما یأتی بیانه فی الاحزاب. (الجامع لاحکام القرآن، سورة النساء: ۳، ج: ٦، ص: ۳۳، ۳٤، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

آپ ﷺ کی ایک خصوصیت یہ تھی کہ بیویوں کے درمیان برابری کرنا آپ کے ذمہ ضروری نہیں تھا (اس کے باوجود آپ ازواج مطہراتؓ کے درمیان برابری اور عدل وانصاف کی پوری رعایت فرماتے تھے، جیسا کہ اوپر عرض کر چکا ہوں) (۲۵۷)۔

وفی الدرالمنثور: وأخرج ابن المنذر عن الشعبی فی الآیة قال: رخص له فی بنات عمه، وبنات عماته، وبنات خاله، وبنات خالاته، اللاتی هاجرن معه، أن یتزوج منهن، ولایتزوج من غیرهن، ورخص له فی امرأة مؤمنة ان وهبت نفسها للنبی ﷺ. (الدرالمنثور فی التفسیر بالمأثور، سورة الأحزاب، الآیة: ۵۰، ج: ۱۲، ص: ۸٤)

وفی الجامع لاحکام القرآن: لایحل لک منهن الا من هاجر الی المدینة، لقوله تعالی: ﴿والذین اٰمنوا ولم یهاجروا مالکم من ولٰیتهم من شیء حتیٰ یهاجروا﴾ [الانفال: ۷۲] ومن لم یهاجر لم یکمل، ومن یکمل لم یصلح للنبی ﷺ الذی کمل وشرف وعظم ﷺ. (الجامع لأحکام القرآن، سورة الأحزاب، الآیة: ۵۰، ج: ۱۷، ص: ۱۸۱، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

وفی الدرالمنثور: وأخرج عبدالرزاق، وعبد بن حمید وعن ابن شهاب قال: لایحل لرجل أن یهب ابنته بغیر صداق، قد جعل اللّٰه ذلک للنبی صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم خاصة دون المؤمنین. (الدرالمنثور فی التفسیر بالمأثور، سورة الأحزاب، الآیة: ۵۰، ج: ۱۲، ص: ۸۸)

وفی التفسیر المأمون: قال قتادة: لیس لامرأة أن تهب نفسها بغیر أمر ولی ولا مهر، الا للنبی، کانت له خالصة من دون الناس. (التفسیر المأمون، سورة الأحزاب، الآیة: ۵۰، ج: ٦، ص: ۱۹۵)

(۲۵۷): قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: ترجی من تشآء منهن وتؤیٓ الیک من تشآء ومن ابتغیت ممن عزلت فلاجناح علیک ذٰلک ادنیٰ ان تقر اعینهن ولایحزن ویرضین بمآ اٰتیتهن کلهن واللّٰه یعلم ما فی قلوبکم وکان اللّٰه علیما حلیما. (سورة الاحزاب: ۵۱)

وفی الجامع لأحکام القرآن: واختلف العلماء فی تأویل هذه الآیة، وأصح ما

جبکہ امت کے وہ افراد جن کے عقد میں دو یا زیادہ بیویاں ہوں، ان کے ذمہ بیویوں کے درمیان برابری رکھنا فرض ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ:

''جس کی دو بیویاں ہوں اور وہ ان کے درمیان عدل اور برابری نہ کرے وہ قیامت کے دن ایسی حالت میں آئے گا کہ اس کا ایک پہلو مفلوج ہوگا۔'' (ترمذی، ابوداؤد، انسائی، ابن ماجہ، دارمی، مشکوٰۃ ص:۲۷۹)(۲۵۸)۔

الغرض! نکاح کے معاملے میں بھی آپ ﷺ کی بہت سے خصوصیات تھیں، اور بیک وقت چار سے زائد بیویوں کا جمع کرنا بھی آپ کی انہی خصوصیات میں شامل ہے، جس

قیل فیها: التوسعة علی النبی ﷺ فی ترک القسم، فکان لایجب علیه القسم بین زوجناته. وهذه القول هو الذی یناسب ما مضی، وهو الذی ثبت معناه فی الصحیح عن عائشة رضی اللّٰه عنها، قالت: کنت أغار علی اللائی وهبن أنفسهن لرسول اللّٰه ﷺ وأقول: أوتهب المرأة نفسها لرجل؟ فلما أنزل اللّٰه عزوجل: ﴿ترجی من تشاء منهن وتؤیٓ الیک من تشآء ومن ابتغیت ممن عزلت﴾ قالت: قلت: واللّٰه ما أری ربک الا یسارع فی هواک. قال ابن العربی: هذا الذی ثبت فی الصحیح هو الذی ینبغی أن یعول علیه. والمعنی المراد: هو أن النبی ﷺ کان مخیراً فی أزواجه، ان شاء أن یقسم قسم، وان شاء أن یترک القسم ترک. فخص النبی ﷺ بأن جعل الأمر الیه فیه، لکنه کان یقسم من قبل نفسه دون فرض ذلک علیه، تطییباً لنفوسهن، وصونا لهن عن أقوال الغیرة التی ترقی الی ما لاینبغی. (الجامع لاحکام القرآن، سورۃ الأحزاب، الآیة: ۵۱، ج: ۱۷، ص: ۱۹۰، ط، مؤسسة الرسالة بیروت لبنان)

(۲۵۸):عن أبی هریرةؓ عن النبی ﷺ قال اذا کانت عند الرجل امرأتان فلم یعدل بینهما جاء یوم القیامة وشقه ساقط رواه الترمذی وأبوداؤد والنسائی وابن ماجة والدارمی. (مشکاة المصابیح، کتاب النکاح، باب القسم، الفصل الثانی، ص: ۲۷۹، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

کی تصریح خود قرآن مجید میں موجود ہے۔

حافظ سیوطیؒ ''خصائص کبریٰ'' میں لکھتے ہیں کہ: شریعت میں غلام کو صرف دو شادیوں کی اجازت ہے، اور اس کے مقابلے میں آزاد آدمی کو چار شادیوں کی اجازت ہے، جب آزاد کو بمقابلہ غلام کے زیادہ شادیوں کی اجازت ہے، تو پھر آنحضرت ﷺ کو عام افراد امت سے زیادہ شادیوں کی کیوں اجازت نہ ہوتی (۲۵۹)؟

متعدد انبیاء کرام علیہم السلام ایسے ہوئے ہیں جن کی چار سے زیادہ شادیاں تھیں، چنانچہ حضرت داؤد علیہ السلام کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی سو بیویاں تھیں (۲۶۰)، اور صحیح بخاری (ج:۱ص:۳۹۵) میں ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی سو یا ننانوے بیویاں تھیں۔ بعض روایات میں کم وبیش تعداد آئی ہے۔ فتح الباری میں حافظ ابن حجرؒ نے ان روایات میں تطبیق کی ہے اور وہب بن منبہ کا قول نقل کیا ہے کہ سلیمان علیہ السلام کے یہاں تین سو بیویاں اور سات سو کنیزیں تھیں۔ (فتح الباری ج:۶ص:۴۶۰) (۲۶۱)۔

---

(۲۵۹):فی الخصائص الکبری: قال العلماء: لما کان الحر لفضله علی العبد یستبیح من النسوة أکثر مما یستبیحه العبد وجب أن یکون النبی ﷺ لفضله علی جمیع الأمة یستبیح من النساء أکثر ما تستبیحه الأمة. (الخصائص الکبری، باب اختصاصه ﷺ بنکاح أکثر من أربع نسوة وهو اجماع، ج: ۳، ص: ۲۹۸، ط، دار الکتب الخدیثة)

(۲۶۰):فی البدایة:ما أتی الله سلیمان ابن داود کانت له الف امرأة سبعمائة مهریة وثلثمائة سریة وکانت لداود علیه السلام مائة امرأة. (البدایة والنهایة، ج: ۲، ص: ۱۵، ط، مکتبة المعارف بیروت لبنان)

وفی روح المعانی: ذکر أنه کان لسلیمان علیه السلام ثلثمائة امرأة مهریة وسبعمائة وأنه کان لداؤد علیه السلام مائة امرأة. (روح المعانی، سورة الرعد، الآیة: ۳۸، ج: ۱۳، ص: ۱۶۸، ط، دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان)

(۲۶۱):عن عبدالرحمٰن بن هرمز قال: سمعت أبا هریرة رضی الله عنه، عن

بائبل میں اس کے برعکس ذکر کیا ہے کہ سلیمان علیہ السلام کی سات سو بیویاں اور تین سو کنیزیں تھیں (سلاطین، ۱۱۔۳) ظاہر ہے کہ یہ حضرات ان تمام بیویوں کے حقوق ادا کرتے ہوں گے، اس لئے آنحضرت ﷺ کا نو ازواج مطہرات ؓ کے حقوق ادا کرنا ذرا بھی محل تعجب نہیں!

رسول اللّٰہ ﷺ قال: سلیمان بن داؤد علیهما السلام: لأطوفن اللیلة علی مائة امرأة أو تسع وتسعین، کلهن یأتی بفارس یجاهد فی سبیل اللّٰه. فقال له صاحبه: قل: ان شاء اللّٰه، فلم یقل: ان شاء اللّٰه، فلم تحمل منهن الا امرأة جاء ت بشق رجل. والذی نفس محمد بیده لو قال: ان شاء اللّٰه، لجاهدوا فی سبیل اللّٰه فرساناً أجمعون.

(صحیح البخاری، کتاب الجهاد والسیر، باب من طلب الولد للجهاد، ص: ۵۷۳، رقم: ۲۸۱۹، ط، دار السلام ریاض)

عن الأعرج عن أبی هریرة عن النبی ﷺ قال: قال سلیمان بن داؤد: لأطوفن اللیلة علی سبعین امرأة تحمل کل امرأة فارساً یجاهد فی سبیل اللّٰه. فقال له صاحبه: ان شاء اللّٰه. فلم یقل، فلم تحمل شیئاً الا واحداً ساقطاً أحد شقیه. فقال النبی ﷺ: لو قالها لجاهدوا فی سبیل اللّٰه. قال شعیب وابن أبی الزناد: تسعین، وهو أصح. وفی الفتح تحت هذا الحدیث: قوله (علی سبعین امرأة) کذا هنا من روایة مغیرة، وفی روایة شعیب کما سیأتی فی الأیمان والنذور "فقال تسعین" وقد ذکر المصنف ذلک عقب هذا الحدیث ورجح تسعین بتقدیم المثناة علی سبعین وذکر أن ابن أبی الزناد رواه کذلک. قلت: وقد رواه سفیان بن عیینة عن أبی الزناد فقال: "سبعین" وسیأتی فی کفارة الأیمان من طریقه. ولکن رواه مسلم عن ابن أبی عمر عن سفیان فقال "سبعین" بتقدیم السین، وکذا هو فی مسند الحمیدی، عن سفیان، وکذا أخرجه مسلم من روایة ورقاء عن أبی الزناد، وأخرجه الاسماعیلی والنسائی وابن حبان من طریق هشام بن عروة عن أبی الزناد قال "مائة امرأة" وکذا قال طاؤس عن أبی هریرة ؓ کما سیأتی فی الایمان والنذور، من روایة معمر، وکذا قال أحمد عن عبدالرزاق من روایة هشام بن حجیر عن طاؤس "تسعین" و سیأتی

۵:...آنحضرت ﷺ کی خصوصیات کے بارے میں یہ نکتہ بھی فراموش نہیں کرنا چاہئے کہ متعدد احادیث سے ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کو چالیس جنتی مردوں کی طاقت عطا کی گئی تھی، اور ہر جنتی کو سو آدمیوں کی طاقت عطا کی جائے گی۔ اس حساب سے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں چار ہزار مردوں کی طاقت تھی۔ (فتح الباری ج:۱ ص: ۳۷۸)(۲۶۲)۔

فی کفارة الأیمان، ورواه مسلم عن عبد بن حمید عن عبدالرزاق فقال "سبعین" و سیأتی فی التوحید من روایة أیوب عن ابن سیرین عن أبی هریرةؓ "کان لسلیمان ستون امرأة" ورواه أحمد وأبو عوانة من طریق هشام عن ابن سیرین فقال "مائة امرأة وکذا قال عمران بن خالد عن ابن سیرین عند ابن مردویه، وتقدم فی الجهاد من طریق جعفر بن ربیعة عن الأعرج فقال "مائة امرأة أو تسع وتسعون علی الشک فمحصل الروایات ستون وسبعون وتسعون وتسع وتسعون ومائة، والجمع بینها أن الستین کن حرائر وما زاد علیهن کن سراری أو بالعکس، وأما السبعون فللمبالغة، وأما التسعون والمائة فکن دون المائة وفوق التسعین فمن قال تسعون ألغی الکسر ومن قال مائة جبره ومن ثم وقع التردد فی روایة جعفر، وأما قول بعض الشراح: لیس فی ذکر القلیل نفی الکثیر وهو من مفهوم العدد ولیس بحجة عند الجمهور فلیس بکاف فی هذا المقام، وذلک أن مفهوم العدد معتبر عند کثیرین. واللّٰه أعلم. وقد حکی وهب بن منبه فی المبتداء أنه کان لسلیمان ألف امرأة ثلاثمائة مهرة وسبعمائة سریة، ونحوه مما أخرج الحاکم فی المستدرک من طریق أبی معشر عن محمد بن کعب قال: بلغنا أنه کان لسلیمان ألف بیت من قوارير علی الخشب فیها ثلثمائة صریحة وسبعمائة سریة. (فتح الباری بشرح صحیح البخاری، کتاب الأنبیاء، باب قوله عزوجل: ﴿ووهبنا لداؤد سلیمان نعم العبد انه أواب﴾، ج: ٦، ص: ٥٣١، رقم: ٣٤٢٤)

(۲۶۲):عن أنس بن مالکؓ قال: کان النبیﷺ یدور علی نسائه فی الساعة الواحدة من اللیل والنهار وهن احدی عشرة. قلت لأنس: أو کان یطیقه؟ قال کنا

جب امت کے ہر مریل سے مریل آدمی کو چار تک شادیاں کرنے کی اجازت ہے تو آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لئے جن میں چار ہزار مردوں کی طاقت ودیعت کی گئی تھی، کم از کم سولہ ہزار شادیوں کی اجازت ہونی چاہئے تھی.....!

۶:...اس مسئلہ پر ایک دوسرے پہلو سے بھی غور کرنا چاہئے، ایک داعی اپنی دعوت مردوں کے حلقے میں بلا تکلیف پھیلا سکتا ہے لیکن خواتین کے حلقے میں براہ راست دعوت نہیں پھیلا سکتا، حق تعالیٰ شانہ نے اس کا یہ انتظام فرمایا کہ ہر شخص کو چار بیویاں رکھنے کی اجازت ہے، جو جدید اصطلاح میں اس کی ''پرائیوٹ سیکریٹری'' کا کام دے سکیں اور خواتین کے حلقے میں اس کی دعوت کو پھیلا سکیں۔ جب ایک امتی کے لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ سے یہ انتظام فرمایا ہے تو آنحضرت ﷺ جو قیامت تک تمام انسانیت کے نبی اور ہادی ومرشد تھے، قیامت تک پوری انسانیت کی سعادت جن کے قدموں سے وابستہ کردی گئی تھی، اگر اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت ورحمت سے امت کی خواتین کی اصلاح وتربیت کے لئے خصوصی انتظام فرمایا ہو تو اس پر ذرا بھی تعجب نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ حکمت وہدایت

نتحدث أنه أعطى قوة ثلاثين. وقال سعيد عن قتادة أن انساً حدثهم: تسع نسوة. وفي الفتح تحت هذا الحديث: قوله: (أو كان) بفتح الواو هو مقول قتادة والهمزة للاستفهام ومميز ثلاثين محذوف أي ثلاثين رجلاً، ووقع في رواية الاسماعيلي من طريق أبي موسى عن معاذ بن هشام "أربعين" بدل ثلاثين، وهي شاذة من هذا الوجه، لكن في مراسيل طاوس مثل ذلك، وزاد "في الجماع"، وفي صفة الجنة لأبي نعيم من طريق مجاهد مثله وزاد "من رجال أهل الجنة"، ومن حديث عبدالله بن عمر ورفعه "أعطيت قوة أربعين في البطش والجماع" وعند أحمد والنسائي وصححه الحاكم من حديث زيد بن أرقم رفعه "ان الرجل من أهل الجنة ليعطى قوة مائة في الأكل والشرب والجماع والشهوة" فعلى هذا يكون حساب قوة نبينا أربعة آلاف.

(فتح الباري، كتاب الغسل، باب اذا جامع ثم عاد ومن دار على نسائه في غسل واحد، ج: ۱، ص: ٤٤٩)

کا یہی تقاضا تھا۔

۷:...اسی کے ساتھ یہ بات پیش نظر رہنی چاہئے کہ آنحضرت ﷺ کی خلوت وجلوت کی پوری زندگی کتاب ہدایت تھی، آپ کی جلوت کے افعال واقوال کو نقل کرنے والے ہزاروں صحابہ کرامؓ موجود تھے، لیکن آپ کی خلوت وتنہائی کے حالات امہات المؤمنینؓ کے سوا اور کون نقل کرسکتا تھا؟ حق تعالیٰ شانہ نے آنحضرت ﷺ کی زندگی کے ان خفی اور پوشیدہ گوشوں کو نقل کرنے کے لئے متعدد ازواج مطہرات کا انتظام فرمادیا، جن کی بدولت سیرت طیبہ کے خفی سے خفی گوشے بھی امت کے سامنے آگئے، اور آپ ﷺ کی خلوت وجلوت کی پوری زندگی ایک کھلی کتاب بن گئی جس کو ہر شخص، ہر وقت ملاحظہ کرسکتا ہے۔

۸:....اگر غور کیا جائے تو کثرت ازواج اس لحاظ سے بھی معجزۂ نبوت ہے کہ مختلف مزاج اور مختلف قبائل کی متعدد خواتین آپ ﷺ کی نجی سے نجی زندگی کا شب وروز مشاہدہ کرتی ہیں، اور وہ بیک زبان آپ کے تقدس وطہارت، آپ کی خشیت وتقویٰ، آپ کے خلوص وللّٰہیت اور آپ کے پیغمبرانی اخلاق واعمال کی شہادت دیتی ہیں۔ اگر خدانخواستہ آپ ﷺ کی نجی زندگی میں کوئی معمولی سا جھول اور کوئی ذرا سی بھی کجی ہوتی تو اتنی کثیر تعداد ازواج مطہراتؓ کی موجودگی میں وہ کبھی بھی مخفی نہیں رہ سکتی تھی۔ آپ ﷺ کی نجی زندگی کی پاکیزگی کی یہ ایسی شہادت ہے خود دلیل صداقت اور معجزۂ نبوت ہے۔ یہاں بطور نمونہ ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ایک فقرہ نقل کرتا ہوں جس سے نجی زندگی میں آنحضرت ﷺ کے تقدس وطہارت اور پاکیزگی کا کچھ اندازہ ہوسکے گا۔ وہ فرماتی ہیں: ”میں نے کبھی آنحضرت ﷺ کا ستر نہیں دیکھا، اور نہ آنحضرت ﷺ نے کبھی میرا ستر دیکھا (۲۶۳)۔“ کیا دنیا میں کوئی بیوی اپنے شوہر کے بارے میں یہ شہادت دے سکتی ہے

---

(۲۶۳):عن عائشةؓ قال ما نظرت أو ما رأيت فرج رسول اللهﷺ قط قال ابوبكر قال أبو نعيم عن مولاة لعائشة.قال البوصيري: هذا اسناد ضعيف لجهالة تابعيه. رواه ابن ماجة في كتاب الطهارة بهذا الاسناد وقد تقدم. ورواه ابن أبي شيبة

کہ مدۃ العمر انہوں نے ایک دوسرے کا ستر نہیں دیکھا؟ اور کیا اس اعلیٰ ترین اخلاق اور شرم وحیا کا نبی کی ذات کے سوا کوئی نمونہ مل سکتا ہے؟ کہ آنحضرت ﷺ کی نجی کے ان ''خفی محاسن'' کو ازواج مطہرات کے سوا کون نقل کرسکتا تھا....؟ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱، ص: ۱۷۹ تا ۱۸۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی/ خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۱۴۱، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

حضرت سودہؓ کو طلاق دینے کے ارادے کی حکمت

﴿سوال﴾:

ایک آدمی اپنی بیوی کو اس لئے طلاق دے دے کہ وہ بوڑھی ہوگئی اور اس کے قابل نہیں رہی، اس بات کو کوئی بھی بنظر استحسان نہیں دیکھتا۔ ایک روایت میں ہے کہ حضور علیہ

فی مسنده هكذا. ورواه الترمذی فی الشمائل عن محمود بن غيلان، عن وكيع، به. ورواه الحاكم من طريق عبدالرحمٰن بن مهدی عن سفيان فذكره باسناده ومتنه سواء. ورواه البيهقی فی الكبری عن الحاكم بالسند. ورواه الطبرانی فی المعجم الصغير عن أحمد بن زكريا شاذان، عن بركة بن محمد الحلبی، عن يوسف بن أسباط، عن سفيان الثوری، عن محمد بن جحادة، عن قتادة، عن أنسؓ، عن عائشة قالت: مارأيت عورة رسول اللهﷺ قط.

قال الطبرانی: تفرد به بركة بن محمد.

قال الدارقطنی: بركة بن محمد كذاب يضع الحديث، وقال الحاكم: يروی أحاديث موضوعة.

وقال ابن عدی: سائر أحاديثه باطلة. (مصباح الزجاجة فی زوائد ابن ماجة ومعه كفاية الحاجة، كتاب النكاح، باب التستر عند الجماع، ص: ۷۵۸، رقم: ۱۹۲۲، ط، بيت الأفكار الدولية السعودية)

السلام نے حضرت سودہؓ کو ان کے بڑھاپے کی وجہ سے طلاق دینا چاہی، پھر جب حضرت سودہؓ نے اپنی باری حضرت عائشہؓ کو دے دی تو آپ نے طلاق کا ارادہ بدل لیا۔ یہ بات حضور ﷺ کی ذات اقدس سے بعید معلوم ہوتی ہے اور مخالفوں کے اس اعتراض کو کہ نعوذ باللہ! تعدّد ازواج کی غرض شہوت رانی تھی، تقویت ملتی ہے، حالانکہ حضور ﷺ کو یتیموں اور بیواؤں کا ملجا وماوی قرار دیا جاتا ہے۔

﴿جواب﴾:

عرب میں طلاق معیوب نہیں سمجھی جاتی، جتنی کہ ہمارے ماحول میں اس کو قیامت سمجھا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں آنحضرت ﷺ کے بارے میں "تُرْجِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِیْ اِلَیْکَ مَنْ تَشَاءُ" (۲۶۴) فرما کر آپ کو رکھنے نہ رکھنے کا اختیار دے دیا گیا تھا، اس لئے آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا کسی کی علیحدگی کا فیصلہ کر لینا کسی طرح بھی محل اعتراض نہیں۔ اور ازدواجی زندگی صرف شہوت رانی کے لئے نہیں ہوتی، موانست اور موالفت اس کے اہم مقاصد میں سے ہے۔ بہت ممکن ہے کسی وقت کسی بی بی سے موانست نہ رہے اور طلاق کا فیصلہ کر لیا جائے اور حضرت عائشہؓ کو اپنی باری دے دینا اور اپنے تمام حقوق سے دستبردار ہو جانا حضرت امّ المؤمنین سودہؓ کا وہ ایثار تھا (۲۶۵) جس پر آنحضرت ﷺ نے فیصلہ تبدیل فرمالیا، اس سے زیادہ گفتگو کرتا لیکن یہاں اشارہ کافی ہے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۹۲، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۲۶۴):(سورۃ الاحزاب: ۵۱)

(۲۶۵):وعن عائشةؓ ان سودةؓ كما كبرت قالت: يارسول الله! قد جعلت يومي منك لعائشةؓ، فكان رسول الله يقسم لعائشة يومين، يومها ويوم سودة. متفق عليه. (مشكاة المصابيح، كتاب النكاح، باب القسم، الفصل الاول، ص: ۲۷۹، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام کے چچے کتنے تھے؟

﴿سوال﴾:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا کتنے تھے اور ان کے نام کیا تھے؟ اور ان میں کون کون اسلام لائے تھے؟

﴿الجواب﴾:

بمطابق ابن ہشام وابنِ سعد، آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نو چچے تھے۔ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ، ابو طالب اسمہ عبد مناف، زبیر، حارث، حجل، المقوم، ضرار، ابولہب اسمہ عبدالعزی (۲٦٦)۔ [سیرت ابن ہشام، ص: ٦١]

زادالمعاد اور ابن سعد نے حجل کی بجائے غیداق کو ذکر کیا ہے۔ [طبقات الکبریٰ، ج: ۱، ص: ۸۸]

حجل اور غیداق ایک ہی شخص کے دو نام ہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔ (خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۴٦٦، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

---

(۲٦٦): **فی العقد الثمین: أما أعمامه: فهم: حمزة والعباس رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما: أسلما والحارث وأبو طالب والزبیر، وعبدالکعبة، والمقوم، ویقال: هما واحد، وحجل واسمه: المغیرة والفیدان، ویقال: هما واحد وقثم، ومن أسقطه، وضرار، وأبو لهب، واسمه: عبدالعزی، وکنی بذلک لجماله، وصار فی الآخرة لماله.** (العقد الثمین فی تاریخ البلد الأمین، فصل فی أعمامه وعماته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، ج: ۱، ص: ٤۱٥، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام کی پھوپھیاں کتنی تھیں؟

﴿سوال﴾:

آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھیاں کتنی تھیں اور ان میں سے کون سی اسلام لائیں۔ان کا نام کیا تھا؟

﴿الجواب﴾:

چھ تھیں۔۱: صفیہ،۲: اروی،۳: عاتکہ،۴: ام حکیم البیضاء،۵: برّہ،۶: امیمہ ان میں سے حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ایمان لائیں۔اور کہا جاتا ہے اروی اور عاتکہ بھی ایمان لائیں اور ہجرتِ مدینہ کی (۲۶۷)۔[سیرت ابن ہشام، ص: ۶۱] واللہ تعالیٰ اعلم۔(خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۴۶۵،۴۶۶، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

❁❁❁

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد کے عرب مستعربہ میں سے ہونے کی تحقیق

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ سبحانہ کے بارے میں آنحضور کا تسلی بخش جواب دست یاب ہوا کافی خوشی ہوئی ایک اور بات دریافت طلب یہ ہے کہ تقریر حاوی ص: ۱۵ پر لکھا ہے کہ قحطان عرب عاربہ اور عدنان عرب مستعربہ میں سے

---

(۲۶۷):فی العقد الثمین:أما أعمامه... وعماته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم: صفية وعاتكه، وأروى: أسلمن. وفی ذلک خلاف الا صفية وأميمة، وبرة، وأم حكيم البيضاء. (العقد الثمين فی تاريخ البلد الأمين، فصل فی أعمامه وعماته صلی اللّٰه تعالیٰ علیه وسلم، ج: ۱، ص: ٤١٥، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

ہیں اور جامع اللغات ص: ۵۲۲، اردو میں لکھا ہے کہ قحطان نوح علیہ السلام کے پڑپوتے کا نام ہے اور عدنان آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ایک فصیح و بلیغ شخص کا نام ہے، [ص: ۴۷۳] دریافت طلب بات یہ ہے کہ عدنان جب نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ہیں تو انہیں عرب عاربہ یعنی پیدائشی عرب ہونے چاہئے اور قحطان پڑپوتے نوح علیہ السلام کو عرب مستعربہ میں سے یعنی باہر سے آکر مقیم ہونے والوں میں سے ہونے چاہئے، براہ کرم مع حوالہ تسلی بخش جواب سے نوازیں کرم ہوگا۔

نیز ایک کتاب عالمی تاریخ کے صفحہ ۲۲ پر ہے کہ عدنان اکیسویں پشت پر آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد میں سے ہیں۔

نوٹ: سابق خط سے متعدد استاذوں کو تسلی ہوئی۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

تقریر حاوی اور جامع اللغات دونوں میں صحیح لکھا ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجداد عرب مستعربہ ہیں کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اصلی عربی نہیں ہیں بلکہ باہر سے تشریف لائے تھے اس لئے قبیلہ عدنان عرب مستعربہ ہیں، اور قحطان حضرت نوح علیہ السلام کا پڑپوتا ہے، سب سے پہلے طوفان نوح علیہ السلام کے بعد عرب کی آبادی اولاد قحطان سے ہوئی ہے اس لئے قبیلہ قحطان عرب العرباء ہوا ہے تو کوئی اشکال کی بات نہیں اب دونوں کو کمال فصاحت و بلاغت کے لئے بولتے ہیں۔ [شیخ زادہ ۱/۵] فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۳۴۹، ۳۵۰، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند الہند)

حضور ﷺ کے پیشاب، خون اور دیگر فضلات کا حکم

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضور ﷺ کا پیشاب پاک تھا ناپاک؟ اہل سنت والجماعت کا اس بارے میں کیا عقیدہ ہے؟ حضرت مولانا عبدالشکور صاحب دین پوریؒ کی کتاب ''خطبات دین پوری'' (ناشر مکتبہ نعیمہ دیوبند) میں ایک واقعہ لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرات ام ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ یہ پیشاب پھینک دو، ام ایمن رضی اللہ عنہا نے پیشاب پھینکا نہیں؛ بلکہ پی لیا۔ حضور ﷺ کے پوچھنے پر ام ایمن رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ میں نے پیشاب پھینکا نہیں بلکہ پی لیا، تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ اگر نہ پیتی تو اچھا تھا۔ اور اگر تو نے پی لیا تو جب تک زندہ رہے گی، تیرے پیٹ میں کوئی بیماری نہیں ہوگی، تو حضور ﷺ کے پیشاب کے پاک ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں کس حدیث میں ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور ﷺ کا پیشاب خون اور دیگر تمام فضلات پاک ہیں، یہی حضرت امام ابو حنیفہؒ اور جمہور امت کا مسلک ہے۔ ام ایمن جو آپ ﷺ کی خدمت میں رہا کرتے تھیں، انہوں نے آپ ﷺ کا پیشاب پی لیا تھا، پینے کے بعد آپ ﷺ سے ذکر کیا، تو آپ ﷺ نے تبسم فرمایا اور کہا کہ اب تمہیں کبھی پیٹ میں درد لاحق نہ ہوگا۔ (الاصابہ فی تمییز الصحابہ، دارلکتب العلمیۃ بیروت ۸/ ۳۰۷، مجمع الزوائد، دارلکتب العلمیۃ بیروت ۸/ ۲۷۱، اسد الغابہ، دارلفکر ۶/ ۳۰۳، مدارج النبوۃ ۱/ ۵۱، حیاۃ الصحابہ ۲/ ۵۸۱)

عن أم أيمن رضى الله عنها قالت: قام النبی ﷺ من الليل الى فخارة من جانب البيت، فبال فيها، فقمت من الليل وأنا عطشى، فشربت من فى الفخارة، وأنا لا أشعر، فلما

أصبح النبی ﷺ قال: یا أم أیمن! قومی الی تلک الفخارة؟ فاهریقی ما فیها، قلت: قد واللّٰه شربت ما فیها، قال: فضحک رسول اللّٰه ﷺ حتی بدت نواجذه، ثم قال: أما انک لا یفجع بطنک بعده أبدا. (المستدرك، کتاب معرفة الصحابة، مکتبه نزار مصطفی الباز ۷/ ۲۴۷۰، رقم: ۶۹۱۲)

لہٰذا سوال نامہ میں جس واقعہ کا ذکر ہے وہ صحیح ہے، اسی طرح حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ نے پچھنے کا خون پی لیا تھا، اس پر آپ ﷺ نے فرمایا کہ تمہیں دوزخ کی آگ نہیں چھوئے گی، نیز ایسے ہی حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے والد حضرت مالک بن سنان رضی اللہ عنہ نے غزوۂ احد کے دن آپ ﷺ کے زخموں کے خون کو اپنے منہ سے چوس کر زبان سے صاف کیا تھا، اس پر حضور ﷺ نے فرمایا: جو شخص خواہش رکھتا ہے کہ وہ کسی جنتی شخص کو دیکھے تو وہ انہیں دیکھ لے۔ (مجمع الزوائد، دار الکتب العلمیۃ بیروت ۸/ ۲۷۱، مدارج النبوۃ ۱/ ۵۱، حیاۃ الصحابہ ۲/ ۵۸۱)

اسی وجہ سے حضور اکرم ﷺ کا پیشاب، خون اور دیگر تمام فضلات حضرت امام اعظم ابوحنیفہ اور حضرات جمہور امت کے نزدیک پاک ہیں۔

فأبو حنیفةؒ.... وهو یقول: بطهارة بوله وسائر فضلاته. (عمدة القاری، کتاب الطهارة، باب فضل وضوء الناس، مکتبه دار احیاء التراث العربی بیروت ۳/ ۷۹، زکریا ۲/ ۵۴۳)

صحح بعض أئمة الشافعیة طهارة بوله ﷺ وسائر فضلانه، وبه قال أبو حنیفة. (شامی، کتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب فی طهارة بوله ﷺ کراچی ۱/ ۲۱۸، زکریا ۱/ ۵۲۲) فقط واللّٰه سبحانه وتعالیٰ اعلم (فتاوی قاسمیه، ج:

۲، ص: ۱۲۷تا ۱۲۹، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند/ کفایة المفتی، ج: ۱، ص: ۹۰، ۹۱، ط، دار الاشاعت کراچی/فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۲۹تا ۲۳۱، ط، مکتبه دار العلوم دیوبند/حبیب الفتاوی، ج: ۷، ص: ۵۱، ط، مکتبه طیبه دیوبند یوپی الهند/ارشاد المفتین، ج: ۱، ص: ۲۸۵، ط، مکتبة الحسن لاهور/خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۳۲۸، ۳۲۹، ط، مکتبه امدادیه ملتان/فتاوی فریدیه، ج: ۱، ص: ۴۶۳، ۴۶۴/محمود الفتاوی، ج: ۲، ص: ۱۲۵، ۱۲۶، ط، مکتبه محمودیه محمود نگر گجرات الهند/نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۴۲، ۲۴۳)

❁❁❁

انبیاء کرامؑ کے فضلات کی پاکی کا مسئلہ

﴿سوال﴾:

ہماری مسجد میں گزشتہ جمعہ میں ایک خطیب صاحب نے اپنے وعظ میں یہ فرمایا تھا کہ: ایک مرتبہ حضور ﷺ نے ایک برتن میں پیشاب کرکے ایک صحابی کو دیا کہ اس کو باہر پھینک آؤ، ان صحابی نے باہر جاکر حضور ﷺ سے بے پناہ محبت کے جذبے میں وہ پیشاب پی لیا، اس کے بعد تمام زندگی ان کے جسم سے خوشبو آتی رہی۔ اس کے بعد خطیب صاحب نے فرمایا: چونکہ حضور ﷺ کا بول و براز پاک تھا، اس میں عام انسانوں کی طرح ناپاکی یا بدبو نہ تھی، لہٰذا صحابی کے اس عمل پر اعتراض نہیں کیا جاسکتا۔

خطیب صاحب کے اس بیان پر مسجد میں ایک ہنگامہ برپا ہوگیا، اکثر لوگوں نے اس پر اعتراض کیا کہ یہ واقعہ سند سے خالی ہے ایسے خطیب کی امامت جائز نہیں جو خلاف سند واقعات بیان کرکے غیر مسلموں کو اسلام پر تنقید کا موقع دے۔ لوگوں کے اعتراضات

مندرجہ ذیل تھے:

۱:...ایسا کوئی واقعہ مستند کتب میں نہیں ملتا۔

۲:....اگر ایسا ہوا بھی تو حضور ﷺ میں بشریت کی کوئی خصوصیت نہ تھی اور وہ مکمل نوری تھے۔

۳:...اگر حضور ﷺ نے صحابی کو پیشاب پھینکنے کا حکم دیا تھا تو صحابی کے لئے حکم زیادہ اہمیت رکھتا تھا یا محبت کے جذبات؟

۴:...دوسرے مذاہب کے لوگوں پر پیشاب پینے کا اعتراض کیونکر کیا جاسکتا ہے؟ جبکہ وہ بھی عقیدہ رکھتے ہوں کہ ان کے اوتاروں میں بھی ایسے ہی کچھ صفات تھے، وغیرہ وغیرہ۔

مولانا صاحب! آپ اس مسئلہ پر کچھ روشنی ڈالنا گوارا کریں گے، تاکہ لوگوں کو تسلی ہوسکے۔ کیونکہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ اسلام فطرت کے مطابق ہے، اور پیشاب والا معاملہ انسان کی نظر میں خلافِ فطرت ہے۔ ہم اپنے مذہب کی اشاعت میں غیر مسلموں کو کیسے قائل کرسکتے ہیں؟

﴿جواب﴾:

لوگوں کے چار اعتراض جو آپ نے نقل کئے ہیں، ان میں پہلا اعتراض اصل ہے، یعنی یہ کہ یہ واقعہ مستند ہے یا نہیں؟ دوسرے سوالات سب اس کی فرع ہیں، کیونکہ اگر کوئی واقعہ ہی ایسا نہ ہو تو پھر یہ سوالات متوجہ نہیں ہوتے۔

اس واقعے کو تسلیم کرنے کے بعد مسلمانوں کے ذہن میں سوالات کا پیدا ہونا ضعف ایمان، ضعف محبت اور ضعف علم کی وجہ سے ہے۔ کیونکہ محبت میں سوالات پیدا نہیں ہوا کرتے، اور اگر صحیح علم ہوتا تو یہ توجیہ کرسکتے تھے کہ ممکن ہے یہ حضور ﷺ کی خصوصیت ہو کہ آپ کے فضلات کا نجس نہ ہونا عام انسانوں سے آپ کی امتیازی خصوصیت کی دلیل ہے۔ یہ دوسرے سوال کی توجیہ ہوسکتی تھی۔

تیسرے سوال کی توجیہ یہ ہوسکتی تھی کہ کبھی کبھی جذبۂ محبت غالب آجاتا ہے، اور آدمی اس میں معذور سمجھا جاتا ہے، جیسے صلح نامہ حدیبیہ کے موقع پر آنحضرت ﷺ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے فرمایا تھا کہ: ''محمد رسول اللہ'' کے لفظ کو مٹادو! انہوں نے عرض کردیا کہ: میں آپ کے نام پاک نہیں مٹاسکتا! یہ بات انہوں نے حکم صریح کے مقابلے میں غلبۂ محبت کی وجہ سے فرمائی تھی، اس لئے اس پر ان کو کوئی عتاب نہیں فرمایا گیا۔

چوتھے سوال کی یہ توجیہ ہوسکتی تھی کہ آنحضرت ﷺ نے نہ پیشاب نوشی کا حکم فرمایا، نہ اس کا قانون بنایا، البتہ ایک مغلوب المحبت کو معذور سمجھا، اب عام لوگوں کے پیشاب پینے کا جواز اس سے کیسے نکل آیا؟

الغرض ضرورت اس بات کی تھی کہ پہلے یہ معلوم کیا جاتا کہ یہ واقعہ ہے بھی یا نہیں؟ پھر یہ معلوم کیا جاتا کہ کیا آنحضرت ﷺ کے فضلات کا بھی وہی حکم ہے جو ہم ایسے ناپاک لوگوں کے بول و براز کا ہے؟ یا اس سلسلے میں آپ کی کچھ خصوصیات بھی ہیں؟ اس بارے میں علمائے ربانی کی تحقیق کیا ہے؟ اور امام ابوحنیفہؒ شافعیؒ اور ان کے اکابر متبعین کیا فرماتے ہیں؟ پھر یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ ایک حکم سب کے لئے یکساں ہوتا ہے؟ یا بعض اوقات موقع ومحل کی خصوصیت سے حکم مختلف بھی ہوسکتا ہے؟

جن مولانا صاحب نے ناواقف اور بے سمجھ عوام کے سامنے بغیر تشریح کے یہ واقعہ بیان کردیا، انہوں نے بھی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا، اور جنہوں نے یہ واقعہ سنتے ہی اعتراضات کی بوچھاڑ کردی اور مسئلے کی نوعیت معلوم کرنے کی ضرورت نہیں سمجھی، انہوں نے بھی کچھ فہم ودانش کا ثبوت نہیں دیا، واللہ اعلم!

سائل کا دوسرا خط:

محترم! میرے مکتوب کا جواب تو موصول ہوگیا لیکن نامکمل سا ظاہر ہورہا ہے۔ اصل سوال کا جواب اپنی جگہ قائم ہے۔ یعنی جو واقعہ محترم خطیب صاحب نے بیان کیا تھا، اس کا حوالہ کسی مستند راوی یا کتاب کا درکار تھا۔ میں نے چند معترضین کو آپ کا جواب دکھایا تو وہی

سوال کیا گیا کہ اس کتاب اور مصنف کا نام بتایا جائے جس میں اس کا ذکر کیا گیا ہے، بلکہ ایک صاحب نے تو یہ بھی فرمایا کہ: ایک مرتبہ کسی جلسے میں مولانا محمد شفیع اوکاڑوی نے بھی اس واقعے کا ذکر کیا تھا، لیکن جب ان سے اس کی سند مانگی گئی تو وہ بھی نہ دے سکے، بلکہ سند مانگنے والے پر ایمان کی کمزوری کا فتویٰ صادر کر کے لعنت وملامت کرنے لگے، جیسا کہ آپ نے اپنے جواب میں فرمایا، یعنی: ''اس واقعے کو تسلیم کرنے کے بعد مسلمانوں کے ذہن میں سوالات کا پیدا ہونا ضعف ایمان، ضعف محبت اور ضعف علم کی وجہ سے ہے''۔

اس کے معنی تو یہ ہوئے کہ جو عالم یا خطیب کوئی بھی واقعہ حضور ﷺ سے منسوب کر کے بغیر کسی حوالے کے بیان کر دے، اس کو صدق دل سے تسلیم کر لیا جائے، ایمان کا فتویٰ لگ جائے گا۔ اس طرح تو کچھ علماء... جن کو ہم علماء سوء کہہ سکتے ہیں.... بہت سے اپنے مطلب کے واقعات بیان کر کے لوگوں کو گمراہ کر سکتے ہیں اور آپ اس کو بھی تسلیم کریں گے کہ علماء سوء.... جو بظاہر عالم ہی ہوتے ہیں... کو عام آدمی شناخت نہیں کر سکتا، اس کی پکڑ تو اسی وقت ہو سکتی ہے جب وہ واقعات کے ساتھ حوالہ بھی دے۔

ہمیں یہ تسلیم ہے بلکہ ہمارا ایمان ہے کہ حضور ﷺ تمام انبیاء اور بشر میں افضل تر ہیں، ان کے ساتھ خصوصیات بھی تسلیم کرنا ایمان کا تقاضا ہے، لیکن اس کا کیا جائے کہ آج کا دور مادّیت اور سائنس کا دور ہے، عوام کی اکثریت خاص طور پر مغربی افکار سے متأثر ہے، ان کو مطمئن کرنے کے لئے جہاں تک ممکن ہو سکے کچھ نہ کچھ تو کرنا چاہئے، لہٰذا اگر مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دے سکیں تو لوگوں کی تسلی ہو سکتی ہے:

۱:... اس واقعے کا ذکر جس کتاب میں ہے اس کا اور اس کے مصنف کا نام۔

۲:.... صحابی مذکور کے عمل پر حضور ﷺ کے ارشادات۔

۳:.... دوسرے صحابہ کرامؓ پر واقعے کے اثرات... جبکہ یہ معلوم ہو گیا کہ حضور ﷺ کے بول وبراز نہ صرف پاک ہیں بلکہ خوشبو کے حامل ہیں... اور یہ بھی معلوم ہے کہ صحابہ کرامؓ حضور ﷺ کی ہر چیز سے اپنی جانوں سے زیادہ محبت کرتے تھے، یہاں تک کہ حضور ﷺ

کے لعاب دہن اور وضو کے پانی کو بھی اپنے چہروں پر مل لیا کرتے تھے۔"

﴿جواب﴾:

میری گزشتہ تحریر کا خلاصہ یہ تھا کہ اوّل تو معلوم کیا جائے کہ یہ واقعہ کسی مستند کتاب میں موجود ہے یا نہیں؟ دوم یہ کہ آنحضرت ﷺ کے فضلات کے بارے میں اہل علم واکابر ائمہ دین کی تحقیق کیا ہے؟ ان دو باتوں کی تحقیق کے بعد جو شبہات پیش آسکتے ہیں، ان کی توجیہ ہوسکتی ہے۔ اب ان دونوں نکتوں کی وضاحت کرتا ہوں۔

امرِ اوّل:..... یہ ہے کہ یہ واقعہ کسی مستند کتاب میں ہے یا نہیں؟ حافظ جلال الدین سیوطیؒ کی کتاب "خصائص کبریٰ" میں آنحضرت ﷺ کی امتیازی خصوصیات جمع کی گئی ہیں۔ اس کی دوسری جلد کے صفحہ:۲۵۲ کا فوٹو آپ کو بھیج رہا ہوں، جس کا عنوان ہے: "آنحضرت ﷺ کی یہ خصوصیات کہ آپ ﷺ کا بول وبراز پاک تھا"، اس عنوان کے تحت انہوں نے احادیث نقل کی ہیں، ان میں سے دو احادیث.... جن کو میں نے نشان زد کردیا ہے.... کو مع ترجمہ نقل کرتا ہوں:

ا:..... "واخرج ابو یعلی والحاکم والدار قطبی والطبرانی وابو نعیم عن ام ایمن قالت قام النبی ﷺ من اللیل الی فخارة فبال فیها، فقمت من اللیل وانا عطشانة فشربت ما فیها، فلما اصبح اخبرته، فضحک وقال: اما انک لا یتجعن بطنک ابدا! ولفظ ابی یعلی : انک لن تشتکی بطنک بعد یومک هذا ابدا!"

ترجمہ:..... "ابویعلی، حاکم، دارقطنی، طبرانی اور ابونعیم رحمہم اللہ تعالیٰ نے سند کے ساتھ حضرت ام ایمن رضی اللہ عنہا سے روایت کی ہے کہ: آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رات کے وقت مٹی کے پکے ہوئے ایک برتن میں پیشاب کیا، پس میں رات کو اٹھی، مجھے پیاس تھی، میں نے وہ

پیالہ پی لیا۔ صبح ہوئی تو میں نے آپ ﷺ کو بتایا، پس آنحضرت ﷺ مسکرائے اور فرمایا: تجھے پیٹ کی تکلیف کبھی نہ ہوگی! اور ابو یعلیٰ کی روایت میں ہے کہ: آج کے بعد تم پیٹ کی تکلیف کی شکایت نہ کروگی!''

۲:... ''واخرج الطبرانی والبیهقی بسند صحیح عن حکیمة بنت امیمة عن امها قالت: کان للنبی ﷺ قدح من عیدان، یبول فیه، ویضعه تحت سریره، فقام فطلبه فلم یجده، فسال عنه، فقال: این القدح؟ قالوا: شربته برة خادمة ام سلمة التی قدمت معها من ارض الحبشة. فقال النبی ﷺ لقد احتظرت من النار بحظارا!''.

ترجمہ:... ''طبرانی اور بیہقی نے بہ سند صحیح حکیمہ بنت امیمہ سے اور انہوں نے اپنی والدہ حضرت امیمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ: آنحضرت ﷺ کے یہاں لکڑی کا ایک پیالہ رکھا رہتا تھا، جس میں شب کو گاہ و بے گاہ پیشاب کرلیا کرتے تھے، اور اسے اپنی چارپائی کے نیچے رکھ دیتے تھے، آپ ایک مرتبہ (صبح) اٹھے، اس کو تلاش کیا تو وہاں نہیں ملا، اس کے بارے میں دریافت فرمایا، تو بتایا گیا کہ اس کو برہ نامی حضرت ام سلمہؓ کی خادمہ نے نوش کرلیا، آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ: اس نے آگ سے بچاؤ کے لئے حصار بنالیا۔''

یہ دونوں روایتیں مستند ہیں، اور محدثین کی ایک بڑی جماعت نے ان کی تخریج کی ہے، اور اکابر امت نے ان واقعات کو بلا نکیر نقل کیا ہے، اور انہیں خصائص نبوی میں شمار کیا ہے۔

امر دوم:... آنحضرت ﷺ کے فضلات کے بارے میں اکابر امت کی تحقیق:

حافظ ابن حجر عسقلانی رحمہ اللہ ''فتح الباری'' باب الماء الذی یغسل به شعر

الانسان (ج:۱ص:۲۷۲مطبوعہ لاہور) میں لکھتے ہیں:

"وقد تكاثرت الأدلة على طهارة فضلاته، وعد الأئمة ذالك من خصائصه، فلا يلتفت الى ما وقع فى كتب كثير من الشافعية مما يخالف ذالك، فقد استقر الأمر بين ائمتهم على القول بالطهارة."

ترجمہ:..." آنحضرت ﷺ کے فضلات کے پاک ہونے کے دلائل حد کثرت کو پہنچے ہوئے ہیں، اور ائمہ نے اس کو آپ ﷺ کی خصوصیات میں شمار کیا ہے۔ پس بہت سے شافعیہ کی کتابوں میں جو اس کے خلاف پایا جاتا ہے، وہ لائق التفات نہیں، کیونکہ ان کے ائمہ کے درمیان طہارت کے قول ہی پر معاملہ آن ٹھہرا ہے۔"

۱:... حافظ بدر الدین عینی رحمہ اللہ نے عمدۃ القاری (ج:۲ص:۳۵ مطبوعہ دار الفکر بیروت) میں آنحضرت ﷺ کے فضلات کی طہارت کو دلائل سے ثابت کیا ہے، اور شافعیہ میں سے جو لوگ اس کے خلاف کے قائل ہیں ان پر بلیغ ردّ کیا ہے(۲۶۸)، اور ج:۲

(۲۶۸):فى عمدة القارى: وذكر القاضى حسين فى العذرة وجهين، وأنكر بعضهم على الغزالى حكايتهما فيها، وزعم نجاستها بالاتفاق، قلت: يا للغزالى من هفوات حتى فى تعلقات النبى عليه الصلاة والسلام، وقد وردت أحاديث كثيرة أن جماعة شربوا دم النبى عليه الصلاة السلام، منهم أبو طيبة الحجام، غلام من قريش حجم النبى عليه الصلاة والسلام، عبدالله بن الزبير شرب دم النبى عليه الصلاة والسلام، رواه البزار والطبرانى والحاكم والبيهقى وأبو نعيم فى الحلية. ويروى عن على رضى الله عنه، أنه شرب دم النبى عليه الصلاة والسلام، وروى أيضاً أن أم أيمن شربت بول النبى ﷺ، رواه الحاكم والدارقطنى والطبرانى وأبونعيم. (عمدة القارى، كتاب الوضوء، باب الماء الذى يغسل به شعر الانسان، ج: ۳، ص: ۵۲، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

صفحہ:۹۷ میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کا آنحضرت ﷺ کے بول اور باقی فضلات کی طہارت کا قول نقل کیا ہے۔

۲:....امام نووی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح مہذب (ج:۱ ص:۲۳۳) میں بول اور دیگر فضلات کے بارے میں شافعیہ کے دونوں قول نقل کر کے طہارت کے قول کو مرجحہ قرار دیا ہے، وہ لکھتے ہیں:

"حدیث شربالمراۃ البول صحیح، رواہ الدار قطنی، وقال: ھو حدیث صحیح وھو کان فی الاحتجاج لکل الفضلات قیاسا".

ترجمہ:..."عورت کے پیشاب کا واقعہ صحیح ہے، امام دارقطنی نے اس کو روایت کر کے صحیح کہا ہے، اور یہ حدیث تمام فضلات کی طہارت کے استدلال کے لئے کافی ہے"۔

۳:...علامہ ابن عابدین شامیؒ لکھتے ہیں:

"صحح بعض ائمۃ الشافعیۃ طھارۃ بولہ ﷺ وسائر فضلاتہ، وبہ قال ابوحنیفۃ کما نقلہ فی المواھب اللدنیۃ عن شرح البخاری للعینی." (ردالمحتار، ج:۱ ص:۳۱۸ مطبوعہ کراچی)

ترجمہ:..."بعض ائمہ شافعیہ نے آپ ﷺ کے بول اور باقی فضلات کی طہارت کو صحیح قرار دیا ہے۔ امام ابوحنیفہؒ بھی اسی کے قائل ہیں، جیسا کہ مواہب لدنیہ میں علامہ عینیؒ کی شرح بخاری سے نقل کیا ہے"۔

۴:...ملا علی قاری جمع الوسائل شرح الشمائل (ج:۲ ص:۲ مطبوعہ مصر ۱۳۱۷ھ) میں اس پر طویل کلام کے بعد لکھتے ہیں:

"قال ابن حجر: وبھذا استدل جمع من ائمتنا

المتقدمين وغيرهم على طهارة فضلاته ﷺ، وهو المختار، وفاقاً لجمع من المتأخرين، فقد تكاثرت الأدلة عليه، وعده الأئمة من خصائصه ﷺ".

ترجمہ:..."ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ: ہمارے ائمہ متقدمین کی ایک جماعت اور دیگر حضرات نے احادیث سے آنحضرت ﷺ کے فضلات کی طہارت پر استدلال کیا ہے، متأخرین کی جماعت کی موافقت میں بھی یہی مختار ہے، کیونکہ اس پر دلائل بکثرت ہیں اور ائمہ نے اس کو آنحضرت ﷺ کے خصائص میں شمار کیا ہے"۔

امام العصر مولانا محمد انور شاہ کشمیری نور اللہ مرقدہٗ فرماتے ہیں:

"**ثم مسألة طهارة فضلات الأنبياء توجد في كتب المذاهب الأربعة**". (فيض الباري ج:١ ص:٢٥٠)

ترجمہ:..."فضلات انبیاء کی طہارت کا مسئلہ مذاہب اربعہ کی کتابوں میں موجود ہے"۔

محدث العصر حضرت مولانا محمد یوسف بنوری نور اللہ مرقدہٗ لکھتے ہیں:

"**وقد صرح اهل المذاهب الأربعة بطهارة فضلات الأنبياء.... الخ**". (معارف السنن ج:١ ص:٩٨)

ترجمہ:..."مذاہب اربعہ کے حضرات نے فضلات انبیاء کے پاک ہونے کی تصریح کی ہے"۔

الحمد اللہ! ان دونوں نکتوں کی وضاحت تو بقدر ضرورت ہو چکی۔ یہ واقعہ مستند ہے اور مذاہب اربعہ کے ائمہ فقہاء نے ان احادیث کو تسلیم کرتے ہوئے فضلات انبیاء علیہم السلام کی طہارت کا قول نقل کیا ہے۔ اس کے بعد اگر اعتراض کیا جائے تو اس کو ضعف ایمان ہی کہا جا سکتا ہے!

اب ایک نکتہ محض تبرعاً لکھتا ہوں، جس سے یہ مسئلہ قریب الفہم ہوجائے گا۔ حق تعالیٰ شانہ کے اپنی مخلوق میں عجائبات ہیں، جن کا ادراک بھی ہم لوگوں کے لئے مشکل ہے، اس نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ سے بعض اجسام میں ایسی محیر العقول خصوصیات رکھی ہیں جو وہ دوسرے اجسام میں نہیں پائی جاتیں۔ وہ ایک کیڑے کے لعاب سے ریشم پیدا کرتا ہے، شہد کی مکھی کے فضلات سے شہد جیسی نعمت ایجاد کرتا ہے، اور پہاڑی بکرے کے خون کو نافہ میں جمع کر کے مشک بنادیتا ہے۔ اگر اس نے اپنی قدرت سے حضرات انبیائے کرام علیہم السلام کے اجسام مقدسہ میں بھی ایسی خصوصیات رکھی ہوں کہ غذا ان کے ابدانِ طیبہ میں تحلیل ہونے کے بعد بھی نجس نہ ہو، بلکہ اس سے جو فضلات ان کے ابدان میں پیدا ہوں وہ پاک ہوں تو کچھ جائے تعجب نہیں۔ اہل جنت کے بارے میں سبھی جانتے ہیں کہ کھانے پینے کے بعد ان کو بول و براز کی ضرورت نہ ہوگی، خوشبودار ڈکار سے سب کا کھایا پیا ہضم ہوجائے گا (۲۶۹)، اور بدن کے فضلات خوشبودار پسینے میں تحلیل ہوجائیں گے۔ جو خصوصیت کہ اہل جنت کے اجسام کو وہاں حاصل ہوگی، اگر حق تعالیٰ شانہ حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے پاک اجسام کو وہ خاصیت دنیا ہی میں عطا کردیں تو بجا ہے، پھر جبکہ احادیث میں اس کے دلائل بکثرت موجود ہیں، جیسا کہ اوپر حافظ ابن حجرؒ کے کلام میں گزر چکا ہے، تو انبیاء علیہم السلام کے اجسام کو اپنے اوپر قیاس کر کے ان کا انکار کردینا، یا ان کے تسلیم کرنے میں تأمل کرنا صحیح نہیں، مولانا رومیؒ فرماتے ہیں:

ایں خورد گردد پلیدی زو جدا

---

(۲۶۹): عن جابر رضی اللّٰہ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: ان أهل الجنة يأكلون فيها ويشربون ولايتفلون ولايبولون ولايتغوطون ولايمتخطون، قالوا: فما بال الطعام؟ قال: جشاء ورشح كرشح المسک يلهمون التسبيح والتحميد كما تلهمون النفس. رواه مسلم. (مشكاة المصابيح، باب صفة الجنة وأهلها، الفصل الأول، ص: ٤٩٦، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

واں خورد گردد ہمہ نور خدا

آخر میں حضرات علمائے کرام اور خطبائے عظام سے بھی گزارش کرتا ہوں کہ عوام کے سامنے ایسے امور نہ بیان کریں جو ان کے فہم سے بالاتر ہوں، وللّٰہ الحمد اولاً واٰخرا!. (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۷۱ تا ۱۷۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

عالم بیداری میں نبی کریم ﷺ کی زیارت کا حکم

﴿سوال﴾:

کیا عالم بیداری میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ممکن ہے اگر ممکن ہے تو اس کی دلیل کیا ہے؟

﴿الجواب﴾:

جی ہاں عالم بیداری میں نبی کریم ﷺ کی زیارت ممکن ہے، چنانچہ علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے اپنے رسالہ "تنویر الحلک فی امکان رؤیة النبی والملک" میں اس پر تفصیل سے بحث کی ہے اور اس کو ثابت کیا ہے نیز روایات کے ساتھ واقعات بھی تحریر فرمائے ہیں۔

مختصر ذکر کیا جاتا ہے ملاحظہ ہو:

أخرج البخاری، ومسلم، وأبوداؤد عن أبی هريرةؓ قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ "من رآنی فی المنام فسيرانی فی اليقظة ولايتمثل الشيطان بی" واخرج الطبرانی مثله من حديث مالک بن عبداللّٰہ الخثعمی ومن حديث أبی بكرة، وأخرج الدارمی مثله من حيث أبی قتادة الأنصاریؓ.

قال العلماء: اختلفوا فی معنی قوله: "فسیرانی فی الیقظة" فقیل معناه فسیرانی فی القیامة، وتعقب بأنه لا فائدة فی هذا التخصیص لأن کل أمته یرونه یوم القیامة من رآه منهم ومن لم یره، وقیل المراد من آمن به فی حیاته ولم یر لکونه حینئذ غائباً عنه فیکون مبشراً له أنه لابد أن یراه فی الیقظة قبل موته، وقال قوم: هو علی ظاهره فمن رآه فی النوم فلا بد أن یراه فی الیقظة یعنی بعینی رأسه. وقیل بعین فی قلبه حکاهما القاضی أبوبکر بن العربی وقال الامام أبو محمد بن أبی جمرة فی تعلیقه علی الأحادیث التی انتقاها من البخاری: هذا الحدیث یدل علی أنه من رآه فی النوم فسیراه فی الیقظة، وهل هذا علی عمومه فی حیاته وبعد مماته أو هذا کان فی حیاته؟ وهل ذلک لکل من رآه مطلقا أو خاص بمن فیه الأهلیة والاتباع لسنته علیه؟ اللفظ یعطی العموم ومن یدعی الخصوص فیه بغیر مخصص منه صلی اللّٰه تعالی علیه وسلم فمتعسف، قال: وقد وقع من بعض الناس عدم التصدیق بعمومه وقال: علی ما أعطاه عقله وکیف یکون من قدمات یراه الحی فی عالم الشاهد؟ قال: وفی هذا القول من المحذور وجهان خطران: أحدهما: عدم التصدیق لقول الصادق ﷺ الذی لاینطق عن الهویٰ والثانی: الجهل بقدرة القادر وتعجیزها کانه لم یسمع فی سورة البقرة قصة البقرة وکیف قال اللّٰه تعالیٰ ﴿ اضربوه ببعضها کذلک یحیی اللّٰه الموتی﴾ و قصة ابراهیم فی الأربع من الطیر،.... وقد ذکر

عن بعض السلف والخلف وهلم جراً عن جماعة ممن كانوا رأوه ﷺ في النوم وكانوا ممن يصدقون بهذا الحديث فرأوه بعد ذلك في اليقظة وسألنوه عن أشياء كانو منها متشوشين فأخبرهم بتفريجها ونص لهم على الوجوه التى منها يكون فرجها فجاء الأمر كذلك بلا زياده ولانقص....

وقال القاضى أبوبكر بن العربى أحد أئمة المالكية فى كتاب قانون التأويل: ذهبت الصوفية الى أنه اذا حصل للانسان طهارة النفس فى تزكية القلب وقطع العلائق وحسم مواد أسباب الدنيا من الجاه والمال والخلطة بالجنس والاقبال على اللّٰه تعالىٰ بالكلية علماً دائماً وعملاً مستمراً كشفت له القلوب ورأى الملائكة وسمع أقوالهم واطلع على أرواح الأنبياء وسمع كلامهم ثم قال ابن العربى من عنده: ورؤية الأنبياء والملائكة وسماع كلامهم ممكن للمؤمنين كرامةً وللكافر عقوبةً انتهىٰ. (الحاوى للفتاوى: ۲/ ۳۱۰، فاروقى كتب خانه)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عالم بیداری میں آپ ﷺ کی زیارت نہ صرف ممکن ہے بلکہ روایات وواقعات سے ثابت ہے نیز حدیث "من رأنى فى المنام فسير انى فى اليقظة" کو علماء نے ظاہر پر چھوڑا ہے اور مذکورہ واقعات سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔

مزید کے لئے ملاحظہ ہو: تنوير الحلک فى امكان رؤية النبى والملک" ص ۳۰۷ تا ۳۲۴۔ والفتاوى الحديثية لابن حجر الهيتمى المكى، ص ۲۱۲۔۲۱۳، هل تمكن روية النبى صلى اللّٰه تعالى عليه وسلم فى اليقظة، دارلكفر۔ واللّٰه سبحانه وتعالىٰ اعلم۔(فتاوى دار العلوم زكريا، ج: ۱، ص:

۷۹تا ۸۱، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

عالم بیداری کی زیارت پر ایک شبہ کا ازالہ

﴿سوال﴾:

اگر رسول اللہ ﷺ کی رؤیت حالت یقظہ میں ہوسکتی ہے تو پھر بریلوی لوگ جو آپ ﷺ کے لئے کرسی خالی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ آپ ﷺ اس پر تشریف لاتے ہیں تو ہمارے اکابر اس کی تردید کیوں کرتے ہیں؟

﴿الجواب﴾:

وہ لوگ آپ ﷺ کی تشریف آوری کا دعویٰ بغیر کسی دلیل کے کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کو کوئی نہیں دیکھتا اور وہ خواہ مخواہ کہتے ہیں کہ آپ ﷺ تشریف لا رہے ہیں۔ ان کا کہنا "من كذب علىّ متعمدا فليتبوأ مقعده من النار" (رواه البخاری: ۱/ ۲۱) میں داخل ہے۔

اور ہم ان اکابر کی بات کو تسلیم کرتے ہیں جنہوں نے آپ ﷺ کی زیارت کی تھی۔ یہ زیارت یا روح کے متشکل ہونے کے یا روح مبارک جسد مثالی میں آجاتی ہے۔ اس قسم کے بہت سارے واقعات کتابوں میں مذکور ہیں۔ علامہ سعد الدین تفتازانیؒ عالم بیداری میں آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ ملاحظہ ہو:

قد ذكر ابن العماد فی شذرات الذهب (۳۲۱) عند ابتدائه فی طلب العلم، فقال: وحكی بعض الأفاضل أن سعد الدين كان فی ابتداء طلبه للعلم بعيد الفهم جداً ولم يكن فی جماعة العضد أبلد منه ومع ذلک فكان كثير الاجتهاد لكنه لم يؤيسه جمود فهمه من الطلب وكان العضد يضرب به

المثل بين جماعته في البلادة، فاتفق أن أتاه في خلوته رجل لايعرفه له: قم يا سعد الدين لنذهب الى السير فقال: ما للسير خلقت أنا لا أفهم شيئاً مع المطالعة فكيف اذا ذهبت الى السير ولم أطالع فذهب وعاد وقال له: قم بنا الى السير فأجابه بالجواب الأول ولم يذهب معه، فذهب الرجل وعاد وقال له مثل ما قال أولاً فقال: مارأيت أبلد منک ألم أقل لک ما للسير خلقت، فقال له: رسول اللهﷺ يدعوک فقام منزعجاً ولم ينتعل بل خرج حافياً حتى وصل به الى مكان خارج البلديه شجيرات فرأى النبيﷺ في نفر من أصحابه تحت تلک الشجيرات فتبسم له وقال له: نرسل اليک المرة بعد المرة ولم تأت فقال: يارسول الله ما علمت أنک المرسل وأنت أعلم بما اعتذرت به من سوء فهمي وقلة حفظي وأشكو اليک ذلک، فقال له رسول اللهﷺ. افتح فمک وتفل له فيه ودعا له ثم أمره بالعود الى منزله وبشره بالفتح فعاد وقد تضلع علماً ونوراً... (شذرات الذهب في اخبار من ذهب: ٦/ ٣٢٠، دارالكتب العلمية).

نیز ہمارے اکابرؒ نے بعض بزرگوں کی زیارت حالت یقظہ کی تھی۔ مثلاً شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ نے فرمایا: شاہ عبدالرحیم صاحب دہلویؒ طالب علمی کے زمانہ میں اکبرآباد میں میرزاہدؒ سے منطق وفلسفہ اور معقولات وغیرہ پڑھا کرتے تھے۔ ایک روز سبق پڑھ کر آرہے تھے اور ایک لمبے کوچے سے گذرتے ہوئے شیخ سعدیؒ کے اشعار پڑھتے جارہے تھے:

جز یاد دوست ہرچہ کنی عمر ضائع است
جز سر عشق ہرچہ بخوانی بطالت است

سعدی بشوئی لوح دل از نقش غیر حق
علمے کہ رہ بہ حق نہ نماید جہالت است

پہلے تین مصرعے تو پڑھ لئے مگر چوتھا مصرعہ یاد نہیں آرہا تھا، اچانک ایک بزرگ سفید سامنے آئے اور چوتھا مصرعہ پڑھا:

علمے کہ رہ بہ حق نہ نماید جہالت است۔

اس سے بہت خوشی ہوئی، ان کا شکریہ ادا کیا اور پان کی ڈبیا پیش کی۔ انہوں نے کہا یہ اجرت ہے؟ کہا نہیں شکریہ کے طور پر پیش کرتا ہوں، فرمایا ہم نہیں کھاتے۔ پوچھا کیا ناجائز ہے؟ فرمایا یہ بات تو نہیں ہم ویسے ہی نہیں کھایا کرتے۔ پھر انہوں نے فرمایا مجھے جلدی جانا ہے اور ایک قدم اٹھایا اور کوچے کے آخری کونے میں رکھا۔ شاہ صاحب سمجھ گئے کہ کسی بزرگ کی روح ہے، جلدی سے آواز دی کہ حضرت یہ تو بتاتے جائیں کہ آپ کون ہیں؟ فرمایا: سعدی ہمیں فقیر است۔

فرمایا: یہ روح متجسد اور مشتمل ہوگئی جیسا کہ آخرت میں سب اعراض جواہر بن جائیں گے۔ (نفحات طیبہ تلخیص حیات طیبہ ص ۱۴۸، حالات وارشادات حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ)

نیز آپ ﷺ نے لیلۃ المعراج میں انبیائے کرام کی امامت فرمائی تھی یا تو ان کی ارواح متشکل ہوگئی تھیں یا ارواح جسد مثالی میں آگئی تھیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے علاوہ کہ وہ آسمان پر حیات ہیں۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دارالعلوم زکریا، ج:۱، ص:۸۱، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

آنحضرت ﷺ کے پاس کچھ رہتا نہیں تھا

﴿سوال﴾:

ایک طرف تو آنحضرت ﷺ کے فقر وفاقے کے متعلق سینکڑوں واقعات اور احادیث شریف کا ذخیرہ ہے اور دوسری طرف انہیں کتابوں میں اچھا خاصا سامان مثلاً تیس غلام، سو بکریاں، گھوڑے، خچر، اونٹنیاں وغیرہ کی ملکیت آپ کی طرف منسوب کی گئی ہے، ابن قیمؒ کی زاد المعاد اور مولانا تھانویؒ کی نشر الطیب میں اس کی پوری تفصیل ہے، یہ تضاد کیسے رفع ہو؟

﴿جواب﴾:

آنحضرت ﷺ کے پاس کوئی چیز رہتی نہیں تھی، آتا تھا اور بہت کچھ آتا تھا مگر چلا جاتا تھا، زاد المعاد یا نشر الطیب میں ان چیزوں کی فہرست ہے جو وقتاً فوقتاً آپ کے پاس رہیں، یہ نہیں کہ ہمہ وقت رہیں۔

﴿سوال﴾:

طبقات ابن سعد میں ہے کہ حضور علیہ السلام ایک مینڈھا تمام امت کی طرف سے اور ایک اپنی آل اولاد کی طرف سے قربانی کیا کرتے تھے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص قربانی نہیں کرتا تھا۔

﴿جواب﴾:

''قربانی کیا کرتے تھے'' کے الفاظ تو مجھے یاد نہیں، جہاں تک مجھے یاد ہے ایک مینڈھا آپ نے قربان کیا اور فرمایا کہ: یہ میری امت کے ان لوگوں کی طرف سے ہے جو قربانی نہ کرسکیں۔ مشکوٰۃ شریف ص: ۱۲۷ میں بروایت مسلم حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے مینڈھا ذبح فرمایا اور دعا کی: یا اللہ! قبول فرما محمد کی طرف سے اور آل

محمد سے اور امت محمدیہ کی طرف سے (۲۷۰)۔ ایک مینڈھے میں تو دو آدمی بھی شریک نہیں ہو سکتے (۲۷۱)، اس لئے یہ نتیجہ اخذ کرنا کہ ہر شخص قربانی نہیں کرتا تھا، صحیح نہیں۔ فقط واللہ اعلم۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۸۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۲۷۰):عن عائشة رضی اللہ عنہا ان رسول اللہ ﷺ امر بكبش اقرن يطأ في سواد ويبرك في سواد وينظر في سواد فاتي به ليضحى به قال يا عائشة رضی اللہ عنہا هلمي المدية ثم قال اشحذيها بحجر ففعلت ثم اخذها واخذ الكبش فأضجعه ثم ذبحه ثم قال بسم الله تقبل من محمد وآل محمد ومن امة محمد ثم ضحى به رواه مسلم. (مشكاة المصابيح، باب فی الاضحية، الفصل الأول، ص: ۱۲۷، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۲۷۱):في الهندية: يجب أن يعلم أن الشاة لاتجزئ الا عن واحد وان كانت عظيمة. (الفتاوى العالمكيرية، كتاب الاضحية، وفيه تسعة ابواب، الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة فی الضحايا، ج: ۵، ص: ۳۰۴)

وفي اعلاء السنن: فالحق هو ما ذهب اليه أبو حنيفة وأصحابه أنه لاتجوز الشاة الواحدة الا عن واحد، وهو القياس، لأن الشاة أدنى ماتجوز به الأضحية، فلو اشترك فيه الاثنان أو الأكثر كان المضحى به عن كل واحد النصف أو الثلث أو الربع أو أقل من ذلك، فلا يكون الشاة أدنى ما تجوز به الأضحية، ولم يكن لتخصيص أهل البيت معنى، اذ لما جاز التضحية بأقل من الشاة فأهل البيت الواحد والبيوت الكثيرة سواء. قال العبد الضعيف: ولو كان كذلك لم يكن لقوله ﷺ: "من وجد سعة ولم يضح فلايقربن مصلانا" معنى، فأى حاجة الى وجدان السعة اذ جاز للمسلمين أن يشتركوا فی الشاة الواحدة ولو كانوا مائة أو أكثر، فان هذا القدر مما لايعجز عنه مسلم قط، كما هو ظاهر مشاهد، فتأمل.

وفي البناية للعينی: اعلم أن الشاة لاتجزی الا عن واحد، وأنها أقل ما تجب وذكر الانزاری أن هذا اجماع، ثم ذكر حديث تضحيته ﷺ بكبشين وقوله فی أحدهما: اللّٰهم هذا عن محمدٍ وأهل بيته وفي الآخر: ان هذا منك واليك عمن

رسول اللہ ﷺ کا سیاہ چادر اوڑھنا

﴿سوال﴾:

رسول ﷺ کو ''کالی کملی والا'' کہا جاتا ہے، آپ نے جو کالی کملی استعمال فرمائی، کیا وہ سورۃ مزمّل کے نزول کے وقت آپ نے اوڑھی ہوئی تھی یا کسی اور موقع پر؟ بینوا توجروا۔

﴿الجواب باسم ملہم الصواب﴾:

رسول ﷺ کا سیاہ بالوں کی چادر استعمال فرمانا ثابت ہے۔ مگر اس پر مداومت ثابت

وحد من أمتی. وعن أبی هريرةؓ لما ضحی بالشاة جاء ت ابنة تقول: وعنی، فقال: وعنک.

وأجاب بأن هذا لايدل علی وقوعه من اثنين بل هذا هبة ثوابها، وقد روی عن ابن عمر رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما أنه قال: الشاة عن واحد، انتهی. (۴: ۱۷۱)

وفی التهذيب لابن جرير الطبری ما ملخصه: ظن أهل الغباوة أن ذلک ـ أی قوله ﷺ: ''هذا عن محمد وعمن وحد من أمتی'' كان باشراكه لهم فی ملک أضحيته، فزعم أن للجماعة أن يشتركوا فی الشاة، ويجزئهم عن التضحية، ولو كان كذلک لم يحتج أحد من هذه الأمة الی التضحية، ولما كان لقوله عليه السلام: ''من وجد سعة فلم يضح'' وجه وكيف يقول ذلک وقد ضحی هو عنهم وذبحه أفضل؟ من الجوهر النقی. (۳: ۲۱۹).

وبالجملة فأبوحنيفة ومن وافقه انما يقولون بعدم وقوع شاة عن اثنين فصاعداً ولايقولون بعدم جواز هبة ثوابها لأكثر من واحد، فقول الشوكانی: والحديثان يردان عليهم رد عليه، لأن الحديث انما يدل علی هبة ثوابها لأكثر من واحد لا علی وقوعها من اثنين فصاعداً، فافهم. (اعلاء السنن، كتاب الاضحية، باب التضحية بالشاة وتشريك الغير فی الثواب أو ايثاره له به، ج: ۱۷، ص: ۲۱۰، ۲۱۱، ط، ادارة القرآن والعلوم الاسلامية كراتشی)

نہیں، بوقت نزول سورۂ مزمّل آپ ﷺ کا سیاہ چادر اوڑھے ہوئے ہونا ثابت نہیں۔

قالت عائشة رضی اللّٰه عنها خرج النبی ﷺ غداة وعلیه مرط مرحل من شعر اسود فجاء الحسن بن علی فادخله ثم جاء الحسین فدخل معه، ثم جاء ت فاطمة فأدخلها ثم جاء علی فأدخله ثم قال انما یرید اللّٰه لیذهب عنکم الرجس اهل البیت ویطهّر کم تطهیرا (صحیح مسلم ص ۲۸۳ ج ۲)(۲۷۲)۔

اس آیت کی تفسیر رسالہ "**عمدة التفسیر لأیة التطهیر**" مندرجہ "احسن الفتاویٰ" جلد اول میں ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (احسن الفتاوی، ج:۹، ص:۵۱، ط، ایم ایچ سعید کراچی)

❁❁❁

کیا آپ ﷺ کے گھر میں سال بھر کی جو تھی؟

﴿سوال﴾:

بعد از سلام آپ کی خدمت میں عرض ہے کہ کیا حضور ﷺ کے گھر میں پورے سال کی جو بھری ہوئی تھی یا نہیں؟ ایک شخص نے یوں بیان کیا تھا کہ حضور ﷺ کے گھر میں کسی وقت پورے سال کا اناج بھرا ہوا تھا؛ لہٰذا اس کا جواب مرحمت فرمائیں۔ اس شخص نے حدیث بیان کی ہے۔

﴿**الجواب حامداً ومصلیاً**﴾:

رسول اللہ ﷺ کے مبارک گھر میں سال کا نہیں، مہینہ کا نہیں، ہفتہ کا بھی نہیں، حتی

---

(۲۷۲):(صحیح مسلم، کتاب فضائل الصحابة، باب فضائل أهل بیت النبی ﷺ، ص: ۱۰۶۷، رقم: ٦٢٦١، ط، دار السلام ریاض)

کہ شام کے کھانے کے لیے اناج نہیں ہوتا تھا (۲۷۳)۔ وقت پر اللہ تعالیٰ جو دیتے، کھا کر اللہ کا شکر ادا کرتے تھے، یا فاقہ کشی کرتے؛ البتہ ازواج مطہرات کا خرچ آپ ﷺ کے ذمہ کے فرض تھا؛ اس لیے ہر بیوی کو ان کا سال بھر کا نان ونفقہ دے دیتے تھے؛ لیکن وہ بھی آپ ﷺ کی ذات مقدس کی برکت سے سارا مال صدقہ وخیرات کر دیتی تھیں۔ معلوم ہوا کہ آپ ﷺ نے کبھی اسٹاک نہیں کیا، بل کہ جو کچھ آجاتا، اسے بھی آپ ﷺ صدقہ وخیرات کر دیتے تھے (۲۷۴)۔ فقط، واللہ اعلم بالصواب۔ (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۶۸، ۱۶۹)

❁❁❁

---

(۲۷۳):عن أنس رضی اللّٰہ عنه: أنه مشی الی النبی ﷺ بخبز شعیر واهالة سنخة، ولقد رهن النبی ﷺ درعاً له بالمدینة عند یهودی وأخذ منه شعیراً لأهله. ولقد سمعته یقول: ما أمسی عند آل محمد ﷺ صاع بر ولا صاع حب، وان عنده لتسع نسوة. (صحیح البخاری، کتاب البیوع، باب شراء النبی ﷺ بالنسیئة، ص: ۴۰۸، رقم: ۲۰۶۹، ط، دار السلام ریاض)

(۲۷۴):عن عمرؓ قال: کانت أموال بنی النضیر مما أفاء اللّٰہ علی رسوله. مما لم یوجف علیه المسلمون بخیل ولا رکاب. فکانت للنبی ﷺ خاصة. فکان ینفق علیه اهله نفقة سنة. وما بقی یجعله فی الکراع والسلاح. عدة فی سبیل اللّٰہ. وفی الفتح تحت هذا الحدیث: قوله: (فکان ینفق علی أهله نفقة سنة) قال القاضی عیاض: "فیه جواز ادخار قوت سنة، ولم یکن ﷺ یدخر لنفسه شیئاً، وانما یدخر لغیره. وفیه أن الأدخار لایقدح فی التوکل. ولا خلاف فی جواز ادخار ما یرفع الانسان من أرضه. کذا فی شرح الأبی والنووی.

ثم ان أزواج رسول اللّٰہ ﷺ کن ینفقن منه علی الفقراء، حتی لایبقی فی بیوت النبی ﷺ الا شیء یسیر، ولذلک توفی النبی ﷺ ودرعه مرهونة عند یهودی بشعیر. (تکملة فتح الملهم، کتاب الجهاد والسیر، باب حکم الفیء، ج: ۳،

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کتنے وقت کھایا کرتے تھے؟

﴿سوال﴾:

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کتنے وقت کھانا تناول فرماتے تھے؟

﴿جواب﴾:

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں عام معمول دو وقت کے کھانے کا تھا، ایک دن چڑھے، جس کو ''غدا'' کہا جاتا ہے(۲۷۵)، دوسرے مغرب کے بعد جس کو ''عشاء'' کہا جاتا ہے(۲۷۶)، البتہ خود صلی اللہ علیہ وسلم کا عمری معمول ایک ہی وقت کھانا تناول فرمانے کا تھا(۲۷۷)۔ (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۳۲، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

ص: ٦٦، ٦٧، رقم: ٤٥٥٠، ط، دار احياء التراث العربي بيروت لبنان)

(۲۷۵):**في مجمع بحار الأنوار: الغداء المبارک، هو طعام يؤكل أول النهار.** (مجمع بحار الأنوار في غرائب التنزيل ولطائف الأخبار، ج: ٤، ص: ١٣، ط، مجلس دائرة المعارف العثمانية بحيدر آباد الدكن الهند)

(۲۷۶):**في مجمع بحار الأنوار: والعَشاء: فابدؤا بالعشاء، هو بالفتح طعام يؤكل عند العشاء، وأراد بالعشاء صلاة المغرب لأنها وقت الأفطار.** (مجمع بحار الأنوار في غرائب التنزيل ولطائف الأخبار، ج: ٣، ص: ٦٠١، ط، مجلس دائرة المعارف العثمانية بحيدر آباد الدكن الهند)

(۲۷۷):**في كنز العمال: كان اذا تغدى لم يتعش، واذا تعشى لم يتغد.** (كنز العمال في سنن الأقوال والأفعال، شمائل تتعلق بالعادات والمعيشة، ص: ٨٧٠، رقم: ١٨١٧٧، ط، بيت الأفكار الدولية)

کیا حضور ﷺ کو بُت خانوں میں جا کر تبلیغ کرنے کا حکم ہوا تھا؟

﴿سوال﴾:

محترم المقام جناب مفتی صاحب! ایک شخص جو کہ امام مسجد ہے اور اپنے آپ کو قطب زمان، ولی اللہ اور بہت بڑا عالم دین بھی کہتا ہے۔ ایک دن مسجد میں ظہر کی سنت ادا کرنے کے بعد کہنے لگا کہ آج کل جو آدمی جدہر لگ گیا بس ادھر ہی لگا ہوا ہے، دوسری طرف دھیان ہی نہیں، جو نماز پڑھتا ہے وہ صرف نماز ہی میں مشغول ہے اسے دنیا کی کوئی خبر نہیں۔ کوئی روزے رکھے جا رہا ہے اسے اور کسی چیز کا پتہ نہیں، کوئی نوکری کر رہا ہے اور وہ اپنے ہی حال میں مست ہے، اسے باقی دنیا کی فکر نہیں۔ چاہیئے تو یہ کہ ہم مندروں، گردواروں اور گرجا گھروں میں جا کر ہر چیز کی تہہ کو تلاش کریں، اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب پاک حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو حکم دیا تھا کہ آپ گردواروں، مندروں اور بت خانوں میں جایا کریں۔ مسجد میں چند نمازی موجود تھے، ان میں سے ایک نے پوچھا کہ کیا آپ اللہ تعالیٰ کا یہ حکم جو اس نے رسول کریم ﷺ کو دیا تھا قرآن حکیم سے ثابت کر سکتے ہیں؟ تو اس پر امام صاحب بڑے ناراض ہوئے دوسرے دن اپنی اس بات پر پردہ ڈالنے اور چھپانے کے لیے لوگوں کے سامنے کہنے لگے کہ یہ راز و نیاز کی باتیں ہیں ہر ایک آدمی ان کو نہیں سمجھ سکتا، میری کل کی گفتگو کا مطلب یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر ﷺ کو بت خانوں میں جا کر بتوں کو توڑنے کا حکم دیا تھا جیسے حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے بت خانے میں جا کر بت توڑے تھے، اور رسول کریم ﷺ نے کعبہ میں بتوں کو نام لے لے کر توڑا تھا۔ اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ:۔

(۱) کیا اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو بت خانوں میں جانے کا حکم دیا تھا؟

(۲) کیا اللہ تعالیٰ نے رسول للہ ﷺ کو بت خانوں میں جا کر بت توڑنے کا حکم دیا تھا؟ اگر اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی دیا ہو تو قرآن کریم کی سورۃ، رکوع اور آیت کا حوالہ

قلمبند کریں؟

(۳) کیا ایسے امام مفتری جو اللہ تعالیٰ (امام مذکور کو توبہ واستغفار کے لئے بھی کہا گیا لیکن اس نے اسطرف کوئی دھیان نہیں دیا اور نہ توبہ کی) اور اس کے رسول ﷺ پر افتراء باندھے، کے پیچھے بغیر توبہ کیے نماز پڑھنے سے نماز ہو جاتی ہے یا نہیں؟

مزید تشریح: (۱) مذکورہ امام مسجد اور بھی کئی من گھڑت قصے کہانیاں مسجد میں بیٹھ کر سناتے ہیں، ایک دفعہ انہوں نے اپنا ایک ذاتی قصہ سنایا کہ ایک دفعہ میں ایک صاحب کشف کے پاس گیا اور کہا کہ میری تمنّا ہے کہ میں بھی آپ جیسا ہو جاؤں، انہوں نے کہا کہ میاں اس میں بڑی مشکلات ہیں اور کئی چیزوں کی قربانی بھی دینی پڑتی ہے، جواباً میں نے ہر قسم کی مشکلات کا مقابلہ کرنے اور قربانی دینے کا اقرار کیا، انہوں نے کہا کہ اچھا تو سب سے پہلے تمہیں داڑھی صاف کرنی اور نماز چھوڑنی پڑے گی، بادل نخواستہ میں نے ہاں کر دی، نماز تو اسی وقت چھوڑ دی اور ماتھے پر تلک بھی لگا لیا اور حجام کو بلا کر داڑھی صاف کرانے کے لیے اس کے سامنے بیٹھ گیا، جونہی حجام نے استرا میرے منہ پر رکھا تو مجھے تمام باطنی چیزیں آنکھوں کے سامنے نظر آنے لگیں۔ میں گھر سے بہت دور اور گھر والوں سے چوری گیا تھا اور کسی کو میرا پتہ تک نہیں تھا کہ زندہ ہے یا مر گیا ہے اور گھر والے مجھے تلاش کر رہے تھے۔ میں نے دیکھا میرا بھائی اور ایک دوسرا آدمی مجھے تلاش کرتے کرتے تھک ہار کر ایک ہوٹل میں بیٹھ گئے ہیں۔

(۲) ایک دوسرے موقع پر مسجد میں بیٹھے مولانا رومؒ کا ذکر کرنے لگے کہ مولانا رومؒ ایک دفعہ حضرت شاہ شمس تبریزؒ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگے کہ اے صاحب با کرامت مجھے آپ اپنے رنگ میں رنگ دیں، یعنی اپنے جیسا بنا دیں، حضرت شمس تبریزؒ نے کہا کہ میاں تیری منزل دوسری ہے، اسے چھوڑنا پڑے گا، مولانا رومؒ نے منظور کیا تو انہوں نے اور باتوں کے علاوہ نماز چھوڑنے کو بھی کہا۔ مولانا رومؒ گھر آئے اور سوچنا شروع کیا کہ ایک طرف تو اللہ تعالےٰ کا حکم ہے اور دوسری طرف پیر و مرشد کا حکم ہے، آخر یہ فیصلہ کیا کہ چلو

فرض پڑھ لیتا ہوں جو خدا کا حکم ہے اور سنتیں چھوڑ دیتا ہوں، اور ایسے ہی صرف فرض ادا کر کے سو گئے، خواب میں دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور بہت سخت ناراض ہو کر فرمایا کہ تو نے خدا کے فرض تو پڑھ لیے اور میری سنتیں چھوڑ دیں؟ صبح مولانا رومؒ اٹھے اور مرشد کی خدمت میں حاضر ہو کر سارا ماجرا بیان کیا، مرشد نے پوچھا کہ اس سے پہلے بھی تجھے رسول اللہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی ہے؟ مولاناؒ نے جواب نفی میں دیا، اس پر مرشد کہنے لگے کہ بے شک رسولِ خدا ﷺ غصّے میں تھے لیکن زیارت ہو گئی، اگر تو فرض بھی نہ پڑھتا تو خدا کا دیدار بھی ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد مذکورہ امام صاحب نے مولانا رومؒ کا یہ شعر پڑھا ہے۔

مولوی ہرگز نہ شد مولائے روم
تا غلام شمس تبریزی نہ شد

اس کے بعد امام کہنے لگے کہ نماز میں کیا رکھا ہے، خدا نماز پڑھنے سے نہیں ملتا، خدا کے ملنے کے اور طریقے ہیں۔ اس قسم کے اور بھی کئی قصّے اکثر سناتے رہتے ہیں جن میں سے ۲ دو بطور تمثیل پیش کر دیئے ہیں۔

(۳) علاوہ ازیں امام مذکورہ خود صبح کی نماز پڑھنے کبھی مسجد میں تشریف نہیں لاتے، گھر پر پڑھ لیتے ہوں تو اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔ اگر ان سے کہا جائے کہ صبح مسجد میں آ کر نماز پڑھایا کریں تو کہتے ہیں کہ تم لوگوں کو کیا پتہ! اگر میں صبح کی نماز پڑھانے کے لیے سویرے اٹھوں تو نہ معلوم میرے اوپر کیا کیا آفت آتی ہے۔

(۴) مذکورہ امام صاحب بینجو (جو کہ ساز بجانے کا ایک آلہ ہے) بڑے شوق سے بجاتے ہیں اور جب اس کی دھن میں مست ہو جاتے ہیں تو پاس بیٹھے ہوئے آدمیوں سے کہتے ہیں کہ اگر کسی نے کچھ مانگنا ہے تو مانگ لے۔ راقم الحروف کی رائے میں گویا وہ صبح کی نماز کو نحوست اور یہاں (نعوذ باللہ) خدائی دعوی کر کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں کو منہ مانگی مرادیں دیتے ہیں۔

مندرجہ بالا قصّے کہانیوں کی روشنی میں علمائے کرام اس امام کے بارے میں کیا فتوی دیتے ہیں؟ نیز ایسے امام کے پیچھے نماز ہوجاتی ہے یا نہیں؟ اور جو نمازیں اس کی اقتداء میں پڑھی گئی ہیں ان کا لوٹانا ضروری ہے یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

جامعہ اشرفیہ لاہور کا جواب (۱) جو خود کہا کرتا ہے وہ ہوتا نہیں، جو ایسا ہوتا ہے وہ کبھی کہا نہیں کرتا بلکہ خود کو حقیر سمجھا کرتا ہے، کہنا ہی دلیل ہے کہ کچھ نہیں ہے غلط فہمی میں مبتلا ہیں۔

(۲) نہیں! نہ تلاش کرنے کا اس کو حکم ہوسکتا ہے، جس کو بتائی نہ گئی ہو۔

(۳) شریعت میں ہر گناہ و کفر کو مٹانے کا حکم ہے، اس میں بت بھی ہیں، جس قدر قدرت ہو، وہاں جانے کا نہیں۔ مگر امام کی کم علمی پر اس قدر چراغ پا ہونے کی ضرورت نہیں سمجھانے کی ضرورت ہے، یہ زیادہ مفید ہوگا۔

(۴) مندروں وغیرہ میں ہر چیز کی تہہ تلاش کرنا کئی وجہ سے ہوسکتا ہے، اس لیے یہ کلمہ کفریہ بننے سے نکل سکتا ہے، اس سے ترغیب کفریہ باتوں کی ہوتی ہے، اس لیے گناہ ضروری اور اگلے روز کی تاویل گویا مثل رجوع کے ہے۔ مگر صاف لفظوں میں توبہ کرنی چاہئے اس کو بار بار، ان سے کہا جائے ورنہ اس کو بھی کافی قرار دیں اگر اور باتیں ان میں نہ ہوں، دوسرے کاغذ سے معلوم ہوا کہ خطرناک اور لوگوں کو گمراہ کرنے والے ہیں، فاسق ہیں، ان کی امامت مکروہ ہے، ان کو فوراً امامت سے الگ کردینا چاہئے بشرطیکہ مذکورہ باتیں صحیح ہوں۔

کتبہ: جمیل احمد تھانوی مفتی جامعہ اشرفیہ نیلا گنبد لاہور، ۱۷/۱۲/۱۳۸۴ھ۔

دار العلوم کراچی کا جواب: جواب صحیح: یہ شخص پرلے درجے کا فاسق مفتری کذاب ہے، جھوٹی روایات اور قصے بیان کرتا ہے جو لوگوں کو بددین اور گمراہ کرنے والے ہیں، اس کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تحریمی ہے، اس کو امام بنانا درست نہیں اور اس کے پیچھے نمازیں نہ

پڑھیں، فوراً اس کو امامت سے علیحدہ کر کے اس کی بجائے کسی متقی صحیح العقیدہ، مسائلِ امامت ونماز کے واقف کار شخص کو امام مقرر کریں، اور جو نمازیں اس امام کے پیچھے پڑھ لیں ان کو لوٹانے کی ضرورت نہیں۔ واللہ اعلم

کتبہ: احقر العباد محمد صابر نائب مفتی دار العلوم کراچی ۱/۱/۱۳۸۵ھ۔

الجواب صحیح: بندہ محمد تقی عثمانی دار العلوم کراچی ۲/۱/۱۳۸۵ھ۔

دار العلوم حقانیہ کا جواب: الجواب صحیح: واقعی یہ شخص انتہائی دروغ گو کہانیاں بیان کرتا ہے جس کا اثر سادہ لوح مسلمانوں پر زیادہ ہوتا ہے مگر حقیقت اس کی کچھ نہیں اور شرعی احکام کے سراسر خلاف ہیں، ایسے مفتری کو ہرگز امام نہ بنایا جائے، اس کو معزول کر کے اس کی جگہ ایک صالح مرد عالمِ دین کو منصبِ امامت پر مقرر کیا جائے۔ فقط واللہ اعلم (فتاوی حقانیه، ج: ۱، ص: ۳۱۸ تا ۳۲۲، ط، مکتبه سید احمد شهید اکوڑه خٹك)

کیا حضور ﷺ کے سر میں جوئیں پڑتی تھیں

﴿سوال﴾:

(۱) حضور ﷺ کا پیشاب، پاخانہ پاک تھا یا نجس؟

(۲) حضور ﷺ کے سر مبارک میں جوئیں پڑتی تھیں یا نہیں؟ اگر نہیں پڑتی تھیں تو اس حدیث کا کیا مطلب ہے جو ابوداؤد میں اس طرح ہے "تفلی راسه" اور اس کے حاشیے کا کیا مطلب ہے جو اس طرح ہے ای تفتش القمل من راسه وتخرج وتقتله. بینوا توجروا۔

﴿جواب﴾:

شوافع میں بعض علمائے محققین نے آنحضرت ﷺ کے بول وبراز کی طہارت کا حکم کیا ہے، اور علمائے حنفیہ نے اس کو نقل کر کے اس کے ساتھ اپنی موافقت بیان کی ہے۔ اور

بعض صحابہ رضی اللہ عنہم وصحابیات کے اس واقعہ سے کہ انہوں نے حضور ﷺ کا پیشاب نادانستگی میں پی لیا تھا مگر حضور ﷺ نے خبر پا کر ان کو دعا دی اور انکار نہیں فرمایا، طہارت پر استدلال کیا ہے(۲۷۸)۔

---

(۲۷۸):فی الخصائص الکبری: وأخرج أبو یعلی والحاکم والدارقطنی والطبرانی وأبو نعیم عن أم أیمنؓ: قالت قام النبیﷺ من اللیل الی فخارة فبال فیها فقمت من اللیل وأنا عطشانة فشربت ما فیها فلما أصبح أخبرته فضحک وقال "أما انک لاتتجعن بطنک أبدا". ولفظ أبی یعلی "انک لن تشتکی بطنک بعد یومک هذا أبداً.

وأخرج الطبرانی والبیهقی بسند صحیح عن حکیمة بنت أمیمة عن أمها قالت: کان للنبیﷺ قدح من عیدان یبول فیه ویضعه تحت سریره فقام فطلبه فلم یجده فسأل عنه فقال أن القدح؟ قالوا شربته برة خادم أم سلمة التی قدمت معها من أرض الحبشة فقال النبیﷺ لقد احتظرت من النار بحظار. (الخصائص الکبریٰ، باب اختصاصهﷺ بطهارة دمه وبوله وغائطه، ج: ۳، ص: ۳۲۱، ط، دار الکتب الخدیثة)

وفی عمدة القاری: وذکر القاضی حسین فی العذرة وجهین، وأنکر بعضهم علی الغزالی حکایتهما فیها، وزعم نجاستها بالاتفاق، قلت: یا للغزالی من هفوات حتی فی تعلقات النبی علیه الصلاة والسلام، وقد وردت أحادیث کثیرة أن جماعة شربوا دم النبی علیه الصلاة السلام، منهم أبو طیبة الحجام، غلام من قریش حجم النبی علیه الصلاة والسلام، عبداللّٰه بن الزبیر شرب دم النبی علیه الصلاة والسلام، رواه البزار والطبرانی والحاکم والبیهقی وأبو نعیم فی الحلیة. ویروی عن علی رضی اللّٰه عنه، أنه شرب دم النبی علیه الصلاة والسلام، وروی أیضاً أن أم أیمن شربت بول النبیﷺ، رواه الحاکم والدارقطنی والطبرانی وأبونعیم. (عمدة القاری، کتاب الوضوء، باب الماء الذی یغسل به شعر الانسان، ج: ۳، ص: ۵۲، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

اکثر علمائے سیر نے تصریح کی ہے کہ حضور ﷺ کے سر مبارک میں جوں نہیں پڑتی تھی، اور اس میں کوئی تعجب اور انکار کی وجہ بھی نہیں۔ حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث اس کے خلاف پر دلالت بھی نہیں کرتی۔ کیونکہ یہ ممکن ہے کہ گو حضور ﷺ کے سر میں جوں پیدا نہیں ہوتی تھی مگر دوسروں کے بدن یا کپڑے کی جوں رینگ کر چڑھ جاتی ہوں اور وہ حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ہاتھ لگ جاتی تھی اور وہ پکڑ کر مار ڈالتی تھی۔ اس کے علاوہ حدیث کے الفاظ صرف تفلی راسہ ہیں جس کے معنی صرف جوں کو تلاش کرنے کے ہیں اور محشی کا قول وتخرج وتقتلہ محتاج دلیل ہے۔ (کفایۃ المفتی، ج:۱، ص:۹۰، ۹۱، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

سینہ نبوی کی آواز

﴿سوال﴾:

ایک روایت میں ہے کہ بوقت نماز آنحضرت ﷺ کے سینہ مبارک سے بہ جوش وخروش ہانڈی کے ابلنے کی سی آواز بہت زور شور سے آتی تھی، اور ایک جگہ میں نے یہ بھی پڑھا کہ یہ آواز ایک میل تک مسموع ہوتی تھی، یہ حدیث بظاہر درایت کے خلاف معلوم ہوتی ہے، کیونکہ حضور ﷺ تو رات کو گھر میں داخل ہوتے وقت سلام بھی ایسی آواز میں فرماتے

وفی ردالمحتار: صحح بعض أئمة الشافعية طهارة بوله ﷺ وسائر فضلاته، به قال أبو حنيفة كما نقله فی المواهب اللدنية عن شرح البخاری للعينی، وصرح به البيری فی شرح الأشباه. وقال الحافظ ابن حجر: تظافرت الأدلة لملا علی القاری أنه قال: اختاره كثير من أصحابنا: وأطال فی تحقيقه فی شرحه علی الشمائل فی باب ماجاء فی تعطره عليه الصلاة والسلام. (ردالمحتار علی الدرالمختار، كتاب الطهارة، باب الأنجاس، مطلب فی طهارة بوله ﷺ، ج: ۱، ص: ۵۲۲، ۵۲۳، ط، دار عالم الكتب رياض)

تھے کہ سونے والا جاگے نہیں اور جاگنے والے سن لے، جو آواز ایک میل تک مسموع ہو تو آس پاس والوں کا کیا حال ہوگا؟ بچوں کے تو کان بھی پھٹ سکتے ہیں اور نیند کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

﴿جواب﴾:

ایک میل سے مسموع ہونے کی بات تو پہلی دفعہ آپ کی تحریر میں پڑھی ہے، میں نے ایسی کوئی روایت نہیں دیکھی، سند کے بارے میں کیا عرض کروں؟ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص:۱۸۶، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے ناموں کی تحقیق

﴿سوال﴾:

اللہ تعالیٰ کے ۹۹ ناموں کی کاپیاں تقسیم کی جاتی ہیں اور پڑھی جاتی ہیں اسی طرح نبی کریم ﷺ کے ۹۹ ناموں کی کاپیاں تقسیم کی جاتی ہیں اور پڑھی جاتی ہیں کیا ۱۹۹ سماء نبوی ﷺ کی کوئی اصل ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کچھ صفات تو صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہیں اور اب یہ نبی کریم ﷺ کے لئے بھی استعمال ہونے لگی ہیں، مثلاً الاول، الاخر وغیرہ، میری ناقص رائے میں یہ صحیح نہیں ہونا چاہئے یہ خاص اللہ کی صفات ہیں۔ وضاحت فرمائیں؟

﴿الجواب﴾:

بخاری شریف میں ہے:

وقول اللّٰہ تعالیٰ: ﴿ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین﴾ وقولہ تعالیٰ ﴿محمد رسول اللّٰہ والذین معہ أشداء.....﴾ وقولہ

تعالیٰ: ﴿من بعدی اسمه احمد﴾ حدثنا ابراهیم بن المنذر ...قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: لی خمسة اسماء انا محمد واحمد وانا الماحی الذی یمحو اللّٰه بی الکفر وانا الحاشر الذی یحشر الناس علی قدمی وانا العاقب. (صحیح بخاری شریف: ۱/ ۵۰۰، باب ماجاء فیاسماء رسول اللّٰه علیه وسلم، ط: فیصل).

واخرج الامام البیهی فی "دلائل النبوة" بسنده عن ابی موسیٰ قال: کان رسول اللّٰه ﷺ سمی لنا نفسه، فقال: انا محمد واحمد والحاشر والمقفی ونبی التوبة والملحمة، لفظ حدیث الاعمش. وفی روایة له عن ابی صالح، قال: قال رسول اللّٰه علیه وسلم: ایها الناس: "انما انا رحمة مهددة" هذا منقطع. وروی موصولا. (دلائل النبوة: ۱/ ۱۵۶، ۱۵۷، باب ذکر اسماء رسول اللّٰه ﷺ، دارالکتب العمیة).

قال الامام البیهقی: وزاد غیره من اهل العلم فقال: اسماء اللّٰه تعالیٰ فی القرآن: رسولا، نبیا، امیا، وسماه: شاهدا، مبشرا، نذیرا، وداعیا الی اللّٰه باذنه، سراجا منیرا، وسماه: رؤوفا رحیما، وسماه: مذکرا، وجعله رحمة، ونعمة، وهادیا، وسماه: عبدا. صلی اللّٰه علیه وعلی آله وسلم کثیرا. (دلائل النبوة: ۱/ ۱۶۰، ذکراسماء رسول اللّٰه ﷺ، ارالکتب العمیة).

عمدۃ القاری میں ہے:

قال ابو زکریا العنبری: لنبینا محمد ﷺ خمسة

اسماء فی القرآن العظیم، قال اللّٰہ عزوجل: ﴿محمد رسول اللّٰہ﴾ [الفتح:٢٩]. وقال: ﴿مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد﴾ [الصف:٦] .وقال: ﴿وانه لما قام عبداللّٰہ﴾ وقال ﴿طه﴾ وقال: ﴿یس﴾... وعن کعب، قال اللّٰہ عزوجل محمد ﷺ عبدی المتوکل المختار، وعن حذیفة بسند صحیح یرفعه: "انا المقفی ونبی الرحمة"، وعن مجاهد قال ﷺ " انا رسول الرحمة، انا رسول اللّٰہ الملحمة بعثت بالحصاد ولم ابعث بالزراع" وفی "کتاب الشفاء" وانا رسول الراحة ورسول الملاحم وانا قثم، والقثم الکامل، وفی القرآن: المزمل، والمدثر والنور والمنذر والبشیر والشاهد والشهید والحق والحق والمبین والأمین وقدم الصدق ونعمة اللّٰہ والعروة الوثقیٰ والصراط المستقیم والنجم الثاقب والکریم وداعی اللّٰہ المصطفیٰ والمجتبیٰ والحبیب ورسول رب العالین والشفیع والمشفع المتقی والمصلح والظاهر والصادق والمصدوق والهادی وسید ولد آدم سید المرسلین وامام المتقین وقائد الغرالمحجلین وحبیب اللّٰہ وخلیل الرحمٰن وصاحب الحوض المورود والشفاعة والمقام المحمود وصاحب الوسیلة والفضیلة والدرجة الرفیعة وصاحب التاج والمعراج واللواء و القضیب وراکب الراق والناقة والنجیب وصاحب الحجة والسلطان والعلامة و للبرهان وصاحب الهراوة والنعلین والمختار ومقیم السنة والمقدس وروح القدس وروح الحق وهومعنی البار قلیط فی

الانجیل. وقال ثعلب: البار قلیط الذی یفرق بین الحق والباطل،... وقال ثعلب: الخاتم الذی ختم الانبیاء والخاتم احسن الانبیاء خلقا وخلقا ویسمی بالسریانیة: مشفح والمنحمنا، وفی التوراة: احید، معناه احید امتی عن النار. وقیل: معناه الواحد، وقال عیاض: معناه صاحب القضیب، ای السیف وفی "الدر المنظم" للعراقی: من اسمائه المصدق المسلم الا مام المهاجر العامل اذن خیر الآمر والناهی المحلل والمحرم الواضح الرافح المجیر، وقال ابن دحیة: اسماؤه وصفاته اذا بحث عنها تزید علی الثلاث مائة، وقد ذکرنا عن ابن العربی: أن أسماوه بلغت الفا کأسماء اللّٰه تعالی. (عمدة القاری: ۲۸۳/۱۱، باب ماجاء فی اسماء النبی ﷺ، ط: ملتان)

"**القول البدیع فی الصلوة علی الحبیب الشفیع**" (ص ۱۷٤) میں بعض صوفیاء سے ایک ہزار تک ناموں کا ہونا منقول ہے اور بعض نے تین سو تک تعداد ذکر کی ہے، اور مصنفؒ نے حروف تہجی کی ترتیب سے مرتب فرمایا ہے اور اس کے بعد بالترتیب ۱۴۲۸ اسماء گرامی ترجمہ کے ساتھ ذکر فرمائے ہیں (طوالت کی وجہ سے ترک کیا جاتا ہے) اس میں الا خر کے معنی تمام انبیاء سے اخیر میں تشریف لانے والے اور الاول سب سے پہلے نجات کا پیغام لانے والے مذکور ہے، پھر فرمایا اسماء گرامی کی تعداد ایک قول کے مطابق ۴۳۰ بتائی گئی ہے لیکن علماء کرام نے صرف انہیں اسماء کو لیا ہے جن کے بارے میں احادیث وارد ہوئی ہیں اور وہ ۹۹ ہیں۔

خلاصہ یہ کہ نبی کریم ﷺ کے اسمائے گرامی صرف ۹۹ میں منحصر نہیں ہیں بلکہ ۴۰۰ سے زائد شمار کئے ہیں اور ایک ہزار تک بیان کئے گئے ہیں البتہ صرف ۹۹ اس لئے لیے گئے

ہیں تا کہ اسماء حسنٰی کے ساتھ نسبت رہے، اور ان میں اکثر باعتبار اوصاف کے قرآن مجید سے حاصل شدہ ہیں اور بعض اسماء احادیث میں وارد ہوئے ہیں۔ رہی یہ بات کہ الاول اور الاخر یہ خاص اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں تو اس کا جواب یہ ہے کہ دونوں نسبتوں کے اعتبار سے ان کا معنی جدا ہے، اللہ کی طرف منسوب ہو تو خاص صفات مراد ہیں اور نبی علیہ سلام کی طرف منسوب ہو تو اس کا معنی علیحدہ ہے چنانچہ الاول سے مراد آپ ﷺ کی روح مبارک کو سب سے پہلے پیدا کیا گیا تھا یا اولیت اس اعتبار سے ہے کہ آپ کی نبوت کا اعلان تمام انبیاء کی نبوت سے پہلے کیا گیا اور الآخر کے معنی سب سے آخر میں مبعوث ہونے والے۔ (الاول اور الاخر کی مزید تفصیل ''ابواب الحدیث'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں)۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔

(فتاوی دار العلوم زکریا، ج:۱، ص:۸۳تا۸۶، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

نبی کریم ﷺ کے مردہ کو زندہ کرنے کی تحقیق

﴿سوال﴾:

کیا نبی کریم ﷺ سے اپنی حیات طیبہ میں کسی صحیح روایت سے یہ ثابت ہے کہ مردہ کو زندہ کیا ہو جیسا کہ حضرت عیسی علیہ السلام سے ثابت ہے؟

﴿الجواب﴾:

تتبع کثیر کے باوجود کتب حدیث میں صحیح اور معتمد روایت میں یہ نہیں ملا کہ آنحضرت ﷺ نے اپنی حیات طیبہ میں کسی مردہ کو زندہ کیا ہوا البتہ دو ضعیف روایتیں ایسی ہیں جس میں مردہ کو زندہ کرنے کا تذکرہ ہے۔

(۱) آنحضرت ﷺ کا اپنے والدین کو زندہ کرنا اور ان کا آپ ﷺ پر ایمان لانا لیکن محدثین کے نزدیک یہ روایت نہایت کمزور اور ضعیف ہے زیادہ قابل اعتماد نہیں۔

(۲) آپ ﷺ نے ایک شخص کو اسلام کی دعوت دی تو اسنے انکار کر دیا شرط لگائی کہ

اس کی لڑکی کو زندہ کردے تو آپ ﷺ نے زندہ فرمایا یہ روایت قاضی عیاض کی کتاب الشفاء میں مذکور ہے نیز مواہب لدنیہ میں بھی درج ہے لیکن سند معلوم نہیں کہ اس کا کیا حال ہے اور حدیث کی کیا حیثیت ہے صرف اتنا مذکور ہے کہ علامہ سیوطیؒ نے اس کی تخریج نہیں کی اور بظاہر یہ بھی زیادہ قابل اعتماد نہیں اور سند کا کوئی پتہ نہیں۔

دلائل وحوالہ جات حسب ذیل درج ہیں۔

شرح زرقانی میں مذکور ہے:

وكذا روى ن حديث عائشة أيضاً احياء أبويه رضى الله عنه حتى آمنا به جميعاً أورده السهيلى فى الروض وكذا الخطيب فى كتاب السابق واللاحق، وقال السهيلى: ان فى اسناده مجاهيل، وقال ابن كثير: انه منكر أى ضعيف جداً لاموضوع فالمنكر من أقسام الضعيف. (شرح الزرقانی: ۱۸۳/۵، دارلمعرفه، بیروت).

کشف الخفاء میں مرقوم ہے:

أحيا أبوى النبى ﷺ حتى آمنا به أورده العسكرى عن عائشة رضى اللّٰه تعالىٰ عنها وكذاالسهيلى عن عائشة رضى اللّٰه تعالىٰ عنها وقال: فى اسناده مجاهيل وقال ابن كثير: انه منكر جداً.... الى قوله وهذا الحديث ضعيف باتفاق الحفاظ بل قيل: انه موضوع لكن الصواب ضعفه. (کشف الخفاء: ۵۹/۱- ۶۱).

لسان المیزان میں ہے:

على بن أحمد العكى بصرى متهم روى عن أبى غزية عن عبد الوهاب ابن موسى عن مالک عن أبى الزناد عن

هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها حديثين أحدهما: أنا النبى ﷺ لما حج مر بقبر أمه آمنة فسأل الله عزوجل فأحياها الخ... قال الدارقطنى: الاسناد والمتن باطلان ولايصح لأبى الزناد عن هشام عن أبيه عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها شيء وهذا كذب على مالك والحمل فيه على أبى غزية والمتهم بوضعه هو أو من حدث به عنه وعبدالوهاب بن موسىٰ ليس به بأس. (لسان الميزان ١٩٢/٤ مطبعه ادارة تاليفات اشرفيه ملتان)

شرح الشفاء میں مذکور ہے:

وأما ماذكروا عنه عليه الصلاة والسلام من احياء أبويه وايمانهما به على ما رواه الطبرانبى وغيره عن عائشة رضى الله تعالىٰ عنها فاتفق الحفاظ على ضعفه كما صرح به السيوطى وقال ابن دحية: هو موضوع مخالف للكتاب والسنة. (شرح الشفاء: ٩٩/٣، دار المعرفة).

وللاستزادة انظر: (المقاصد الحسنة للعلامة السخاوى، ص ٤٨، رقم: ٣٧، و التذكرة فى الاحاديث المشتهرة، ص ١٧٤، للشيخ بدر الدين الزركشى (م٧٩٤هـ)، وتذكرة الموضوعات، ص ٨٧، للشيخ الفتنى، والا سرار المرفوعة لملا على القارى (م ١٠١٤هـ)، ص ٥١، رقم: ١٥٩، والموضوعات لابن الجوزى: ٢٨٤/١، واللالى المصنوعة: ٢٤٦/١، والدرر المنثرة فى الاحاديث المشتهرة، للامام السيوطىؒ، ص ٢٣، والفوائد الموضوعة فى الاحاديث الموضوعة، ص ٩١).

نسیم الریاض میں ہے:

الحسن البصرى وقدمنا ترجمته هذا الحديث لم

يخرجه السيوطي. (أتى رجل النبيﷺ فذكره أنه طرح بنية له في وادى كذا فانطلق معه الى الوادى وناداها باسمها يافلانة أحيي باذن الله فخرجت حية من قبرها وهي تقول: لبيك وسعديك، الخ وبهامشه: والحديث عن الحسن لم نعلم من رواه. (نسيم الرياض: ٣/٩٩، وكذا في اعلام النبوة لابي الحسن الماوردي، ١١١، الباب التاسع، ط: بيروت).

شرح الزرقانی میں ہے:

روى البيهقي في دلائل النبوة: أنه دعا رجلاً الى الاسلام فقال: لا أومن يک حتى تحيي لي ابنتي، فقال النبيﷺ: أرني قبرها فأراه اياه، فقال النبيﷺ: يا فلانة... الى قوله ولم يذكر مخرجه السيوطي من رواه. (شرح الزرقاني: ٥/١٨٢)

وللاستزادہ انظر: (سبل الهدى والرشاد: ١٠/١٤ـ ١٦، ط: بيروت، والبيهقي في دلائل النبوة: ٦/٥٠، ط: بيروت، والمواهب اللدنية بالمنح المحمدية: ٢/٥٧٧، المقصد الرابع في المعجزات، ط: المكتب الاسلامي، والبداية والنهاية: ٦/٥٤٠، ط: الرياض، موسوعة الامام ابن ابي الدنيا: ٦/٢٦٥ـ ٣١٠، كتاب من عاش بعد الموت، ط: بيروت) فقط واللہ سبحانہ و تعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دار العلوم زکریا، ج: ١، ص: ٩٣تا ٩٥، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

حضور ﷺ کے معجزات سے متعلق چند سوال وجواب

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں:

(الف) جو شخص آپ کا صرف ایک معجزہ، معجزۂ قرآن کو مانے اور باقی سب معجزات کا انکار کرے، ایسا شخص شرعاً کیسا ہے، فاسق، فاجر، بدعتی؟

(ب) معجزات کا اعتقاد رکھنا حق ہے، ضروری ہے، اس کی کیا دلیل ہے؟ قرآن کی کوئی آیت یا حدیث نبوی یا اجماع امت؟

(ج) معجزات کو ماننا، تسلیم کرنا شرعاً فرض ہے یا واجب یا سنت؟ کیا واقعۂ معراج بھی حضور ﷺ کا معجزہ ہے؟ دوران تحریر اگر کوئی خطا ہوئی ہو تو معاف فرمادیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

قرآن کریم کے علاوہ آپ ﷺ سے بے شمار معجزات صادر ہوئے ہیں، جو صحیح ترین احادیث صحیحہ سے ثابت ہیں، جیسا کہ بخاری ومسلم کی متعدد روایات میں آپ ﷺ کی انگلیوں کے پوروں سے پانی کا چشمہ جاری ہونا اور صحابہ کی جم غفیر کا اس پانی سے اپنی ضرورت پوری کرنا ثابت ہے، اس طرح کے معجزہ کا انکار کرنا سخت ترین گمراہی اور ضلالت کا باعث ہے۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

عطش الناس يوم الحديبية، والنبي ﷺ بين يديه ركوة، فتوضأ، فجهش الناس نحوه قال: مالكم؟ قالوا: ليس عندنا ماء نتوضأ ولا نشرب الا مابين يديك، فوضع يده في الركوة، فجعل الماء يثور بين أصابعه كأمثال العيون، فشربنا وتوضأنا، قلت: كم كنتم؟ قال: لو كنا مائة ألف لكفانا، كنا خمس عشرة مائة. (بخاری شریف، کتاب المناقب، باب

علامات النبوة فی الاسلام، النسخة الهندية ۱/۵۰۰، رقم: ۳۴۵۱، ف: ۳۵۷۶، مسلم شريف، كتاب الفضائل، باب فی معجزات النبی ﷺ، النسخة الهندية ۲/۲۴۶، بيت الأفكار، رقم: ۲۲۷۹)

(۲) معجزات نبوی کا انکار کرنا بڑی جسارت کی بات ہے، جن معجزات کا ثبوت قرآن مقدس سے اور احادیث متواترہ سے ہے، ان کا انکار موجب کفر ہے، ایسے لوگوں کو اپنے ایمان کی خیر منانی چاہئے۔

وخبر المعراج، أی بجسد المصطفیٰ يقظة الى السماء، ثم الى ماشاء الله تعالى فی المقامات العلى حق، أی حديثه ثابت بطرق متعدة، فمن رده أی ذلک الخبر ولم يؤمن بمقتضى ذلک الأثر فهو ضال مبتدع، أی جامع بين الضلالة والبدعة، وفی كتاب الخلاصة: من أنكر المعراج..... الى قوله..... فهو كافر. (شرح فقه أكبر، مكتبه اشرفی ديوبند ۱۳۵)

(۳) معجزات کا ثبوت برحق ہے اور اس کا اعتقاد رکھنا ہر مسلمان کے ذمہ واجب ہے۔

قد ظهر على يديه ﷺ بعض المعجزات ثابت بالتواتر المعنوی فلابد من اعتقاد ثبوت معجزات النبی ﷺ فی الجملة. (تكملة فتح المهلم، كتاب الفضائل، باب فی المعجزات، مكتبه اشرفيه ديوبند ۴/۴۷۴)

والمعراج حق، وقد أسرى بالنبی ﷺ وعرج بشخصه فی اليقظة الى السماء، ثم الى حيث ماشاء الله

العلا، وأكرمه الله بما شاء، وأوحى اليه ما أوحى ماكذب الفؤاد مارأى، فصلى الله عليه وسلم فى الآخرة والأولى.

(شرح العقيدة الطحاوية، المكتبة الاسلامى، بيروت /۲۲۳)

(۴) واقعۂ معراج کا ثبوت احادیث صحیحہ اور سنت متواترہ سے ہے، اس کا ذکر مختلف احادیث اور سیر کی کتابوں میں موجود ہے۔ اور اس کا انکار کرنا کفر اور گمراہی ہے۔

والمعراج لرسول الله عليه السلام فى اليقظة بشخصه الى السماء، ثم الى ماشاء الله تعالىٰ من العلى حق، أى ثابت بالخبر المشهور حتى أن منكره يكون مبتدعا (وتحته فى هامشه) أى خارجا عن السنة يضلل، ولا يكفر فى انكار المعراج على التفصيل المذكور، وأما انكار نفس المعراج فهو كفر بلا شبهة. (شرح عقائد مع هامشه، مكتبه نعيميه ۱۴۳، شرح فقه أكبر، مكتبه اشرفى ديوبند ۱۳۵) فقط والله سبحانه تعالىٰ اعلم۔(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۱۲۰تا ۱۲۲، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کا قبر میں تشریف لانا ثابت نہیں اور ماتقول فی ہذا الرجل کا جواب

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں مفتیان شرع متین دریں مسئلہ کہ حضور اقدس ﷺ قبر میں تشریف لاتے ہیں یا نہیں؟ اگر تشریف لاتے ہیں تو اس حدیث کا کیا مطلب الذی بعث فیکم اور اگر نہیں لاتے تو اس کا کیا مطلب ہے ماتقول فی هذا الرجل پوری تحقیق وتدقیق

سے جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کا قبر میں تشریف لانا روایات صحیحہ سے ثابت نہیں۔ بعض لوگ "ما تقول فی هذا الرجل" جیسے الفاظ کی بناء پر اس کے قائل ہو گئے ہیں حالانکہ ان الفاظ سے یہی مراد ہونا محل کلام ہے۔ کیونکہ اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ "ہذا" کا مشار الیہ آنحضرت ﷺ کا وہ مبارک تصور ہو جو ہر مسلمان کے ذہن میں موجود ہوتا ہے۔ وله نظائر كثيرة. یا روضہ اطہر اور میت کے درمیان حجاب اٹھا دیئے جاتے ہوں اور مردہ زیادت سے مشرف ہو جاتا ہو۔ (پس سوال میں مذکور شق ثانی کی بناء پر اسم اشارہ کی توجیہ اس سے خوب ظاہر ہے)۔

والدليل عليه ما فی حاشية المشكوة عن القسطلانی قيل يكشف للميت حتی يری النبی ﷺ وهی بشری عظيمة للمؤمن ان صح ذلک ولانعلم حديثا صحيحا مرويا فی ذلک والقائل به انما استند لمجرد ان الاشارة لاتكون الا للحاضر لكن يحتمل ان تكون الاشارة لمافی الذهن فيكون مجازاً الخ.

کشف کے بارے میں بھی علامہ قسطلانیؒ کے نزدیک کوئی صحیح حدیث مروی نہیں۔ اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری قبر میں یہ تو بعد کی بات ہے۔ فقط واللہ اعلم

(خیر الفتاوی، ج:۱، ص:۱۴۲، ۱۴۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

آنحضرت ﷺ کی توصیف میں غلو کرنا

﴿سوال﴾:

زید نے آنحضرت ﷺ کی توصیف میں یہ کہا کہ ملکوت السموات والارض (آسمان اور زمین کی بادشاہت) حضرت ﷺ کے زیر فرمان ہے، دست حق پرست میں ارم (۲۷۹) وجہنم کی کنجیاں دے دی گئی ہیں، رزق وخیر اور تمام اقسام نعمتیں حضور ہی کے دربار سے تقسیم ہوتی ہیں، عمر نے تردیدًا یہ کہا کہ حقیقت امر یہ ہے کہ اگر ہمارا خدا تمہارے رسول کو رزق نہ دیتا تو وہ بھوکے مرجاتے، اس میں عمر کے لیے کیا حکم ہے۔

﴿الجواب﴾:

یہ صفات جو زید نے آنحضرت ﷺ کی شان میں بیان کیں یہ اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں، ملکوت سماوات وارض سب اللہ کے قبضۂ قدرت وتصرف میں ہے، اور رزق اور خیر کے خزانے اسی کے قبضہ وتصرف میں ہیں، اور دوزخ وجنت کا وہی خالق ومالک ہے، اس میں کوئی نبی اور ولی اس کا شریک نہیں ہے، قرآن شریف میں جگہ جگہ یہی مضامین بیان کیے گئے ہیں۔ کما قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿فَسُبْحٰنِ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ﴾ (سورۂ یٰس، آیت: ۸۳) اور بہت سی آیات میں یہ مضمون بیان کیا گیا ہے اور احادیث میں جو دعائیں وارد ہیں ان میں یہ بھی ہے: ﴿بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ﴾ (۲۸۰) لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ قول زید کا صحیح نہیں ہے اور عمر نے جو اس کی تردید

---

(۲۷۹): اِرم: شداد کی بنائی ہوئی بہشت کا نام، مجازاً بہشت، جنت۔ (فیروز اللغات)

(۲۸۰): عن معاذ بن جبلؓ ان رسول اللّٰہ ﷺ افتقده یوم الجمعة فلما صلی رسول اللّٰہ ﷺ أتی معاذا فقال له: یا معاذ مالی لم أرک؟ قال: یارسول اللّٰہ لیهودی علی أوقیة من تبر، فخرجت الیک فحبسنی عنک، فقال له رسول اللّٰہ ﷺ: یامعاذ ألا أعلمک دعاء تدعو به، فلو کان علیک من الدین مثل جبل صبر أداه اللّٰہ عنک

کی یہ موافق قرآن وحدیث کے ہے۔ قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّۃِ الْمَتِیْنُ﴾ (سورۂ ذاریات، آیت: ۵۸) لیکن عمر کو مضمون مذکور کو اس طرح ادا کرنا نہ چاہئے، اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ سے یہاں تک فرمایا کہ اگر آپ چاہیں تو میں آپ کے لیے پہاڑ کو سونے کا کردوں، مگر آپ ﷺ نے اس کو اختیار نہ فرمایا اور فقر کو اختیار فرمایا (۲۸۱)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۴۱ تا ۲۴۳، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند)

❁❁❁

ـ وصبر جبل باليمن ـ فادع به يا معاذ قل اللّٰهم مالك الملك تؤتي الملك من تشاء وتنزع الملك من تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بيدك الخير انك على كل شيء قدير تولج الليل في النهار وتولج النهار في الليل وتخرج الحي من الميت وتخرج الميت من الحي وترزق من تشاء بغير حساب رحمن الدنيا والآخرة ورحيمهما تعطي من تشاء منهما وتعطي من تشاء ارحمني رحمة تغنيني بها عن رحمة من سواك. (المعجم الكبير للطبراني، ج: ٢٠، ص: ١٥٥، رقم: ٣٢٣، ط، مكتبة ابن تيمية القاهرة)

(۲۸۱): عن أبي امامة عن النبي ﷺ قال: عرض علي ربي ليجعل لي بطحاء مكة ذهباً. قلت: لا، يارب، ولكن أشبع يوماً وأجوع يوماً، أو قال ثلاثاً، أو نحو هٰذا، فاذا جعت تضرعت اليك وذكرتك، فاذا شبعت شكرتك وحمدتك. (جامع الترمذي، أبواب الزهد، باب ماجاء في الكفاف والصبر عليه، ص: ٥٣٦، رقم: ٢٣٤٧، ط، دار السلام رياض)

آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام سے صرف عمامہ اور صرف ٹوپی پہننا بھی ثابت ہے

﴿سوال﴾:

حضور پرنور ﷺ نے اپنی مبارک زندگی میں بغیر پگڑی کے ٹوپی پہنی ہے یا کہ نہیں؟ اور بغیر ٹوپی کے پگڑی پہنی ہے کہ نہیں۔ بحوالہ تحریر فرماویں۔ بینوا توجروا۔

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ نے صرف ٹوپی یا صرف پگڑی بھی پہنی ہے۔ زاد المعاد: ج ۱ ص ۳۴ میں ہے:

وکان یلبس القلنسوة بغیر عمامة ویلبس العمامة بغیر قلنسوة اه ولا بأس بلبس القلانس وقدصح انه ﷺ کان یلبسها (کذا فی العالمگیری) (۲۸۲)

---

(۲۸۲):وقال ابن القیم فی زاد المعاد: وکان یلبسها یعنی العمامة ویلبس تحتها القلنسوة وکان یلبس القلنسوة بغیر عمامة ویلبس العمامة بغیر قلنسوة. انتهٰی. وفی الجامع الصغیر بروایة طبرانی عن ابن عمرؓ قال کان یلبس قلنسوة بیضاء .قال العزیزی: اسناده حسن وفیه بروایة الرویانی وابن عساکرعن ابن عباس: کان یلبس القلانس تحت العمائم و بغیر العمائم ویلبس العمائم بغیر قلانس وکان یلبس القلانس الیمانیة وهن البیض المضربة و یلبس القلانس ذوات الآذان فی الحرب وکان ربما نزع قلنسوته فجعلها سترة بین یدیه وهو یصلی.الحدیث. (تحفة الاحوذی، کتاب اللباس، باب بلاترجمة، ص: ۴۸۳، ج: ۵، ط، دار الکفر)

ولا بأس بلبس القلانس وقد صح انه ﷺ کان یلبسها، کذا فی الوجیز لکردری. (فتاوی عالمگیریه، کتاب الکراهیة، الباب التاسع فی اللبس مایکره من ذلك

وفی الترمذی کانت کمام اصحاب رسول اللّٰہ علیه وسلم بطحاً (٢٨٣). فقط واللّٰہ اعلم (خیر الفتاوی، ج: ١، ص: ٣٣٠، ط، مکتبه امدادیه ملتان)

❁❁❁

ومالایکره، ص: ٣٣٠، ج:٥)

ولا بأس بلبس القلانس وقد صح انه علیه السلام کان یلبسها. (فتاوی بزازیه علی هامش فتاوی عالمگیریه، کتاب الکراهیة، الفصل السابع فی اللبس، ص :٣٦٨، ج:٦)

(ولا بأس بلبس القلانس) لماروی ان النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم کان له قلانس یلبسهاو قد صح ذلک، ذکره فی الذخیره. (تبیین الحقائق، مسائل شتی، ص: ٢٢٨، ج:٦)

قال رحمه اللّٰہ (ولا بأس بلبس القلانس) لماروی ان النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم کان له قلانس یلبسها وقد صح ذلک، ذکره فی الذخیره. (تکمة البحر الرائق، کتاب الخنثی، ص:٣٦٢، ج: ٩، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وذکر فیه ایضاً :انه لا بأس بلبس القلانس، فقد صح انه کان لرسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم قلانس یلبسها. (فتاوی تاتارخانیه، کتاب الکراهیة، الفصل العاشر فی اللبس مایکره من ذلك ومالایکره، ص:١٠٦، ج:١٨)

(٢٨٣):(اخرج الترمذی فی جامعه وقال: هذا حدیث منکر وعبداللّٰہ بن بسر هو ضعیف عند أهل الحدیث ضعفه یحیی بن سعید وغیره، کتاب اللباس، باب کیف کانت کمام الصحابة، ص: ٤٢٢، رقم: ١٧٨٢، ط، دار السلام ریاض)

حضور ﷺ سے ٹوپی پہننا ثابت ہے

﴿سوال﴾:

کیا رسول اللہ ﷺ نے کبھی ٹوپی پہنی ہے؟ اگر پہنی ہے، تو اس کی تفصیل مطلوب ہے۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضور پاک ﷺ کی طبیعت مبارکہ میں انتہائی درجہ لطافت تھی، آپ ﷺ اپنے سر مبارک میں تیل لگایا کرتے تھے، پھر اس پر مثل پٹی کے ایک کپڑا باندھ دیتے، پھر اس کپڑے کے اوپر ٹوپی اور اس پر عمامہ پہنتے تھے، محدثین نے لکھا ہے کہ چوں کہ آپ ﷺ بہ کثرت تیل لگایا کرتے تھے، اس لیے بال مبارک پر اولاً کپڑا باندھ لیا کرتے تھے، تاکہ ٹوپی اور عمامے پر تیل نہ لگ جائے (٢٨٤)۔

ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹوپی پہنتے تھے۔ فقط، واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج: ١، ص: ١٤٨)

❁❁❁

(٢٨٤): عن أنس ؓ قال: كان رسول الله ﷺ يكثر دهن رأسه، وتسريح لحيته ويكثر القناع، كأن ثوبه ثوب زيات. وفي المرقات تحت هذا الحديث (القناع) خرقة تلقى على الرأس تحت العمامة بعد استعمال الدهن وقاية للعمامة من أثر الدهن واتساخها به. (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب اللباس، باب الترجل، الفصل الثاني، ج: ٨، ص: ٢٨٨، رقم: ٤٤٤٥، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

کیا نماز میں حضور علیہ الصلاۃ والسلام کا خیال آنا مفسد صلاۃ ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر نماز میں حضور اکرم ﷺ کا خیال آجائے تو کیا نماز فاسد ہوجاتی ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

سرور دوعالم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نماز کے دوران محض خیال آجانا نماز کے لئے مفسد نہیں ہے، اور یہ خیال آخر کیسے مفسد ہوسکتا ہے؟ جب کہ التحیات اور درود شریف پڑھتے ہوئے پیغمبر علیہ السلام کا ذکر لازم ہے جو نماز کے واجبات وسنن میں شامل ہے، البتہ اگر اس طرح کا تصور نمازی کے ذہن میں جم جائے کہ وہ نعوذ باللہ اللہ تبارک وتعالی کی عبادت نہ کرکے پیغمبر علیہ السلام کی عبادت اور ان کے سامنے رکوع اور سجدہ کررہا ہے، تو اس خاص صورت میں شرک فی العبادۃ کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ نماز فاسد ہوگی، بلکہ نمازی کا ایمان بھی خطرہ میں پڑجائے گا، کیوں کہ غیر اللہ کی عبادت کا تصور بھی حرام ہے۔ (کفایت المفتی ۱/۱۵۹، فتاویٰ محمودیہ ڈابھیل ۱/۳۷۹، ۶/۶۲۸)

عن أبی هريرة رضی اللّٰه عنه عن النبی ﷺ قال: ولو كنت آمر أحداً أن يسجد لأحد لأمرت المرأة أن تسجد لزوجها. (سنن الترمذی، أبواب الرضاع/ باب فی حق الزوج علی المرأة ۱/۲۱۹)

قال الملا علی القاری: فان السجدة لاتحل لغير اللّٰه. (مرقاة المفاتيح ۶/۲۷۲)

السجود لغير اللّٰه علی وجه التكرمة والتحية منسوخ. (أحكام القرآن الكريم للجصاص ۱/۳۲)

يجب حضور القلب عند التحريمة فلو أشتغل قلبه بتفكر مسألة مثلاً في أثناء الأركان فلا تستحب الاعادة، وقال البقالي: لم ينقص أجره الا اذا قصر. (شامی زکریا ٢/٩٤) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم (كتاب النوازل، ج: ١، ص: ٢٧٧، ط، المركز العلمي للنشر والتحقيق لال باغ مراد آباد الهند/ فتاوى قاسميه، ج: ٢، ص: ١٥٧، ١٥٨، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند/ فتاوى محموديه، ج: ١، ص: ٣٨٠، ٣٨١)

❁❁❁

تشہد میں حضرت محمد ﷺ کا تصور

﴿سوال﴾:

التحیات میں "**السلام عليك أيها النبي**" سے صوفیاء حضرات استدلال کرتے ہیں کہ نماز پڑھتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کا تصور ضروری ہے، کیا یہ صحیح ہے؟ ان الفاظ کی وجہ اور شان نزول کیا ہے؟

﴿**الجواب حامداً ومصلياً**﴾:

نماز کے معنی پر دھیان رکھ کر اور سمجھ کر پڑھنا چاہئے اس لئے تصور بھی آئے گا(٢٨٥)۔

---

(٢٨٥):**في تفسير المظهري: الخشوع في الصلاة هو جمع الهمة لها والاعراض عما سواه والتدبر فيما يجرى على لسانه من القراءة والذكر.** (تفسير المظهري، سورة المؤمنين، الآية: ٢، ج: ٦، ط، ٢٧٣، ط، دار احياء التراث العربي بيروت لبنان)

وفي تفسير الخازن: الخشوع في الصلاة هو جمع الهمة والاعراض عما سوى

معراج میں تین چیزیں: "التحیات، الصلوات، الطیبات" بارگاہ خداوندی میں پیش کیے تو وہاں سے جواب میں تین چیزیں: "السلام، رحمة، برکات" عطا ہوئیں (۲۸۶)۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱، ص:۳۸۲)

❁❁❁

اللّٰه والتدبر فيما يجرى على لسانه من القراءة والذكر. (تفسير الخازن، سورة المؤمنين، الآية: ٢، ج: ٣، ص: ٢٦٧، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۲۸۶):فی مجمع الأنهر:(والطيبات) أى العبادات المالية للّٰه تعالى (السلام عليک أيها النبى ورحمة اللّٰه وبركاته) قيل: لما أثنى النبى عليه الصلاة والسلام ليلة المعراج بهذه الأشياء رد اللّٰه عليه عليه الصلاة والسلام، بمقابلة التحيات السلام والرحمة بمقابلة الصلوات. (مجمع الأنهر فى شرح ملتقى الأبحر، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج: ١، ص: ١٥١، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفى البناية: (السلام عليک أيها النبى ورحمة اللّٰه وبركاته الى آخره) ش: هذا من اللّٰه تعالى على نبيه ـ عليه السلام ـ ليلة المعراج فانه ـ عليه السلام ـ لما قال التحيات للّٰه والصلوات والطيبات، رد اللّٰه تعالى من مقابلته بقوله السلام عليک أيها النبى ورحمة اللّٰه وبركاته والزيادة، ولما زاد ـ عليه السلام ـ بهذه الألفاظ أشرک النبى ـ عليه السلام ـ أمته فيه بقوله السلام علينا وعلى عباد اللّٰه الصالحين، ثم لما سمعت الملائكة بذلک فرحوا وقالوا أشهد أن لا اله الا اللّٰه وأشهد أن محمداً عبده ورسوله. (البناية شرح الهداية، كتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، ج: ٢، ص: ٢٦٥، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

کیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام دعائیں قبول ہوئی تھیں؟

﴿سوال﴾:

زید کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاء قبول بھی ہوتی تھی اور بعض دعا نہیں ہوتی تھی۔

﴿جواب﴾:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض دعائیں قبول نہیں کی گئیں۔ مثلاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاء فرمائی تھی کہ میری امت آپس میں جنگ وجدال اور قتل وقتال سے باز رہے۔ یہ دعا قبول نہیں ہوئی (۲۸۷)۔ (کفایۃ المفتی، ج:۱،ص:۸۵، ط، دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

(۲۸۷):عن ثوبان قال: قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: ان اللّٰہ زوىٰ لی الأرض، فرأیت مشارقها ومغاربها، وان أمتی سیبلغ ملکها ما زوی لی منها، وأعطیت الکنزین الأحمر والأبیض، وانی سألت ربی لأمتی أن لایهلکها بسنة عامة، وأن لایسلط علیهم عدواً من سوىٰ أنفسهم فیستبیح بیضتهم، وان ربی قال: یا محمد! انی اذا قضیت قضاء فانه لایرد، وانی اعطیتک لأمتک أن لا أهلکهم بسنة عامة، ولا أُسلط علیهم عدواً من سوىٰ أنفسهم، یستبیح بیضتهم ولو اجتمع علیهم من بأقطارها۔ أو قال: من بین أقطارها۔ حتی یکون بعضهم یهلک بعضاً، ویسبی بعضهم بعضاً. (صحیح مسلم، کتاب الفتن وأشراط الساعة، باب هلاك هذه الأمة بعضهم ببعض، ص: ۱۲۵۰، رقم: ۷۲۵۸، ط، دار السلام ریاض)

آنحضرت ﷺ کو یا صاحب الزمان کہنا

﴿سوال﴾:

کیا نبی اکرم ﷺ کو "السلام علیک یا صاحب الزمان" کہنا درست ہے؟

﴿الجواب﴾:

اس لفظ میں شرک یا شبہ شرک ہے کہ آپ زمانہ کے مالک ہے اور اس میں آپ متصرف ہے اس لئے یہ نہیں کہنا چاہئے۔

ابوداود شریف میں ہے:

عن أبی هريرة رضی الله عنه عن النبی ﷺ يقول الله عزوجل يؤذينی ابن آدم يسب الدهر وأنا الدهر بيدی الأمر أقلب الليل والنهار. (رواه أبو داود: ٢/٧١٥، فيصل پبلشرز)

" بذل المجهود" میں ہے:

أنا الدهر: أی أنا خالق الدهر ومقلبه...

والحاصل: أن فی تاويله ثلاثة أوجه:

أحدها: أن المراد بقوله ان الله هو الدهر أی المدبر للأمور.

ثانيها: أنه علی حذف أی صاحب الدهر.

ثالثها: التقدير مقلب الدهر ولذلک عقبه بقوله بيدی الليل والنهار.

قال المحققون: من نسب شيئاً من الأفعال الی الدهر حقيقة كفر ومن جری هذا اللفظ علی لسانه غير معتقد لذلک فليس بكافر يكره له ذلک لشبهه بأهل الكفر فی

الاطلاق وهو نحو التفصيل الماضي في قولهم: مطرنا بكذا.

(بذل المجهود في حل أبي داؤد: ۱۳/۶۶۲، ط: دار البشائر الاسلامية)

خلاصہ یہ ہے کہ آپ ﷺ کے لئے ایسے الفاظ استعمال کرنا درست نہیں جس میں شرک کا شبہ ہو، لہٰذا "**السلام عليك يا صاحب الزمان**" کہنے سے احتراز کرنا چاہئے۔ واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم زکریا، ج:۱، ص:۹۰، ۹۱، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

کیا حضور ﷺ نے ابولہب کے لڑکے کو بددعا دی تھی؟

﴿سوال﴾:

ہمارے شہداد پور میں ایک مقرِّر نے حضور ﷺ کے بارے میں بتایا کہ نبی کریم کو اپنی پوری زندگی میں ایک صدمہ ہوا جس پر آپ نے بددعا کردی تھی۔ مسئلہ یہ تھا کہ ابولہب کا لڑکا جس نے نبیؐ کی لڑکی کو طلاق دی تھی اور حضور نے بددعا کردی کہ خدا اس کو جانوروں کی خوراک بنادے اور خدا نے شیر کو حکم دیا کہ اس کو پھاڑ دو۔ یہ مسئلہ بڑا پیچیدہ ہوگیا ہے، ایک گروپ کا کہنا ہے کہ حضور تو رحمت للعالمین بن کر آئے، انہوں نے زندگی میں کسی کو بددعا نہیں دی، مگر ایک گروپ کہتا ہے کہ مقرِّر صاحب نے خطبۂ عام میں یہ بات بتائی ہے تو صحیح ہے۔ مہربانی کرکے کتاب کا حوالہ دے کر تفصیل سے جواب دیں، تاکہ مسلمان اپنے بھٹکے ہوئے راستے سے صحیح راستے پر آجائیں، ہم لوگ آپ کے لئے دعا کریں گے۔

﴿جواب﴾:

ابولہب کے لڑکے کے لئے بددعا کرنے کا واقعہ سیرت کی کتابوں میں آتا

ہے(۲۸۸)، اور آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا متعدّد لوگوں کے لئے بددعا کرنا بھی منقول ہے(۲۸۹)، اس لئے یہ خیال صحیح نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے کبھی کسی کے لئے بددعا

(۲۸۸):عن قتادة بن دعامة قال: تزوج أم كلثوم بنت رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم عتيبة بن أبى لهب فلم يبن بها حتى بعث النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وكانت رقية عند أخيه عتبة بن أبى لهب فلما أنزل الله عزوجل (تبت يدا أبى لهب) قال أبو لهب لابنيه عتيبة وعتبة: رأسى من رأسكما حرام ان لم تطلقا ابنتى محمد، وقالت أمهما بنت حرب بن أمية وهى حمالة الحطب: طلقاهما يا بنى فانهما قد حبتا، فطلقاهما ولما طلق عتيبة أم كلثوم جاء الى النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم حيث فارق أم كلثوم فقال: كفرت بدينك وفارقت ابنتك لاتحبنى ولاأحبك. ثم سطا عليه فشق قميص النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم وهو خارج نحو الشام تاجراً، فقال رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: أما انى أسال الله ان يسلط عليك كلبه، فخرج فى تجر من قريش حتى نزلوا بمكان من الشام يقال له الزرقاء ليلا فأطاف بهم الأسد فى تلك الليلة، فجعل عتيبة يقول: يا ويل أمى هو والله آكلى كما دعا على محمد فأبكى ابن أبى كبشة وهو بمكة وأنا بالشام، فعدا عليه الاسد من بين القوم فأخذ برأسه فضغمه ضغمة فقتله. (المعجم الكبير للطبرانى، ج: ۲۲، ص: ۴۳۵، ۴۳۶، رقم: ۱۰۶۰، ط، مكتبة ابن تيمية القاهرة)

(۲۸۹):عن أنس بن مالك رضى الله عنه: أن رعلاً وذكوان وعصية وبنى لحيان استمدوا رسول اللهﷺ على عدو فامدهم بسبعين من الأنصار كنا نسميهم القراء فى زمانهم، كانوا يحتطبون بالنهار، ويصلون بالليل، حتى كانوا ببئر معونة قتلوهم وغدروا بهم. فبلغ النبىﷺ ذلك فقنت شهرا يدعو فى الصبح على أحياء من أحياء العرب، على رعل وذكوان وعصية وبنى لحيان. قال أنس: فقرأنا فيهم قرآنا ثم ان ذلك رفع: بلغوا عنا قومنا أنا قد لقينا ربنا فرضى عنا وأرضانا. (صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب غزوة الرجيع، ورعل، وذكوان الخ، ص: ۸۴۲، رقم: ۴۰۹۰، ط، دار السلام رياض)

نہیں کی۔ اور کسی کے لئے بددعا کرنا آپ ﷺ کے رحمۃ للعالمین ہونے کے خلاف نہیں، کیونکہ کسی موذی جانور مثلاً: سانپ کو مارنا بھی رحمت کے زمرے میں آتا ہے، اسی طرح کسی موذی شخص کے لئے بددعا کرنا بھی گو اس شخص کے لئے رحمت نہ ہو مگر دوسروں کے لئے عین رحمت ہے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۲، ص:۵۹۳، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

عن علی رضی اللّٰہ عنه قال: لما کان یوم الأحزاب قال رسول اللّٰہ ﷺ: ملأ اللّٰہ بیوتهم وقبورهم ناراً، شغلونا عن صلاة الوسطی حتی غابت الشمس.

عن اسماعیل بن أبی خالد أنه سمع عبداللّٰہ بن أبی أوفی رضی اللّٰہ عنهما یقول: دعا رسول اللّٰہ ﷺ یوم الأحزاب علی المشرکین فقال: اللّٰهم منزل الکتاب، سریع الحساب. اللّٰهم اهزمهم وزلزلهم.

عن عبداللّٰہ رضی اللّٰہ عنه قال: کان النبی ﷺ یصلی فی ظل الکعبة فقال أبوجهل وناس من قریش، ونحرت جزور بناحیة مکة، فأرسلوا فجاء وا من سلاها وطرحوا علیه. فجاء ت فاطمة فألقته عنه، فقال: اللّٰهم علیک بقریش، اللّٰهم علیک بقریش، اللّٰهم علیک بقریش: لأبی جهل بن هشام، وعتبة بن ربیعة، وشیبة بن ربیعة، والولید بن عتبة، وأبی بن خلف و عقبة بن أبی معیط. قال عبداللّٰہ: فلقد رأیتهم فی قلیب بدر قتلی. قال أبو اسحاق: ونسیت السابع. قال أبو عبداللّٰہ، قال یوسف بن أبی اسحاق، عن أبی اسحاق: امیة بن خلف. وقال شعبة: امیة أو أبی، والصحیح أمیة. (اخرجهم البخاری فی صحیحه، کتاب الجهاد والسیر، باب الدعاء علی المشرکین بالهزیمة والزلزلة، ص: ۵۹٤، ط، دار السلام ریاض)

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کن کن صحابہ کی نماز جنازہ نہیں پڑھائی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی زندگی میں بغیر نماز جنازہ کن کن صحابہ کرام کو دفن کیا ہے؟ جواب سے نوازیں عنایت ہوگی۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

احقر کو معلوم نہیں، ہاں البتہ حدیث شریف میں اتنی بات وارد ہے کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایسے قرض دار کی نماز جنازہ نہیں پڑھاتے تھے جس کے قرض کی ادائے گی کے لئے متروکہ مال نہیں ہوتا تھا، باقی بلاوجہ کسی کی نماز جنازہ کا بالقصد نہ پڑھانا آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے۔

عبداللّٰہ بن أبی قتادہ یحدث عن أبیہ أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم أتی برجل من الأنصار لیصلی علیہ فقال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: صلوا علی صاحبکم فان علیہ دینا قال أبو قتادۃ: ھو علی قال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم: بالوفاء قال: بالوفاء فصلی علیہ. [سنن نسائی، النسخۃ الھندیۃ ۲/ ۲۷۸، رقم: ۱۹۶۲، کتاب الجنائز، باب الصلوۃ علی من علیہ دین] فقط سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔(فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۳۷۷، ۳۷۸، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

رسول اللہ ﷺ کے گائے کا گوشت تناول فرمانے کا ثبوت

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ کبھی گائے کا گوشت کھائے یا نہیں؟ اگر کھائے تو کون کتاب میں آگاہ فرما کر سرفراز فرماویں؟

﴿الجواب﴾:

عن أبی الزبیر عن جابر قال ذبح رسول اللہ ﷺ عن عائشة رضی اللہ عنہا بقرة یوم النحر. (صحیح مسلم کتاب الحج ج ١ ص ٤٢٤) (٢٩٠)۔

وعن الأسود عن عائشة واتی النبی ﷺ بلحم بقرة فقیل هذا ما تصدق به علی بریرة فقال هو لها صدقة ولنا هدیة. (صحیح مسلم کتاب الزکوة ج ١ ص ٣٤٥) (٢٩١)۔

حدیث اول میں ذبح بقرہ اور حدیث ثانی سے دسترخوان پر لحم بقرہ کا حاضر ہونا اور مانع عن الاکل کا جواب دینا جس کا لازم عادی ہے نوش فرمانا یہ سب تصریحاً حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے۔ (امداد الفتاوی، ج:١٢، ص:٣٨٩، ط، زکریا بک ڈپو الہند)

❁❁❁

---

(٢٩٠):(صحیح مسلم کتاب الحج، باب جواز الاشتراك فی الهدی، ص:، رقم: ٣١٩١، ط، دار السلام ریاض)

(٢٩١):(صحیح مسلم کتاب الزکاة، باب اباحة الهدیة للنبی ﷺ ولبنی هاشم، ص:، رقم: ٢٤٨٦، ط، دار السلام ریاض)

حضور ﷺ کو اُمی کہنا

﴿سوال﴾:

حضور ﷺ کو علوم شرائع ملنے کے باوجود امی کہنا کیسا ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

امی کے معنی انپڑھ کے نہیں ہیں، بلکہ امی اس کو کہتے ہیں جس نے کسی شخص سے لکھنا پڑھنا نہ سیکھا ہو، رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے بذات خود علم عطاء فرمایا، آپ ﷺ نے کسی سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا، اس لئے آپ ﷺ کو امی کہنا درست ہے(۲۹۲)۔ البتہ

---

(۲۹۲): قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: الذین یتبعون الرسول النبی الأمی الذی یجدونه مکتوبا عندهم فی التوراة والانجیل یأمرهم بالمعروف وینهٰهم عن المنکر ویحل لهم الطیبات ویحرم علیهم الخبٰئث ویضع عنهم اصرهم والاغلال التی کانت علیهم فالذین اٰمنوا به وعزروه ونصروه واتبعوا النور الذی أنزل معه أولٰئک هم المفلحون. (سورة الاعراف: ۱۵۷)

وفی التفسیر المأمون: وأما لفظ ﴿الأمی﴾: فهو من النسبة الی الأمة الأمیة، التی هی علی أصل ولادتها، لم تتعلم الکتابة ولا قراء تها۔ ذکره ابن عزیز أحد علماء المالکیة. وقال ابن عباس رضی اللّٰہ عنه: "کان نبیکم ﷺ أمیاً لایکتب ولایقرأ ولایحسب"، قال اللّٰہ تعالی: ﴿وما کنت تتلوا من قبله من کتاب ولاتخطه بیمینک﴾ [العنکبوت: ۴۸]. (التفسیر المأمون علی منهج التنزیل والصحیح المسنون، سورة الاعراف، الآیة: ۱۵۷، ج: ۳، ص: ۲۵۸)

وفی المهند علی المفند: نقول باللسان ونعتقد بالجنان ان سیدنا رسول اللّٰہ ﷺ اعلم الخلق قاطبة بالعلوم المتعلقة بالذات والصفات والتشریعات من الاحکام العملیة والحکم النظریة والحقائق الحقة والاسرار الخفیة وغیرها من العلوم مالم یصل الی سرادقات ساحته احد من الخلائق لاملک مقرب ولانبی

اگر کسی جگہ پر لوگ اس کا مفہوم نہ جانتے ہوں اور اس کے معنی ان پڑھ اور جاہل کے سمجھتے ہوں یا یہ کلمہ استخفاف کے طور پر بولا جاتا ہو تو وہاں آپ ﷺ کے لئے یہ لفظ استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ (فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱، ص:۱۹۴، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

''اُمی'' کے معنی کیا ہیں اور کیا آپ ﷺ اُمی تھے؟

﴿سوال﴾:

امی کسے کہتے ہیں؟ کیا آپ ﷺ امی تھے؟ اور کیا آپ ﷺ کو امی کہنے میں آپ ﷺ کی توہین نہیں ہے؟

﴿الجواب﴾:

امی ایسے شخص کو کہتے ہیں جو لکھی ہوئی چیز کو پڑھ نہ سکتا ہو اور نہ لکھ سکتا ہو (۲۹۳) رسول اللہ ﷺ امی تھے، قرآن مجید نے خود ایک سے زیادہ مواقع پر اس کی صراحت کی ہے ﴿هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلاً مِنْهُمْ﴾ (۲۹۴) آپ ﷺ کا امی ہونا باعث اہانت نہیں، بلکہ باعث اعزاز ہے (۲۹۵)، کہ آپ ﷺ علم کے حاصل کرنے اور اس

مرسل ولقد اعطی علم الاولین والاخرین وکان فضل اللّٰہ علیہ عظیما. (المهند على المفند، ص: ٤٥، ط، الميزان ناشرون وتاجرون كتب لاهور)

(۲۹۳):فی الجامع لأحکام القرآن: ﴿الأمی﴾ هو منسوب الی الأمة الأمية، التی هی علی أصل ولادتها، لم تتعلم الكتابة ولاقراء تها، قاله ابن عزيز. (الجامع لأحكام القرآن، سورة الاعراف، الآية: ١٥٧، ج: ٩، ص: ٣٥٣، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

(۲۹۴):(سورة الجمعة: ٢)

(۲۹۵):فی التفسير المأمون: قلت: وهذه الصفة لنبيا ﷺ هی من كمال نبوته وصدق ماجاء به، فقد سد اللّٰہ تعالیٰ بهذه الصفة الباب علی من حاول اتهامه

کے پہونچانے میں قلم اور کاغذ کے محتاج نہیں تھے، بلکہ اللہ تعالیٰ نے نظام غیبی کے تحت آپ ﷺ کو سب سے مستند اور بلند علم ''وحی'' سے سرفراز فرمایا، اور آپ ﷺ کے ذریعہ سے ایسا علمی فیضان جاری ہوا جو ان شاء اللہ قیامت تک جاری وساری اور زندہ پائندہ رہے گا، آپ ﷺ کے امی ہونے میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بڑی مصلحت ہے کہ کسی شخص کے لئے آپ ﷺ کی نبوت پر شک وشبہ کی گنجائش باقی نہیں رہی، اگر آپ ﷺ خود تحریر کو پڑھتے، آپ ﷺ نے کسی استاد سے لکھنا اور پڑھنا سیکھا ہوتا تو کج فطرت لوگوں کو یہ کہنے کا موقع ملتا کہ شاید آپ نے یہ علوم ومعارف پہلی کتابوں سے نقل کرلیا ہے، یا اپنے استاد سے سیکھ لیا ہے، آپ ﷺ کے امی ہونے کی وجہ سے اس شبہ اور اعتراض کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی۔ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ (کتاب الفتاوی، ج:۱،ص:۵۳۲، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

آنحضرت ﷺ کو تین چیزیں محبوب ہیں ان کی تفصیل

﴿سوال﴾:

رسول خدا ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ مجھے دنیا کی تین چیزیں محبوب ہیں۔ خوشبو، عورت، نماز، اس کی تفصیل فرمائیں۔ بینوا توجروا۔

﴿الجواب﴾:

خوشبو دل ودماغ کو معطر کرتی ہے۔ اور عقل میں اضافہ کرتی ہے اور عقل دین کو قائم

بکتابة القرآن من عنده اذ کان عبقریاً، وهذا لایعنی أن لاتتعلم أمته القراءة والکتابة، فقد کان یأمر بالعلم والقراءة والکتابة، ففی التنزیل: ﴿اقرأ وربک الأکرم. الذی علم بالقلم. علم الانسان ما لم یعلم﴾. (التفسیر المأمون علی منهج التنزیل والصحیح المسنون، سورة الاعراف، الآیة: ۱۵۷، ج: ۳، ص: ۲۵۸)

رکھ سکتی ہے اس لئے خوشبو محبوب ہے۔ اور عورتیں مردوں کے لئے عفت و پاک دامنی اور امت میں اضافہ کرنے کا ذریعہ ہیں۔ اس لئے عورتیں محبوب ہیں۔ اور نماز اسلامی رکن اور دین کی بنیاد ہے۔ اور نماز کے وقت دربار خداوندی میں حاضری ہوتی ہے۔ اس لئے نماز محبوب ہے(۲۹۶)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی رحیمیہ، ج: ۳، ص: ۱۲۳، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ فتح مکہ کے بعد مکہ کو وطن کیوں نہیں بنایا؟

﴿سوال﴾:

آنحضرت ﷺ نے ہجرت مدینہ کی طرف فرمائی، لیکن جب فاتح کی حیثیت سے مکہ میں داخل ہوئے تو وہاں مستقل رہائش کیوں اختیار نہیں کیا؟

﴿جواب﴾:

---

(۲۹۶):عن أنس قال قال رسول اللّٰہ ﷺ: حبب الی من الذنیا: النساء، والطیب،وجعل قرة عینی فی الصلاة. وفی ذخیرة العقبیٰ تحت هذا الحدیث: قال السندی: قیل: انما حبب الیه النساء لینقلن عنه مالایطلع علیه الرجال من أحواله، ویستحیا من ذکره. وقیل: حبب الیه زیادة فی الابتلاء فی حقه حتی لایلهو بما حبب الیه من النساء عما کلف به أداء الرسالة، فیکون ذلک أکثر لمشاقه، وأعظم لأجره. وقیل: غیر ذلک. وأما الطیب، فکانه یحبه لکونه یناجی الملائکة، وهم یحبون الطیب، وأیضاً هذه المحبة تنشأ من اعتدال المزاج، وکمال الخلقة، وهو ﷺ أشد اعتدالاً من حیث المزاج، وأکمل خلقة.....والصلاة لکونها مناجاة اللّٰه تعالیٰ علی ما قال ﷺ المصلی یناجی ربه نتیجة التعظیم علی ما یلوح من أرکانها، ووظائفها...الخ. (ذخیرة العقبیٰ فی شرح المجتبیٰ، کتاب عشرة النساء، باب حب النساء، ج: ۲۸، ص: ۱۷۰ تا ۱۷۲، ط، دار آل بروم للنشر والتحقیق)

مہاجر کے لئے اپنے پہلے وطن کا اختیار کرنا جائز نہیں، ورنہ ہجرت باطل ہوجاتی ہے۔(آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۲،ص:۵۹۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

نبی ﷺ کی ذات مبارک سے متعلق چند سوالات کے جوابات

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: احقر کو مندرجہ ذیل عنوانات سے متعلق احادیث کی ضرورت ہے؛ اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ باحوالہ تحریر فرما کر شکریہ کا موقع دیں۔

(۱) جناب نبی کریم ﷺ کی زندگی میں یا آپ ﷺ کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والا واجب القتل ہے؟

(۲) انبیائے کرام معصوم ہوتے ہیں۔

(۳) جناب نبی کریم ﷺ عالم الغیب نہیں ہیں۔

(۴) جناب نبی کریم ﷺ حاضر وناظر نہیں ہیں۔

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

(۱) نبی کریم ﷺ کی زندگی میں اور آپ کے بعد جو بھی نبوت کا دعویٰ کرنے والا ہے، وہ واجب القتل ہے؛ لیکن اس قتل کا انجام اسلامی حکومت اپنے زیر انتظام دے سکتی ہے۔، اسود عنسی نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا، حضرت فیروز دیلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے قتل کیا۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمائیے:

قال ابن عباس: ذکر لی ان رسول للّٰہ ﷺ، قال: بینا انا نائم اریت أنه وضع فی یدی سواران من ذهب، فنفظعتهما و کرهتهما، فاذن لی ففختهما فطارا، فاولتهما کذا بین

يخرجان، قال عبيد الله: احدهما العنسي الذي قتله فيروز باليمن، والآخر مسيلمة. (بخاری شریف، کتاب المغازی، باب قصةالأسود العنسی ۲/۶۲۹، رقم: ۴۲۰۲، ف: ۴۳۷۸)

وتحته في فتح الباري: وكان الا سود قد خرج بصنعاء، وادعى النبوة. (فتح الباری، کتاب المغازی، باب قصة الا سود العنسی، بیروت ۷/۶۹۵)

مسیلمہ کذاب نے بھی نبوت کا دعویٰ، اس کو جنگ یمامہ میں حضرت وحشیؓ نے قتل کیا۔

قوله: ولئن ادبرت ليعقرنک الله: أی ان ادبرت عن طاعتی ليقتلنک الله.... و قتله الله تعالى يوم اليمامة، وهذا من معجزات النبوة. (تکمله فتح الملهم، کتاب الرویا، باب رؤیا النبی ﷺ، مکتبه اشرفیه ۴/۴۶۶)

(۲) انبیاء کرام کا معصوم ہونا سب کے نزدیک مسلم ہے، مگر اس سلسلہ میں صاف الفاظ کے ساتھ کوئی صریح حدیث احقر کو دستیاب نہیں ہوسکی؛ البتہ بعض تفسیر کی کتابوں میں انبیاء علیہم السلام کے معصوم ہونے کی صراحت موجود ہے۔

قال اني جاعلک للناس اماما قال ومن ذريتی قال لاينال عهدی الظالمين. [سورة البقرة: ۱۲۴]

وفيه دلالة على عصمة الأنبياء عن الكبائر قبل البعثة، ثم قال بعده: فالحق ان المراد بالظلم خلاف العدل، فكل نبی معصوم عن الكبائر من الذنوب. (أحكام القرآن ۱/۴۷)

اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایک قول بھی موجود ہے:

قال ابوبكر الصديق رضی الله عنه: .....ان كان

لمعصوما من الشيطان، وان كان لينزل عليه الوحى من السماء. (مسند امام احمد بن حنبل ۱/ ٤٤، رقم: ۸۰)

(۳-۴) عالم الغیب اور حاضر وناظر کا مسئلہ دونوں ایک ہی ہیں؛ اس لئے ایک ہی حدیث شریف سے دونوں مسئلوں پر استدلال کیا جاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ: وہ شخص جھوٹا اور کذاب ہے جو حضرت سید الکونین علیہ الصلاۃ والسلام کے عالم الغیب ہونے کا دعویٰ کرتا ہو۔ ملاحظہ فرمائیے:

عن عائشة –رضى الله عنها– قالت: من حدثك ان محمدا راى ربه فقد كذب، وهو يقول: لا تدركه الابصار، ومن حدثك انه يعلم الغيب فقد كذب، وهو يقول: لا يعلم الغيب الا الله. (بخارى شريف، كتاب التوحيد، باب قول لله عالم الغيب فلا يظهر على غيبه احدا ۲/ ۱۰۹۸، رقم: ۷۰۸۳، ف: ۷۳۸۰)

قالت: ومن زعم انه يخبر بما يكون فى غد فقد اعظم على الله الفرية، والله يقول: قل لا يعلم من فى السماوات والارض الغيب الا الله. (مسلم سريف، كتاب الايمان، باب معنى قول الله تعالىٰ: ولقد راه نزلة اخرى ۱/ ۹۸) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم (فتاوى قاسميه، ج: ۲، ص: ۱٦۳ تا ۱٦٥، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

آپ ﷺ کے سایہ کی تحقیق

﴿سوال﴾:

آپ ﷺ کا سایہ تھا یا نہیں اس سلسلہ میں احادیث میں کیا وضاحت ہے؟

﴿الجواب﴾:

صحیح روایات سے پتہ چلتا ہے کہ آنحضرت ﷺ کا سایہ تھا البتہ صرف دو ضعیف روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سایہ نہ تھا حالانکہ اگر یہ معجزہ ہوتا تو تمام صحابہ پر مخفی نہ رہتا اور کثیر تعداد میں روایتیں موجود ہوتیں باوجود یہ کہ صحابہ دن رات خدمت نبوی میں رہا کرتے تھے تو کیسے مخفی رہا اس بناء پر یہ روایات قابل قبول نہیں اور صحیح بات یہ ہے کہ سایہ تھا۔ صرف دو روایتیں ایسی ملتی ہیں جن میں سایہ کی نفی ہے۔ (۱) ذکوان کی روایت ہے جو ضعیف اور مرسل ہے۔ ملاحظہ ''الخصائص الکبریٰ'' میں ہے:

اخرج الحكم الترمذى من طريق عبدالرحمٰن بن قيس الزعفرانى عن عبدالملک بن عبد الله بن الوليد عن ذكوان ان رسول الله ﷺ لم يكن يرى له ظل فى شمس ولا قمر ولا اثر قضاء حاجة. (الخصائص الكبرى للسيوطى: ۱/۶۸، باب الآية فى انه ﷺ يكن يرى له ظل، وص ۷۱، باب المعجزة فى بوله غائطه ﷺ، دار الكتب العلمية)

یہ حدیث ضعیف اور مرسل ہے اس میں ایک راوی عبدالرحمٰن بن قیس ضعیف اور منکر ہے۔ ملاحظہ ہو: تہذیب التہذیب میں ہے:

قال احمد حديثه ضعيف، ولم يكن بشىء، متروک الحديث، وقال النسائى متروک الحديث، وقال زكريا الساجى: ضعيف، وقال صالح بن محمد: كان يضع

الحديث. (تهذيب التهذيب: ٦/ ٢٣١، وميزان الاعتدال: ٣/ ٢٩٧)

قال ابن حجر في "التقريب": متروك، كذبه ابوزرعة، وغيره. (تقريب التهذيب ص٢٠٨)

اور دوسرا راوی عبدالملک بن عبداللہ مجہول ہے لہٰذا یہ روایت معتبر نہیں۔

(۲) دوسری روایت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف منسوب ہے۔

''سبل الہدی والرشاد'' میں ابن الجوزی کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ ملاحظہ ہو:

ويروى عن ابن عباس رضى الله تعالى عنهما، قال: لم يكن لرسول الله ﷺ ظل ولم يقم مع شمس الا غلب ضوؤه ضوء الشمس ولم يقم مع سراج الا غلب ضوؤه ضوء السراج. رواه ابن الجوزى. (سبل الهدى والرشاد فى سيرة خير العباد: ٢/ ٤٠، الباب العاشرفى صفة وجهه ﷺ، ط: بيروت)

ابن جوزیؒ کی کتاب دستیاب نہیں ہوئی لہٰذا سند کا حال معلوم نہیں ہوسکا، البتہ تقی الدین احمد بن علی المقریزی (م۸۴۵ھ) نے اپنی کتاب **"امتاع الاسماع بما للنبى من الأحوال والأموال والحفدة والمتاع"** (٢/ ١٧٠، فصل فى ذكر صفة رسول الله عليه وسلم) میں سند کے ساتھ ذکر کیا ہے، ملاحظہ ہو:

قال: قال احمد بن عبد الله العدافى، اخبرنا عمرو بن ابى عمرو عن محمد بن السائب عن ابى صالح عن ابن عباس ﷺ لم يكن لرسول الله ﷺ ظل... الخ.

لیکن یہ سند بھی صحیح نہیں ہے (۱) محمد بن سائب پر بہت سخت کلام ہے۔

قال ابن الجوزىؒ فى "الضعفاء" (٣/٦٢/٢٩٩٨):

قال زائدة، وليث، وسليمان التيمي: هو كذاب.

قال السعدى: كذاب ساقط، وقال يحيى بن معين: ليس بشيء، كذاب، ساقط، وقال النسائي والدارقطني: متروك الحديث، وقال ابن حبان: وضوح الكذب فيه اظهر من ان يحتاج الى الاغراق فى وصفه، روى عن ابى صالح عن ابن عباس رضى اللّٰه عنهما وابو صالح لم ير ابن عباس رضى اللّٰه عنهما ولا سمع منه، لايحل الاحتجاج به.

(٢) عمرو بن ابى عمرو "ميسرة" قال ابن الجوزى فى "الضعفاء" (٢/٢٣٠) : قال يحيى: لا يحتج بحديثه، وقال مرة: ليس بالقوى، وليس بحجة، وقال احمد: لاباس به.

قال المزى فى "تهذيب الكمال" (٢٢/١٧٠): قال النسائي: ليس بالقوى، وقال ابوحاتم: لا باس به.

قلت: هذا المتن ليس له اصل مرفوعا، وانما يذكره المتوسعون فى كتب السيرة والخصائص المتاخرة التى يجمع مؤلفوها بين الثابت وما لايثبت والموضوع و ما لااصل له!

وہ روایات ملاحظہ ہو جن میں سایہ کا ذکر ہے اور بعض ان میں سے صحیح ہیں۔

(۱) مستدرک حاکم میں ہے:

عن انس بن مالک رضى اللّٰه عنه قال بينما النبى ﷺ يصلى ذات ليلة صلاة اذ مد يده ثم اخرها فقلنا يارسول اللّٰه رايناک صنعت فى هذه الصلاة شئيا لم تكن

تصنعه فيما قبله، قال اجل انه عرضت على الجنة فرايت فيها دالية قطوفها دانية فأردت ان أتناول منها شيأ فاوحى الى ان استاخر فاستاخرت، وعرضت على النار فيما بيني وبينكم حتى رأيت ظلي وظلكم فيما فأوصيت اليكم ان استأخروا فاوحى الى ان اقرهم فانك اسلمت واسلموا وهاجرت وهاجروا وجاهدت وجاهدوا فلم ار لک فضلا عليهم الا بالنبوة فأولت ذلک ما يلقى امتى بعدى من الفتن، هذا حديث صحيح الاسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى التلخيص. (المستدرك للحاكم: ٤/٤٥٦، ط: مكة المكرمة).

وأخرجه ابن خزيمة فى "صحيحه" (١/٤٤٨/٨٩٦)

قال الاعظمى: "اسناده صحيح".

(٢) مجمع الزوائد میں ہے:

وعن عبدالله بن جبير الخزاعى ان رسول الله ﷺ كان يمشى فى اناس من اصحابه فتستر بثوب فلما راى ظله رفع رأسه فاذا هو بملاءة قد ستر بها، فقال له: مه واخذ الثوب فوضعه فقال: انما انا بشر مثلكم. رواه الطبرانى ورجاله الصحيح. (مجمع الزوائد: ٩/٢١، باب فى تواضعه ﷺ، دار الفكر)

قلت: لكن الخزاعى ليس من رجال الصحيح، فقد اختلف فى صحبته، قال الذهبى فى "الميزان" (٣/١١٤/٤٢٣١): عداده فى التابعين، مجهول. قال ابن حجرؒ فى "التقريب" (س١٦٩): ارسل حديثا، مجهول. قال

المزی فی "تهذیب الکمال" (١٣/٣٥٨): تابعی، قال ابو حاتم: شیخ مجهول.

(٣) مجمع الزوائد میں ہے:

وعن صفیة بن حیی ان النبی ﷺ حج بنسائه ... فلما کان شهر ربیع الاول دخل علیها فرات ظله فقالت: ان هذا لظل رجل وما یدخل علی النبی ﷺ فدخل النبی ﷺ ... (رواه احمد وفیه سمیة روی لها ابو داؤد وغیره ولم یضعفها احد وبقیة رجاله ثقات. (مجمع الزوئد ٤/٣٢٠، و ٣٢١، باب غیرة النساء، دار الفکر)

قال الشیخ شعیب الارنؤوط فی "تعلیقاته علی مسند احمد" (٤١/٤٦٣/ ٢٥٠٠٢): "اسناده ضعیف" لجهالة شمیسة [فقد اضطرب حماد بن سلمة فی تسمیتها] ولتردد حماد بین وصله وارساله.

وللمزید من البحث انظر: (تعلیق الشیخ شعیب الارنؤوط علی مسند احمد: ٤١/١٨٤/ ٢٣٦٤٠)

مزید تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: (کفایت المفتی ١/٨٦ جواب ٦٧، وجواہر الفقہ: ٢/ ١٤٧-١٥١)۔

مذکورہ بالا عبارات سے معلوم ہو گیا کہ صرف دو ضعیف روایتوں سے آپ ﷺ کا سایہ نہ ہونے کا پتہ چلتا ہے، اور اس کے برخلاف آپ ﷺ کا سایہ ہونا کافی روایات میں مذکور ہے، اور یہ بات بھی قابل غور ہے کہ اگر یہ آپ ﷺ کا معجزہ ہوتا تو کثیر تعداد میں صحابہ کرام کی روایات اس سلسلہ میں موجود ہوتیں، اور یہ بات یقیناً صحابہ کرام سے قطعاً مخفی نہ رہتی جو کہ دن رات خدمت نبوی میں رہا کرتے تھے، اس لئے ان تمام وجوہات وروایات کی

بناپر صحیح اور محقق بات یہ ہے کہ آپ ﷺ کا سایہ تھا۔ واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم (فتاوی دار العلوم زکریا، ج: ۱، ص: ۷۳تا ۷۷، ط، زمزم پبلشرز کراچی/فتاوی رشیدیہ، ص: ۱۱۹، ط، دار الاشاعت کراچی/ فتاوی دار العلوم دیوبند، ج: ۱۸، ص: ۲۵۹، ۲۶۰، ط، مکتبہ دار العلوم دیوبند/ فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج: ۱، ص: ۲۱۱، ۲۱۲، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی/ کفایۃ المفتی، ج: ۱، ص: ۸۶، ۸۷، ط، دار الاشاعت کراچی/ امداد الفتاوی، ج: ۱۲، ص: ۲۱، ۲۲، ط، زکریا بُک ڈپو الھند/ امداد الاحکام، ج: ۱، ص: ۳۳۹، ۳۴۰، ط، مکتبہ دار العلوم کراچی/ فتاوی محمودیہ، ج: ۴، ص: ۴۸۰تا ۴۸۲/ خیر الفتاوی، ج: ۱، ص: ۳۳۳تا ۳۳۶، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان/ فتاوی بینات، ج: ۱، ص: ۵۳۸تا ۵۴۲، ط، مکتبہ بینات کراچی/ محمود الفتاوی، ج: ۱، ص: ۳۷۱، ط، مکتبہ محمودیہ محمودنگر گجرات الھند/ فتاوی فریدیہ، ج: ۱، ص: ۴۷۱، ۴۷۲/ فتاوی فلاحیہ، ج: ۱، ص: ۱۶۴/ منتخبات نظام الفتاوی، ج: ۱، ص: ۶۴، ۶۵ ط، ایفا پبلیکیشنز نئی دھلی/ فتاوی قاسمیہ، ج: ۲، ص: ۱۳۰، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند/ فتاوی حقانیہ، ج: ۱، ص: ۱۹۹تا ۲۰۲، ط، مکتبہ سید احمد شھید اکوڑہ خٹک)

حضور ﷺ کا مرض الموت میں دو روز قبل اپنی وفات کی خبر دینا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: کہ ایک شخص نے دوران وعظ مسجد میں یہ بات بیان کی کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام جب مرض الموت میں بیمار ہوئے تو آپ ﷺ نے وفات سے دو دن قبل فرمایا: کہ میں دو دن اور زندہ رہوں گا، کیا واقعی آپ ﷺ نے دو دن پہلے وفات کی اطلاع دی ہے؟ اگر یہ صحیح ہے؟ تو براہ کرم اس کا حوالہ تحریر فرمادیں۔ اور اگر ایسا نہیں ہے، تو ایسا کہنے والے کے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

اس کا حوالہ کسی معتبر کتاب میں احقر کی نظر سے نہیں گذرا، ایسا کہنے والے کے لئے اس وقت کوئی حکم لگایا جاسکتا ہے، جب کہ اس سے اس بات کا حوالہ معلوم کرلیا جائے، کہ وہ بات کہاں ہے، بعض واعظین وعظ کی کتابوں میں اس طرح کی باتیں لکھتے ہیں، جو معتبر نہیں ہیں، ہاں البتہ وفات سے پہلے مرض الوفات میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے کان میں سرگوشی کے دوران یہ فرمایا ہے کہ اسی مرض میں دنیا سے رحلت فرماجاؤں گا۔ اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے بتلایا کہ میرے اہل وعیال میں سے سب سے پہلے تم ہی مجھ سے ملاقات کروگی۔ حدیث شریف ملاحظہ فرمایئے:

عن عائشةؓ قالت: دعا النبی ﷺ فاطمة ابنته فی شکواه التی قبض فیها، فسارها بشیء، فبکت، ثم دعاها فسارها، فضحکت، قالت: فسألتها عن ذلک، فقالت: سارنی النبی ﷺ فاخبرنی انه یقبض فی وجعه الذی توفی فیه، فبکیت، ثم سارنی فاخبرنی انی اول اهل بیته اتبعه فضحکت.

(صحیح البخاری، کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ مناقب فاطمة رضی اللّٰہ

عنها، النسخة الهندية ۱/۳۲، رقم: ۲۶۳۰) فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔(فتاوی قاسميه، ج: ۲، ص: ۱۴۲، ۱۴۳،ط، مكتبه اشرفيه ديوبند)

کیا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرض الوفات میں تکلیف ہوئی تھی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ کیا کسی حدیث میں اس بات کا ذکر ہے کہ جب حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مرض الوفات میں تھے، تو آپ کے دنیا سے پردہ فرمانے کے وقت آپ کو بہت تکلیف ہوئی تھی؟ ایسی کوئی حدیث ہو تو بحوالہ تحریر فرماویں نوازش ہوگی؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرض الوفات میں بہت زیادہ تکلیف ہوئی تھی، آپ نے خود سے کچھ پہلے حضرت عائشہؓ سے فرمایا کہ خیبر کے زہر آلود بکرے میں سے ایک لقمہ جو کھایا تھا، اس کا زہر اس وقت ستا رہا ہے، اور اس قدر تکلیف ہو رہی ہے، اور ایسا لگ رہا ہے کہ میری گردن کی شہ رگ کو کاٹ دیا گیا ہے، زندہ آدمی کی شہ رگ کو کاٹنے سے جو تکلیف ہوتی ہے، وہی اور اسی طرح کی تکلیف ہو رہی ہے، اس سے متعلق حدیث شریف ملاحظہ فرمایئے:

عن الزهرى قال عروة قالت: عائشة رضى الله تعالى عنها كان النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم يقول فى مرضه الذى مات فيه يا عائشة ما أزال أجد الم الطعام الذى أكلت

بخيبر فهذا أو ان وجدت انقطاع أبهرى من ذلك السم.

(صحيح البخارى، كتاب المغازى، باب مرض النبى صلى الله تعالىٰ عليه وسلم ووفاته، النسخه الهندية ٢/ ٦٣٧، رقم: ٤٢٥٠، ف: ٤٤٢٨) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم۔ (فتاوى قاسميه، ج: ٢، ص: ٣٤٨، ٣٤٩، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

❁❁❁

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات طبعی ہوئی

﴿سوال﴾:

کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم طبعی موت سے وفات پا گئے؟

﴿جواب﴾:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عمر پوری کر کے وفات پائی اور آپ کی وفات کو موت سے تعبیر کرنا صحیح ہے۔ قرآن مجید میں ہے "افان مات او قتل" (۲۹۷) اور "انک میت وانهم میتون" (۲۹۸).

اللہ کے نور سے پیدا ہونے کا یہ مطلب تو کسی کے نزدیک بھی صحیح نہیں کہ آپ کی بشریت مع اپنے لوازم جسمانیت وغیرہ کے نور سے پیدا ہوئی تھی۔ اور نہ آپ کی حیات کا یہ مطلب ہے کہ آپ پر موت طبعی وارد نہیں ہوئی ہے اور جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم زندہ تھے اسی طرح اب بھی زندہ ہیں۔ کہ یہ بات صریح البطلان ہے۔ واللہ اعلم (کفایۃ المفتی، ج: ۱، ص: ۸۵، ط، دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

(۲۹۷): (سورة الزمر: ٣٠)

(۲۹۸): (سورة آل عمران: ١٤٤)

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نبوت ووفات کس مہینے میں ہوئی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو نبوت کب ملی اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ہجرت اور وفات کس مہینے میں ہوئی؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

سید الکونین علیہ الصلاۃ والسلام کو ماہ رمضان میں ۲۱ رمضان المبارک بروز پیر کو نبوت سے سرفراز کیا گیا۔[رحمۃ للعالمین ۱/۶۲]

بارہ ربیع الاول بروز پیر غار ثور سے نبی علیہ الصلاۃ والسلام نے ہجرت کا سفر شروع کیا۔[انوار نبوت ۱۰۳]

بارہ ربیع الاول گیارہ ہجری بروز پیر آپ علیہ الصلاۃ والسلام چاشت کے وقت رفیق الاعلیٰ سے جا ملے۔

قال ابو عمر: بعثه اللّٰه عزوجل نبياً يوم الاثنين لثمان من ربيع الأول. (اسد الغابه، دار الفكر ١/ ٢٥)

وكان قدوم رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم الى المدينة فى قول ابن اسحاق يوم الاثنين عشرة خلت من ربيع الأول. (اسد الغاب، ١/ ٢٨، مكتبه دار الفكر بيروت)

عن عروة عن عائشة رضى اللّٰه تعالىٰ عنها قالت: توفى رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم يوم الاثنين لثنتى عشرة ليلة خلت من ربيع الأول. (البداية والنهاية دار الفكر ٥/ ٢٥٦، تاريخ طبرى بيروت ٢/ ٢٤١)

وقبض يوم الاثنين ضحى فى الوقت الذى دخل فيه

المدينة لاثنتى عشرة خلت من ربيع الأول. (اسد الغابه، ١/ ٤١، مكتبه دار الفكر بيروت)

عن عائشةؓ قالت: توفى رسول الله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم: يوم الاثنين لاثنتى عشرة خلت من ربيع الأول. (الطبقات الكبرى لابن سعد دار الكتب العلمية، ذكر كم مرض رسول اللّٰه صلى الله تعالىٰ عليه وسلم واليوم الذى توفى فيه ٢/ ٢٠٩) فقط والله سبحانه وتعالىٰ اعلم۔(فتاوى قاسميه، ج: ٢، ص: ٣٤٦، ٣٤٧، ط، مكتبه اشرفيه ديوبند الهند)

❁❁❁

وفات کے بعد حضور ﷺ کو کس طرح غسل دیا گیا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: حضور ﷺ کو غسل کس نے دیا تھا؟ کپڑا ولباس سمیت یا لباس کے علاوہ اور کفن کی کیا نوعیت ہوئی؟ یعنی کس طرح لباس مبارک اتارا تھا، تر لباس مبارک پر کفن کو زیب تن فرمایا تھا؟ تفصیل کے ساتھ جواب سے مطلع فرمائیں۔

﴿الجواب وباللّٰه التوفيق﴾:

وفات کے بعد حضور ﷺ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عباس رضی اللہ عنہ نے غسل دیا اور فضلؓ بن عباس، قثمؓ بن عباس، اسامہؓ بن زیدؓ اور شقرانؓ ان کے ساتھ کروٹ بدلنے اور پانی دینے کی خدمت انجام دے رہے تھے۔ آپ ﷺ کو اسی لباس اطہر میں غسل دیا گیا جس میں آپ ﷺ کی وفات ہوئی، اس کے بعد اس لباس کو اتار کر تین کفن کے کپڑے زیب تن کئے گئے۔

ان علیؓ بن أبی طالب والعباسؓ بن عبد المطلب، والفضلؓ بن العباس، وقثمؓ بن العباس وأسامةؓ بن زیدؓ وشقرانؓ مولی رسول اللہ ﷺ هذ الذین ولو اغسله۔ الی قوله۔ قالت عائشة: فقالوا: الی رسول اللہ ﷺ فغسلوه وعلیه قمیصه یصبون الماء فوق القمیص ویدلکونه والقمیص دون أیدهم، قال ابن اسحاق: فلما فرغ من غسل رسول اللہ ﷺ کفن فی ثلاثة أثواب. (سیرة ابن هشام /٦٦٢، أصح السیر /٥٤١، سیرة المصطفیٰ ٢/ ٣٤٦) فقط واللہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ٢، ص: ٩٧، ٩٨، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

حضور ﷺ کی نمازِ جنازہ اور تدفین کس طرح ہوئی اور خلافت کیسے طے ہوئی

﴿سوال﴾:

نبی اکرم ﷺ کی وفات کے بعد ان کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ اور آپ کے تدفین اور غسل میں کن کن حضرات نے حصہ لیا؟ اور آپ کے بعد خلافت کے منصب پر کس کو فائز کیا گیا اور کیا اس میں بالاتفاق فیصلہ کیا گیا؟

﴿جواب﴾:

۳۰ر صفر (آخری بدھ) کو آنحضرت ﷺ کے مرض الوصال کی ابتدا ہوئی (۲۹۹)،

(۲۹۹):فی الفتح: قوله: باب مرض النبی ﷺ ووفاته..... وأما ابتداؤه فکان فی بیت میمونة کما سیأتی. ووقع فی السیرة لأبی معشر فی بیت زینب بن جحش وفی السیرة لسلیمان التیمی فی بیت ریحانة، والأول المعتمد. وذکر الخطابی أنه

۸ر ربیع الاول کو بروز پنجشنبہ منبر پر بیٹھ کر خطبہ ارشاد فرمایا، جس میں بہت سے امور کے بارے میں تاکید ونصیحت فرمائی (۳۰۰)۔ ۹ر ربیع الاوّل شب جمعہ کو مرض نے شدت اختیار

ابتدأ به يوم الاثنين. وقيل يوم السبت، وقال الحاكم أبو أحمد: يوم الأربعاء. (فتح الباری بشرح صحيح البخاری، كتاب المغازی، باب مرض النبیﷺ ووفاته، ج: ۷، ص: ۷۳۵، ۷۳٦)

(۳۰۰):في البداية: وقد خطب عليه الصلاة والسلام في يوم الخميس قبل أن يقبض عليه السلام بخمس أيام خطبة عظيمة بين فيها فضل الصديق من سائر الصحابة مع ما كان قد نص عليه أن يؤم الصحابة أجمعين كما سيأتي....والمقصود أنه عليه السلام اغتسل ثم خرج فصلى بالناس ثم خطبهم كما تقدم في حديث عائشة رضی الله عنها.

ذكر الأحاديث الواردة في ذلك. قال: البيهقي أنبانا الحاكم أنبانا الأصم عن احمد بن عبدالجبار عن يونس بن بكير عن محمد بن اسحاق عن الزهری عن أيوب بن بشير. أن رسول اللهﷺ قال في مرضه: أفيضوا على من سبع قرب من سبع آبار شتى حتى أخرج فأعهد الى الناس. ففعلوا فخرج فجلس على المنبر فكان أول ما ذكر بعد حمد الله والثناء عليه ذكر أصحاب احد فاستغفر لهم ودعا لهم. ثم قال: يامعشر المهاجرين انكم أصبحتم تزيدون والأنصار على هيئتها لاتزيد وانهم عيبتي التي أويت اليها، فأكرموا كريمهم وتجاوزوا عن مسيئهم. ثم قال عليه السلام: أيها الناس ان عبداً من عباد الله قد خيره الله بين الدنيا وبين ما عندالله فاختار ما عندالله، ففهمها أبوبكر رضی الله عنه من بين الناس فبكى. وقال: بل نحن نفديك بأنفسنا وأبنائنا وأموالنا. فقال رسول اللهﷺ على رسلك يا أبا بكر انظروا الى هذه الأبواب الشارعة في المسجد فسدوها الا ما كان من بيت أبي بكر فاني لاأعلم أحداً عندی افضل في الصحبة منه. هذا مرسل له شواهد كثيرة. (البداية والنهاية، ج: ٥، ص: ۲۲۸، ۲۲۹، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان/ السيرة النبوية، ج: ٤، ص: ۲۹۸، ۲۹۹، ط، دار الكتاب العربي بيروت لبنان)

کی، اور تین بار غشی کی نوبت آئی، اس لئے مسجد تشریف نہیں لے جاسکے، اور تین بار فرمایا کہ: ''ابوبکر کو کہو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں!'' چنانچہ یہ نماز حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے پڑھائی اور باقی تین روز بھی وہی امام رہے، چنانچہ آنحضرت ﷺ کی حیات طیبہ میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سترہ نمازیں پڑھائیں، جن کا سلسلہ شب جمعہ کی نماز عشاء سے شروع ہوکر ۱۲ ربیع الاوّل دوشنبہ کی نماز فجر پر ختم ہوتا ہے (۳۰۱)۔

---

(۳۰۱):فی السیرة النبویة: قال الزهری: وحدثنی حمزة بن عبدالله بن عمر، أن عائشةؓ قالت: لما استعز برسول اللهﷺ قال: مروا أبابکر فلیصل بالناس. قالت: قلت: یانبی الله، ان ابابکر رجل رقیق، ضعیف الصوت، کثیر البکاء اذا قرأ القرآن. قال: مروه فلیصل بالناس. قالت: فعدت بمثل قولی، فقال: انکن صواحب یوسف، فمروه فلیصل بالناس، قالت: فوالله ما أقول ذلک الا أنی کنت أحب أن یصرف ذلک عن أبی بکر، وعرفت أن الناس لایحبون رجلاً قام مقامه أبداً، وأن الناس سیتشاءمون به فی کل حدث کان، فکنت أحب أن یصرف ذلک عن أبی بکر.

(السیرة النبویة، تمریض رسول اللهﷺ فی بیت عائشة، ج: ٤، ص: ٣٠٢، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

وفی بذل القوة: وفیها لما اشتد علیه صلی الله علیه وسلم المرض لیلة الجمعة التی هی التاسعة من شهر ربیع الأول، فاغمی علیه صلی الله علیه وسلم ثلاث مرات، ولم یستطع الخروج الی صلاة العشاء، قال ثلاث: مروا أبابکر فلیصل بالناس، فصلی أبوبکر رضی الله عنه مقام النبیﷺ تلک العشاء، ثم لم یزل یصلی بهم الصلاة الخمیس فی تلک الأیام الثلاثة الباقیة، حتی کانت صلاة أبی بکر رضی الله عنه التی صلاها بهم فی حیاته صلی الله علیه وسلم سبع عشرة صلاة، مبدأها صلاة العشاء من لیلة الجمعة، ومنتهاها صلاة الفجر من یوم الاثنین عشر من شهر ربیع الأول. (بذل القوة فی حوادث سنی النبوة، ص: ٣٠٠، طبع جامعة السند، حیدر آباد پاکستان بحوالہ حاشیہ آپ کے مسائل)

علالت کے ایام میں ایک دن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں (جو بعد میں آپ ﷺ کی آخری آرام گاہ بنی) اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کو وصیت فرمائی:

''انتقال کے بعد مجھے غسل دو اور کفن پہناؤ اور میری چار پائی میری قبر کے کنارے (جو اسی مکان میں ہوگی) رکھ کر تھوڑی دیر کے لئے نکل جاؤ، میرا جنازہ سب سے پہلے جبریلؑ پڑھیں گے، پھر میکائیلؑ، پھر اسرافیلؑ، پھر عزرائیلؑ، ہر ایک کے ہمراہ فرشتوں کے عظیم لشکر ہوں گے، پھر میرے اہل بیت کے مرد، پھر عورتیں بغیر امام کے (تنہا تنہا) پڑھیں، پھر تم لوگ گروہ در گروہ آکر (تنہا تنہا) نماز پڑھو''۔

چنانچہ اسی کے مطابق عمل ہوا، اوّل ملائکہ نے آپ ﷺ کی نماز پڑھی، پھر اہل بیت کے مردوں نے، پھر عورتوں نے، پھر مہاجرین نے، پھر انصار نے، پھر عورتوں نے، پھر بچوں نے، سب نے اکیلے اکیلے نماز پڑھی، کوئی شخص امام نہیں تھا (۳۰۲)۔

---

(۳۰۲):فی السیرة النبویة:فلما فرغ من جهاز رسول اللّٰه ﷺ یوم الثلاثاء، وضع فی سریرة فی بیته، وقد کان المسلمون اختلفوا فی دفنه. فقال قائل: ندفنه فی مسجده، وقال قائل: بل ندفنه مع أصحابه، فقال أبوبکر: انی سمعت رسول اللّٰه ﷺ یقول: ما قبض نبی الا دفن حیث یقبض، فرفع فراش رسول اللّٰه ﷺ الذی توفی علیه، فحفر له تحته، ثم دخل الناس علی رسول اللّٰه ﷺ یصلون علیه أرسالاً، دخل الرجال، حتی اذا فرغوا أدخل النساء، حتی اذا فرغ النساء أدخل الصبیان، ولم یؤم الناس علی رسول اللّٰه ﷺ أحد. (السیرة النبویة، الصلاة علیه ودفنه، ج: ٤، ص: ٣١٤، ٣١٥، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان/ تاریخ الطبری، ذکر جهاز رسول اللّٰه ﷺ ودفنه، ج: ٣، ص: ٢١٣، ط، دار المعارف مصر)

وفی بذل القوة: وفیها فی أیام مرضه صلی اللّٰه علیه وسلم وکونه صلی اللّٰه علیه وسلم فی بیت عائشة رضی اللّٰه عنها، أوصیٰ لأصحابه فقال: اذا أنا مت فاغسلونی وکفنونی واجعلونی علی سریری هذا، علی شفیر قبری فی بیتی هذا ثم

آنحضرت ﷺ کو غسل حضرت علی کریم اللہ وجہہ نے دیا، حضرت عباس اور ان کے صاحبزادے فضل اور قثم رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان کی مدد کر رہے تھے، نیز آنحضرت ﷺ کے دو موالی حضرت اسامہ بن زید اور حضرت شقران رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی غسل میں شریک تھے، آنحضرت ﷺ کو تین سحولی (موضع سحول کے بنے ہوئے) سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا (۳۰۳)۔

أخرجوا عني ساعة فأول من يصلي علي جبريل، ثم ميكائيل، ثم اسرافيل، ثم ملك الموت، كل واحد منهم بجنوده، ثم يصلي علي رجال أهل بيتي، ثم نسائهم، ثم ادخلوا أنتم فوجاً فوجاً فصلوا علي، فوقع كما قال صلى الله عليه وسلم، فصلى عليه صلى الله عليه وسلم أولاً الملائكة عليهم السلام، ثم رجال أهل بيته، ثم نسائهم، ثم رجال المهاجرين، ثم الأنصار، ثم النساء، ثم الغلمان، فصلوا كلهم افذاذا منفردين لايؤمهم أحد. (بذل القوة، ص: ۲۹۹، وأيضاً الروض الأنف، ج: ۲، ص: ۳۷۷ بحواله حاشيه آپ کے مسائل)

(۳۰۳):في تاريخ الطبري: عن عبدالله بن ابى بكر، وكثير بن عبدالله وغيرهما من أصحابه، عمن يحدثه، عن عبدالله بن عباس، أن علي بن أبي طالب والعباس بن عبدالمطلب والفضل ابن العباس وقثم بن العباس وأسامة بن زيد وشقران مولى رسول الله ﷺ هم الذين ولوا غسله، وان أوس بن خولى أحد بنى عوف ابن الخزرج، قال لعلى بن أبى طالب: أنشدك الله يا على، وحظنا من رسول الله! وكان أوس من أصحاب بدر، وقال: ادخل، فدخل فحضر غسل رسول الله ﷺ، فأسنده على بن أبى طالب الى صدره، وكان العباس والفضل وقثم هم الذين يقلبونه معه، وكان أسامة بن زيد وشقران مولياه هما اللذان يصبان الماء، وعلى يغسله قد أسنده الى صدره، وعليه قميصه يدلكه من ورائه، لايفضى بيده الى رسول الله ﷺ وعلى يقول: بأبى أنت وأمى! ما أطيبك حيا وميتاً! ولم ير من رسول الله شيء مما يرى من الميت. (تاريخ الطبرى، ذكر جهاز رسول الله ﷺ ودفنه،

آنحضرت ﷺ کے وصال کے روز (۱۲/ربیع الاوّل) کو سقیفہ بنی ساعدہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ پر بیعت خلافت ہوئی، اوّل اوّل مسئلہ خلافت پر مختلف آراء پیش ہوئیں۔ لیکن معمولی بحث وتمحیص کے بعد بالآخر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتخاب پر اتفاق ہوگیا اور تمام اہل حل وعقد نے ان کے ہاتھ پر بیعت کرلی (۳۰۴)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص: ۱۹۰ تا ۱۹۲، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

ج: ۳، ص: ۲۱۱، ۲۱۲، ط، دار المعارف بمصر)

وفی أسد الغابة: وغسله علی، والفضل بن العباس، والعباس، وصالح مولاه وهو شقران، وأوس بن خولی الأنصاری وفی روایة أسامة بن زید، وعبدالرحمٰن بن عوف، وکان علی یلی غسله والعباس والفضل وقثم، وأسامة وصالح یصبون علیه.

قال علی: فما کنا نرید أن نرفع منه عضوا لنغسله الا رفع لنا ولم ینزعوا عنه ثیابه، وکفن فی ثلاثة أثواب بیض سحولیة لیس فیها قمیص ولاعمامة، ونزل فی قبره علی، والعباس، والفضل، وقثم، وشقران، وأسامة، وأوس بن خولی. (أسد الغابة فی معرفة الصحابة، ذکر وفاته ومبلغ عمره ﷺ، ج: ۱، ص: ۱٤٤، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

(۳۰۴):فی البدایة: فلما مات (صلی اللّٰه علیه وسلم).....فجاء الصدیق من منزله حین بلغه الخبر فدخل علی رسول اللّٰه ﷺ منزله وکشف الغطاء عن وجهه وقبله وتحقق أنه مات..... ورجع الناس کلهم الیه وبایعه فی المسجد جماعة من الصحابة ووقعت شبهة لبعض الأنصار، حتی بین لهم الصدیق أن الخلافة لاتکون الا فی قریش، فرجعوا الیه وأجمعوا علیه کما سنبینه وتنبیه علیه. (البدایة والنهایة، ج: ٥، ص: ۲٤٤، مکتبة المعارف بیروت لبنان)

تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: (البدایة والنهایة، قصة سقیفة بنی ساعدة، ج: ٥، ص:

آپ ﷺ کی نماز جنازہ کس طرح ادا کی گئی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: نبی کریم سرور دوعالم ﷺ کی نماز کس نے پڑھائی اور کتنے آدمی شریک جماعت تھے؟ اور جنازہ کی نماز کہاں کس جگہ پڑھائی گئی؟ کیا مرد عورتیں سب نے مل کر پڑھی یا صرف مردوں نے؟ نماز جنازہ کیا ایک مرتبہ ہوئی یا کئی بار ہوئی؟ اور کس سن اور کس دن کہاں جنازہ رکھ کر نماز پڑھائی گئی؟ اور جس نے پڑھائی ہے اس کا نام تحریر فرمائیں۔

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

آپ ﷺ کی وفات ۱۲/ربیع الاوّل بروز پیر کو ہوئی۔ اور آپ ﷺ پر تمام صحابہ وصحابیات بچے اور غلام سبھوں نے نماز جنازہ انفراداً حجرۂ شریفہ میں ادا فرمائی، چنانچہ ایک جماعت حجرۂ شریفہ میں داخل ہوتی اور جب یہ فارغ ہوکر نکلتی تو دوسری جماعت داخل ہوتی اور یہ سلسلہ منگل سے لے بدھ کی رات تک جاری رہا، اس کے بعد تدفین عمل میں آئی، لیکن کسی نے کسی کی امامت نہیں کی، ہاں البتہ نماز جنازہ اس طرح سے پڑھی گئی کہ پہلے اہل بیت، پھر مہاجرین، پھر انصار، پھر عورتیں، پھر بچے، پھر غلاموں نے نماز جنازہ دا فرمائی۔ (مستفاد: احسن الفتاوی ۴/ ۲۱۷، سیرۃ المصطفی ۳/ ۱۸۷)

عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنہ فلما فرغ من جهازه يوم الثلثاء وضع على سريره فى بيته، ثم دخل الناس على رسول اللّٰہ ﷺ ارسالا يصلون عليه حتى اذا فرغوا ادخلوا النساء

---

۲۴۵ تا ۲۵۰، ط، مكتبة المعارف بيروت لبنان/ تاريخ الطبرى، ذكر الخبر عما جرى بين المهاجرين والأنصار فى أمر الامارة فى سقيفة بنى ساعدة، ج: ۳، ص: ۲۱۸ تا ۲۲۳، ط، دار المعارف مصر)

حتی اذا فرغوا ادخلوا الصبیان، ولم یؤم الناس علی رسول اللہ ﷺ أحد..... ثم دفن رسول اللہ ﷺ وسط اللیل من لیلة الأربعاء. الحدیث (ابن ماجة، باب ذکر وفاته ودفنه ﷺ ١١٨/١، دارالسلام، رقم: ١٦٢٨، شمائل ترمذی، النسخة الهندیة ٢٧، تاریخ الطبری ٢٣٩/٢، مجمع الزوائد، دارالکتب العلمیة بیروت ٣٧/٢، أسد الغابة، دارالفکر ٤١/١) فقط واللہ سبحانه وتعالیٰ علم۔ (فتاوی قاسمیه، ج: ٢، ص: ١٠٠، ١٠١، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند/ آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ١، ص: ١٨٨، ١٨٩، ط، مکتبه لدهیانوی کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ کی نمازِ جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟

﴿سوال﴾:

نبی اکرم ﷺ کی نماز جنازہ ہوئی تھی یا نہیں؟ اور آپ ﷺ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی تھی؟ براہ کرم جواب عنایت فرمائیں، کیونکہ آج کل یہ مسئلہ ہمارے درمیان کافی بحث کا باعث بنا ہوا ہے۔

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کی نماز جنازہ عام دستور کے مطابق جماعت کے ساتھ نہیں ہوئی، اور نہ اس میں کوئی امام بنا۔ ابن اسحاق وغیرہ اہل سیر نے نقل کیا ہے کہ تجہیز وتکفین کے بعد آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جنازہ مبارک حجرۂ شریف میں رکھا گیا، پہلے مردوں نے گروہ در گروہ نماز پڑھی، پھر عورتوں نے، پھر بچوں نے (٣٠٥)۔

(٣٠٥): فی البدایة: وقال محمد بن اسحاق حدثنی الحسین بن عبداللہ بن

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نشر لطیب میں لکھتے ہیں:

''اور ابن ماجہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: جب آپ کا جنازہ تیار کر کے رکھا گیا تو اوّل مردوں نے گروہ در گروہ ہو کر نماز پڑھی، پھر عورتیں آئیں، پھر بچے آئے، اور اس نماز میں کوئی امام نہیں ہوا (۳۰۶)۔'' (نشر الطیب ص: ۲۴۴ مطبوعہ تاج کمپنی)

علامہ سہیلیؒ ''الروض الانف'' (ج: ۲ ص: ۳۷۷ مطبوعہ ملتان) میں لکھتے ہیں:

''یہ آنحضرت ﷺ کی خصوصیت تھی، اور ایسا آنحضرت ﷺ

عبیداللّٰہ بن عباس عن عکرمة عن ابن عباسؓ قال: لما مات رسول اللّٰہ ﷺ أدخل الرجال فصلوا علیه بغیر امام أرسالاً حتی فرغوا، ثم أدخل النساء فصلین علیه، ثم ادخل الصبیان فصلوا علیه، ثم أدخل العبید فصلوا علیه أرسالاً، لم یأمهم علی رسول اللّٰہ ﷺ أحد.

وقال الواقدی حدثنی أبی بن عیاش بن سهل بن سعد عن أبیه عن جده قال: لما أدرج رسول اللّٰہ ﷺ فی أکفانه وضع علی سریره، ثم وضع علی شفیر حفرته، ثم کان الناس یدخلون علیه رفقاء رفقاء لایؤمهم علیه أحد. (البدایة والنهایة، کیفیة الصلاة علیه ﷺ، ج: ۵، ص: ۲۶۵، ط، مکتبة المعارف بیروت لبنان)

(۳۰۶):عن ابن عباسؓ قال لما أرادوا أن یحفروا لرسول اللّٰہ ﷺ بعثوا الی أبی عبیدة بن الجراح وکان یضرح کضریح أهل مکة وبعثوا الی أبی طلحة وکان هو الذی یحفر لأهل المدینة وکان یلحد فبعثوا الیهما رسولین وقالوا اللّٰهم خر لرسولک فوجدوا أبا طلحة فجیء به ولم یوجد أبوعبیدة فلحد لرسول اللّٰہ ﷺ قال فلما فرغوا من جهازه یوم الثلاثاء وضع علی سریره فی بیته ثم دخل الناس علی رسول اللّٰہ ﷺ أرسالاً یصلون علیه حتی اذا فرغوا أدخلوا الصبیان ولم یؤم الناس علی رسول اللّٰہ ﷺ أحد.الخ. (سنن ابن ماجة، کتاب الجنائز، باب ذکر وفاته ودفنه ﷺ، ص: ۱۱۷، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

کے حکم ہی سے ہوسکتا تھا، ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اس کی وصیت فرمائی تھی"۔

علامہ سہیلیؒ نے یہ روایت طبرانی بزار کے حوالے سے، حافظ نورالدین ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد (ج: ۸ص: ۴۲۷) میں بزار اور طبرانی کے حوالے سے (۳۰۷) اور حضرت تھانویؒ

---

(۳۰۷):عن عبداللّٰہ بن مسعودؓ قال نعی الینا حبیبنا ونبینا بأبی ھو ونفسی لہ الفداء قبل موتہ بست فلما دنا الفراق جمعنا فی بیت أمنا عائشۃؓ فنظر الینا فدمعت عیناہ ثم قال مرحبا بکم وحیاکم وحفظکم اللّٰہ آواکم اللّٰہ ونصرکم اللّٰہ رفعکم اللّٰہ ھداکم اللّٰہ رزقکم اللّٰہ وفقکم اللّٰہ سلمکم اللّٰہ قبلکم اللّٰہ أوصیکم بتقوی اللّٰہ وأوصی اللّٰہ بکم وأستخلفہ علیکم انی لکم نذیر مبین أن لاتعلوا علی اللّٰہ فی عبادہ وبلادہ فان اللّٰہ قال لی ولکم تلک الدار الآخرۃ نجعلھا للذین لایریدون علوا فی الأرض ولافساداً والعاقبۃ للمتقین وقال أالیس فی جھنم للمتکبرین ثم قال قد دنا الأجل والمنقلب الی اللّٰہ والی سدرۃ المنتھی والی جنۃ المأوی والکأس الأوفی والرفیق الأعلی أحسبہ قال فقلنا یارسول اللّٰہ ﷺ فمن یغسلک اذا قال رجال أھل بیتی الأدنی فالأدنی قلنا ففیم نکفنک قال فی ثیابی ھذہ ان شئتم أو فی حلہ یمینہ أو فی بیاض مضر قال فقلنا فمن یصلی علیک منا فبکینا وبکی وقال مھلا غفر اللّٰہ لکم وجازاکم عن نبیکم خیراً اذا غسلتمونی ووضعتمونی علی سریری فی بیتی ھذا علی شفیر قبری فاخرجوا عن ساعۃ فان أول من یصلی علی خلیلی وجلیسی جبریل صلی اللّٰہ علیہ وسلم ثم میکائیل ثم اسرافیل ثم ملک الموت مع جنودہ ثم الملائکۃ صلی اللّٰہ علیھم بأجمعھا ثم ادخلوا علی فوجاً فوجاً فصلوا علی وسلموا تسلیما ولاتؤذونی بباکیۃ أحسبہ قال ولاضارخۃ ولارانۃ ولیبدأ بالصلاۃ علی رجال أھل بیتی ثم أنتم بعد وأقرؤا أنفسکم منی السلام ومن غاب من اخوانی فأقرؤہ منی السلام ومن دخل معکم فی دینکم بعدی فانی أشھدکم أنی أقرأ السلام أحسبہ قال علیہ وعلی کل من تابعنی علی دینی من یومی ھذا الی یوم القیامۃ قلنا یارسول اللّٰہ

نے نشر لطیب میں واحدی کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے، اس کے الفاظ یہ ہیں:

''ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ پر نماز کون پڑھے گا؟ فرمایا:
جب غسل کفن سے فارغ ہوں، میرا جنازہ قبر کے قریب رکھ کر ہٹ جانا،
اوّل ملائکہ نماز پڑھیں گے، پھر تم گروہ در گروہ آتے جانا اور نماز پڑھتے جانا،
اوّل اہل بیت کے مرد نماز پڑھیں، پھر ان کی عورتیں، پھر تم لوگ۔''

(نشر الطیب ص:۲۰۲ طبع سہارنپور)

سیرۃ المصطفیٰ ﷺ میں طبقات ابن سعد کے حوالے سے حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ایک گروہ کے ساتھ نماز پڑھنا نقل کیا ہے (۳۰۸)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۸۹، ۱۹۰، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

فمن يدخلك قبرك منا قال رجال أهل بيتي مع ملائكة كثيرة يرونكم من حيث لاترونهم. رواه البزار وقال روى هذا عن مرة عبدالله من غير وجه والأسانيد عن مرة متقاربة وعبدالرحمٰن لم يسمع هذا من مرة انما أخبره عن مرة ولانعلم رواه عن عبدالله غير مرة، قلت رجاله رجال الصحيح غير محمد بن اسماعيل بن سمرة الأحمسي وهو ثقة، ورواه الطبراني في الأوسط بنحوه الا أنه قال قبل موته بشهر، وذكر في اسناده ضعفاء منهم أشعث بن طابق قال الأزدي لايصح حديثه. والله اعلم. (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، كتاب علامات النبوة، باب في وداعه ﷺ، ج: ۹، ص: ۲٤، ۲٥، ط، دار الكتاب العربي بيروت لبنان)

(۳۰۸): في البداية: قال الواقدي حدثني موسى بن محمد بن ابراهيم قال وجدت كتاباً بخط أبي فيه انه لما كفن رسول الله ﷺ ووضع سريره، دخل أبوبكر وعمر رضي الله عنهما ومعهما نفر من المهاجرين والأنصار كما سلم أبوبكر وعمر ثم صفوا صفوفاً لايؤمهم أحد فقال أبوبكر وعمر وهما في الصف الأول حيال رسول الله ﷺ اللّٰهم انا نشهد أنه قد بلغ ما انزل عليه، ونصح لأمته، وجاهد في

حضور ﷺ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ ہم میں سے جب کسی کا انتقال ہوجاتا ہے تو باقی مسلمان اس کی جنازہ پڑھتے ہیں، اس کے لئے دعاء مغفرت کرتے ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا حضور ﷺ کی بھی نماز جنازہ پڑھی گئی؟ اگر آپ کی نماز جنازہ پڑھی گئی تو آپ کی نماز کس نے پڑھائی؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

حضور ﷺ کی نماز جنازہ ہوئی تھی لیکن مستقل امامت کسی نے نہیں کی بلکہ جنازہ حجرہ شریفہ میں رکھ دیا گیا تھا اور لوگ باری باری حجرہ شریفہ میں آتے اور انفرادی طور پر نماز پڑھ کر چلے جاتے۔

لما فی شمائل الترمذی (ص ۲۷): عن سالم بن عبید وکانت له صحبة روایة..... قالوا یاصاحب رسول اللّٰہ ﷺ أتصلی علی رسول اللّٰہ ﷺ قال نعم قالوا وکیف قال یدخل قوم فیکبرون ویدعون ویصلون ثم یخرجون ثم یدخل قوم فیکبرون ویصلون ویدعون ثم یخرجون حتی یدخل

سبیل اللّٰہ حتی اعز اللّٰہ دینه وتمت کلمته، وأومن به وحده لاشریک له، فاجعلنا الهنا ممن یتبع القول الذی انزل معه، وأجمع بیننا وبینه حتی تعرفه بنا وتعرفنا به فانه کان بالمؤمنین رؤفا رحیما، لانبتغی بالایمان به بدیلا ولانشتری به ثمناً أبدا فیقول الناس: آمین آمین ویخرجون ویدخل آخرون حتی صلی الرجال، ثم الصبیان. (البدایة والنهایة، کیفیة الصلاة علیه ﷺ، ج: ٥، ص: ٢٦٥، ط، مکتبة المعارف بیروت لبنان)

الناس.....

فی سنن ابن ماجة (ص ۱۱۷): عن ابن عباس رواية..... ثم دخل الناس على رسول اللهﷺ ارسالا يصلون عليه حتى اذا فرغوا ادخلوا النساء حتى اذا فرغوا ادخلو الصبيان ولم يؤم الناس على رسول اللهﷺ احد.

وفی حاشية النووی على الصحيح لمسلم (۱/ ۳۱۲): والصحيح الذی عليه الجمهور انهم صلوا عليه فرادى فكان يدخل فوج يصلون فرادى ثم يخرجون ثم يدخل فوج اخر فيصلون كذلك ثم دخلت النساء بعد الرجال ثم الصبيان. (نجم الفتاوی، ج: ۱، ص: ۲۵۹)

❁❁❁

حضورﷺ کے جنازہ میں کتنی تاخیر ہوئی؟

﴿سوال﴾:

مختلف کتب میں لکھا ہے کہ حضورﷺ کی نماز جنازۃ تین دن تک پڑھی جاتی رہی۔ کیونکہ جگہ تنگ تھی اس لئے لوگ باری باری پڑھتے تھے۔ یہاں چند سوال پیدا ہوتے ہیں۔

۱: جنازہ کو جلد دفن کرنے کا حکم ہے تو پھر جنازہ کو تین دن تک کیوں روکا گیا؟

۲: نماز جنازہ مکان کے اندر نہیں بلکہ کھلے میدان میں پڑھنے کا حکم ہے۔ پھر تنگ جگہ میں کیوں پڑھی گئی؟

۳: نماز جنازہ فرض کفایہ ہے اگر ایک شخص بھی ادا کردے تو سب کے ذمہ سے ادا ہوجاتا ہے پھر تمام مسلمانوں کا انتظار کرتے کرتے تین دن تک جنازہ مبارک کو روکے رکھنا کیا بے حرمتی نہیں ہے؟

﴿الجواب﴾:

آنحضرت ﷺ کی وفات شریفہ دوشنبہ کے دن قریب دوپہر یا بعد زوال ہوئی۔

(کما فی البدایہ: ج ٥: ص ٢٤٤)

وتوفی رسول اللہ ﷺ حین اشتد الضحی من ذلک الیوم (ای یوم الاثنین. ناقل) وقیل عند زوال الشمس.

چند صفحوں کے بعد پھر مصنف تحریر فرماتے ہیں۔ص ۲۵۵ پر:

وھذا الحدیث فی الصحیح وھو یدل علی ان الوفاۃ وقعت بعد الزوال.

آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد اہم ترین مسئلہ یہ تھا کہ کسی اختلاف وانتشار سے پہلے امامت کی وحدت کو محفوظ رکھنے کی مؤثر تدبیر کی جائے۔ کیونکہ لامرکزیت مذہب وملت کے لئے سمِ قاتل ہے۔ چنانچہ جنگ جمل وصفین کے واقعات اس پر شاہد ہیں کہ معمولی اختلاف کو فتنہ پردازوں نے کن مہیب نتائج سے دوچار کرادیا۔

بہرحال انتخاب خلیفہ کی فکر ہوئی اور حضرات صحابہ کرامؓ نے کچھ بحث وتمحیص کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ منتخب کرلیا۔ اہل حل وعقد کے اجتماع، بحث وتمحیص، تمام صحابہؓ کی بیعت میں دوشنبہ کا باقی ماندہ حصہ (جو تقریباً چند گھنٹے ہوگا) اور سہ شنبہ کی رات گزر گئی اور سہ شنبہ کے دن میں آنحضرت ﷺ کی نماز جنازہ انفرادی طور پر پڑھی جاتی رہی اور یہ سلسلہ سہ شنبہ کی شام تک اور آئندہ متصل رات تک جاری ہا۔ اور سہ شنبہ اور چہارشنبہ کی درمیانی رات جو کہ شرعاً چہارشنبہ کی رات ہے میں آنحضرت ﷺ دفن فرمادیئے گئے۔

عن عائشۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا ان رسول اللہ ﷺ توفی یوم الاثنین ودفن لیلۃ الاربعاء. (البدایہ والنہار: ج ٥: ص ٢٦٠)

اسی کے بارے میں ج ۵: ص ۲۷۱۔ پر تحریر فرماتے ہیں:

وهو الذى نص عليه غير واحد من الائمة سلفا وخلفا منهم سليمان طرخان التيمى وجعفربن محمد الصادق وأبن أسحق وموسٰى بن عقبة وغير هم.

ان روایات سے ظاہر ہے کہ دفن میں تین دن کی تأخیر واقع نہیں ہوئی۔ بلکہ وفات شریفہ سے صرف تقریباً چھتیس (۳۶) گھنٹوں کے اندر اندر دفن مبارک سے فراغت ہوگئی تھی۔ تین دن کی تاخیر والی روایت معتمد نہیں۔ ابن کثیرؒ فرماتے ہیں۔

فقوله مكث ثلٰثة ايام لايدفن غريب والصحيح انه مكث بقية يوم الاثنين ويوم الثلثاء بكماله ودفن ليلة الاربعاء كما قدمناه واللّٰه اعلم. (البدايه: ج ۵: ص ۲۷۱)

تفصیل بالا کے پیش نظر آپ کے سوالات کا بالترتیب جواب یہ ہے۔

۱: تین دن تک تاخیر واقع نہیں ہوئی۔ لہٰذا جنازہ کو تین دن تک روکے رکھنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

۲: نماز جنازہ چونکہ انفرادی طور پر پڑھی گئی لہٰذا اس کے لئے حجرہ شریفہ جیسے متبرک مقام کو چھوڑ کر وسیع جگہ کی تلاش بے سود تھی۔ کیوں کہ وسیع جگہ میں بھی نماز انفرادی طور پر ہی پڑھی جاتی۔

اس لئے کہ آنحضرت ﷺ کی نماز جنازہ کے لئے یہی (انفرادی) طریقہ متعین تھا۔

۳: تین دن تک روکے رکھنا ہی غلط ہے پس اس سے العیاذ باللہ بے حرمتی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ایک روایت کی رو سے جنازہ کا یہ طریقہ خود آنحضرت ﷺ کا تجویز فرمودہ تھا(۳۰۹) كما رواه البيهقى عن ابن مسعود رضى اللّٰه عنه وان نظر فى

(۳۰۹):عن عبداللّٰه بن مسعودؓ قال نعى الينا حبيبنا ونبينا بأبى هو ونفسى له الفداء قبل موته بست فلما دنا الفراق جمعنا فى بيت أمنا عائشةؓ فنظر الينا فدمعت عيناه ثم قال مرحبا بكم وحياكم وحفظكم اللّٰه آواكم اللّٰه ونصركم اللّٰه رفعكم اللّٰه

صحته ابن كثير والله اعلم پس شبہہ نہ کیا جاوے۔ فقط اللہ اعلم۔ (خیر الفتاوی، ج:۱، ص:۳۱۸ تا ۳۲۰، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

هداكم اللّٰه رزقكم اللّٰه وفقكم الله سلمكم الله قبلكم الله أوصيكم بتقوى الله وأوصى اللّٰه بكم وأستخلفه عليكم انى لكم نذير مبين أن لاتعلوا على الله فى عباده وبلاده فان الله قال لى ولكم تلك الدار الآخرة نجعلها للذين لايريدون علوا فى الأرض ولافساداً والعاقبة للمتقين وقال أليس فى جهنم للمتكبرين ثم قال قد دنا الأجل والمنقلب الى الله والى سدرة المنتهى والى جنة المأوى والكأس الأوفى والرفيق الأعلى أحسبه قال فقلنا يارسول اللّٰه ﷺ فمن يغسلك اذا قال رجال أهل بيتى الأدنى فالأدنى قلنا ففيم نكفنك قال فى ثيابى هذه ان شئتم أو فى حله يمينه أو فى بياض مضر قال فقلنا فمن يصلى عليك منا فبكينا وبكى وقال مهلا غفر الله لكم وجازاكم عن نبيكم خيراً اذا غسلتمونى ووضعتمونى على سريرى فى بيتى هذا على شفير قبرى فاخرجوا عن ساعة فان أول من يصلى على خليلى وجليسى جبريل صلى الله عليه وسلم ثم ميكائيل ثم اسرافيل ثم ملك الموت مع جنوده ثم الملائكة صلى الله عليهم بأجمعها ثم ادخلوا على فوجاً فوجاً فصلوا على وسلموا تسليما ولاتؤذونى بباكية أحسبه قال ولاضارخة ولارانة وليبدأ بالصلاة على رجال أهل بيتى ثم أنتم بعد وأقرؤا أنفسكم منى السلام ومن غاب من اخوانى فأقرؤه منى السلام ومن دخل معكم فى دينكم بعدى فانى أشهدكم أنى أقرأ السلام أحسبه قال عليه وعلى كل من تابعنى على دينى من يومى هذا الى يوم القيامة قلنا يارسول الله فمن يدخلك قبرك منا قال رجال أهل بيتى مع ملائكة كثيرة يرونكم من حيث لاترونهم. رواه البزار وقال روى هذا عن مرة عبدالله من غير وجه والأسانيد عن مرة متقاربة وعبدالرحمٰن لم يسمع هذا من مرة انما أخبره عن مرة ولانعلم رواه عن عبدالله غير مرة، قلت رجاله رجال الصحيح غير محمد بن اسماعيل بن سمرة الأحمسى وهو ثقة، ورواه الطبرانى فى الأوسط بنحوه الا أنه قال قبل موته بشهر،

آپ ﷺ کے مرض الموت کا ایک واقعہ

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیان عظام اس مسئلہ کے بارے میں کہ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مرض الموت میں قلم اور کاغذ منگوایا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تلوار اٹھا کر کہا کہ (العیاذ باللہ) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بکواس کر رہے ہیں۔ کیا واقعی مرض الموت میں یہ واقعہ پیش آیا تھا۔ مدلل جواب عنایت فرمائیں۔

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

اصل جواب سے پہلے ضروری ہے کہ اس واقعہ کے پس منظر کو سمجھ لیا جائے۔

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو نبی کریم ﷺ سے حد درجہ محبت تھی جس کا اندازہ اسی سے ہوسکتا ہے کہ جب تک آپ کو دیکھ لیتے اس وقت تک ان کو سکون وچین نہیں آتا تھا۔ اب کافی عرصہ اسی طرح گزر گیا یہاں تک کہ یہ محبت ان کو مکہ سے مدینہ لے گئی اور صحابہ نے آپ کے لئے اپنا گھر بار اور آل واولاد تک کو چھوڑ دیا، نہ صرف چھوڑ دیا بلکہ اگر وہ مسلمان نہ ہوئے اور بعض غزاوت میں مقابلے پر اتر آئے تو انہوں نے اپنی اولاد یا قرابت کسی چیز کی پروہ نہ کی۔ اتنی شدید محبت میں کافی عرصہ گزرنے کے بعد جب آپ ﷺ کا آخری وقت قریب آگیا اور مرض کی شدت میں اضافہ ہوگیا تو ایک طرف آپ کی تکلیف صحابہ سے دیکھی نہ جاتی تھی اور دوسری طرف آپ کے اس دنیا سے تشریف لے جانے کا غم انہیں کھائے جارہا تھا۔

اسی دوران جبکہ آپ کے مرض نے شدت اختیار کرلی تو آپ نے فرمایا کہ ''قلم اور

وذکر فی اسنادہ ضعفاء منهم أشعث بن طابق قال الأزدی لایصح حدیثه. واللّٰه اعلم. (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، کتاب علامات النبوة، باب فی وداعه ﷺ، ج: ٩، ص: ٢٤، ٢٥، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

دوات لاؤ تا کہ میں تمہارے لئے لکھوادوں''۔اب اس موقع پر اختلاف ہوگیا، بعض صحابہ قلم دوات لانا چاہتے تھے اور بعض نہیں لانا چاہتے تھے۔ جو لانا چاہتے تھے اسکی وجہ آپ کے ارشاد کی تعمیل تھی اور جو نہیں لانا چاہتے تھے اسکی وجہ یہ تھی کہ آپ کو شدید تکلیف میں آرام کی ضرورت ہے ایسے موقع پر آپ کو لکھواتے ہوئے زیادہ تکلیف ہوگی اس لئے انہوں نے قلم دوات نہ لانے میں بھلائی سمجھی۔

ایسے موقع پر یہ جملہ بولا گیا'' اھجر استفھموہ'' جس کے مطلب میں علماء نے فرمایا:

۱..... یہ جملہ ان صحابہ نے بولا جو قلم دوات لانا چاہتے تھے۔تو مطلب یہ ہوگا کہ قلم دوات لے آؤ اگر چہ شدت بیماری کی وجہ سے بتقاضائے بشریت آپ شدید تکلیف میں ہیں لیکن ایسی حالت نہیں ہے کہ آپ کی بات نہ سمجھی جاسکے۔

۲..... جب صحابہ نے آپ کو شدت تکلیف میں دیکھا اور آپ نے قلم دوات بھی منگوانا چاہی گویا آخری وصیت لکھی جارہی ہے تو شدت غم میں صحابہ نے کہا کہ آپ سے پوچھ لو کیا آپ ہمیں چھوڑ کر جارہے ہیں۔ اور اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف اس جملہ کی نسبت کی جائے تو آپ نے اس وجہ سے فرمایا تا کہ آپ ﷺ کو تکلیف نہ ہو چنانچہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت اس کی مؤید ہے جس میں فرمایا کہ ہمارے پاس کتاب اللہ موجود جو ہمارے لئے کافی ہے لہٰذا آپ کو تکلیف نہ دی جائے۔

یہ تھا اصل معاملہ، لیکن شریعت مطہرہ کو جس طرح دنیا سے مٹانے کی کوششیں کی گئیں اسی طرح ان کوششوں اور طریقوں میں سے ایک طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ نبی کریم ﷺ کے براہ راست شاگرد اور دنیائے اسلام کو اسلام کی اصل روح پہنچانے والی جماعت پر اعتراضات کر کے ان کی عدالت کو مجروح کردیا گیا تا کہ لوگوں کا ان پر اعتماد ختم ہوجائے اور جب ان پر اعتماد ختم ہوجائے گا تو اسلام بھی مٹ جائے گا کیونکہ اگر انہیں ہٹادیا جائے تو قرآن کی تشریح جو سنت نبوی سے کی گئی اور آپ کے عملی نمونوں کی شکل میں موجود ہے ختم

ہوجائے گی اس طرح آہستہ آہستہ قرآن کی من مانی تشریحات شروع ہوجائیں گی۔ پھر امت کا وہی حال ہوگا جو پہلی امتوں کا ہو چکا چنانچہ یہ اعتراض بھی ان ہی کوششوں اور طریقوں کا ایک حصہ ہے جس کی اصل حقیقت واضح ہوچکی لیکن ان کی کوششوں کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ نے اس شریعت مطہرہ کے بارے میں اعلان فرمایا ویأبی اللّٰہ الا ان یتم نورہ ولو کرہ الکفرون. اللہ تعالیٰ اس روشنی کو ان ملحدین کے دلوں تک پہنچادیں۔ آمین

لمافی الصحیح البخاری (۲/۶۳۹): حدثنا عبد اللّٰہ بن یوسف ..... عن عائشة قالت مات النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم وانه لبین حاقنتی وذاقنتی فلا اکره شدة الموت لاحد بعد النبی ﷺ.

وفیها ایضا (۲/۶۳۸): حدثنا قتیبة قال..... قال ابن عباس یوم الخمیس ومایوم الخمیس اشتد برسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم وجعه فقال ائتونی اکتب لکم کتابا لن تضلوا بعده ابدا فتنازعوا ولا ینبغی عند نبی تنازع فقالوا ماشانه أهجر استفهموه فذهبوا یردون عنه فقال دعونی..... وفی روایة عن ابن عباس قال: لما حضر رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم وفی البیت رجال فقال النبی صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم هلموا اکتب لکم کتابا لاتضلو بعده قال بعضهم ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیه وسلم قد غلبه الوجع وعندکم القرآن حسبنا کتاب اللّٰہ فاختلف اهل البیت فاختصموا فمنهم من یقول قربوا یکتب کتابا لاتضلوا بعده ومنهم من یقول غیر ذلک فلما اکثروا اللغوا والاختلاف

قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه تعالىٰ عليه وسلم قوموا..... (وهكذا نقل في الصحيح (١/ ٤٢٩)في باب جوائز الوفد والفاظها فقالو أهجر رسول اللّٰه ا قال دعوني.....)

وفي عمدة القاري (٢٩٨/٤): أهجر بهمزة الاستفهام الانكاري اى انكروا على من قال لاتكتبوا اى لاتجعلوه كامر من هذى في كلامه.

وفيها ايضا (٢/ ١٧١): قال البيهقي قصد عمر رضى اللّٰه عنه تخفيف على النبيﷺ حين غلبه الوجع ولو كان مراده عليه الصلوة والسلام ان يكتب مالايستغنون عنه لم يتركهم لاختلافهم.

وعلى هامش البخاري (٦٣٨/٢): وان صح بدون الهمزة فهو انه لما اصابه الحيرة والدهشة يعظم ماشاهده من هذه الحالة الدالة على وفاته وعظم المصيبة.... او هو الهجر ضد الوصل اى يهجر من الدنيا. (نجم الفتاوى، ج: ١، ص: ٢٥٧، ٢٥٨)

حضور ﷺ کا پردہ فرمانے کے بعد دنیا میں کسی سے ملاقات کے لئے آنا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں (الف) حضور پاک ﷺ کیا بعد وفات اپنی قبر سے اٹھ کر دنیا میں تشریف لاکر کسی اللہ کے نیک بندے کو پانی پلا جائیں یہ ممکن ہے؟ ایسا عقیدہ رکھنا شرک تو نہیں؟

(ب): ایسے جبرئیل علیہ السلام کسی غیر نبی حضور اکرم ﷺ کے امتی کو پانی پلا جائیں یا کچھ اور کام کر جائیں، کیا ایسا ہوسکتا ہے؟ اگر ہاں تو فبہا ورنہ ایسا عقیدہ رکھنے والا گنہگار ہوگا یا نہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

حضور ﷺ کا بعد الوفات دنیا میں تشریف لاکر کسی کی ضرورت پوری کرنے کے سلسلے میں بندہ کو کوئی صریح روایت نہیں مل سکی، اس لئے بندہ اس سلسلے میں کچھ لکھنے سے قاصر ہے، البتہ حضرت جبرئیل علیہ السلام کا دنیا میں تشریف لانا حدیث صحیح سے ثابت ہے، چنانچہ بحکم خدا کسی خاص شخص کی اعانت ومدد کر سکتے ہیں۔

عن أنس بن مالک ـ رضی اللّٰہ عنہ ـ قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: اذا کان لیلة القدر نزل جبرئیل علیہ السلام فی کبکبة من الملائکة. (شعب الایمان، باب فی الصیام: فی لیلة العیدین ویومهما، دارالکتب العلمیة بیروت ٣/٣٤٣، رقم: ٣١٧١٧، مشکوة شریف ١/١٨٤) فقط واللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی قاسمیہ، ج: ٢، ص: ١٤٦، ط، مکتبہ اشرفیہ دیوبند)

آپ ﷺ کے دست اقدس کو حضرت رفاعیؒ نے بوسہ دیا

﴿سوال﴾:

حضرت سید احمد کبیر رفاعیؒ مدینہ تشریف لے گئے اور آنحضرت ﷺ کے روضہ مبارک کی زیارت کی تو سرور کائنات ﷺ کا دست مبارک نمودار ہوا اور حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمہ اللہ تعالیٰ نے دست مبارک کو بوسہ دیا۔ یہ حقیقت کہاں تک سچی ہے۔ بحوالہ کتب جواب عنایت فرمائیں بینوا توجروا۔

﴿الجواب﴾:

حضرت امام جلال الدین سیوطیؒ نے اپنے رسالہ ''شرف مختم'' میں سلسلہ وار سند سے لکھا ہے کہ وہ روایت کرتے ہیں کہ شیخ کمال الدینؒ سے اور وہ شیخ شمس الدین جزری سے اور وہ شیخ مراغی سے اور وہ شیخ عزالدین احمد فاروقی کے واسطے اور وہ اپنے والد شیخ ابواسحاق ابراہیم سے اور وہ اپنے باپ شیخ عزالدین عمر سے رحمہم اللہ تعالیٰ کہ میں ۵۵۵ھ میں سید احمد رفاعی کے ساتھ سفر حج میں تھا۔ جب وہ مدینہ طیبہ پہنچے اور روضہ شریف پر حاضر ہوئے تو انہوں نے ان الفاظ سے سلام عرض کیا۔ السلام علیکم یا جدی (اے نانا جان! آپ پر سلام) وہاں سے جواب عطا ہوا وعلیک السلام یا ولدی (تجھ پر سلام اے میرے بیٹے) کہ اس کو تمام اہل مسجد نے سنا۔ حضرت سید احمد رفاعی پر وجد شدید نے غلبہ کیا اور بڑی دیر تک رویا کئے اور شدت شوق میں عرض کیا۔ یا جداہ

فی حالة البعد روحی کنت ارسلها
تقبل الارض عنی وهی نائبتی
وهذه دولة الاشیاح قد حضرت
فامدد یمینک کی تحظی بها شفتی

یعنی! اے نانا جان! حالت بعد میں اپنی روح کو حضور ﷺ میں بھیج دیا کرتا تھا وہ

نائب بن کر زمین بوس ہوجاتی تھی۔ اب جسم کی حاضری کی نوبت آئی ہے سو ذرا اپنا دایاں دست مبارک دیجئے تا کہ میرا لب اس کے بوسہ سے مشرف ہوجائے! پس فوراً آپ ﷺ کا دست مبارک چمک اور مہک کے ساتھ قبر شریف سے ظاہر ہوا اور ہزاروں آدمیوں نے زیارت کی۔ اور سید رفاعیؒ نے اس کا بوسہ لیا۔ (مجمع الجور ص ۱۸۲)

اس عظیم الشان واقعہ کی تفصیل بالسند کتب معتبرہ میں نقل کی گئی ہے شک وشبہ کی ضرورت نہیں۔ اولیاء اللہ سے کرامت کا ظاہر ہونا، عقل اور نقل دونوں طریقہ سے ثابت ہے۔ قرآن اور حدیث سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ اصل فعل باری تعالیٰ کا ہوتا ہے۔ بندہ کو اس کے ظہور کا ذریعہ بنایا جاتا ہے اور اس طرح بارگاہ رب العزت میں اس کے تقرب اور اس کی مقبولیت کی شہادت مہیا کی جاتی ہے (۳۱۰)۔

---

(۳۱۰):فی شرح العقیدة الطحاوی: ونؤمن بما جاء فی کرامة الأولیاء، لأنه قد ورد فی القرآن قصة عرش بلقیس، وقول ذلک الولی وهو آصف بن برخیا، وهو رجل من أصحاب سلیمان علیه السلام لم یکن نبیاً علی ما حکی اللّٰه تعالیٰ بقوله: ﴿قال الذی عنده علم من الکتاب أنا اٰتیک به قبل أن یرتد الیک طرفک فلما راٰه مستقرا عنده قال هٰذا من فضل ربی﴾ [النمل: ۴۰]

وقصة مریم وما ظهر لها من خوارق من رزق الشتاء فی الصیف، ورزق الصیف فی الشتاء، وظهور النخلة فی الصخر وتساقط الرطب علیها من أعظم الکرامات لمریم علی ما حکی اللّٰه بقوله: ﴿کلما دخل علیها زکریا المحراب وجد عندها رزقا﴾ [آل عمران: ۳۷]، و بقوله: ﴿وهزی الیک بجذع النخلة تساقط علیک رطبا جنیا﴾ [مریم: ۲۵]

والآثار والأخبار فی کرامات الأخیار مستفیضة.

وکل کرامة ظهرت علی ید ولی فهی معجزة لنبی، لأنه انما أکرم اللّٰه الولی بتلک الکرامات ببرکة متابعة النبی، فکل مایظهر فی یده یکون دلیلاً علی صدق النبی، فلاتکون الکرامة قط قادحة فی المعجزة بل هی مؤیدة لها دالة علیها

مرغی کا بیضہ چاروں طرف سے قلعہ کی طرح بند ہوتا ہے۔ اس میں ذرا بھی سوراخ نہیں ہوتا مگر پھر ایسا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے اسی بند قلعہ سے اچانک ایک بچہ نکل آتا ہے جو بہت کمزور ہوتا ہے۔ اگر قادر ذوالجلال کی یہی قدرت کارفرما ہو اور نبی کریم ﷺ کا دست مبارک (جن کی حیات مسلمہ حقیقت ہے) قبر شریف سے باہر نکلے تو اس میں خلاف عقل کیا بات ہے؟ البتہ خلاف عادت ضرور ہے۔ اسی لئے اس کو کرامت کہا جاتا ہے۔ اولیائے کرام رحمہم اللہ سے جو باتیں ظاہر ہوں وہ کرامت کہلاتی ہیں۔ مگر ولی کی کرامت درحقیقت اس نبی کا معجزہ ہوتا جس کا یہ امتی ہے اور جن کی اتباع اور پیروی کے صلہ میں اس کو یہ کمال حاصل ہوا ہے۔ اس طرح پانی پر چلنا، ہوا پر اڑنا وغیرہ بھی کرامتیں ہیں جن کو حسی کرامت کہا جاتا ہے (یعنی جو آنکھوں سے نظر آئیں) یہاں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ عموماً کرامتوں ہی کو کمال سمجھا جاتا ہے۔ مگر اہل کمال کے نزدیک ''کرامت معنوی'' کمال ہے، یعنی شریعت مصطفوی ﷺ پر مضبوطی سے ثابت قدم رہنا زندگی کے ہر شعبہ میں اور ہر ایک موقع پر سنت اور غیر سنت کے فرق کو سمجھ کر سنت رسول ﷺ کی مکمل اتباع اس کا شوق اور اس کی لگن اور دل سے توجہ الی اللہ اور اشتغال باللہ کہ ایک دم اور ایک سانس بھی غفلت میں نہ گذرے۔ حضرت محبوب سبحانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی خدمت میں ایک بزرگ چشتیہ حاضر ہو کر عرض کرنے لگے کہ:

مجھ کو کئی سال نسبت حق میں قبض تھا۔ آپ کے حضرت خواجہ باقی باللہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور قبض کی شکایت کی تو حضرت خواجہ کی توجہ و دعا سے میری حالت قبض بسط سے بدل گئی۔ آپ بھی کچھ توجہ فرمائیں کیونکہ حضرت خواجہ رحمہ اللہ نے اپنے تمام خلفاء اور مریدین کو آپ کے حوالہ کر دیا ہے تو حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ نے ان کے جواب

خلافاً لما زعمت المعتزلة من حيث انه لايبقى فرق بين الولى والنبى لو جوزنا ظهور المعجزة فى يد الولى. (شرح عقيدة الامام الطحاوى، بيان أن النبوة أفضل من الولاية والايمان بكرامات الأولياء، ص: ١٥٧، ١٥٨)

میں فرمایا کہ میرے پاس تو اتباع سنت کے سوا کچھ بھی نہیں۔ یہ سنتے ہی ان بزرگ پر حال طاری ہوا اور کثرت نسبت اور قوت باطنی کے اثرات سے سرہند شریف کی زمین جنبش کرنے لگی۔ حضرت امام ربانیؒ نے ایک خادم سے فرمایا کہ طاق میں سے مسواک اٹھالاؤ۔ آپ نے مسواک کو زمین پر پٹک دیا اسی وقت زمین ساکن ہوگئی اور ان بزرگ کی کیفیت جذبی بھی جاتی رہی۔ اس کے بعد آپ نے ان بزرگ سے فرمایا کہ تمہاری کرامت سے زمین سرہند جنبش میں آگئی اور اگر فقیر دعا کرے تو ان شاء اللہ سرہند شریف کے مردے زندہ ہوجائیں۔ لیکن میں تمہاری اس کرامت (جنبش زمین سے اور اپنی اس کرامت سے کہ دعا سے سرہند شریف کے تمام مردہ زندہ ہوجائیں) اثناء وضو میں بطریق مسواک کرنا بدرجہا افضل جانتا ہوں۔ (دیباچہ درلاثانی شاہ محمد ہدایت علی جیپوری ج ۳ ص ۲۔۷)

حضرت محبوب سبحانی غوث اعظم سید احمد کبیر رفاعی رحمہ اللہ کامل متقی اور متبع سنت اور بدعت کے سخت دشمن تھے۔ آپ کی بنیادی تعلیم یہ تھی کہ خدا کی تلاش رسول اللہ ﷺ کے ذریعہ کرو۔ (البنیان المشید ص ۴) اور اس محمدی ﷺ طریقہ کی اساس کو سنت کو زندہ کرکے اور بدعات کو مٹا کر مضبوط کرو۔ (ایضاً ص ۸)

کرامت اتباع سنت کا ثمرہ ہے۔ آنحضرت ﷺ کی اتباع کے بغیر کوئی کمال حاصل نہیں ہوسکتا۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی حمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہر ایک فضیلت اور ہر ایک کمال آنحضرت ﷺ کی پیروی اور آپ کی شریعت کی تابعداری ہی پر موقوف ہے۔ (مکتوبات امام ربانی ج ۱ ص ۱۳۵)

لہٰذا طریقہ سنت کی اتباع کے بغیر جو کوئی بھی تعجب کی بات دیکھنے میں آئے وہ ہرگز کرامت نہیں استدراج اور شیطانی حرکت ہے۔

سلطان العارفین حضرت بایزید بسطامیؒ فرماتے ہیں کہ اگر تمہاری نظروں میں ایسا کمال والا آدمی ہو جو ہوا پر مربعاً چوکڑی مار کر آلتی پالتی لگا کر بیٹھتا ہو اور پانی پر چلتا ہو تو جب تک تم امتحان نہ کرلو کہ احکام اسلام اور شرعی حدود کی پابندی میں کیسا ہے، ہرگز اس کو نظر میں

نہ لاؤ۔

حضرت بسطامیؒ سے کہا گیا کہ فلاں آدمی ایک رات میں مکہ پہنچ جاتا ہے تو آپؒ نے فرمایا کہ شیطان تو ایک جھپک میں مشرق سے مغرب میں پہنچ جاتا ہے حالانکہ وہ لعنۃ اللہ میں گرفتار ہے۔ (بصائر العشائر ص ٦١٢)

پیشواء طریقت حضرت جنید بغدادیؒ فرماتے ہیں کہ واصل الی اللہ ہونے کی بے شمار طریقے اور راستے ہیں مگر مخلوق کے لئے تمام راستے بند ہے۔ اس کے لئے صرف وہی راستہ کھلا ہوا ہے جو اتباع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شاہراہ ہے۔

حضرت ابو حفص کبیر حدا درحمۃ اللہ علیہ جو اہل طریقت میں بڑے بزرگ تھے، فرماتے ہیں کہ جس نے اپنے اقوال، حالات اور امور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی میزان میں نہیں تولے اور خواہشات نفس کو برا نہ سمجھا تو اس کو بزرگوں کی فہرست میں داخل نہ کرو۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی فرماتے ہیں کہ:۔ اے فرزند! آنچہ فردا بکار خواہد آمد متابعت صاحب شریعت است علیہ الصلوٰۃ والسلام والتحیۃ، احوال ومواجید علوم ومعارف واشارات ورموز اگر بآں متابعت جمع شوند فبہا ونعمت والا جز خرابی واستدراج ہیچ نیست۔

یعنی اے فرزند جو چیز کل کو (قیامت میں) کارآمد ہوگی، وہ صاحب شریعت ﷺ کی متابعت اور پیروی ہے۔ درویشانہ حالات اور عالمانہ وجد، علوم ومعارف، صوفیانہ رموز واشارات اگر آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی کے ساتھ ہوں تو بے شک بہت بہتر ہیں؟ اور اگر یہ باتیں پابندی شریعت اور اتباع سنت کے جوہر کے بغیر ہوں تو خرابی اور استدراج کے سوا ان کی کوئی حقیقت نہیں۔ (مکتوبات امام ربانی ج ١ ص ١٨٥ مطبع مرتضوی دہلی)

اور فرمایا باوجود مخالفت شریعت اگر چہ برابر سر موئے باشد اگر بالفرض احوال ومواجید دست دہد داخل استدراج است آخر اور ارسوا خواہند ساخت۔ خلاصی بے اتباع محبوب رب

العالمین علیہ وعلی الہ من الصلوٰۃ افضلھا ومن التسلیمات اکملھا ممکن نیست.(مکتوبات امام ربانی ج ا ص ۱۰۰) یعنی شریعت کے خلاف کرنے کے باوجود چاہے وہ بال برابر ہی ہو، اگر مان لو کہ احوال اور کوائف حاصل ہو جاویں تو وہ سب استدراج شمار ہوں گے، کار پردازان قضا وقد آخر کار اس کو شرمندہ اور ذلیل کریں گے۔ محبوب رب العالمین ﷺ کی اتباع کے بغیر خلاصی اور نجات ممکن نہیں۔(مکتوب امام ربانی ج ا ص ۱۰۰)

اس زمانہ میں پیرزادے یا ایسے لوگ جن سے کوئی تعجب خیز بات ظاہر ہوئی ہو، غوث، قطب یا پیر تسلیم کر لئے جاتے ہیں، چاہے ان کے عقائد واعمال کتنے ہی خلاف شرع ہوں چاہے وہ داڑھی منڈے اور سینما کے ایکٹر ہوں (انا اللہ الخ) یہ کتنی بڑی گمراہی ہے حق تعالیٰ فہم سلیم وتوفیق صحیح نصیب فرمائے۔ آمین۔ حضرت شیخ سعدی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

خلاف پیمبر کسے راہ گزید
کہ ہر گز بمنزل نخواہ رسید

جس نے پیغمبر ﷺ کے طریقہ کے خلاف کوئی راستہ اختیار کیا وہ کبھی منزل مقصود تک نہیں پہنچے گا۔

پسندار سعدی کہ راہ صفا
تواں رفت جز در پے مصطفٰے

سعدی! یہ گمان کرنا کہ پیغمبر صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تابعداری کے بغیر راہ راست حاصل ہو جائے گا فقط۔ واللہ اعلم بالصواب۔ (فتاوی رحیمیہ، ج:۳، ص:۴۴ تا ۴۷، ط، دار الاشاعت کراچی)

رسول اللہ ﷺ کے روضہ مبارکہ کی زیارت کا کیا حکم ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا غیر مقلدوں کے نزدیک آنحضرت ﷺ کے روضۂ اقدس کی زیارت کے لئے مدینہ منورہ کا سفر ناجائز ہے؟ اگر یہ صحیح ہے تو بحوالہ کتب جواب دیجئے؟ اس بارے میں علماء دیوبند کا نظریہ کیا ہے؟ جائز مانتے ہیں یا ناجائز؟

﴿جواب﴾:

ہاں غیر مقلدین آنحضرت ﷺ کے روضۂ مبارک کی زیارت کے لئے سفر کرنے کو ناجائز کہتے ہیں ان کے مذہبی مقتدیٰ مولانا نورالحسن خاں صاحب کی کتاب ''عرف الجادی'' میں ہے:

''وجہ منع از سفر زیارت خواہ قبور انبیاء باشد وغیر ایشاں آنست کہ دلیلے بر جواز آن از کتاب یا سنت یا اجماع یا قیاس قائم نیست واز سلف ثابت نشدہ'' (ص ۲۵۷)

علمائے دیوبند کا نظریہ ایسا نہیں ہے، علمائے دیوبند کا اعتقاد یہ ہے کہ سرور کائنات ﷺ کے مزار مبارک کی زیارت افضل المستحبات بلکہ قریب بواجب ہے، اور بڑی فضیلت اور اجر عظیم کا موجب ہے۔ علمائے دیوبند کے جلیل القدر عالم و بزرگ مولانا خلیل احمد صاحب انبھیٹوی ثم المدنی رحمہ اللہ تحریر فرماتے ہیں کہ:

''ہمارے نزدیک اور ہمارے مشائخ کے نزدیک زیارت قبر سید المرسلین (ہماری جان آپ ﷺ پر قربان) اعلیٰ درجہ کی قرابت اور نہایت ثواب اور سبب حصول درجات ہے بلکہ واجب کے قریب ہے''۔

'' عندنا وعند مشائخنا زیارة قبر سید المرسلین (روحی فداہ) من اعظم القربات واھم المندوبات و انجح

لنيل الدرجات بل قريبة من الواجبات ".

اورآگے چل کرفرماتے ہیں:

"وينوى وقت الارتحال زيارته عليه الف الف تحية وسلام وينوى معها زيارة مسجده ﷺ وغيره من البقاع والشاهد الشريفة بل الاولى ما قال العلامة الهمام بن الهمام ان يجرد النية لزيارة قبره عليه الصلوٰة والسلام ثم يحصل له اذا قدم زيارة المسجد لان في ذلك زيارة تعظيمه واجلاله ﷺ ويوافقه قوله صلى الله تعالىٰ عليه وسلم من جاء نى زائراً لاتحمله حاجة الا زيارتى كان حقا على ان اكون شفيعاً له يوم القيامة (۳۱۱).

(ترجمہ) اورسفر کے وقت آنحضرت ﷺ کی زیارت کی نیت کرے اورساتھ میں مسجد نبوی اوردیگر مقامات وزیارت گاہا ہے متبرکہ کی بھی نیت کرے بلکہ بہتر وہ ہے جوعلامہ ابن ھمامؒ نے فرمایا کہ خالص قبرشریف کی زیارت کی نیت کرے جب وہاں حاضر ہوگا تو مسجد نبوی ﷺ کی بھی زیارت حاصل ہوجائے گی۔اس صورت میں جناب رسالت مآب ﷺ کی تعظیم زیادہ ہےاوراس کی موافقت خودحضرت کے ارشاد سے ہورہی ہے کہ جومیری زیارت کوآیا کہ میری زیارت کے سوا کوئی حاجت اس کونہ لائی ہوتو مجھ پرحق ہے کہ قیامت کے دن اس کا شفیع بنوں"۔(التصدیقات ص ۵)

اوردوسرے جلیل القدر بزرگ ومحدث حضرت مولانا رشیداحمد گنگوہیؒ روضہ پاک کی زیارت کے فضائل بیان کرنے کے بعد ہدایت فرماتے ہیں کہ:

(۳۱۱):(المهند على المفند، ص: ۳۰، نفيس منزل كريم پارك لاهور)

''جب مدینہ کا عزم ہو تو بہتر یہ ہے کہ روضہ اطہر ﷺ کی زیارت کی نیت کر کے جائے''۔ (زبدۃ المناسک ''جدید'' ص ۱۱۳)

اور تیسرے بزرگ شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنیؒ فرماتے ہیں کہ:

''مدینہ منورہ کی حاضری محض سرور کائنات علیہ السلام کی زیارت اور آپ کے توسل کی غرض سے ہونی چاہئے.....اسی وجہ سے میرے نزدیک بہتر یہی ہے کہ حج سے پہلے مدینہ منورہ جانا چاہیے اور آنحضرت ﷺ کے توسل سے نعمت قبولیت حج وعمرہ کے حصول کی کوشش کرنی چاہیے، مسجد کی نیت خواہ وہ تبعاً کر لی جائے مگر اولی یہی ہے کہ صرف جناب رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی جائے تا کہ لاتحملہ الا زیارتی والی روایت پر عمل ہو جائے۔

مکتوب نمبر ۴۵ مکتوبات شیخ الاسلام (صفحہ ۱۲۹۔ ۱۳۰ ج ۱) فقط واللہ بالصواب۔

(فتاوی رحیمیہ، ج:۳، ص:۳۷، ۳۸، ط، دارالاشاعت کراچی)

❁❁❁

روضہ رسول اللہ ﷺ خلاف شریعت نہیں ہے

﴿سوال﴾:

ایک صاحب کہتے ہیں کہ آپ ﷺ کا روضہ مبارکہ غلط اور خلاف شریعت بنایا گیا ہے کیونکہ قبروں پر آبادی ممنوع ہے تو ایسے شخص کے قول کے بارے میں کیا حکم ہے۔ بینوا توجروا.

﴿الجواب﴾:

لایخفی ان النبی ﷺ نهی عن البناء علی القبور کما رواه مسلم (۳۱۲) وغیره وقال ابوبکر الصدیق رضی اللّٰه عنه

---

(۳۱۲):عن جابر قال: نهی رسول اللّٰه ﷺ أن یجصص القبر، وأن یقعد علیه، وأن یبنٰی علیه. (صحیح مسلم، کتاب الجنائز، باب النهی عن تجصیص القبر والبناء

سمعت رسول اللّٰہ ﷺ قال ما قبض اللّٰہ نبیا الا فی الموضع الذی یحب ان یدفن فیه ادفنوه فی موضع فراشه رواه الترمذی (۳۱۳). ولا ریب فی ان النبی ﷺ توفی فی البیت والبناء فلا بدان یکون قبره مخصوصا من سائر القبور ویکون البناء علی قبره المبارک جائزاً ومن تمسک بالحدیث المحرم ولم ینظر الی الحدیث العارض فهو مسلم نجدی ولاحول ولا قوه الا باللّٰہ العلی العظیم. وهو الموفق (فتاوی فریدیه، ج: ۱، ص: ٤٦٦)

❁❁❁

روضۂ اقدس ﷺ سے دستِ مبارک کا نکلنا

﴿سوال﴾:

سرور کائنات احمد مجتبیٰ ﷺ کا دست مبارک قبر مبارک سے کسی کے مصافحہ کے واسطے نکلنا صحیح ہے؟ اور از روئے شرع درست ہے یا نہیں؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

سرور کائنات حضرت رسول مقبول محمد ﷺ کا دست مبارک مزار اقدس سے نکلنا

علیه، ص: ۳۹۰، رقم: ۲۲٤٥، ط، دار السلام ریاض)

(۳۱۳):عن عائشة رضی اللّٰہ عنها قالت: لما قبض رسول اللّٰہ ﷺ اختلفوا فی دفنه، فقال أبوبکر: سمعت من رسول اللّٰہ ﷺ شیئاً ما نسیته، قال: ما قبض اللّٰہ نبیاً الا فی الموضع الذی یحب أن یدفن فیه، ادفنوه فی موضع فراشه. (شمائل ترمذی مع خصائل نبوی، باب ماجاء فی وفاة رسول اللّٰہ ﷺ، ص: ٤٦١، ٤٦٢، ط، مکتبة البشریٰ کراتشی)

بعض اولیاء کے لئے شرعاً ممکن ہے محال نہیں، علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے "الحاوی للفتاوی" میں ایسا واقعہ بھی نقل کیا ہے(۳۱۴)۔قبر اطہر میں حیات بھی احادیث سے ثابت ہے(۳۱۵)۔فقط واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم (فتاوی محمودیہ، ج:۱،ص:۳۹۰)

❁❁❁

---

(۳۱۴):فی الحاوی للفتاوی: وقال الشیخ تاج الدین عطاء اللّٰہ فی لطائف المنن: قال رجل للشیخ أبی العباس الموسی: یا سیدی! صافحنی بکفک هذه، فانک لقیت رجالاً وبلاداً، فقال: واللّٰہ ما صافحت بکفی هذه الا رسول اللّٰہ ﷺ. وفی المجامیع: حج سیدی أحمد الرفاعی، فلما وقف تجاه الحجرة الشریفة أنشد:

فی حالة البعد روحی کنت أرسلها
تقبل الأرض عنی وهی نائبتی
وهذه دولة الأشاح قد حضرت
فامدد یمینک کی تحظی بها شفتی

فخرجت الید الشریفة من القبر الشریف فقبلها. (الحاوی للفتاوی، کتاب البعث، تنویر الحلك فی امکان رؤیة النبی والملك، ج: ۲، ص: ۳۱۲، ۳۱٤، دار الکفر)

(۳۱۵):عن أوس بن أوس عن النبی ﷺ قال: ان من أفضل أیامکم یوم الجمعة فیه خلق آدم علیه السلام، وفیه قبض، وفیه النفخة، وفیه الصعقة، فأکثروا علی من الصلاة فان صلاتکم معروضة علی، قالوا: یارسول اللّٰہ! وکیف تعرض صلاتنا علیک وقد أرمت؟ أی یقولون! قد بلیت؟ قال: ان اللّٰہ عزوجل قد حرم علی الأرض أن تأکل أجساد الأنبیاء علیهم السلام. (سنن النسائی، کتاب الجمعة، باب اکثار الصلاة علی النبی ﷺ یوم الجمعة، ص: ۱۹٤، رقم: ۱۳۷۵، ط، دار السلام ریاض)

الانبیاء أحیاء فی قبورهم یصلون. (ع) عن أنس. وفی حاشیة التنویر: أخرجه أبو یعلی (۳۴۲۵)، قال ابن حجر: فی الفتح (۶/ ۴۸۷): أخرجه البیهقی فی کتاب حیاة الأنبیاء فی قبورهم وصححه، وصححه الألبانی فی صحیح الجامع (۲۷۹۰).

حضرت عیسیٰؑ کی طرح آنحضرت ﷺ کو آسمان پر کیوں نہ اٹھالیا گیا

﴿سوال﴾:

خلاصہ سوال یہ ہے کہ ہمارے رسول اللہ ﷺ کی وفات کیوں ہوئی؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرح آسمان پر کیوں نہ اٹھائے گئے؟

﴿الجواب﴾:

حق تعالیٰ کے معاملات ہر شخص کے ساتھ جدا جدا گانہ ہیں کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرے کہ جو معاملہ نوح علیہ السلام کے ساتھ کیا وہی موسیٰ علیہ السلام

(التنوير شرح الجامع الصغير، ج: ٤، ص: ٥٠٧، رقم: ٣٠٧٤، ط، مكتبة دار السلام رياض)

وفي المهند: عندنا وعند مشائخنا حضرة الرسالة ﷺ حي في قبره الشريف و حيٰوته ﷺ دنيوية من غير تكليف وهي مختصة به ﷺ وبجميع الأنبياء صلوات اللّٰه عليهم والشهداء لا برزخية كما هي حاصلة لسائر المؤمنين بل لجميع الناس كما نص عليه العلامة السيوطي في رسالته انباء الاذكياء بحيٰوة الانبياء حيث قال قال الشيخ تقي الدين السبكي "حيٰوة الانبياء والشهداء في القبر كحيٰوتهم في الدنيا ويشهد له صلوة موسىٰ عليه السلام في قبره فان الصلوٰة تستدعي جسداً حياً" الى اٰخر ما قال "فثبت بهذا ان حيٰوته دنيوية برزخية لكونها في عالم البرزخ" ولشيخنا شمس الاسلام والدين محمد قاسم العلوم على المستفيدين قدس اللّٰه سره العزيز في هذا المبحث رسالة مستقلة دقيقة الماخذ بديعة المسلك لم ير مثلها قد طبعت و شاعت في الناس واسمها "آب حيات" اى ماء الحيٰوة. (المهند على المفند، ص: ٣٦، ٣٧، ط، قديمي كتب خانه كراچی)

کے ساتھ کیوں نہ کیا اور جو ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ کیا وہی ہمارے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیوں نہ کیا اور نہ صرف ان معاملات وواقعات سے ایک نبی کو دوسرے نبی پر کوئی ترجیح وتفضیل دی جاسکتی ہے جب تک دوسری صحیح وصریح روایات تفضیل پر دلالت نہ کریں انبیاء علیہ السلام کی تاریخ پڑھنے والوں پر مخفی نہیں کہ بعض انبیاء کو آروں کے ذریعہ دوٹکڑے کردیا گیا اور بعض کو آگ میں ڈالا گیا اور بعض کو خندق وغیرہ(۳۱۶) میں پھر کسی پر آفات

---

(۳۱۶):**فی البداية: وقد اختلفت الرواية عن وهب بن منبه هل مات زكريا عليه السلام موتاً أو قتل قتلاً على روايتين فروى عبدالمنعم بن ادريس بن سنان عن أبيه عن وهب بن منبه أنه قال هرب من قومه فدخل شجرة فجاؤا فوضعوا المنشار عليهما فلما وصل المنشار الى أضلاعه أن فأوحى الله اليه لئن لم يسكن أنينك لأقلين الارض ومن عليها فسكن انينه حتى باثنتين.** (البداية والنهاية، ج: ٢، ص: ٥٢،ط،مكتبة المعارف بيروت لبنان)

وفی تفسير الخازن: يروى أن اليهود قتلت سبعين نبياً فی أول النهار، وقامت الى سوق بقلها فی آخره وقتلوا زكريا ويحيى وشعياء وغيرهم من الأنبياء. (تفسير الخازن المسمٰى لباب التأويل فی معانی التنزيل، سورة البقرة، الآية: ١، ج: ١، ص: ٥٠، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

وفی تفسير الثعالبی: روى أن بنی اسرائيل كانوا يقتلون فی اليوم ثلاثمائة نبی، ثم تقوم سوقهم آخر النهار، وروى سبعين نبياً، ثم تقوم سوق بقلهم آخر النهار. (تفسير الثعالبی المسمٰى بالجواهر الحسان فی تفسير القرآن، سورة البقرة، الآية: ٨٧، ج: ١، ص: ٢٧٧، ط، دار احياء التراث العربی بيروت لبنان)

وفی الدرالمنثور: أخرج أبو داؤد الطيالسی، وابن أبی حاتم، عن ابن مسعودؓ قال: كانت بنو اسرائيل فی اليوم تقتل ثلاثمائة نبی، ثم يقيمون سوق بقلهم فی آخر النهار. (الدرالمنثور فی التفسير بالمأثور، سورة البقرة، الآية: ٦١، ج: ١، ص: ٣٨٨/ تفسير ابن كثير، سورة البقرة، الآية: ٦١، ج: ١، ص: ٢٨٣، ط، دار طيبه)

ومصائب اول جاری کر دیئے پھر آخر الامر بچالیا اور کسی کو اول ہی سے محفوظ رکھا اب یہ سوال کرنا کہ جیسے عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر اٹھا کر زندہ رکھا گیا ہے ایسے ہی حضرت نبی کریم ﷺ کے ساتھ معاملہ کیوں نہ کیا گیا یہ تو ایسا ہی سوال ہے جیسے کوئی یوں کہے کہ جو معاملہ موسیٰ علیہ السلام اور لشکر فرعون کے ساتھ بنص قرآن کیا گیا وہی معاملہ نبی کریم ﷺ اور کفار مکہ کے ساتھ کیوں نہ ہوا کہ جنگ احد میں حضور ﷺ کا دندان مبارک شہید ہونے اور چہرہ انور زخمی ہونے کی نوبت آئی آپ کو ہجرت کر کے وطن اور مکہ چھوڑنا پڑا غار میں چھپنا پڑا (۳۱۷) سب کفار قریش پر ایک دفعہ ہی آسمانی بجلی کیوں نہ آ گئی یا دریا میں غرق کیوں نہ

---

(۳۱۷):فی السیرة النبویة: قال ابن اسحاق: وانکشف المسلمون، فأصاب فیهم العدو، وکان یوم بلاء وتمحیص، أکرم اللّٰه فیه من أکرم من المسلمین بالشهادة، حتی خلص العدو الی رسول اللّٰه ﷺ. فدث بالحجارة حتی وقع لشقه، فأصیبت رباعیته، وشج فی وجهه، وکلمت شفته، وکان الذی أصابه عتبة بن أبی وقاص.

قال ابن اسحاق: فحدثنی حمید الطویل، عن أنس بن مالک، قال: کسرت رباعیة النبی ﷺ یوم أحد، وشج فی وجهه، فجعل الدم یسیل علی وجهه، ویجعل یمسح الدم وهو یقول: کیف یفلح قوم خضبوا وجه نبیهم، وهو یدعوهم الی ربهم؟ فأنزل اللّٰه عزوجل فی ذلک ﴿لیس لک من الامر شیء أو یتوب علیهم أو یعذبهم فانهم ظالمون﴾. (السیرة النبویة، ج: ۳، ص: ۴۲، ۴۳، ط، دار الکتاب العربی)

وفیه ایضاً: هجرة الرسول ﷺ: وأقام رسول اللّٰه ﷺ بمکة بعد أصحابه من المهاجرین ینتظر أن یؤذن له فی الهجرة، ولم یتخلف معه بمکة أحد من المهاجرین الا من حبس أو فتن، الا علی بن أبی طالب، وأبوبکر بن أبی قحافة الصدیق رضی اللّٰه عنهما، وکان أبوبکر کثیراً ما یستأذن رسول اللّٰه ﷺ فی الهجرة، فیقول له رسول اللّٰه ﷺ: لاتعجل لعل اللّٰه یجعل لک صاحباً....قال: وخرج علیهم رسول اللّٰه ﷺ، فأخذ حفنة من تراب فی یده، ثم قال: أنا أقول ذلک، أنت أحدهم. وأخذ

ہو گئے، جیسے یہ سوال حضرت حق تعالیٰ کے معاملات میں بے جا ہیں ایسے ہی یہ بھی بالکل بے جا اور نا معقول سوال ہے کہ جیسے عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ رکھا آپ کو بھی زندہ آسمان پھر رکھنا چاہئیے تھا۔ کیونکہ زیادہ دنوں تک زندہ رہنا یا آسمان پر رہنا ان سے کوئی فضیلت نبی کریم ﷺ پر ثابت نہیں ہوتی کیونکہ زیادتی عمر فضیلت ہوتی تو بہت سے صحابہ کرامؓ اور عوام امت کی عمریں آپ سے دوگنی چوگنی ہوئی ہیں ان کو بھی افضل کہہ سکیں گے اور اسی طرح اگر آسمان میں رہنا یا چڑھنا ہی مدار فضیلت ہو تو فرشتوں کو حضور ﷺ سے افضل ماننا لازم آئے گا جو نصوص شرعیہ اور اجماع امت کے خلاف ہے۔ (امداد المفتین، ص: ۱۲۸ تا ۱۳۰، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

اللّٰہ تعالی علی أبصارهم عنه، فلا يرونه، فجعل ينشر ذلک التراب علی رؤوسهم وهو يتلو هؤلاء الآيات من يٰس: ﴿يٰس. والقرآن الحكيم. انک لمن المرسلين علی صراط مستقيم. تنزيل العزيز الرحيم﴾....الی قوله: ﴿فأغشيناهم فهم لايبصرون﴾ حتی فرغ رسول اللّٰہ ﷺ من هؤلاء الآيات، ولم يبق منهم رجل الا قد وضع علی رأسه تراباً، ثم انصرف الی حيث أراد أن يذهب، فأتاهم آت ممن لم يكن معهم، فقال: ماتنتظرون هناهنا؟ قالوا: محمداً: قال: خيبكم اللّٰہ! قد واللّٰہ خرج عليكم محمد، ثم ما ترک منكم رجلاً الا وقد وضع علی رأسه تراباً.....قال ابن اسحاق: فلما أجمع رسول اللّٰہ ﷺ الخروج، أتی أبا بكر بن أبی قحافة، فخرجا من خوخة لأبی بكر فی ظهر بيته، ثم عمداً الی غار ثور - جبل بأسفل مكة - فدخلاه وأمر أبو بكر ابنه عبداللّٰہ بن أبی بكر أن يتسمع لهما ما يقول الناس فيهما نهاره، ثم يأتيهما اذا أمسی بما يكون فی ذلک اليوم من الخبر، وأمر عامر بن فهيرة مولاه أن يرعی غنمه نهاره، ثم يريحها عليهما، يأتيهما اذا أمسی فی الغار. وكانت أسماء بنت أبی بكر تأتيها من الطعام اذا أمست بما يصلحهما. (السيرة النبوية، هجرة الرسول ﷺ، ص: ۱۲۱ تا ۱۲۷، ط، دار الكتاب العربی بيروت لبنان)

کیا حضور ﷺ نے دنیاوی کاموں میں امت کو اختیار دیا ہے؟

﴿سوال﴾:

رسول اللہ ﷺ نے دنیاوی کاموں میں امت کو اختیار دیا ہے۔

﴿جواب﴾:

جو امور کہ خالص دنیوی حیثیت رکھتے ہیں اور شریعت سے کسی طرح ٹکرائے نہیں ان میں امت کو اختیار ہے کہ جو چاہے اپنے لئے پسند کرے (۳۱۸)۔ (کفایۃ المفتی، ج:۱، ص: ۸۵، ط، دار الاشاعت کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ کی خدمت میں سلام بھیجنا اور مدینہ بلوانے کی درخواست کروانا

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں: سائل چند زائرین مدینہ منورہ سے یا چند ساکنان مدینہ منورہ سے زبانی یا تحریری یہ عرض کرے کہ آپ صاحبان بارگاہ رسالت ﷺ میں میری جانب سے درود وسلام پیش کریں، بعدہٗ یہ عرض کریں کہ یارسول اللہ! اللہ سے دعا فرمایئے کہ اللہ رب العالمین عبد العزیز بن حبیب

---

(۳۱۸): عن أنس، أن النبی ﷺ مر بقوم یلقحون، فقال: لو لم تفعلوا لصلح قال: فخرج شیصاً، فمر بهم فقال: مالنخلکم؟ قالوا: قلت: کذا وکذا، قال: أنتم أعلم بأمر دنیاکم. (صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب وجوب امتثال ما قاله شرعاً، دون ما ذکره ﷺ من معایش الدنیا، علی سبیل الرأی، ص: ۱۰۳۹، رقم: ۶۱۲۸، ط، دار السلام ریاض)

اللہ مراد آبادی کی تمام جائز دعائیں قبول فرمائے اور تمام جائز تمنائیں قبول فرمائے، کیا یہ شرعاً جائز ہے؟

﴿الجواب وباللّٰہ التوفیق﴾:

جائز ہے۔ (مستفاد: فتاوی رشیدیہ قدیم ۱۰۲، جدید زکریا: ۷۴، فتاوی عزیز ۱/۸۹، ۲/۱۰۸)

نسألک ان تسأل اللّٰہ تعالیٰ أن لا یقطع آثارنا من زیارۃ حرمک، وأن یعیدنا سالمین غانمین الی أوطاننا، وأن یبارک لنا فیما وھب لنا، وأن یرزقنا الشکر علی ذلک. الخ. (وفاء الوفاء ۲/۴۵۲، بحواله تسکین الصدور، مطبع نصرة العلوم گوجرانواله: ۳۷۵)

السلام علیک یارسول اللّٰہ! من فلان بن فلان یستشفع بک الی ربک. (غنیة خاتمة فی زیارة قبر الرسول، جدید ۳۷۹، قدیم ۲۰۴) فقط واللّٰہ سبحانه وتعالیٰ اعلم۔

(فتاوی قاسمیه، ج: ۲، ص: ۱۵۰، ط، مکتبه اشرفیه دیوبند)

❁❁❁

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ''نبی پاک'' کیوں کہتے ہیں؟

﴿سوال﴾:

ایک دفعہ امام صاحب نے دوران تقریر فرمایا کہ: ''نبی اکرم صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ''نبی پاک'' اس لئے کہتے ہیں کہ آپ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پیشاب بھی پاک تھا، آپ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کا لعابِ دہن بھی پاک تھا، حتیٰ کہ آپ صلی اللّٰہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پاخانہ بھی پاک تھا۔'' بے شک یہ سب کچھ مانتے

ہیں، مگر مسئلہ یہ ہے کہ اگر پاک تھا تو پھر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طہارت کیوں فرماتے تھے؟

﴿جواب﴾:

طہارت کے لئے اور نظافت کے لئے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص: ۱۹۵، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کی کیفیت

﴿سوال﴾:

کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کھڑے رہنے کے متعلق کچھ تفصیل مروی ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

محض کھڑا رہنا کوئی اہم مقصدِ زندگی نہیں ہے، میری نظر سے اس طرح کا کوئی ذکر نہیں گزرا۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص: ۱۴۸)

❁❁❁

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک کے ساتھ ''سیدنا'' کا استعمال

﴿سوال﴾:

آں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کے ساتھ سیدنا کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

ایک حدیث شریف میں وارد ہے کہ: میں اولاد آدم کا سردار ہوں اور مجھے کوئی فخر نہیں ہے(۳۱۹)؛ لہٰذا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لفظ سیدنا کا استعمال کرنا درست ہے۔ فقط واللہ

(۳۱۹):عن أبی هريرة رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: أنا سيد ولد آدم يوم القيامة.

اعلم۔(فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۱۹۶، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی/ فتاوی رحیمیہ، ج:۳،ص:۴۲، ط، دار الاشاعت کراچی)

حضور ﷺ کے خاندان کے حقوق کی تفصیل

﴿سوال﴾:

بعض واعظ حضرات اپنی تقریروں میں حضور ﷺ کے خاندان کی نسبی شرافت کا پرزور انکار کرتے ہیں اور آپ ﷺ کی وجہ سے جو اہل بیت کرام کی تکریم ہے اس کا اعتقاد نہیں رکھتے۔ اگر کسی سید مومن سے معصیت کا ارتکاب ہو جائے تو اس کیلئے عام اجلاس میں کنجر، کتے وغیرہ کے الفاظ مذمومہ خود بھی استعمال کرتے اور سامعین کو بھی مذکورہ الفاظ استعمال کراتے ہیں۔ کہ ساداتِ کرام کو حضور ﷺ کا نسبی تعلق بالکل مفید نہیں ہے۔ تمام تر دارومدار عمل صالح پر ہے۔ اور حتی کہ صاف کہتے ہیں کہ ہمارا سید وشاہ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ اور ہم پر ان کا کوئی احترام وتکریم ضروری نہیں ہے۔ ہم تو دین کے ہیں۔ سین (سید) شین (شاہ) کے نہیں۔ اور صاف کہتے ہیں کہ بھائی خاندان نبوی سے تعلق رکھنا کوئی حکم شرعی نہیں۔

خلاصہ ان کی کلام کا یہ ہے کہ سید بحیثیت سید ہونے کے کوئی مستحقِ تکریم نہیں محض عمل ہی سبب تعظیم ہے۔ غرض اہل بیتِ کرام کی محبت ان حضرت کی تقریروں سے کم ہوتی جارہی ہے۔ اور اپنے خیال کے جو مؤیدات پیش فرماتے ہیں بعض حسب ذیل ہیں۔ مثلاً بعض

وأول من ينشق عنه القبر وأول شافع وأول مشفع. وفي تكملة فتح الملهم تحت هذا الحديث: ثم قد ورد هذا اللفظ عند الترمذي وغيره عن أبي سعيد الخدريؓ وعن ابن عباسؓ، وزاد فيه رسول اللهﷺ "ولافخر" ..الخ. (تكملة فتح الملهم، كتاب الفضائل، باب تفضيل نبيناﷺ على جميع الخلائق، ج: ٤، ص: ٤١٤، ٤١٥، ط، دار احياء التراث العربي بيروت لبنان)

وقت ابولہب وابوجہل، کنعان وآذر کے قصص بیان کرتے ہیں کہ جنہوں نے اسلام ہی قبول نہیں کیا۔ اور لوگوں کو کہتے ہیں کہ دیکھو کنعان کو نوح علیہ السلام کے خاندان نبوت سے ہونے نے اور ابولہب وغیرہ کو حضور ﷺ نے اور آذر کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کوئی فائدہ نہ دیا۔

اور بعض اوقات آیات قرآنیہ پیش کرتے ہیں مثلاً ''سورۃ والعصر'' پڑھتے ہیں۔ حالانکہ ''خسر'' کا تعلق مجموعہ ایمان وعمل صالح سے ہے۔ تو ہم پوچھتے ہیں کہ جمیع اعمال صالح کے ساتھ ہے یا بعض کے ساتھ اگر بعض کے ساتھ ہے تو خود حضرات واعظین بھی ''خسر'' میں ہیں۔ اور الفاظ کنجر، کتے وغیرہ کے مستحق ہیں تو پھر سیّدوں کی تخصیص کیوں۔ اور بھی آیات مثل یاایھا الناس انا خلقناکم من ذکر وانثی الخ وغیرہ پڑھتے ہیں۔

اور کبھی حدیث ''اعملی'' پیش کرتے ہیں۔ غرض حضور اکرم ﷺ کے خاندانی شرف کے ختم ہونے کے واسطے جو آیات قرآنیہ پیش کرتے ہیں۔ ان کا تعلق مجموعۂ ایمان وعمل کے منتفی ہونے سے ہے۔ ایمان کے بعد شرف نسبی منتفی ہونے پر کوئی آیت بطور دلیل نہیں لاتے۔

اب امر طلب یہ ہے کہ خاندانِ نبوی ﷺ کی نسبی شرافت اسلام لانے کے بعد ہے یا نہیں؟ باتفاق علماء اگر جواب نفی میں ہے تو نفی کے صحیح دلائل کیا ہیں؟ اور پھر جن میں نسبی شرافت کا ثبوت ملتا ہے جو حسب ذیل ہیں ان کا کیا جواب ہے؟

۱: بخاری میں کتاب التفسیر قولہ الا المودۃ فی القربی عن ابن عباس کے تحت حضرت مولانا احمد سہارنپوریؒ تحریر فرماتے ہیں:

''قربی اٰل محمد ﷺ فحمل الاٰیۃ علی امر المخاطبین بان تودوا اقاربہ ﷺ وھو عام لجمیع المکلفین الخ''.

۲: حضور ﷺ نے فرمایا کہ لوگوں کے نسب منقطع ہوجائیں گے مگر میرا نسب منقطع

نہیں ہوگا۔ (نقل از مرقات حاشیہ مشکوٰۃ) جس کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر رشتہ کیا۔

۳: مسئلہ زکوٰۃ وکفو میں متقی وفاسق کا کوئی فرق نہیں۔ اس سے فقہاءِ کرام کا نسبی شرافت کو باقی رکھنا مفہوم ہوتا ہے۔

۴: حضرت ابراہیم بن رسول اللہ ﷺ نابالغی کی حالت میں فوت ہو چکے ہیں عدم شرافت نسبی کے ماتحت عام کلیہ کی بنا پر آجائیں گے کہ اعراف میں ہوں گے یا خدّام میں۔ حالانکہ حدیث سے اس کے خلاف مفہوم ہوتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ الی الدلائل العشرۃ جن میں شرافت نسبی کا ثبوت ملتا ہے

﴿الجواب﴾:

اہل بیت کرام کی محبت واتباع میں اس درجہ غلو کہ شریعت عظمیٰ کا دامن ہاتھ سے چھوٹ جائے رفض وتشیع ہے اور ان سے بغض ودشمنی باعث خسران اور علامت خروج ہے پس اعتدال واجب ہے جو کہ اہل السنۃ والجماعت کا مسلک حق ہے۔ لہٰذا اس کی قدرے تفصیل متنازعہ فیہ امور کے بارے میں کی جاتی ہے۔ امور مذکورہ کی تنقیح یہ ہے۔

۱: اہل بیت کرام کی نسبی شرافت شرعاً معتبر ہے یا کہ نہ؟

۲: اگر معتبر ہے تو اہل اسلام کو اس کی رعایت کے بارے میں شارع علیہ السلام کی طرف سے کیا ہدایت دی گئی ہیں اور اہل بیت کرام کے کیا حقوق ہیں؟

۳: اور معصیت کی وجہ سے ان کے حقوق پر کوئی اثر پڑتا ہے یا کہ نہیں؟

تنقیحات بالا کا جواب نمبر وار درج ذیل ہے۔

۱: آنحضرت صلی اللّٰہ تعالی علیہ وسلم کے خاندان اور آپ صلی اللّٰہ تعالی علیہ وسلم کی آل کی نسبی شرافت کا بعض احکام میں شرعاً اعتبار کیا گیا ہے۔ چنانچہ ارشاد نبوی ہے۔ نحن اهل بيت لا تحل لنا الصدقه (۳۲۰). بخاری (بحر، ج

(۳۲۰): فی المرقات: روی البخاری عنه علیه الصلاة والسلام نحن أهل

۲:ص:۲٦٥)(۳۲۱)۔ نیز ارشاد فرمایا ان اللّٰہ حرم علیکم یا بنی هاشم غسالة ایدی الناس (۳۲۲). تمام امت کے لئے زکوۃ کا مال لینا درست ہے (بشرط فقر) خواہ وہ کسی خاندان ہی سے تعلق کیوں نہ رکھتا ہو۔ لیکن خاندان نبوت اور آپ کی آل کے لئے یہ

لاتحل لنا الصدقة. (مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب الزكاة، باب من لاتحل له الصدقة، الفصل الاول، ج: ٤، ص: ٢٩٠، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۳۲۱):(البحر الرائق، كتاب الزكاة، باب المصرف، ج: ٢، ص: ٤٢٩، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان۔ وقال الشيخ زكريا عميرات فى حاشية البحر: رواه الترمذى فى كتاب الزكاة، باب ٢٢، ٢٣۔ النسائى فى كتاب الزكاة، باب ٨٠، ٩٠۔ ابن ماجه فى كتاب الزكاة، باب ٢٦۔ الموطأ فى كتاب الزكاة حديث ٢٩۔ أحمد فى مسنده ٢/ ١٦٤، ١٩٢)

(۳۲۲):**فى نصب الرأية: قال عليه السلام: يا بنى هاشم ان اللّٰه تعالىٰ حرم عليكم غسالة الناس، وأوساخهم، وعوضكم منها بخمس. (قال الزيلعى)قلت: غريب بهذا اللفظ.** (نصب الرأية لأحاديث الهداية، كتاب الزكاة، باب من يجوز دفع الصدقة اليه ومن لايجوز، ج: ٢، ص: ٤٠٣، ط، مؤسسة الريان بيروت لبنان)

وعنه (أى: ابن عباسؓ) قال بعث نوفل ابن الحارث ابنيه الى رسول اللّٰهﷺ فقال لهما انطلقا الى ابن عمكما لعله يستعين بكما على الصدقات لعلكما تصيبان شيئاً فتزوجان فلقيا عليا رضوان اللّٰه عليه وسلم بحاجتهما لعائشةؓ ارخى عليك سجفك أدخل على ابنى عمى فحدثا النبىﷺ بحاجتهما فقال نبى اللّٰهﷺ لايحل لكما أهل البيت من الصدقات شىء ولاغسالة أيدى الناس ان لكم فى خمس الخمس لما يغنيكم۔ أو يكفيكم. رواه الطبرانى فى الكبير وفيه حسين بن قيس الملقب بحنش وفيه كلام كثير وقد ثقه ابو محصن. (مجمع الزوائد ومنبع الفوائد، كتاب الزكاة، باب الصدقة لرسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ولآله ولمواليهم، ج: ٣، ص: ٩١، ط، دار الكتاب العربى بيروت لبنان)

مال حرام قرار دیا گیا ہے۔

مخفی نہیں کہ یہ مسئلہ تمام فقہاء کے نزدیک متفق علیہ ہے۔ پس فقہاء کرام کی کلام سے اس بارے میں اقتباسات نقل کرنا تحصیلِ حاصل ہے البتہ بطور نمونہ ایک عبارت ''بدائع'' سے نقل کی جاتی ہے۔ تحریمِ صدقہ کی احادیث نقل کرنے کے بعد اس کی علت کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے مصنف لکھتے ہیں۔

والمعنی ما اشار الیه انها من غسالة الناس فیتمکن فیها الخبث فصان اللّٰه تعالیٰ بنی هاشم من ذلک تشریفا لهم واکراما الخ (ج ۲ ص ۴۹) (۳۲۳)۔

مسئلہ کفائت میں بھی شرافت، نسب اور اس کی دنائت کافی الجملہ اعتبار کیا گیا ہے۔ کمالا یخفیٰ۔ نیز امامت کے لئے اولیٰ ہونے میں بھی ایک درجہ کے اندر فقہاء نے شرافت نسب کا اعتبار کیا ہے (۳۲۴) کمافی درمختار شامی: ج ۲: ص ۵۲۱)۔ پس معلوم ہوا کہ شرافتِ نسب کا بعض احکام میں شرعاً اعتبار کیا گیا ہے۔

۲: اہل بیت نبوی کے یہ حقوق ہیں کہ ان کے ساتھ محبت رکھی جائے۔ مشکوٰۃ میں ہے کہ:

قال رسول اللّٰه ﷺ احبوا اللّٰه لما یغذوکم من نعمته

---

(۳۲۳): (البدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع، کتاب الزکاۃ، باب فصل وأما الذی یرجع الی المؤدی الیه، ج: ۲، ص: ۴۹، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

(۳۲۴): **فی الدر المختار: (والأحق بالامامة) تقدیماً بل نصباً. مجمع الأنهر (الأعلم بأحکام الصلاة).....(ثم الأشرف نسباً).** (الدر المختار مع الشامی، کتاب الصلاۃ، باب الامامة، ج: ۲، ص: ۲۹۴، ۲۹۵، ط، دار عالم الکتب ریاض/مجمع الانهر فی شرح ملتقی الأبحر، کتاب الصلاۃ، فصل فی الامامة، ج: ۱، ص: ۱۶۲، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

واحبونی لحب اللّٰہ وأحبوا أهل بيتي لحبي (۳۲۵). (رواه الترمذی)

عترتِ رسول ﷺ سے محبت رکھنے کی ایک دوسری نفسیاتی وجہ بھی ہے جس کی طرف حدیثِ بالا میں اشارہ موجود ہے۔ وہ یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کی محبت کا مامور بہا ہونا اور آپ کا جمیع امت کے لئے محبوب ہونا اظہر من الشّمس ہے۔ تو اس محبت کی وجہ سے آپ کے متعلقین اور آپ کی آل کا محبوب ہونا ایک طبعی تقاضا ہے اور ایک ضروری امر ہے کہ جب کسی سے محبت ہوتی ہے تو اس کے درو دیوار اور گلی کوچوں تک سے اُنس ومحبت کا تعلق ہو جاتا ہے۔ پس جب آنحضرت ﷺ محبوب امت ہیں تو آپکی آل کا محبوب ہونا بھی لازم ہے یعنی آپ کی آل سے لازمی طور پر محبت ہونی چاہئے۔ تو ایک حق یہ ہوا کہ ان سے محبت رکھی جائے۔

۲: اہل بیت کا دوسرا حق یہ ہے کہ معاشرت میں ان کے ادب واحترام کا خصوصی لحاظ رکھا جائے۔ حدیث میں ہے۔

انی تارک فیکم ما ان تمسکم به لن تضلوا بعدی الخ کی شرح میں ملاّ علی قاریؒ لکھتے ہیں۔ **والمراد بالاخذ بهم التمسک بمحبتهم ومحافظة حرمتهم الخ وقال ابن المبارک ومعنی التمسک محبتهم والاهتداء بهديتهم وسيرتهم زاد السيد جمال الدين اذالم يكن مخالفا للدين الخ.** (مرقاة: ج ٥: ص ٦٠٠: طبع قديم) (۳۲۶)۔

---

(۳۲۵):(مشكاة المصابيح، كتاب المناقب، باب مناقب أهل بيت النبی ﷺ رضی اللّٰہ عنهم، الفصل الثالث، ص: ٥٧٣، ط، قديمی كتب خانه كراچی)

(۳۲۶):(مرقات المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب المناقب، باب مناقب أهل بيت النبی ﷺ ورضی اللّٰہ عنهم، الفصل الثانی، ج: ١١، ص: ٣٠٧، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

۳: شارحین کی مذکورہ بالا عبارت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ محافظتِ احترام کے علاوہ اہل بیت کا تیسرا حق یہ بھی ہے کہ ان کا اتباع بھی کیا جائے جب کہ وہ دین کے مخالف نہ ہوں۔

۴: ان کا چوتھا حق یہ ہے کہ ان کو ایذاء دینے سے خصوصیت کے ساتھ بچا جائے۔ البتہ شرعی ضرورت کی صورتیں اس سے مستثنیٰ ہوں گی۔ اور حدیث **اذکرکم اللّٰہ فی اھل بیتی الخ** کی شرح میں ملا علی قاری نقل کرتے ہیں۔ **قال الطیبی ای احذرکم اللّٰہ فی شان اھل بیتی واقول اتقوا اللّٰہ ولا تؤذوھم واحفظوا ھم الخ** (۳۲۷)۔

اسی طرح اہل بیت کی فضیلت اور ان سے تعلق رکھنے کی ضرورت کو آنحضرت ﷺ نے ایک مثال کے ذریعہ واضح فرمایا ہے۔ ارشاد فرمایا ہے کہ۔

"الا ان مثل اھل بیتی فیکم مثل سفینۃ نوح من رکبھا نجا ومن تخلف عنھا ھلک. (رواہ احمد) (۳۲۸)۔

اس حدیث سے مراد بھی یہی ہے کہ اہل بیت کی محبت اور متابعت کو لازم پکڑا جائے۔ کما فی الشروح پس تفصیل بالا سے معلوم ہوا کہ خانوادۂ نبوت بہت سے فضائل کا حامل ہے اور ان کے خصوصی حقوق امت کے ذمہ ثابت ہیں۔

۳: "کیا ان کی معصیّت ان کے حق پر اثر انداز ہوتی ہے"؟ یعنی اگر ان سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو اہل اسلام کے ذمہ نہ تو ان کی محبت کا حکم باقی رہے اور نہ ان کی توقیر و تعظیم وغیرہ کا، کیا ایسا ہوگا؟

---

(۳۲۷):(مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب أھل بیت النبی ﷺ ورضی اللّٰہ عنھم، الفصل الاول، ج: ۱۱، ص: ۲۹۵، ط، دار الکتب العلمیۃ بیروت لبنان)

(۳۲۸):(مشکاۃ المصابیح، کتاب المناقب، باب مناقب أھل بیت النبی ﷺ رضی اللّٰہ عنھم، الفصل الثالث، ص: ۵۷۳، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

تو اس کا جواب یہ ہے کہ جہاں تک ہم سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ ان کی معصیت سے ان کے حقوق امت کے ذمہ سے ساقط نہیں ہوں گے۔ قواعد شرعیہ اور اکابر کی کلام سے یہ ہی مفہوم ہوتا ہے۔ وجہ اس کی یہ ہے کہ اگر مطلق معصیت کو مسقط حقوق کہا جائے تو کون سا انسان ہے باستثناء انبیاء علیہم السلام جس سے معصیت کا صدور نہیں ہوتا۔ اور اہل بیت سے نبی کوئی ہوا نہیں تو اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ اہل بیت کا امت کے ذمہ کوئی حق نہیں۔ حالانکہ یہ خلاف منصوص ہے۔ اور اگر معصیت میں کوئی تحدید و تعیین کی جائے تو اس کے لئے دلیل کی ضرورت ہے جو اس وقت تک ہمارے علم میں موجود نہیں پس اہل بیت سے محبت اور ان کا اکرام واحترام باوجود معمولی معصیت کے بھی مامور بہ ہوگا۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ نے حکیم ترمذی سے نقل کیا ہے کہ نسبتِ طینی کا احترام باقی رہنا چاہئے اگرچہ نسبتِ دینی میں کمزوری ہو۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ۔

''ہر کہ جامع ایں دو صفت افتا و نسبت دینی را با نسبت طینی جمع گردانیدا تم واکمل شد از غیر خود چنانچہ بعضے از اولیاء کہ جامع اند میانِ علم وسیادت وولایت وباوجود آں رعایت ادب وتعظیم وتقدیم وادائے حقوق نسبت طینی واجب ولازم است ھکذا قال الحکیم۔'' (اشعۃ اللمعات: ج ۴: ص ۶۹۶)۔

اور اس کی دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ شریعت نے ہر شخص کو اپنی ذمہ داریوں کا مکلّف بنایا ہے ترکِ معصیت ان کی ذمہ داری ہے اور ادائے حقوق امت کے ذمہ واجب ہے۔ تو ان کی تقصیر سے ہماری کوتاہی قابل عفو نہیں سمجھی جادے گی۔ تعلیماتِ شرعیہ سے یہی ظاہر ہے۔ چنانچہ اولاد و والدین مصدق ورب المال مولاۃ وولی وغیرہ کے لئے باہمی حقوق کی ادائیگی کے سلسلہ میں شارع علیہ السلام نے اس قسم کی ہدایات دی ہیں کہ ہر فریق کو اپنی ذمہ داری پوری کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔ اگرچہ فریق ثانی اس کے زعم میں ظلم ہی کر رہا ہو۔ اس صورت میں بغض فی اللہ جو مامور بہ ہے اس پر عمل کرنے کی یہ صورت ہو سکتی ہے کہ قلب میں

ان کے اہل بیت اور مومن ہونے کی وجہ سے محبت واحترام رکھے لیکن اپنے طرز عمل سے ان کے معاصی کا مبغوض ہونا بھی کرتا ہے۔

واضح رہے کہ حکم بالا اس صورت میں ہوگا جب کہ سید پر معصیت اور فسق وفجور کا غلبہ نہ ہو۔ یا اس کی تعظیم وتکریم سے عوام کے دینی ضرر کا اندیشہ نہ ہو۔ یا وہ سید کسی بدعت کا داعی نہ ہو۔ اور مبتدعین کا سرغنہ نہ ہو، ورنہ ایسا کی صورت میں وہ مستحق تعظیم نہیں ہے۔ کیونکہ فرمان نبوی ہے۔

من وقّر صاحب بدعة فقد اعان علی هدم الاسلام او کما قال. (مشکوة ص ۳۱) (۳۲۹)۔

نیز یہ امر اس ارشاد نبوی سے بھی یہی ثابت ہے۔ **احبو اهل بیتی لحبی** کیونکہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اہل بیت سے محبت کرنے کا حکم ان کی ذات کی وجہ سے نہیں بلکہ ان کے محبوب نبوی ہونے کی وجہ سے ہے اور ظاہر ہے کہ ایسا فاسق مجاہر اور مبتدع محبت نبوی کے شرف سے سرفراز ہونے کا ہرگز مستحق نہیں۔ پس وہ قابل محبت اور لائق تعظیم نہیں۔ اس کی طرف اشارہ کیا ہے سید جمال الدین رحمہ اللہ نے ایک حدیث کی تشریح کرتے ہوئے " **اذا لم یکن مخالفا للدین** " کی قید بڑھا کر۔ جیسا کہ پہلے مفصل مذکور ہوا۔

الحاصل ایسی صورت میں وہ سید مستحقِ تعظیم نہیں لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ مستحقِ تذلیل ولائق توہین ہے ہرگز نہیں بلکہ ایسے فاسق اور مبتدع کے خیالات وعقائد کی تردید کی جائے لیکن اسے ذلیل نہ کیا جائے۔ سوال میں جو الفاظ تقریر کے درج کئے گئے ہیں ان کا استعمال کرنا ہرگز جائز نہیں ہے۔

نوٹ! مخفی نہ رہے کہ محبت واکرام اور ہے اور اتباع اور چیز ہے۔ عاصی کی تکریم وتعظیم کی تو گنجائش ہے لیکن دینی احکام کے بارے میں اتباع صرف شریعت مقدسہ ہی کا کیا

---

(۳۲۹):(مشکاة المصابیح، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الثالث، ص: ۳۱، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

جائے گا۔فقط واللہ اعلم۔(خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۳۱۳ تا ۳۱۸، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

حضور ﷺ کی شفاعت کس کے لئے؟ اور حصول کا طریقہ

﴿سوال﴾:

ابھی پچھلے دنوں ٹی وی میں صبح کی نشریات میں کسی عالم نے جن کا مجھے نام یاد نہیں، شفاعت کے مسئلے پر تقریر کی تھی، یہی وہ عقیدہ ہے جسے آج کے مسلمان نے عمل سے عاری کر دیا ہے کہ ہم جیسے بھی ہیں، جتنے بھی گنہگار سہی! ہیں تو نبی کی امت میں، ہماری شفاعت تو یقینی ہے۔مولانا محترم نے بھی اپنی تقریر کا سارا زور اس بات پر ہی لگایا کہ حضور ﷺ نے ساری امت کی شفاعت کا ذمہ لیا ہے۔بے شک یہ صحیح ہے، لیکن کن لوگوں کے حق میں؟ کس حد تک؟ یہ نہیں بتایا۔برائے کرم آپ شفاعت کے بارے میں تفصیل سے بتایئے کہ کیا واقعی اب مسلمان کو نیک عمل کرنے کی ضرورت نہیں رہی، کیونکہ ہمارے پیارے رسول ﷺ نے ہماری شفاعت کا ذمہ لیا ہے؟ پلیز آپ اس مسئلے کا حل ضرور دیجئے گا، یہ میرا ہی نہیں اور کتنے ہی لوگوں کا مسئلہ ہے۔

﴿جواب﴾:

آنحضرت ﷺ اور دیگر انبیائے کرام علیہم السلام، ملائکہ، صدیقین، شہداء اور صالحین کی شفاعت برحق ہے(۳۳۰)، اور یہ بھی صحیح ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تمام امت

---

(۳۳۰):وعن عثمان بن عفان رضی اللّٰہ عنہ، قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: یشفع یوم القیامۃ ثلاثۃ: الأنبیاء، ثم العلماء، ثم الشہداء. (مشکاۃ المصابیح کتاب أحوال القیامۃ وبدء الخلق، باب الحوض والشفاعۃ، ص: ۴۹۵، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

وفی الصحیح لمسلم فی حدیث طویل عن أبی سعید الخدری رضی اللّٰہ

(بلکہ تمام امتوں کی) شفاعت کا وعدہ فرمایا ہے اور ان شاء اللہ یہ وعدہ پورا ہوگا۔ الغرض شفاعت کا عقیدہ صحیح ہے اور یہ اہل حق سنت والجماعت کے قطعی عقائد میں شامل ہے(۳۳۱)۔ رہا آپ کا یہ خیال کہ اسی عقیدے نے مسلمانوں کو عمل سے عاری کر دیا ہے،

عنه: وكان أبو سعيد الخدريؓ يقول: ان لم تصدقوني بهذا الحديث فاقرأوا ان شئتم: ﴿ان اللّٰه لايظلم مثقال ذرة وان تک حسنة يضٰعفها ويؤت من لدنه أجرا عظيما﴾ [النساء: ۴۰] فيقول: اللّٰه تعالىٰ: شفعت الملائكة وشفع النبيون وشفع المؤمنون...الخ. (صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب معرفة طريق الرؤية، ص: ۹۵، رقم: ٤٥٤، دار السلام رياض)

(۳۳۱):في بيان السنة والجماعة: ونقول الشفاعة العظمى لرسول اللّٰهﷺ يوم القيامة في كافة الخلق لاراحتهم من الموقف، وهي التي ادخرها اللّٰه لهم بسؤالهﷺ ذلک من ربه كما روى ذلک في صحيح الأخبار ففي الجامع الصغير رامزاً للطبرانبي عن ابن مسعود رضي اللّٰه عنه: ان لكل نبي دعوة واني اختبأت دعوتي شفاعة لأمتي يوم القيامة. قال ابن قاضي عجلون في شرح الشيبانية: ان مما خص اللّٰه تعالىٰ به نبينا محمداًﷺ الشفاعة في الحشر، ما روى في الصحيحين من طريق: وأنا أول شافع وأول مشفع. وهذه الشفاعة لأهل الجمع في تعجيل الحساب والاراحة من طول الوقوف والغم، وهي الشفاعة العظمى في فصل القضاء يوم القيامة وهي مختصة بنبينا محمدﷺ ولم ينكرها أحد وهي المقام المحمود في قوله تعالى: ﴿عسى أن يبعثک ربک مقاما محمودا﴾ [الاسراء: ۷۹] وهي المقام الذي يحمده فيه الأولون والآخرون، وقد ورد في الحديث الصحيح الأمر بأن ندعو بذلک عقيب الآذان والحكمة في سؤال ذلکﷺ مع كونه واجب الوقوع بوعد اللّٰه تعالى باظهار شرفهﷺ وعظيم منزلته وفي شرح الجزائرية للسنوسي رحمه اللّٰه: لاشک أن مما يجب الايمان به لتواتره ووقوع الاجماع عليه ثبوت الشفاعة لسيدنا محمدﷺ في اراحة الناس من الموقف واختصاصها بهﷺ أمر مستفيض

یہ خیال صحیح نہیں۔ صحابہ کرامؓ، ائمہ دین اور اکابر امت ہم سے بڑھ کر عقیدۂ شفاعت پر ایمان رکھتے تھے، مگر ان کے عمل پر کوئی سستی اور کمزوری نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو

مشهور فی الصحاح.

وفی شرح الجوهرة للمصنف وله ﷺ شفاعات ذكر القاضی والنووی منها خمساً:

أحدها: وهی أعظمها وأعمها شفاعته عليه الصلاة والسلام بعد أن يكلم الناس الأنبياء حين يعاينون من شدائد الموقف وأهواله، وطول القيام فيه لرب العالمين وزيادة القلق وتصاعد العرق مايذهب الأكباد وينسى الأولاد مدة ثلاثة آلاف سنة فيترادونها من آدم الى عيسٰى، فی خمسة آلاف سنة أيضاً، اذ بين كل سؤال نبی وآخر ألف سنة، كما قال ابن حجر والقرطبی وغيرهما، فاذا انتهوا اليه ﷺ قال: أنا لها أنا لها، أمتی أمتی. وكل من قبله لايقول: الا نفسی، اذهبوا الى غيری. وهذه مختصة به ﷺ وتسمی الشفاعة العظمی، وهذه مجمع عليها لم ينكرها أحد ممن يقول بالحشر، اذ هی للاراحة من طول الوقوف حين يتمنون الانصراف من موقفهم، ولو الى النار.

وثانيها: فی ادخال قوم الجنة بغير حساب، وهذه أيضاً خاصة به على ماقاله القاضی والنووی، وتردد ابن دقيق العيد فی الاختصاص وتبعه ابن حجرؒ قائلاً: لادليل عليه وقد ذكر حدثيها مسلم.

وثالثها: فی قوم استوجبوا النار. فيشفع لهم فلايدخلونها، وهذه جزم القاضی وابن السبكی اختصاصها به، وتردد النووی.

ورابعها: فيمن دخل النار من المؤمنين المذنبين. وهذه وفع اطباق القوم على عدم اختصاصها به.

وخامسها: الشفاعة فی رفع الدرجات فی الجنة وهذه لاينكرها أيضاً المعتزلة كالأولى الى أن قال: وقد بقيت شفاعات أخر وردت بها آثار لاتخلو عن مقال. (شرح العقائد الطحاوية المسماة: بيان السنة والجماعة، ۷۸ تا ۸۰، ط، دار الفكر

آنحضرت ﷺ کی شفاعت نصیب فرمائیں، مگر اس سلسلے میں چند امور پیش نظر رہنے چاہئیں۔

۱:... بعض گستاخانہ عمل ایسے ہیں جن میں مسلمان کثرت سے مبتلا ہیں، اور شفاعت سے محروم کرنے والے ہیں، ان سے توبہ کئے بغیر شفاعت کی توقع رکھنا کارِ عبث اور شیطان کا دھوکا ہے۔

۲:... جو شخص اس خیال سے سنگین جرائم کا ارتکاب کرتا ہو کہ مجھے فلاں کی شفاعت جیل سے چھڑا لے گی، ایسا شخص احمق خیال کیا جائے گا۔ اسی طرح جو شخص شفاعت کے بھروسے دھڑا دھڑ گناہ کئے جاتا ہے، اس کے احمق ہونے پر بھی کوئی شک نہیں۔

۳:... ایک صحابی سے آنحضرت ﷺ نے فرمایا تھا: ''مانگو کیا مانگتے ہو؟'' انہوں نے عرض کیا: ''جنت میں آپ کی رفاقت!'' فرمایا: ''بس یہی؟ یا کچھ اور بھی؟'' عرض کیا: ''بس یہی!'' فرمایا: ''بہت اچھا! مگر کثرت سجود کے ساتھ میری مدد کرنا'' (۳۳۲)۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شفاعت حاصل کرنے کے لئے بھی نیک اعمال کا اختیار کرنا ضروری ہے۔ جو شخص آنحضرت ﷺ کی سنت وطریقے سے، آپ کی شکل وشباہت سے نفرت کرتا ہے، آپ ﷺ کے ارشادات سے دیدہ ودانستہ بغاوت کرتا ہے، اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دشمنوں سے دوستی رکھتا ہے، وہ آخر کس منہ سے شفاعت کی توقع رکھتا ہے....؟

المعاصر بیروت لبنان)

(وكذا في شرح الفقه الأكبر، بحث في أن الشفاعة من الانبياء والصالحين حق، ص: ۸۳، ۸٤، ط، دار الكتب العربية الكبرىٰ مصر)

(۳۳۲):**وعن ربيعة بن كعب قال كنت ابيت مع رسول الله ﷺ فاتيته بوضوئه وحاجته فقال لي سل فقلت اسئلك مرافقتك في الجنة قال او غير ذلك قلت هو ذاك فاعني على نفسك بكثرة السجود. رواه مسلم.** (مشكاة المصابيح، كتاب الصلاة، باب السجود وفضله، ص: ۸۳، ط، قديمي كتب خانه كراچي)

۴:.... بہت سے لوگ ایسے ہوں گے جو نہ جانے کتنی مدّت جلنے کے بعد کوئلے ہوجائیں گے، تب کہیں ان کو شفاعت نصیب ہوگی۔ کیا کوئی شخص تحمل رکھتا ہے کہ وہ ایک لمحے کے لئے جہنم کی آگ میں جھلسایا جائے؟ (اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے پناہ میں رکھیں) اب کون ہوگا جو کروڑوں برس جہنم میں جلنے کی اور جنت کی نعمتوں سے محروم رہنے کو پسند کرے....؟ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص: ۱۹۵، ۱۹۶، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

رسول اکرم ﷺ سے محبت اور اللہ تعالیٰ کی ناراضی

﴿سوال﴾:

ہمارے ہاں ایک صوفی پیر ہیں، ایک دن انہوں نے مجھے اور میرے دوست کو کہا کہ: ایک خوبصورت لڑکی ہو، جس سے ایک لڑکا محبت کرتا ہو، اور آپ بھی اس سے محبت کرنے لگیں تو نتیجہ کیا ہوگا؟ ہم نے کہا: انجام لڑائی اور دشمنی! تو کہنے لگا: ظاہر ہے کہ جو لڑکی سے محبت کرتا ہے وہ کیونکر چاہے گا کہ میری محبوبہ سے کوئی محبت کرے؟ پھر کہنے لگا کہ: ''تم اپنے رسول مقبول ﷺ سے محبت نہ کرنا، کیونکہ اللہ تعالیٰ ان سے محبت فرماتے ہیں اور تم نبی علیہ السلام سے محبت کروگے تو اللہ تعالیٰ تمہارا دشمن ہوجائے گا، وہ کیسے چاہے کہ میری محبت سے کوئی دوسرا محبت کرے؟ اس کے باوجود بھی اگر بندہ نہ مانے تو اللہ تعالیٰ کافی سزائیں دیتے ہیں، اگر کافی سزائیں سہنے کے بعد بھی بندہ اپنے نبی سے محبت کرے تو اللہ تعالیٰ پھر اپنے بندے کے آگے گھٹنے ٹیک دیتے ہیں، یعنی خدا بندے کے سامنے جھک جاتا ہے۔'' اس کی وضاحت فرمادیں کہ یہ انسان کن عقائد کا مالک ہے؟

﴿جواب﴾:

یہ صوفی جی بے علم اور ناواقف ہیں، ان کا یہ کہنا کہ: ''آنحضرت ﷺ سے اگر ہم

محبت کریں تو خدا تعالیٰ دشمن ہوجائے گا اور سزا دے گا'' یہ کلمۂ کفر ہے، اور اس کا یہ کہنا کہ: ''خدا بندے کے سامنے گھٹنے ٹیک دیتا ہے'' یہ بھی کلمۂ کفر ہے (۳۳۳)۔ ایسے بے دین اور جاہل کے پاس نہیں بیٹھنا چاہئے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۹۶، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

کیا آپ ﷺ کا کسی کو بددعا دینا رحمۃ اللعالمین ہونے کے منافی ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ: یقیناً حضور ﷺ رحمۃ للعالمین ہیں، اللہ نے بنایا ہے، لیکن بعض مقامات میں حضور اکرم ﷺ سے بدعا بھی منقول ہے (۳۳۴)، مختلف قبائل پر جیسا کہ ترمذی جلد ثانی کے آخر میں مذکور ہے اور بعض مقامات

---

(۳۳۳): **فی مجمع الانهر: اذا وصف اللّٰه تعالٰی بما لایلیق به، أو سخر باسم من أسمائه، أو بأمر من أوامره، وأنكر صفة من صفات اللّٰه تعالٰی، أو انكر وعده، أو وعيده....يكفر.** (مجمع الانهر فی شرح ملتقی الأبحر، كتاب السير والجهاد، باب المرتد، ج: ۲، ص: ٥٠٤، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(وكذا فی المحيط البرهانی كتاب السير، فصل فی مسائل المرتدين و أحكامهم، نوع آخر فيما يقال فی ذات اللّٰه وصفاته، ج: ٥، ص: ٢٢٧، ط، دار الكتب العلمية بيروت لبنان)

(۳۳۴): **عن أنس بن مالك رضی اللّٰه عنه: أن رعلاً وذكوان وعصية وبنی لحيان استمدوا رسول اللّٰه ﷺ علی عدو فامدهم بسبعين من الأنصار كنا نسميهم القراء فی زمانهم، كانوا يحتطبون بالنهار، ويصلون بالليل، حتی كانوا ببئر معونة**

میں اپنے نفس کے لئے بھی بددعا کی ہے جیسا کہ بخاری کی روایات سے ثابت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی بیٹی کی منگنی کے سلسلے میں ابولہب کے بیٹے کو بددعا دی تھی، کہ خدا درندوں اور کتوں سے تم کو پھاڑ ڈالے (۳۳۵)، یہ اپنی ذات کے لئے ہوا ہے، لہٰذا یہ رحمۃ

قتلوهم وغدروا بهم. فبلغ النبی ﷺ ذلک فقنت شهرا يدعو فی الصبح علی أحياء من أحياء العرب، علی رعل وذكوان وعصية وبنی لحيان. قال أنس: فقرأنا فيهم قرآنا ثم ان ذٰلک رفع: بلغوا عنا قومنا أنا قد لقينا ربنا فرضی عنا وأرضانا. (صحيح البخاری، كتاب المغازی، باب غزوة الرجيع، ورعل، وذكوان الخ، ص: ۸۴۲، رقم: ۴۰۹۰، ط، دار السلام رياض)

عن علی رضی اللّٰه عنه قال: لما كان يوم الأحزاب قال رسول اللّٰه ﷺ: ملأ اللّٰه بيوتهم وقبورهم ناراً، شغلونا عن صلاة الوسطی حتی غابت الشمس.

عن اسماعيل بن أبی خالد أنه سمع عبداللّٰه بن أبی أوفی رضی اللّٰه عنهما يقول: دعا رسول اللّٰه ﷺ يوم الأحزاب علی المشركين فقال: اللّٰهم منزل الكتاب، سريع الحساب. اللّٰهم اهزمهم وزلزلهم.

عن عبداللّٰه رضی اللّٰه عنه قال: كان النبی ﷺ يصلی فی ظل الكعبة فقال أبو جهل وناس من قريش، ونحرت جزور بناحية مكة، فأرسلوا فجاء وا من سلاها وطرحوا عليه. فجاء ت فاطمة فألقته عنه، فقال: اللّٰهم عليک بقريش، اللّٰهم عليک بقريش، اللّٰهم عليک بقريش: لأبی جهل بن هشام، وعتبة بن ربيعة، وشيبة بن ربيعة، والوليد بن عتبة، وأبی بن خلف و عقبة بن أبی معيط. قال عبداللّٰه: فلقد رأيتهم فی قليب بدر قتلی. قال أبو اسحاق: ونسيت السابع. قال أبو عبداللّٰه، قال يوسف بن أبی اسحاق، عن أبی اسحاق: امية بن خلف. وقال شعبة: امية أو أبی، والصحيح أمية. (اخرجهم البخاری فی صحيحه، كتاب الجهاد والسير، باب الدعاء علی المشركين بالهزيمة والزلزلة، ص: ۵۹۴، ط، دار السلام رياض)

(۳۳۵): عن قتادة بن دعامة قال: تزوج أم كلثوم بنت رسول اللّٰه ﷺ عتيبة

للعالمین کے منافی نظر آرہے ہیں اور عقل اس کو نہیں مانتی کہ رحمت اور زحمت ایک جگہ جمع ہوں۔

﴿الجواب باسم الملك الوهاب﴾:

رحمت کا مفہوم خود حضور ﷺ نے جو بیان فرمایا ہے شرعاً وہی معتبر ہوگا، چنانچہ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "انا رحمة لهداية برفع قوم وخفض آخرين" کہ میں اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی رحمت ہوں تا کہ (اللہ تعالیٰ کے حکم ماننے والی) ایک قوم کو سربلند کروں اور دوسری قوم (جو اللہ تعالیٰ کا حکم ماننے والی نہیں ہے) ان کو پست کروں، اس سے معلوم ہوا کہ کفر وشرک کو مٹانے کے لیے کفار کو پست کرنا اور ان کے مقابلہ میں جہاد کرنا (اور یہ مذکورہ قبائل پر بددعائیں بھی اسی جہاد کا حصہ ہیں) بھی عین رحمت ہے، جس کے ذریعے سرکشوں کو ہوش آکر ایمان اور عمل صالح یا پابند ہو جانے کی امید کی جاسکتی ہے، لہٰذا یہ جہاد اور قنوت نازلہ وغیرہ پڑھنا رحمت

بن أبی لهب فلم يبن بها حتى بعث النبی ﷺ وكانت رقية عند أخيه عتبة بن أبی لهب فلما أنزل الله عزوجل (تبت يدا أبی لهب) قال أبو لهب لابنيه عتيبة وعتبة: رأسی من رأسكما حرام ان لم تطلقا ابنتی محمد، وقالت أمهما بنت حرب بن أمية وهی حمالة الحطب: طلقاهما يا بنی فانهما قد حبتا، فطلقاهما ولما طلق عتيبة أم كلثوم جاء الی النبی ﷺ حيث فارق أم كلثوم فقال: كفرت بدينك وفارقت ابنتك لاتحبنی ولاأحبك. ثم سطا عليه فشق قميص النبی ﷺ وهو خارج نحو الشام تاجراً، فقال رسول الله ﷺ: أما انی أسال الله ان يسلط عليك كلبه، فخرج فی تجر من قريش حتى نزلوا بمكان من الشام يقال له الزرقاء ليلا فأطاف بهم الأسد فی تلك الليلة، فجعل عتيبة يقول: يا ويل أمی هو والله آكلی كما دعا علی محمد فأبكی ابن أبی كبشة وهو بمكة وأنا بالشام، فعدا عليه الاسد من بين القوم فأخذ برأسه فضغمه ضغمة فقتله. (المعجم الكبير للطبرانی، ج: ۲۲، ص: ۴۳۵، ۴۳۶، رقم: ۱۰۶۰، ط، مكتبة ابن تيمية القاهرة)

کے منافی نہیں ہے، اور یہی حال ابولہب کے قصے کا ہے۔

"وما ارسلناک الارحمة للعالمین قال سعید بن جبیر عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنهما قال کان محمدﷺ رحمة لجمیع الناس فمن آمن به وصدق به سعد ومن لم یؤمن به سلم مما لحق الامم من الخسف والغرق قال ابن زید اراد بالعالمین المؤمنین خالصة"... (احکام القرآن القرطبی: ۳۵۰/۱۱)

"والمعنی ان مابعثت به سبب لاسعادهم وموجب لصلاح معاشهم ومعادهم فمن لم یستعد به وابی من ان یصیر مرحوما فهو ظالم علی نفسه وذا لاینافی کونه رحمة وقال ابن عباس هو رحمة للکافر فی الدنیا بتاخیر العذاب علیهم ورفع المسح والخسف والاستصال".... (تفسیر المظهری: ۱۷۰/٤)

"والظاهر ان المراد بالعالمین مایشمل الکفار ووجه ذلک علیه انه علیه الصلاة والسلام ارسل بماهو سبب لسعادة الدارین ومصلحة النشأتین الا ان الکافر فوت علی نفسه الانتفاع بذلک واعرض لفساد استعداده عما هنالک فلا یضر ذلک فی کونهﷺ ارسل رحمة بالنسبة الیه ایضا کما لا یضر فی کون العین العذبة مثلاً نافعة عدم انتفاع الکسلان بها لکسله وهذا ظاهر". (روح

المعانی:۱۰۷/۱۷)واللّٰہ اعلم بالصواب۔ (ارشاد المفتین، ج: ۲، ص: ۱٤٤، ۱٤٥، ط، مکتبة الحسن لاهور)

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی کا نام

﴿سوال﴾:

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی کا نام کیا ہے؟

﴿الجواب حامداً ومصلیاً﴾:

سیرت حلبیہ اردو جلد اول صفحہ ۳۰ میں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دادی کا فاطمہ تھا(۳۳٦)۔فقط واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب۔(فتاوی فلاحیہ،ج:۱،ص:۵۵۵)

نبی علیہ الصلاۃ والسلام کے عقیقہ کی تحقیق

﴿سوال﴾:

کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا عقیقہ کیا تھا یا نہیں؟

﴿الجواب﴾:

بعض ضعیف روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا عقیقہ فرمایا تھا لیکن محدثین کے نزدیک یہ روایات ضعیف اور غیر ثابت ہیں اگر صحیح مان لیں تو مطلب یہ ہوگا

---

(۳۳٦):فی السیرة النبویة: أولاد عبدالمطلب وأمهاتهم:.....وأم عبداللّٰه، وأبی طالب والزبیر وجمیع النساء غیر صفیة: فاطمة بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم بن یقظة بن مرة بن کعب بن لؤی بن غالب بن فهر بن مالک بن النضر.

(السیرة النبویة، ج: ۱، ص: ۱۲٦، ط، دار الکتاب العربی بیروت لبنان)

کہ آپ ﷺ کو علم نہیں تھا اس لیے دوبارہ کیا جیسا کہ فتاوی محمودیہ میں ہے یا یہ مطلب ہوگا پہلے کو غیر معتبر سمجھ کر فرمایا ورنہ سیرت کی کتابوں سے معلوم ہوتا ہے کہ عبدالمطلب نے آپ کی طرف سے عقیقہ کیا تھا حوالہ جات حسب ذیل ملاحظہ ہوں۔

فتاوی محمودیہ میں ہے:

شرح سفر السعادۃ میں بھی ایسا ہی لکھا ہے کہ حضور ﷺ کو اپنے عقیقہ کا علم نہیں تھا اسلئے اپنا عقیقہ کیا تھا۔ (فتاوی محمودیہ ۱۱/۳۴۶)

وحديث "ان النبی ﷺ عق عن نفسه بعد النبوة".

روى من طريقين عن أنس رضى الله عنه: الأولىٰ: عن عبدالله بن المحرر عن قتادة عنه. أخرجه عبدالرزاق فى "المصنف" (٤/٣٢٩/٧٩٦٠) والبزار فى "مسنده" (٢/٣٤٥/٧٢٨١) وابن عدى "الكامل فى ضعفاء الرجال" (٤/١٣٣/٩٧٣) وابن حبان فى "المجروحين" (٢/٢٣) والبيهقى فى "السنن الكبرى" (٩/٣٠٠)، وقال: "منكر"، وقال عبدالرزاق: انما تركوا عبدالله بن محرر لحال هذا الحديث. قال البيهقى: وقد روى من وجه آخر عن قتادة، ومن وجه آخر عن أنسؓ وليس بشىء.

قال ابن حجرؒ فى "التلخيص" (٤/٣٦٢): قلت :أما لوجه الآخر عن قتادة: فلم أره مرفوعاً، وانما ورد أنه كان يفتى به، كما حكاه ابن عبدالبر، بل جزم البزار وغيره بتفرد عبدالله بن محرر به عن قتادة.

أما الآخر عن أنس رضى الله عنه: فأخرجه أبو الشيخ فى "الأضاحى"، وابن أيمن فى "مصنفه"، والخلال من طريق

عبدالله بن المثنى، عن ثمامة بن عبدالله بن أنس، عن أبيه.

قلت: وهى الطريقة الأخرى: عن الهيثم بن جميل: حدثنا عبدالله بن المثنى بن أنس عن ثمامة بن أنس عن أنس رضى اللّٰه عنه به، أخرجه الطبرانى فى "الأوسط" (۹۹۸/۵۲۹/۱)، والطحاوى فى "مشكل الآثار" (رقم: ۱۰۵۳)، ذكره الهيثمى فى "المجمع" (٥٩/٤)، وقال: رواه البزار والطبرانى فى "الأوسط" ورجال الطبرانى رجال الصحيح خلا الهيثم بن جميل وهو ثقة، وشيخ الطبرانى أحمد بن مسعود الخياط المقدسى ليس هو فى الميزان.

وقد قال فى " مقدمة المجمع" (٨/١): "ومن كان من مشايخ الطبرانى فى الميزان نبهت على ضعفه، ومن لم يكن فى الميزان ألحقته بالثقات الذين بعده، والصحابة لايشترط فيهم أن يخرج لهم أهل الصحيح فانهم عدول، وكذلك شيوخ الطبرانى الذين ليسوا فى الميزان.

قال الضياء المقدسى فى "الأحاديث المختارة" (۱۸۳۲/۳۵۱/۲): "اسناده [الطبرانى] صحيح".

خلاصہ یہ ہے کہ عبداللہ بن محرر کی وجہ سے یہ روایت ضعیف ہے، لیکن دوسرے طریق کو علامہ ہیثمیؒ اور ضیاء مقدسیؒ نے ٹھیک قرار دیا ہے، اگرچہ اس طریق میں بھی عبداللہ بن مثنیٰ مختلف فیہ راوی ہے، بعض حضرات نے جرح کی ہے، تاہم یہ روایت حسن لغیرہ سے کم درجہ نہیں۔

حافظ ابن حجرؒ فتح الباری میں روایت پر تفصیلی کلام کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

ويحتمل أن يقال: ان صح هذا الخبر كان من

خصائصه صلى الله عليه وسلم كما قالوا فى تضحيته عمن لم يضح من أمته. (فتح البارى: ۹/۵۹۵، باب اماطة الاذى عن الصبى فى العقيقة)

اگر صحیح مان بھی لیا جائے تو یہ آپ ﷺ کی خصوصیت ہوگی (جیسا کہ اوپر کی عبارت میں مذکور ہوا) نیز حافظ صاحب نے ایک روایت ذکر کی ہے جس کا مفہوم یہ ہے جس کا عقیقہ نہ ہو تو اس کے لئے اس کی قربانی کفایت کر جائے گی۔ ملاحظہ ہو:

عن عبدالرزاق عن معمر عن قتادة: من لم يعق عنه أجزأته اضيحته. (فتح البارى: ۹/۵۹۵، باب اماطة عن الصبى فى العقيقة)

سیرۃ المصطفیٰ میں ہے کہ آنحضرت ﷺ کی طرف سے عبدالمطلب نے عقیقہ کیا تھا۔ (سیرۃ المصطفیٰ ص ۶۱۔ از حضرت مولانا ادریس صاحب کاندھلویؒ) واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم۔ (فتاوی دارالعلوم زکریا، ج:۱، ص:۷۷ تا ۷۹، ط، زمزم پبلشرز کراچی)

❁❁❁

حضور ﷺ کا غصہ

﴿سوال﴾:

کیا آپ ﷺ کبھی غضبناک ہوتے تھے؟

﴿الجواب حامداً ومصلياً﴾:

دین کے خلاف کسی بھی کام کو آپ ﷺ دیکھتے، تو لوجہ اللہ غضب ناک ہو جاتے، ورنہ عام احوال میں آپ ﷺ کی بردباری کا یہ عالم تھا کہ روایات میں منقول ہے کہ آپ ﷺ نے کبھی اپنی ذات کی خاطر کسی سے انتقام نہیں لیا (۳۳۷)۔ کچھ ایسے لوگ جو

(۳۳۷):عن عائشة رضى الله عنها أنها قالت: ما خير رسول الله ﷺ بين

دین سے ناواقف ہیں، غصہ کو مطلقاً معیوب سمجھتے ہیں، یہ غلط ہے، جب دینی امور کی اعلانیہ پردہ دری ہورہی ہو اور مفاہمت کسی طرح کارآمد ثابت نہ ہو، اس وقت غصے کا اظہار کرنا اور حسب استطاعت اس منکر کو روکنے میں اپنی مقدور بھر طاقت صرف کرنا ایمانی تقاضہ ہے، روایاتِ حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب غضب ناک ہوتے، تو آپ ﷺ کا چہرۂ انور ایسا سرخ ہوجاتا گویا ان پر انار کے دانے نچوڑ دیے گئے ہوں (۳۳۸)۔

ایک طویل حدیث میں منقول ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، آپ ﷺ کے سامنے تورات کا کوئی مضمون پڑھ رہے تھے، جس سے آپ ﷺ غضب ناک ہوئے، حضرت ابوبکرؓ نے فوراً محسوس کرلیا اور حضرت عمرؓ سے فرمایا کہ اے عمر آپ رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ انور کو دیکھتے نہیں کہ آپ کے تورات پڑھنے سے آپ ﷺ پر کیا اثر ہورہا ہے؟ چناں چہ حضرت عمرؓ فوراً متنبہ ہوئے اور پڑھنا بند کردیا معذرت کے ساتھ یہ عرض کرنے لگے کہ "**رضینا باللّٰہ ربا، وبالاسلام دینا، وبمحمد- ﷺ- نبیّا**" . (یعنی ہم اللہ تعالیٰ کو اپنا رب مان کر، دین اسلام کو اپنا دین مان کر اور حضرت محمد ﷺ کو اپنا نبی مان کر خوش

أمرین الا أخذ أیسرهما ما لم یکن اثماً، فان کان اثماً کان أبعد الناس منه. وما انتقم رسول اللّٰہ ﷺ لنفسه الا أن تنتهک حرمة اللّٰہ فینتقم للّٰہ بها. (صحیح البخاری، کتاب المناقب، باب صفة النبی، ص: ۷۳۰، ط، رقم: ۳۵۶۰، ط، دار السلام ریاض)

(۳۳۸): عن ابی هریرةؓ قال خرج علینا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم ونحن نتنازع فی القدر فغضب حتی احمر وجهه حتی کانما فقیء فی وجنتیه حب الرمان فقال ابهٰذا امرتم ام بهٰذا ارسلت الیکم انما هلک من کان قبلکم حین تنازعوا فی هذا الامر عزمت علیکم ان لاتنازعوا فیه. رواه الترمذی وروی ابن ماجة نحوه عن عمر بن شعیب عن ابیه عن جده. (مشکاة المصابیح، کتاب الایمان، باب الایمان بالقدر، ص: ۲۲، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

ہیں) یہ سن کر آپ ﷺ کا غصہ ختم ہوا (۳۳۹)۔

امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے کتاب العلم میں اس کے متعلق مستقل باب قائم فرمایا ہے اور اس کے ماتحت تین روایتیں ذکر فرما کر یہ ثابت کیا ہے کہ جب کوئی استاذ درس کے دوران اپنے شاگرد کی کسی ناشائستہ حرکت کو دیکھے، تو اس کے لئے تنبیہ کے خاطر غضب کا اظہار کرنا درست ہے (۳۴۰)۔

---

(۳۳۹): وعن جابر، أن عمر بن الخطاب رضی اللّٰہ عنهما أتی رسول اللّٰہ ﷺ بنسخة من التوراة، فقال: یارسول اللّٰہ! هذه نسخة من التوراة، فسکت، فجعل یقرأ ووجه رسول اللّٰہ ﷺ یتغیر. فقال أبوبکر: ثکلتک الثواکل! ما تری ما بوجه رسول اللّٰہ ﷺ؟ فنظر عمر الی وجه رسول اللّٰہ ﷺ فقال: أعوذ باللّٰہ من غضب اللّٰہ وغضب رسوله، رضینا باللّٰہ رباً، وبالاسلام دیناً، وبمحمدٍ نبیاً. فقال رسول اللّٰہ ﷺ: والذی نفس محمد بیده، لو بدا لکم موسی فاتبعتموه وترکتمونی لضللتم عن سواء السبیل، ولو کان حیا وأدرک نبوتی لاتبعتنی. رواه الدارمی.

(مشکاة المصابیح، کتاب الایمان، باب الاعتصام بالکتاب والسنة، الفصل الثالث، ص: ۳۲، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

(۳۴۰): فی الصحیح البخاری: باب الغضب فی الموعظة والتعلیم اذا رأی ما یکره: حدثنا محمد بن کثیر قال: أخبرنا سفیان عن أبی خالد، عن قیس بن أبی حازم، عن أبی مسعود الأنصاری قال: قال رجل: یارسول اللّٰہ، لاأکاد أدرک الصلاة مما یطول بنا فلان، فما رأیت النبی ﷺ فی موعظة أشد غضباً من یومئذ، فقال: یا أیها الناس، انکم منفرون، فمن صلی بالناس فلیخفف، فان فیهم المریض والضعیف وذا الحاجة.

حدثنا عبداللّٰہ بن محمد قال: حدثنا أبو عامر، قال: حدثنا سلیمان بن بلال المدینی، عن ربیعة بن أبی عبدالرحمٰن عن یزید مولی المنبعث عن زید بن خالد الجهنی أن النبی ﷺ سأله رجل عن اللقطة، فقال: اعرف وکاء ها ـ أو قال: وعاء ها

اس سے ثابت ہوا کہ دینی امور کے پیش نظر حدود میں رہ کر نیک نیتی کے ساتھ غصہ کرنا جائز ہے، لیکن ساتھ میں یہ بھی ملحوظ رہے کہ آپ ﷺ کا ایسا فعل جو بہ حالت غضب صادر ہوا ہو، وہ بھی ادلۂ شرعیہ میں شمار ہوگا (۳۴۱)۔ یہ مرتبہ افراد امت میں سے کسی کے لیے نہیں ہے، لہٰذا فقہاء نے لکھا ہے کہ قاضی کے لیے بہ حالت غضب کوئی فیصلہ کرنا جائز نہیں ہے (۳۴۲)۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی فلاحیہ، ج:۱، ص:۱۴۹، ۱۵۰)

❁❁❁

ـ وعفاصها، ثم عرفها سنة ثم استمتع بها، فان جاء ربها فأدها اليه، قال: فضالة الابل؟ فغضب حتى احمرت وجنتاه ـ أو قال: أحمر وجهه ـ فقال: ومالك ولها؟ معها سقاؤها وحذاؤها، ترد الماء وترعى الشجر، فذرها حتى يلقاها ربها، قال: فضالة الغنم؟ قال: لك أو لأخيك أو للذئب.

حدثنا محمد بن العلاء قال: حدثنا أبو أسامة عن بريد، عن أبي بردة، عن أبي موسى قال: سئل النبي ﷺ عن أشياء كرهها، فلما أكثر عليه غضب ثم قال للناس: سلوني عما شئتم، قال رجل: من أبي؟ قال: أبوك حذافة، فقام آخر فقال: من أبي يارسول اللّٰه؟ فقال أبوك سالم مولى شيبة، فلما رأى عمر ما في وجهه قال: يا رسول اللّٰه، انا نتوب الى اللّٰه عروجل. (صحيح البخاری، كتاب العلم، باب الغضب فی الموعظة والتعليم اذا رأى ما يكره، ص: ۲۵، ۲۶، ط، رقم: ۹۰، ۹۱، ۹۲، ط، دار السلام رياض)

(۳۴۱): عن عبداللّٰه بن عمرو قال: كنت أكتب كل شيء أسمعه من رسول اللّٰه ﷺ أريد حفظه، فنهتني قريش وقالوا: أتكتب كل شيء تسمعه ورسول اللّٰه ﷺ بشر يتكلم في الغضب والرضا، فأمسكت عن الكتاب، فذكرت ذٰلك الى رسول اللّٰه ﷺ، فأومأ باصبعه الى فيه فقال: اكتب فوالذی نفسی بيده مايخرج منه الا حق. (سنن أبي داؤد، كتاب العلم، باب كتابة العلم، ص: ۵۲۳، ۵۲۴، رقم: ۳۶۴۶، ط، دار السلام رياض)

رسول اللہ ﷺ کا اسم گرامی سن کر انگوٹھے چومنا

﴿سوال﴾:

ہمارے یہاں جو شخص آں حضور ﷺ کا نام سن کر انگوٹھے نہیں چومتا اس کو مسلمانوں سے علیحدہ کر دیا جاتا ہے اور لوگ کہتے ہیں کہ یہ مسلمان نہیں ہے جب کہ وہ شخص نمازوں کا پابند اور تلاوت قرآن کا پابند ہے رمضان کے روزے اور زکوۃ فطرہ وغیرہ سب ادا کرتا ہے ان کا یہ کہنا کیسا ہے؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا نام نامی آئے تو درود پڑھنا ضروری ہے(۳۴۳)۔ انگوٹھے چومنے کا کوئی ثبوت شریعت میں نہیں ہے، جو کوئی انگوٹھے چومتا ہو

---

(۳۴۲):عن أبی یکرة قال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: لایقضین حاکم بین اثنین وھو غضبان، رواہ الجماعة، کذا فی المنتقی. (نیل: ۸/ ۵۲۳)

وفی اعلاء السنن تحت ھذا الحدیث: قولہ: لایقضین الخ أقول: قال الشوکانی فی النیل: قال المھلب: سبب ھذا النھی أن الحکم حالة الغضب قد یتجاوز بالحکم الی غیر الحق فمنع، وبذلک قال فقھاء الأمصار...الخ. (اعلاء السنن، کتاب القضاء، باب فی القضاء فی حالة الغضب، ج: ۱۵، ص: ۱۲۵، ۱۲۶، ط، ادارة القرآن والعلوم الاسلامیة کراتشی)

(۳۴۳):عن أبی ھریرة ؓ قال: قال رسول اللہ ﷺ: رغم أنف رجل ذکرت عندہ فلم یصل علی، ورغم أنف رجل دخل علیہ رمضان ثم انسلخ قبل أن یغفر لہ ورغم أنف رجل أدرک عندہ أبواہ الکبر أو أحدھما فلم یدخلاہ الجنة. وفی المرقات تحت ھذا الحدیث: (أنف رجل ذکرت عندہ فلم یصل علی) وھو اما خبر أو دعاء أی لحقہ ذل مجازاة بترک تعظیمی، وقیل: خاب وخسر من قدر بأن یتفوہ بأربع کلمات فیوجب لنفسہ عشر صلوات من اللہ، ویرفع بھا عشر درجات،

اور کوئی غلط عقیدہ رکھتا ہو اس پر اس طریقہ کا چھوڑنا اور توبہ کرنا لازم ہے پس صورت مسئولہ میں مذکورہ شخص کو کافر کہنا بالکل غلط ہے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب (فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج:۱،ص:۱۹۲، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

حضور نبی کریم ﷺ کے اسم کے ساتھ صرف ''ص'' لکھنا

﴿سوال﴾:

کچھ عرصہ قبل کسی صاحب نے آپ سے ایک سوال پوچھا تھا کہ کچھ لوگ انگلش میں لفظ ''محمد'' کو Mohammad کے بجائے صرف mohd لکھ دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ ہم نے ''محمد'' کو شارٹ کر کے لکھ دیا ہے، اس کے جواب میں آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ انگریزوں کے نزدیک لفظ ''محمد'' کی اہمیت خواہ کتنی ہی کم ہو، ایک مسلمان کے لئے لفظ ''اللہ'' کے بعد تمام ذخیرۂ الفاظ میں سب سے اہم لفظ ''محمد'' ہے، اس لفظ میں تخفیف کا مطلب تو یہ

ویحط عنه عشر خطیآت فلم یفعل. (مرقات المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی ﷺ وفضلها، الفصل الثانی، ج: ۳، ص: ۱۱، ۱۲، رقم: ۹۲۷، ط، دار الکتب العلمیة بیروت لبنان)

وفی الموسوعة الفقهية: تستحب الصلاة عليه ﷺ خارج الصلاة فی کل الأوقات، تتأکد فی مواطن منها: یوم الجمعه ولیلتها، وعند الصباح، وعند المساء، وعند دخول المسجد، والخروج منه، وعند قبره ﷺ وعند اجابة المؤذن، وعند الدعاء، وبعده وعند السعی بین الصفا والمروة، وعند اجتماع القوم، وتفرقهم، وعند ذکر اسمه ﷺ، وعند الفراغ من التلبیة، وعند استلام الحجر، وعند القیام من النوم، وعقب ختم القرآن، وعند الهم والشدائد، وطلب المغفرة، وعند تبلیغ العلم الی الناس، وعند الوعظ، والقاء الدرس، وعند خطبة الرجل المرأة فی النکاح. (الموسوعة الفقهية، ج: ۲۷، ص: ۲۳۷)

ہوا کہ لکھنے والے کو... نعوذ باللہ... گویا اس لفظ سے نفرت ہے۔ لفظ ''محمد'' کو مخفف کر کے لکھنے کا رواج غالبا فرنگی سازش ہے اور مسلمان اس مسئلے کی سنگینی کو سمجھ نہیں سکے۔ Mohammad کے بجائے mohd (موہڈ) ایک مہمل اور بے معنی لفظ ہے، اور آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کو ایک مہمل اور بے معنی لفظ میں تبدیل کر دینا کسی مسلمان کے لئے ہرگز روا نہیں ہوسکتا۔

اس کے ساتھ ساتھ آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا تھا کہ: چند حضرات صرف ''m'' لکھ دیتے ہیں، یہ بھی انگریزی فیشن ہے۔

محترمی! میں نے اس مسئلے اور آپ کے جواب کو زیادہ سے زیادہ ناواقف لوگوں تک پہنچانے کی کوشش کی، جس کے نتیجے میں کئی طالب علموں نے وعدہ کیا کہ آئندہ ہم ''محمد'' کو Mohd یا صرف M نہیں لکھیں گے، بلکہ پورے حروفِ تہجی Mohammad لکھا کریں گے۔ اب مجھے ٹنڈو آدم سے اپنے ایک طالب علم بھائی کا خط موصول ہوا ہے، جس میں اسکول میں اپنے نام سے پہلے M لکھنے سے گریز کیا، ماسٹر صاحبان نے وجہ پوچھی تو اس طالب علم نے آپ کا جواب دُہرایا اور کہا کہ: صرف M لکھنا انگریزی فیشن ہے۔ تو اس کے جواب میں ماسٹر صاحبان نے کہا کہ: اگر ''محمد'' کو انگریزی میں پورا لکھنے کی بجائے صرف M لکھنا غلط ہے تو پھر اخبارات، کتابوں میں ''ﷺ'' پورا لکھنے کی بجائے صرف (ؐ) لکھ دیا جاتا ہے، کیا یہ درست ہے؟''

﴿جواب﴾:

صرف ''ؐ'' کا نشان کافی نہیں، بلکہ پورا درود شریف لکھنا چاہیے اور اس میں کسی بخل سے کام نہیں لینا چاہئے (۳۴۴)۔ ظاہر ہے کہ ہماری تحریر سے درود شریف کی اہمیت زیادہ

---

(۳۴۴): عن علیؓ بن أبی طالب قال: قال رسول اللہ ﷺ: البخیل الذی من ذکرت عندہ فلم یصل علی. رواہ الترمذی ورواہ احمد عن الحسین بن علی وقال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح غریب. (مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب

ہے، اس کو کیوں نہ لکھا جائے؟ میں جب بھی آنحضرت ﷺ کا اسم مقدس لکھتا ہوں پورے اہتمام کے ساتھ ''ﷺ'' لکھتا ہوں، اور اس میں کبھی بخل نہیں کرتا۔ لیکن اخبار کے کاتب ''ﷺ'' کی جگہ صرف ''ؐ'' لکھ دیتے ہیں۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱، ص: ۱۹۷، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

الصلاة على النبی ﷺ، الفصل الثانی، ص: ۸۷، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

وفی کتاب علوم الحدیث: المعروف بمقدمة ابن الصلاح: التاسع ینبغی له أن یحافظ علی کتبه الصلاة والتسلیم علی رسول الله تعالیٰ صلی الله علیه وآله وسلم عند ذکره ولایسأم من تکریر ذلک عنده تکرره، فان ذلک من أکبر الفوائد التی یتعجلها طلبة الحدیث وکتبته ومن أغفل ذلک حرم حظا عظیما.... ثم لیجتنب فی اثباتها نقیضین: أحدهما: أن یکتبها منقوصة صورة رامزا الیها بحرفین أو نحو ذلک، والثانی: أن یکتبها منقوصة بأن لایکتب (وسلم).... سمعت حمزة الکتانی یقول: کنت أکتب الحدیث وکنت أکتب عند ذکر النبی ﷺ ولاأکتب وسلم فرأیت النبی ﷺ فی المنام، فقال لی: مالک لاتتم الصلاة علی؟ قال: فما کتبت بعد ذلک ﷺ الا کتبت وسلم، قلت: ویکره أیضاً الاقتصار علی "قوله علیه السلام" والله اعلم بالصواب. (ص: ۷۶، ۷۷، النوع الخامس والعشرون معرفة کتابة الحدیث وکیفیة ضبط الکتاب وتقییده، مطلب بیان أمور ومعارف مهمة رائقة بحواله المسائل المهمه فیما ابتلت به العامة، ج: ۸، ص: ۲۶)

خطوط میں بسم اللہ نہ لکھنا بہتر ہے اور لفظ ''محمد'' کو مخفف کرنا جائز نہیں

﴿سوال﴾:

آج کل سرکاری خط اور تمام کاغذوں پر بسم اللہ پوری لکھی ہوتی ہے، یہاں تک کہ ان کاغذوں پر بھی لکھی ہوتی ہے جن پر خط لکھنے سے پہلے مضمون یا خط لکھ کر ماتحت اپنے بڑے سے دریافت کرتا ہے، اس کو ڈرافٹ کا کاغذ کہتے ہیں، خط یا مضمون لکھنے کے بعد پہلے کاغذ کو ہاتھ سے مسل کر ردّی ٹوکری میں ڈال دیا جاتا ہے، اس طرح وہ لفظ ''بسم اللہ'' بھی ردّی کی ٹوکری میں چلا جاتا ہے، پھر بھنگی لے جاتا ہے، اس طرح لفظ بسم اللہ کا احترام ختم ہو جاتا ہے۔ کیا اس پر کوئی گناہ نہیں ہے، اگر یہ گناہ ہے تو اس کا کیا علاج ہے؟

عام طور پر انگریزی میں لفظ محمد کو ''mohammad'' لکھنے کے بجائے ''mohd'' لکھتے ہیں، اور یہ کہتے ہیں کہ: ہم نے ''محمد'' کو شارٹ لکھ دیا ہے۔ اس سے لفظ ''محمد'' کو بگاڑ کر لکھنے کا گناہ تو نہیں ہوگا؟

﴿جواب﴾:

خطوط پر بسم اللہ شریف لکھنے کا رواج نہیں، کیونکہ خطوط کی عام طور سے حفاظت نہیں کی جاتی، اور اس سے بسم اللہ شریف کی بے حرمتی ہے۔ سرکاری خطوط میں اگر بسم اللہ شریف لکھی جاتی ہے تو یا تو ان خطوط کو ردّی کی ٹوکری کی نذر اور بھنگی کے حوالے نہیں کرنا چاہئے، یا حکومت کو بسم اللہ شریف کا رواج بند کر دینا چاہئے۔

لفظ ''محمد'' کو انگریزی میں مخفف لکھنے کا رواج غالبا انگریزوں نے نکالا ہے، اور اہل اسلام اس کی سنگینی کو نہیں سمجھ سکے۔ اوّل تو کسی لفظ کو مخفف کرنا اس کی اہمیت کے کم ہونے کی علامت ہے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام نامی کی اہمیت انگریزوں کے نزدیک خواہ

کتنی ہی کم ہو، ایک مسلمان کی نظر میں اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کے بعد تمام ذخیرۂ الفاظ میں سب سے اہم لفظ ''محمد'' ہے۔ اس لئے اس کو مخفف کر کے لکھنا ایک مسلمان کے لئے کسی طرح بھی روا نہیں ہوسکتا۔

ثانیا:... طویل طویل تحریروں میں تخفیف کا نزلہ صرف اس ایک لفظ پر کیوں گرایا جاتا ہے؟ یہ طرز عمل تو اس امر کا غماز ہے کہ..... نعوذ باللہ..... لکھنے والے کو اس لفظ سے گویا نفرت ہے۔

ثالثا:... تخفیف کے بعد جب اس کا تلفظ ''موہڈ'' ہوگا تو یہ مہمل اور بے معنی لفظ ہوگا۔ آنحضرت ﷺ کے اسم گرامی کو ایک مہمل اور لایعنی لفظ میں تبدیل کر دینا، کسی طرح درست نہیں۔ اس لئے میں تمام اہل اسلام سے درخواست کروں گا کہ اس رواج کو تبدیل کریں، اور آنحضرت ﷺ کے اسم مبارک کے حروف تہجی پورے لکھا کریں۔ جن حضرات کو اس کی طرف التفات نہیں تھا، وہ تو خیر معذور تھے، لیکن اس تنبیہ کے بعد امید ہے کہ اسم مبارک کی بے ادبی کے گناہ اور وبال سے احتراز کریں گے۔ بعض حضرات صرف ''M'' لکھ دیتے ہیں، یہ بھی انگریزی فیشن ہے، اور آنحضرت ﷺ کے نام مبارک سے اعراض کی دلیل ہے، اس سے بچنا چاہئے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱، ص: ۱۹۸، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

آپ ﷺ کے نام کے ساتھ محض ''صلعم'' لکھنا

﴿مسئلہ﴾:

آپ ﷺ کے نام مبارک کے ساتھ اردو یا عربی میں محض ''صلعم'' یا انگریزی میں (A,S) لکھنا، یا اسی طرح کا کوئی دوسرا مخفف کلمہ لکھنا جو درود کی طرف اشارہ کرے، کنجوسی اور خلاف ادب ہے، اور اس سے درود شریف کا فائدہ بھی حاصل نہیں ہوتا، اس لیے

آپ ﷺ کے نام کے ساتھ پورا درود شریف لکھنے اور پڑھنے کا اہتمام ہونا چاہیے (۳۴۵)۔ (المسائل المہمہ فیما ابتلت بہ العامۃ، ج:۸، ص:۲۶/ آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۹۸، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

(۳۴۵):عن علیؓ بن أبی طالب قال: قال رسول اللہ ﷺ: **البخیل الذی من ذکرت عندہ فلم یصل علی. رواہ الترمذی ورواہ احمد عن الحسین بن علی وقال الترمذی ھذا حدیث حسن صحیح غریب.** (مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی ﷺ، الفصل الثانی، ص: ۸۷، ط، قدیمی کتب خانہ کراچی)

وفی کتاب علوم الحدیث: المعروف بمقدمۃ ابن الصلاح: التاسع ینبغی لہ أن یحافظ علی کتبہ الصلاۃ والتسلیم علی رسول اللہ تعالیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عند ذکرہ ولایسأم من تکریر ذلک عندہ تکررہ، فان ذلک من أکبر الفوائد التی یتعجلھا طلبۃ الحدیث وکتبتہ ومن أغفل ذلک حرم حظا عظیما.... ثم لیجتنب فی اثباتھا نقیضین: أحدھما: أن یکتبھا منقوصۃ صورۃ رامزا الیھا بحرفین أو نحو ذلک، والثانی: أن یکتبھا منقوصۃ بأن لایکتب (وسلم).... سمعت حمزۃ الکتانی یقول: کنت أکتب الحدیث وکنت أکتب عند ذکر النبی ﷺ ولاأکتب وسلم فرأیت النبی ﷺ فی المنام، فقال لی: مالک لاتتم الصلاۃ علی؟ قال: فما کتبت بعد ذلک ﷺ الا کتبت وسلم، قلت: ویکرہ أیضاً الاقتصار علی "قولہ علیہ السلام" واللہ اعلم بالصواب. (ص: ۷۶، ۷۷، النوع الخامس والعشرون معرفۃ کتابۃ الحدیث وکیفیۃ ضبط الکتاب وتقییدہ، مطلب بیان أمور ومعارف مھمۃ رائقۃ بحوالہ المسائل المھمہ فیما ابتلت بہ العامۃ، ج: ۸، ص: ۲۶)

حضور اکرم ﷺ اور حضرت آدم علیہ السلام کے ناموں پر ''ص''، ''ع'' لکھنا

﴿سوال﴾:

عام طور پر حضور ﷺ اور حضرت آدم علیہ السلام کے اسماء مبارکہ پر ''ص'' وغیرہ لگا دیتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟

﴿جواب﴾:

پورا درود وسلام لکھنا چاہئے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:١، ص:١٩٩، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

حضور ﷺ کے نام کے ساتھ کیا ''وآلہ وسلم'' لکھنا ضروری ہے؟

﴿سوال﴾:

حضور ﷺ کے نام کے ساتھ ''ﷺ'' لکھا جائے یا ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' لکھا جائے؟

﴿الجواب﴾:

''وآلہ وسلم'' لکھ دیں تو اور بھی اچھا ہے(٣٤٦)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:١، ص:١٩٩، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

---

(٣٤٦):فی غنیة المستملی: (و) فی تسمیته رسول اللّٰه ونبی اللّٰه ثم اتبع الصلاة علیه الصلاة والسلام بالصلاة علی (آله) ای اهله والمراد من آمن منهم (اجمعین) تأکید للشمول ورعایة للسجع والصلاة علیهم تبعاً له علیه السلام

''علی احمد'' یا ''محمد علی'' نام لکھتے وقت اُوپر ''ؐ'' لکھنا

﴿سوال﴾:

اکثر لوگوں کو میں نے اپنا نام اس طرح لکھتے ہوئے دیکھا ہے: ''محمد علی''، ''علی احمد''، کیا اس طرح سے اپنے نام کے ساتھ ''ؐ'' لکھنا صحیح ہے؟

﴿جواب﴾:

لفظ ''محمد'' یا ''احمد'' جب کسی کے نام کا جزو ہو تو اس پر ''ؐ'' کی علامت نہیں لکھی جاتی (۳۴۷)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۱۹۹، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

کلمہ پڑھنے کے بعد ''صلی اللہ علیہ وسلم'' پڑھنا

﴿سوال﴾:

جب ہم کلمہ شریف پڑھتے ہیں تو ''لا الہ اللہ محمد رسول اللہ'' کے بعد ''ﷺ'' بھی کہتے ہیں، میں نے سنا ہے کہ ''ﷺ'' کلمے کا حصہ نہیں ہے، مسئلہ یہ معلوم کرنا ہے کہ اس کے ساتھ ''ﷺ'' کہنا جائز ہے یا نہیں؟

﴿جواب﴾:

کلمے کا حصہ تو نہیں، لیکن عام حالات میں آنحضرت ﷺ کے نام مبارک پر درود شریف پڑھ لینا چاہئے (۳۴۸)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۲۰۰، ط، مکتبہ

مشروعية بل مندوبة. (حلبی کبیر، ص: ۳)

(۳۴۷):فی الموسوعة الفقهية: وقال الجمهور من العلماء: لايجوز افراد غير الأنبياء بالصلاة، لأن هذا شعار للأنبياء اذا ذكروا، فلايلحق بهم غيرهم. (الموسوعة الفقهية، ج: ۲۷، ص: ۲۳۹)

(۳۴۸):فی الموسوعة الفقهية: تستحب الصلاة عليه ﷺ خارج الصلاة في

لدھیانوی کراچی)

کیا بیت الخلا میں اسم ''محمد'' سن کر درود پڑھنا چاہئے؟

﴿سوال﴾:

اگر کوئی بیت الخلا میں ہو تو ''محمد'' کا نام سن کر وہاں بھی درود پڑھیں یا خاموش رہیں؟

﴿جواب﴾:

بیت الخلا میں کچھ بھی پڑھنے کی اجازت نہیں (۳۴۹)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۲۰۰، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

كل الأوقات، تتأكد في مواطن منها: يوم الجمعه وليلتها، وعند الصباح، وعند المساء، وعند دخول المسجد، والخروج منه، وعند قبره ﷺ وعند اجابة المؤذن، وعند الدعاء، وبعده وعند السعي بين الصفا والمروة، وعند اجتماع القوم، وتفرقهم، وعند ذكر اسمه ﷺ، وعند الفراغ من التلبية، وعند استلام الحجر، وعند القيام من النوم، وعقب ختم القرآن، وعند الهم والشدائد، وطلب المغفرة، وعند تبليغ العلم الى الناس، وعند الوعظ، والقاء الدرس، وعند خطبة الرجل المرأة في النكاح. (الموسوعة الفقهية، ج: ٢٧، ص: ٢٣٧)

(۳۴۹):في الموسوعة الفقهية: وقد صرح الحنفية بأن الكراهة في حال قضاء الحاجة سواء كانت بولا أو غائطاً، وأنه يكره التكلم كذلك في موضع الخلاء ولو في غير حال قضاء الحاجة. (الموسوعة الفقهية، ج: ٣٤، ص: ١٠/ الفتاوى الهندية، قبيل كتاب الصلاة، ج: ١، ص: ٥٠)

صیغۂ خطاب کے ساتھ صلاۃ وسلام پڑھنا

﴿سوال﴾:

قرآن مجید میں صلوا علیہ ہے، کیا ''صلی اللہ علیک یارسول اللہ'' پڑھنے سے درود کا حق ادا ہوجاتا ہے؟

﴿جواب﴾:

خطاب کے صیغے کے ساتھ صلوٰۃ وسلام آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس پر کہنا چاہئے، دوسری جگہ غائب کے صیغے سے کہنا چاہئے، کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے درود شریف کے جو صیغے امت کو تعلیم فرمائے ہیں، وہ غائب کے صیغے ہیں (۳۵۰)۔ (آپ کے مسائل اوران کا حل، ج:۱،ص:۲۰۱، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

''حضور'' کا لفظ استعمال کرنا

﴿سوال﴾:

مؤدّبانہ عرض کی جاتی ہے کہ آپ یہ بتادیجئے کہ محمد رسول اللہ ﷺ کے بارے میں ''حضور'' کا لفظ استعمال کرنا کیسا ہے؟ بعض علمائے کرام سے سنا ہے کہ یہ الفاظ استعمال کرنا درست نہیں ہے۔

---

(۳۵۰):وعن أبی حمید الساعدی قال: قالوا: یارسول اللّٰہ! کیف نصلی علیک؟ فقال رسول اللّٰہ ﷺ: قولوا: اللّٰھم صل علی محمد وأزواجه وذریته کما صلیت علی آل ابراھیم وبارک علی محمد وأزواجه وذریته کما بارکت علی آل ابراھیم انک حمید جمید. متفق علیه. (مشکاۃ المصابیح، کتاب الصلاۃ، باب الصلاۃ علی النبی ﷺ، ص: ۸٦، ط، قدیمی کتب خانه کراچی)

﴿جواب﴾:

''حضور'' ادب واحترام کا لفظ ہے(۳۵۱)، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات عالی کے لئے اس کا استعمال اردو محاورے میں عام ہے، اس کو شرک وکفر کہنا غلط اور نافہمی ہے۔(آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص:۲۰۱، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

حق تعالیٰ کے آنحضرت ﷺ پر درود بھیجنے کا معنی

﴿سوال﴾:

اللہ تعالیٰ کس طرح نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں وہ الفاظ صحیح حدیث سے بیان فرمائیں۔

﴿الجواب﴾:

ہماری طرف سے درود شریف کی حقیقت یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے لئے رحمت خاصہ کے نزول کی اللہ تعالیٰ سے دعا کی جائے۔ اور حق تعالیٰ کی طرف سے درود کے یہ معنی ہیں کہ حق جل شانہ اپنی رحمت خاصہ آنحضرت ﷺ پر نازل فرماتے ہیں(۳۵۲)۔ پس انسانوں کے درود کے لئے الفاظ کی حاجت ہے اور اللہ تعالیٰ کے درود کے لئے الفاظ کی حاجت نہیں۔ لہٰذا یہ سوال غلط ہے کہ اللہ تعالیٰ کے درود شریف کے الفاظ کون سے ہیں۔ فقط

---

(۳۵۱):حضرت: اسم مذکر۔ نزدیکی، درگاہ، قریب، جناب، حضور، قبلہ، تعظیم وعزت کا لقب۔ (رابعہ اُردو لغت جامع، ص: ۴۹۲)

(۳۵۲):**فی الجامع لأحکام القرآن: والصلاة من الله رحمته ورضوانه، ومن الملائكة الدعاء والاستغفار، ومن الأمة الدعاء والتعظيم لأمره.** (الجامع لاحکام القرآن، سورة الأحزاب، الآية: ٥٦، ج: ١٧، ص: ٢١٤، ط، مؤسسة الرسالة بيروت لبنان)

واللہ اعلم۔ (خیر الفتاوی، ج:۱،ص:۳۱۲،۳۱۳، ط، مکتبہ امدادیہ ملتان)

درود شریف میں ''آل محمد'' سے کون لوگ مراد ہیں؟

﴿سوال﴾:

درود شریف میں ''آل محمد علیہ السلام'' سے کیا مراد ہے؟ آج کل کے بعض سیّد حضرات بھی اپنے آپ کو اس آل میں شامل سمجھتے ہیں۔ پوچھنا یہ ہے کہ اگر ''آل'' سے مراد حضور علیہ السلام کی بیٹیوں کی اولاد ہے تو یہ نسل کہاں پہ ختم ہوتی ہے؟ آج کل بعض ڈوم، ڈنگر، مراثی حضرات بھی شیعہ بن کر سادات برادری میں داخل ہو رہے ہیں، ان کے لئے کیا حکم ہے؟

﴿جواب﴾:

''آل محمد'' (ﷺ) میں آنحضرت ﷺ کی اولاد بھی داخل ہے۔ اور آپ ﷺ کے اہل خانہ اور متبعین بھی (۳۵۳)۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص:۲۰۱، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

---

(۳۵۳):فی غنیة المستملی: (و) فی تسمیته رسول اللّٰه ونبی اللّٰه ثم اتبع الصلاة علیه الصلاة والسلام بالصلاة علی (آله) ای اهله والمراد من آمن منهم (اجمعین) تأکید للشمول ورعایة للسجع والصلاة علیهم تبعاً له علیه السلام مشروعیة بل مندوبة. (حلبی کبیر، ص: ۳)

وفی الشامیة: قوله: (وعلی آله) اختلف فی المراد بهم فی مثل هذا الموضع: فالأکثرون أنهم قرابته ﷺ الذین حرمت علیهم الصدقة علی الاختلاف فیهم. وقیل جمیع أمة الاجابة، والیه مال مالک، واختاره الأزهری والنووی فی شرح مسلم. وقیل غیر ذلک. شرح التحریر. وذکر القهستانی أن الثانی مختار المحققین.

عزوجل، علیہ السلام، ﷺ اور رضی اللہ عنہ کا صحیح استعمال کیا ہے؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علماء کرام ان مسائل کے بارے میں (۱) کیا عزوجل اللہ کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے؟

(۲) کیا عزوجل انبیاء علیہم لسلام کے نام کے ساتھ بھی کہہ سکتے ہیں؟

(۳) کیا ﷺ حضرت محمد ﷺ کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے؟

(۴) حضرت محمد ﷺ کے نام کے ساتھ صرف محمد ﷺ یا علیہ السلام کہہ سکتے ہیں؟

(۵) ﷺ دوسرے انبیاء علیہم السلام کے نام کے ساتھ بھی کہہ سکتے ہیں؟

(۶) علیہ السلام انبیاء علیہم السلام کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے؟

(۷) کیا علیہ السلام کا لفظ انبیاء کے علاوہ کسی اور کے نام کے ساتھ کہنا صحیح ہے؟

(۸) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ علیہ السلام کہنا صحیح ہے؟

(۹) رضی اللہ عنہ صرف صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے؟

(۱۰) کیا رضی اللہ عنہ کا لفظ غیر صحابہ کے نام کے ساتھ لکھنا اور کہنا صحیح ہے؟

﴿الجواب باسم الملک الوھاب﴾:

(۱) عزوجل اللہ تعالیٰ کے نام ہی کے ساتھ کہنا چاہیئے۔

"کما ان قولنا عزوجل مخصوص باللّٰہ تعالیٰ"..... (شامی: ۵/ ۵۳۱)

"کما ان قولنا عزوجل مخصوص باللّٰہ سبحانہ

(ردالمحتار علی الدرالمختار، مقدمة المؤلف، ج: ۱، ص: ۸۵، ۸۶، ط، دار عالم الکتب ریاض)

تعالی" ..... (تفسراین کثیر: ۲۲۸/ ۵)

(۲) اللہ تعالیٰ کے نام کے علاوہ کسی کے نام کے ساتھ عزوجل کہنا جائز نہیں۔

" فلا یقال محمد عزوجل وان کان عزیزا جلیلا".....

(شامی: ۵/۵۳۱)

" فکما لایقال محمد عزوجل وان کان عزیزا جلیلا".....(تفسیران کثیر: ۲۲۸/ ۵)

(۳) ﷺ حضور کے ساتھ خاص ہے۔

" واميل اليه ماقاله مالک وسفيان واختاره غير واحد من الفقهاء والمتكلمين انه يجب تخصيص النبی ﷺ وسائر الانبياء بالصلوٰة والتسليم كما يختص اللّٰه سبحانه عند ذكره بالتقديس والتنزية" ..... (شامی: ۵/۵۳۱)

(۴) حضرت محمد ﷺ کے نام کے ساتھ ﷺ پورا کہنا چاہیئے صرف علیہ السلام نہ کہنا چاہیئے۔

"بان يقول اللّٰهم صل على محمدو آله وصحبه وسلم لان فيه تعظيم النبی ﷺ". (شامی: ۵/۵۳۱)

" قال النووی اذا صلی علی النبی ﷺ فليجمع بين الصلوة والتسليم فلا يقتصر على احدهما فلا يقول ﷺ فقط ولا عليه السلام فقط وهذا الذی قاله منتزع هذه الآية الكريمة وهی قوله يا ايها الذين آمنوا صلوا عليه وسلموا تسليما، فالاولی ان يقال ﷺ وسلم تسليما" .....(تفسیرابن کثیر: ۲۲۹/ ۵)

(۵) انبیاء اور ملائکہ کے علاوہ کسی پر صلوٰۃ ودرود بطریق استقلال جائز نہیں ہے۔

" وسائر الانبياء بالصلوٰة والتسليم كما يختص اللّٰه سبحانه عند ذكره بالتقديس والتنزيه "..... (شامی: ۵/۵۳۱)

"وقال الجمهور من العلماء لايجوز افراد غير الانبياء بالصلوة لان هذا قد صار شعارا للانبياء اذا ذكروا فلا يلحق بهم غيرهم، وقال آخرون لايجوز ذلک لان الصلوة على غير الانبياء قد صارت من شعار اهل الاهواء يصلون على من يعتقدون فيهم فلايقتدى بهم فى ذلک ..... والصحيح الذى عليه الاكثرون انه مكروه كراهة تنزيه لانه شعار اهل البدع وقد نهينا عن شعارهم ..... والمعتمد فى ذلک ان الصلوة صارت مخصوصة فى لسان السلف بالانبياء صلوات اللّٰه وسلامه عليهم". (تفسير ابن كثير:۲۲۸/ ۵)

"والظاهر ان العلة فى منع الاسلام ما قاله النووى فى علة منع الصلوة ان ذلک شعار اهل البدع ولان ذلک مخصوص فى لسان السلف بالانبياء عليهم الصلوة والسلام كما ان قولنا عزوجل مخصوص باللّٰه تعالىٰ فلايقال محمد عزوجل وان كان عزيزا جليلا..... واميل اليه ماقاله مالک وسفيان واختاره غير واحد من الفقهاء والمتكلمين انه يجب تخصيص النبى ﷺ وسائر الانبياء بالصلوة والتسليم كما يختص اللّٰه سبحانه عند ذكره بالتقديس والتنزيه ..... واما السلام فنقل اللقانى فى شرح جوهرة التوحيد عن الامام الجونى انه فى معنى الصلوة فلايستعمل فى الغائب ولا يفرد به غير الانبياء"... (شامی: ۵/ ۵۳۱)

" وقال الجمهور من العلماء لايجوز افراد غير الانبياء بالصلوة لان هذا قد صار شعارا للانبياء اذا ذكروا فلا يلحق بهم غيرهم فلا يقال قال ابوبكر ﷺ اوقال علی ﷺ وان كان المعنى صحيحا كما لايقال قال محمد عزوجل".

(تفسیرابن کثیر: ۲۲۸/ ۵)

(۶) اورصرف سلام غیر نبی پراگر اس میں شیعہ اور اہل الہواء اور اہل البدع کے ساتھ قصد تشبیہ نہ ہوتو پھر جائز ہے ورنہ بصورت دیگر جائز نہیں ہے۔

" ولا يصلى على غير الانبياء ولا غير الملائكة الابطريق التبع (قوله ولا يصلى على غير الانبياء) لان فى الصلوة من التعظيم ما ليس فى غير بها من الدعوات وهى زيادة الرحمة والقرب من اللّٰه تعالىٰ ولا يليق ذلک بمن يتصور منه خطايا والذنوب الا تبعا بان يقول اللّٰهم صل على محمد وآله وصحبه وسلم لان فيه تعظيم النبى ﷺ ".(شامی: ۵۳۱/ ۵)

(۷) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نام کے ساتھ علیہ السلام کہنا صحیح نہیں ہے۔

" واما السلام فنقل اللقانى فى شرح جوهرة التوحيد ين الامام الجونى انه فى معنى الصلوة فلا يستعمل فى الغائب ولا يفرد به غير الانبياء فلا يقال على عليه السلام، وسواء فى هذه الاحياء والاموات الا فى الحاضر فيقال السلام اوسلام عليک او عليكم وهذا مجمع عليه"..... (شامی: ۵۳۱/ ۵)

"وقال الجمهور من العلماء لايجوز افراد غير الانبياء بالصلوة لان هذا قدصار شعارا للانبياء اذا ذكروا فلا يلحق

بهم غيرهم فلا يقال قال ابوبكر ﷺ اوقال علی ﷺ وان كان المعنى صحيحا كمالا يقال قال محمد عزوجل".

(تفسير ابن كثير: ٢٢٨ /٥)

" قال آخرون لا يجوز ذلک لان الصلوة على غير الانبياء قد صارت من شعار اهل الاهواء يصلون على من يعتقدون فيهم فلا يقتدى بهم فى ذلک ..... والصحيح الذى عليه الاكثرون انه مكروه كراهة تنزيه لانه شعاراهل البدع ونهينا عن شعارهم"..... (تفسيرابن كثير: ٢٢٨/٥)

" والظاهر ان العلة فى منع الاسلام ما قاله النووى فى علة منع الصلوة ان ذلک شعار اهل البدع ولان ذلک مخصوص فى لسان السلف بالانبياء عليهم الصلوةوالسلام كما ان قولنا عزوجل مخصوص باللّٰه تعالىٰ فلا يقال محمد عزوجل وان كان عزيزا جليلا"..... (شامى: ٥٣١/ ٥)

(٨) علیہ السلام انبیاء علیہم السلام کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے۔

"واميل اليه ما قاله مالک وسفيان واختاره وغيره واحد من الفقهاء والمتكلمين انه يجب تخصيص النبى ﷺ وسائر الانبياء بالصلوٰة والتسليم كما يختص اللّٰه سبحانه عند ذكره بالتقديس والتنزية" ..... (شامى: ٥٣١/٥)

"ولان ذلک مخصوص فى لسان السلف بالانبياء عليهم الصلوة والسلام كما ان قولنا عزوجل مخصوص باللّٰه تعالىٰ فلا يقال محمد عزوجل وان كان عزيزا جليلا"..... (شامى: ٥٣١/ ٥)

"والمعتمد فی ذلک ان الصلوة صارت مخصوصة فی لسان السلف بالانبیاء صلوات اللّٰه وسلامه علیهم".

(تفسیر ابن کثیر:۲۲۸/ ۵)

(۹) رضی اللہ تعالیٰ عنہ صرف صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے نام کے ساتھ ہی خاص ہے۔

"کما قال اللّٰه تعالیٰ رضی اللّٰه عنهم ورضوا عنه"..... (شامی: ۵۳۱/ ۵)

"قوله یستحب الترضی للصحابة لانهم کانوا یبالغون فی طلب الرضا من اللّٰه تعالیٰ ویجتهدون فی فعل ما یرضیه ویرضون بما یلحقهم من الابتلاء من جهته اشد الرضا فهؤلاء احق بالرضا وغیرهم لایلحق ادناهم ولو انفق ملء الارض ذهبا"..... (شامی: ۵۳۲/۵)

"علی الراجح ذکره القرمانی وقال الزیلعی الاولی ان یدعوا للصحابة بالترضی وللتابعین بالرحمة ولمن بعدهم بالمغفرت والتجاوز"..... (در علی الشامی: ۵۳۲/ ۵)

(۱۰) صحابہ رضی اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے علاوہ تابعین اور علماء کے نام کے ساتھ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کہنا چاہیے اور اس کا عکس بھی جائز ہے۔

"والترحم للتابعین ومن بعدهم من العلماء والعباد وسائر الاخیار وکذا یجوز عکسه للترحم للصحابة والترضی للتابعین ومن بعدهم علی الراجح ذکره القرمانی وقال الزیلعی الاولی ان یدعو للصحابة بالترضی وللتابعین بالرحمة ولمن بعدهم بالمغفرة والتجاوز"..... (در علی

الشامی: ۵/۵۳۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔(ارشاد المفتین، ج: ۱، ص: ۲۹۵تا ۲۹۹،ط، مکتبة الحسن لاهور)

انبیائے کرام علیہم السلام اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ناموں کے ساتھ کیا لکھا جائے؟

﴿سوال﴾:

آٹھویں جماعت کی انگریزی کی کتاب (انگلش میڈیم) میں ایک سبق ہے: ''حضرت علی'' اور بریکٹ میں Peace Be Upon Him لکھا ہوا ہے، جو ''ﷺ'' کا انگلش ترجمہ ہے۔اسی طرح فارسی کی ہشتم جماعت کی کتاب میں حضرت علیؓ اور حضرت امام حسینؓ کے ساتھ ''علیہ لسلام'' لکھا ہوا ہے۔کیا پیغمبروں کے علاوہ صحابہ کبارؓ کے ساتھ یہ الفاظ استعمال کئے جاسکتے ہیں؟ اگر اس کا جواب نفی میں ہے تو آپ اپنے مؤقر جریدے کی وساطت سے اسے نصاب کمیٹی اور اعلیٰ حکام وعمال حکومت کے نوٹس میں لائیں۔

﴿جواب﴾:

اہل سنت والجماعت کے یہاں ''ﷺ''، اور ''علیہ لسلام'' انبیائے کرام کے لئے لکھا جاتا ہے، صحابہ کے لئے ''رضی اللہ عنہ'' لکھنا چاہئے، اور حضرت علی کے نام نامی پر ''کرّم اللہ وجہہ'' بھی لکھتے ہیں (۳۵۴)، متعلقہ حضرات کو آپ کی اس تنبیہ پر شکریہ کے

---

(۳۵۴):فی تفسیر ابن کثیر:وقال الجمهور من العلماء: لایجوز افراد غیر الأنبیاء بالصلاة، لأن هذا قد صار شعاراً للأنبیاء اذا ذکروا، فلایلحق بهم غیرهم، فلایقال: قال أبوبکر صلی اللّٰه علیه. أو قال: علی صلی اللّٰه علیه. وان کان المعنی صحیحاً، کما لایقال: قال محمد عزوجل، وان کان عزیزاً جلیلاً، لأن هذا من شعار

ساتھ غور کرنا چاہئے۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج: ۱، ص: ۲۰۱، ۲۰۲، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

ذكر اللّٰه، عزوجل. وحملوا ما ورد فی ذلک من الكتاب والسنة على الدعاء لهم، ولهذا لم يثبت شعاراً لآل أبی أوفی، ولا لجابر وامراته. وهذا مسلک حسن.

وقال آخرون: لايجوز ذلک، لأن الصلاة على غير الأنبياء قد صارت من شعار أهل الأهواء، يصلون على من يعتقدون فيهم، فلايقتدى بهم فی ذلک. واللّٰه اعلم.

ثم اختلف المانعون من ذلک: هل هو من باب التحريم، أو الكراهة التنزيهية، أو خلاف الأولى؟ على ثلاثة اقوال، وحكاها الشيخ أبو زكريا النووی فی كتاب الأذكار. ثم قال: والصحيح الذی عليه الأكثرون أنه مكروه، كراهة تنزية، لأنه شعار أهل البدع، وقد نهينا عن شعارهم، والمكروه هو ما ورد فيه نهی مقصود. قال أصحابنا: والمعتمد فی ذلک أن الصلاة صارت مخصوصة فی اللسان بالأنبياء، صلوات اللّٰه وسلامه عليهم، كما أن قولنا عزوجل، مخصوص باللّٰه سبحانه وتعالى، فكما لايقال: محمد عزوجل، و ان كان عزيزا جليلا، لايقال أبوبكر أو على صلى اللّٰه عليه. هذا لفظه بحروفه. قال:وأما السلام، فقال الشيخ أبو محمد الجوينی من أصحابنا: هو فی معنى الصلاة، فلايستعمل فی الغائب، ولايفرد به غير الأنبياء، فلايقال: على عليه السلام، و سواء فی هذا الأحياء والأموات. وأما الحاضر فيخاطب به فقال: سلام عليک، والسلام عليک، أو عليكم، وهذا مجمع عليه، انتهى ما ذكره. قلت: وقد غلب هذا فی عبارة كثير من النساخ لكتب أن يفرد على رضی اللّٰه عنه بأن يقال: عليه السلام من دون سائر الصحابة، أو كرم اللّٰه وجهه. وهذا وان كان معناه صحيحاً، ولكن ينبغی أن يسوى بين الصحابة فی ذلک، فان هذا من باب التعظيم والتكريم، فالشيخان وأمير المؤمنين عثمان أولى بذلک منه رضی اللّٰه عنهم أجمعين. (تفسير ابن كثير، سورة الاحزاب، الآية: ٥٦، ج:

اجداد نبی ﷺ کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کہنے والے امام کا حکم

﴿سوال﴾:

محترم المقام جناب مفتی صاحب دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک! عرض یہ ہے کہ گزشتہ جمعہ کو ہمارے پیش امام صاحب نے وعظ کے دوران حضور اکرم ﷺ کے دادا عبد المطلب کے نام کیساتھ رحمۃ اللہ علیہ کہا کرتے تھے۔ مزید یہ بھی کہہ رہے تھے کہ ہاشم کی پشت سے تلبیہ کی آواز آرہی تھی۔ میں نے ان امام صاحب کو عبد المطلب کے نام کیساتھ رحمۃ اللہ علیہ پڑھنے سے منع کیا۔ اور دوسری بات کے متعلق بھی توجہ دلائی کہ یہ دونوں باتیں صحیح نہیں ہیں لیکن ان کا کہنا ہے کہ یہ باتیں تواریخ کی کتابوں میں لکھی ہوئی ہیں اور صحیح ہیں اس سلسلے میں میں نے مولانا محمد یوسف بنوری صاحب، مفتی محمد شفیع صاحب کو رنگی اور احتشام الحق تھانوی

٦، ص: ٤٧٨، ط، دار طيبة)

وفی الدر المختار: (ويستحب الترضی للصحابة) وكذا من اختلف فی نبوته كذی القرنين ولقمان، وقيل يقال صلى الله على الأنبياء وعليه وسلم كما فی شرح المقدمة للقرمانی.

(والترحم للتابعين ومن بعدهم من العلماء والعباد وسائر الأخيار، وكذا يجوز عكسه) الترحم للصحابة والترضی للتابعين ومن بعدهم. (على الراجح) ذكره القرمانی. وقال الزيلعی: الأولى أن يدعو للصحابة بالترضی وللتابعين بالرحمة ولمن بعدهم بالمغفرة والتجاوز.

وفی الشامية تحته: قوله: (ويستحب الترضی للصحابة) لأنهم كانوا يبالغون فی طلب الرضا من الله تعالى ويجتهدون فی فعل ما يرضيه، ويرضون بما يلحقهم من الابتلاء من جهته أشد الرضاء، فهؤلاء أحق بالرضا وغيرهم لايحلق أدناهم ولو أنفق ملء الأرض ذهباً. زيلعی. (ردالمحتار على الدرالمختار، كتاب الخنثى، ج: ١٠، ص: ٤٨٥، ط، دار عالم الكتب رياض)

صاحب سے رجوع کیا۔ جس میں مولانا محمد یوسف بنوری صاحب نیوٹاؤن کا جواب موصول ہوا۔ انہوں نے دونوں باتوں کو غلط قرار دیا ہے۔ میں نے وہی فتویٰ امام صاحب کو دکھایا۔ لیکن امام صاحب نے نہیں مانا تو اس صورت میں واقعی اگر دونوں باتیں غلط ہوں تو اس امام کے پیچھے اقتداء کرنا کیسا ہے؟ اور ان باتوں کا کیا بنے گا، بینوا توجروا

﴿الجواب﴾:

صحیح مسلم وغیرہ کے روایات میں مصرح ہے کہ جب پیغمبر علیہ السلام نے ابو طالب کو اسلام کی طرف بلایا تو اس نے کہا **هو على ملة عبد المطلب** (۳۵۵) اور پیغمبر علیہ السلام نے اس کی تردید نہیں کی تو اس سے معلوم ہوا کہ عبد المطلب اسلام پر نہیں گزرا ہے لیکن بعض ضعیف اقوال میں آیا ہے کہ پیغمبر علیہ السلام کے تمام آباء واجداد توحید پر گزرے ہیں اور اس کو ابو حیان وغیرہ نے مردود کہا ہے۔ (**فليراجع الى فتح الملهم ص ۳۷۳ جلد ۱**) لہٰذا عبد المطلب کا حکم دیگر ان اموات کا ہوگا جو کہ زمانہ فترت میں مر چکے ہیں۔

---

(۳۵۵): **عن سعيد بن المسيب، عن أبيه، قال: لما حضرت أبا طالب الوفاة، جاءه رسول الله ﷺ، فوجد عنده أبا جهل، وعبدالله بن أبي امية بن المغيرة، فقال رسول الله ﷺ: ياعم، قل: لااله الا الله، كلمة أشهد لك بها عندالله فقال أبو جهل وعبدالله بن أبي أمية: يا أبا طالب، أترغب عن ملة عبدالمطلب؟ فلم يزل رسول الله ﷺ يعرضها عليه، ويعيد له تلك المقالة، حتى قال أبو طالب آخر ما كلمهم: هو على ملة عبدالمطلب، وابىٰ أن يقول: لا اله الا الله. فقال رسول الله ﷺ: أما والله، لأستغفرن لك ما لم أنه عنك فأنزل الله عزوجل: ﴿ما كان للنبي والذين امنوا ان يستغفروا للمشركين ولو كانوا أولى قربىٰ من بعد ما تبين لهم انهم اصحاب الجحيم﴾ [التوبة: ۱۱۳] وأنزل الله تعالى فى أبي طالب، فقال لرسول الله ﷺ: ﴿انك لاتهدى من احببت ولكن الله يهدى من يشاء وهو اعلم بالمهتدين﴾ [القصص: ۵۶]**. (صحيح مسلم، كتاب الايمان، باب الدليل على صحة اسلام من حضره الموت الخ، ص: ۳۳، ۳٤، رقم: ۱۳۲، ط، دار السلام)

یعنی ان کا جہنمی ہونا یا میدان محشر میں ان سے امتحان لینا۔ لہٰذا ان کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ نہیں کہنا چاہئے اور اگر کوئی کہے تو قول ضعیف کے تحقیق کی وجہ سے اشد انکار نہیں کرنا چاہئے اور ان کے پیچھے اقتداء کرنا چاہئے بشرطیکہ باقی اعتقادات بھی صحیح ہوں۔ وھو الموفق۔ (فتاوی فریدیہ، ج:۱، ص:۴۵۸، ۴۵۹)

❁❁❁

غیر انبیاء کے لیے علیہم السلام کا لفظ استعمال کرنے کا حکم

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں مفتیان کرام ان مسائل کے بارے میں کہ:

(۱) استخارہ کرنے میں اسلام میں کیا اجازت ہے؟ کیا استخارہ کے ذریعے آنے والے وقت کے کام کا پتہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہ ہمارے حق میں بہتر ہے یا نہیں؟

(۲) انبیاء علیہم السلام کے ناموں کے ساتھ علیہ السلام لکھا جاتا ہے، کیا انبیاء علیہم السلام کے بعد آنے والے صحابی، امام، یا کسی بھی اولیاء کرام یا بزرگان دین کے ساتھ لکھا جاسکتا ہے،؟ ملائکہ یا ان کے علاوہ کن ہستیوں کے ناموں کے ساتھ لکھنا چاہئے؟

قرآن وحدیث کے مطابق بیان کردیں، نیز احادیث کے حوالے بھی تحریر کردیں۔

﴿الجواب باسم الملک الوھاب﴾:

(۱) جب کوئی انسان کام کرنے کا ارادہ کرے تو اللہ تعالیٰ سے رہنمائی لینے کو استخارہ کہتے ہیں، حدیث مبارکہ میں اس کی بہت ترغیب آئی ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے رہنمائی نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے، کہیں منگنی، بیاہ کرے یا کوئی اور کام کرے تو استخارہ کرکے، کرنے سے ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی اپنے کئے پر پشیمانی نہ ہوگی، البتہ استخارہ کے ذریعے آنے والے وقت کے اچھے یا برے ہونے کا معلوم ہوجانا ثابت نہیں۔

(۲) ملائکہ وانبیاء علیہم السلام کے علاوہ دوسرے بزرگوں کے ناموں کے ساتھ علیہ

السلام کا استعمال درست نہیں، یہ لفظ ملائکہ وانبیاء علیہم السلام کے ساتھ مخصوص ہے، البتہ دیگر بزرگوں کے ناموں کے ساتھ تبعاً استعمال کی گنجائش ہے، جیسے کسی نبی کے ذکر کے ساتھ ان کی آل اولاد یا صلحاء کا ذکر آجائے تو سب کے لیے علیہم السلام کا استعمال کرنا جائز ہے، نیز مستحب یہ ہے کہ صحابہ کرام کے اسماء کے ساتھ رضی اللہ عنہ اور بزرگان دین کے ناموں کے ساتھ رحمۃ اللہ علیہ کا لفظ استعمال کیا جائے، البتہ اس کے برعکس بھی جائز ہے یعنی صحابہ کرام کے نام کے ساتھ ترحم اور بزرگان دین کے نام کے ساتھ ترضی کے صیغہ کا استعمال جائز ہے، جیسا کہ علامہ حصکفی رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

" ولا يصلى على غير الانبياء ولا على غير الملائكة الابطريق التبع وهل يجوز الترحم على النبى قولان زيلعى قلت وفى الذخيرة انه يكره جوزه السيوطى رحمه الله تعالىٰ تبعا لااستقلالا فليكن التوفيق وبالله التوفيق ويستحب الترضى للصحابة وكذا من اختلف فى نبوته كذى القرنين ولقمان وقيل يقال صلى الله على الانبياء وعليه وسلم كما فى شرح المقدمة للقرمانى والترحم للتابعين ومن بعد هم من العلماء والعباد وسائر الاخيار وكذا يحوز عكسه وهو الترحم للصحابة والترضى للتابعين ومن بعد هم على الراجح ذكره القرمانى وقال الزيلعى الاولىٰ ان يدعوا للصحابة بالترضى وللتابعين بالرحمة ولمن بعدهم بالمغفرة والتجاوز". (۵۳۲، ۵/ ۵۳۱) واللّٰہ تعالیٰ اعلم بالصواب

(ارشاد المفتین، ج: ۱، ص: ۲۸۸، ۲۸۹، ط، مکتبۃ الحسن لاھور)

غیر پیغمبر کو علیہ السلام کہنا یا لکھنا

﴿سوال﴾:

غیر پیغمبر کے لئے علیہ السلام کہنا یا لکھنا جائز ہے یا نہیں؟

﴿الجواب وباللہ التوفیق﴾:

غیر نبی کے لئے علیہ السلام کہنا یا لکھنا درست نہیں ہے۔ یہ انبیاء علیہم السلام کے ساتھ خاص ہے(۳۵۶)۔ (فتاوی دار العلوم وقف دیوبند، ج: ۱، ص: ۲۱۳، ط، حجۃ الاسلام اکیڈمی)

❁❁❁

---

(۳۵۶):فی تفسیر ابن کثیر:وقال الجمهور من العلماء: لايجوز افراد غير الأنبياء بالصلاة، لأن هذا قد صار شعاراً للأنبياء اذا ذكروا، فلايلحق بهم غيرهم، فلايقال: قال أبوبكر صلى الله عليه. أو قال: على صلى الله عليه. وان كان المعنى صحيحاً، كما لايقال: قال محمد عزوجل، وان كان عزيزاً جليلاً، لأن هذا من شعار ذكر الله، عزوجل. وحملوا ما ورد فى ذلك من الكتاب والسنة على الدعاء لهم، ولهذا لم يثبت شعاراً لآل أبى أوفى، ولا لجابر وامراته. وهذا مسلك حسن.

وقال آخرون: لايجوز ذلك، لأن الصلاة على غير الأنبياء قد صارت من شعار أهل الأهواء، يصلون على من يعتقدون فيهم، فلايقتدى بهم فى ذلك. والله اعلم.

ثم اختلف المانعون من ذلك: هل هو من باب التحريم، أو الكراهة التنزيهية، أو خلاف الأولى؟ على ثلاثة اقوال، وحكاها الشيخ أبو زكريا النووى فى كتاب الأذكار. ثم قال: والصحيح الذى عليه الأكثرون أنه مكروه، كراهة تنزية، لأنه شعار أهل البدع، وقد نهينا عن شعارهم، والمكروه هو ما ورد فيه نهى مقصود. قال أصحابنا: والمعتمد فى ذلك أن الصلاة صارت مخصوصة فى اللسان

حدیث شریف میں ''رضؓ'' کی علامت

﴿سوال﴾:

حدیث شریف کے ایک سے زیادہ روایوں کا نام جب لکھا جاتا ہے تو عموماً آخری نام پر درج ہوتا ہے، جیسے ''مغیرہ بن شعبہؓ'' کیا جس نام پر یہ نہ لکھا ہو، وہ صحابیِ رسول نہیں ہوتے؟

﴿الجواب﴾:

''رضؓ''، ''رضی اللہ عنہ'' کی علامت ہے، عام طور سے حدیث کے آخر میں صحابی کا نام آتا ہے، اس پر ''رضی اللہ عنہ وعنہم'' کہتے ہیں، جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس صحابی کے لئے بھی دعا ہوئی اور صحابی سے پہلے جتنے راوی آئے ہیں وہ بھی دعا میں شریک ہوگئے۔

(آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱، ص:۲۰۲، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

❁❁❁

بالأنبياء، صلوات اللّٰه وسلامه عليهم، كما أن قولنا عزوجل، مخصوص بالله سبحانه وتعالى، فكما لايقال: محمد عزوجل، و ان كان عزيزا جليلا، لايقال أبوبكر أو على صلى الله عليه. هذا لفظه بحروفه. قال: وأما السلام، فقال الشيخ أبو محمد الجوينى من أصحابنا: هو فى معنى الصلاة، فلايستعمل فى الغائب، ولايفرد به غير الأنبياء، فلايقال: على عليه السلام، وسواء فى هذا الأحياء والأموات. وأما الحاضر فيخاطب به فقال: سلام عليك، والسلام عليك، أو عليكم، وهذا مجمع عليه، انتهى ما ذكره. قلت: وقد غلب هذا فى عبارة كثير من النساخ لكتب أن يفرد على رضى اللّٰه عنه بأن يقال: عليه السلام من دون سائر الصحابة، أو كرم الله وجهه. وهذا وان كان معناه صحيحاً، ولكن ينبغى أن يسوى بين الصحابة فى ذلك، فان هذا من باب التعظيم والتكريم، فالشيخان وأمير المؤمنين عثمان أولى بذلك منه رضى الله عنهم أجمعين. (تفسير ابن كثير، سورة الاحزاب، الآية: ٥٦، ج: ٦،

کیا خود آنحضرت علیہ الصلاۃ والسلام پر بھی درود پڑھنا واجب تھا؟

﴿سوال﴾:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ کیا آنحضرت علیہ السلام پر خود بھی اپنے پر درود پڑھنا واجب تھا جیسے کہ آیت "یایھا الذین آمنوا علیه وسلموا تسلیما". کے عموم سے معلوم ہوتا ہے۔

﴿الجواب﴾:

خود آنحضرت ﷺ اس آیت کے حکم سے مستثنیٰ تھے۔ یہ خطاب آپ کے علاوہ باقی تمام مؤمنین کو ہے۔

وفی المجتبی لایجب علی النبی ﷺ ان یصلی علی نفسه اه (درمختار) وفی الشامیة لانه غیر مراد بخطاب صلوا ولا داخل تحت ضمیرہٖ کما هو المتبادر من ترکیب صلوا علیه وقال فی النهر لا یجب علیه بناء علی ان یاایها الذین آمنوا لایتناول الرسول ﷺ بخلاف یاایها الناس، یاعبادی کما عرف الاصول اه والحکمة فیه واللّٰه تعالیٰ اعلم انها دعاء وکل شخص مجبول علی الدعاء لنفسه وطلب الخیر لها فلم یکن فیه کلفة والایجاب من خطاب التکلیف لایکون الا فیما فیه کلفة ومشقة علی النفس و منافرة لطبعها لتیحقق الابتلاء اهـ (٣٥٧)(ج ١: ص ٤٨١) فقط واللّٰه اعلم۔(خیر

ص: ٤٧٨، ط، دار طیبة)

(٣٥٧):(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلاة، باب صفة الصلاة، مطلب لایجب علیه أن یصلی علی نفسه صلی اللّٰه علیه وسلم، ج: ٢، ص: ٢٢٦، ط، دار عالم

الفتاوی، ج: ۱، ص: ۳۲۹، ط، مکتبه امدادیه ملتان)

درود شریف لکھنے کا صحیح طریقہ

﴿سوال﴾:

درود شریف لکھنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟ ''صلی اللہ علیہ وسلم'' یا ''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم''؟

جواب:

دونوں صحیح ہیں، اور دوسرے میں ''وآلہ'' کا اضافہ ہے، یہ زیادہ بہتر ہے(۳۵۸)، ''رحمت نازل فرمائیں اللہ تعالیٰ آپ ﷺ پر اور آپ کی آل پر اور سلام بھیجیں۔'' (آپ کے مسائل اور ان کا حل، ج:۱،ص:۱۹۹،۲۰۰، ط، مکتبہ لدھیانوی کراچی)

الکتب ریاض)

(۳۵۸): **فی الشامیة: وأفضل العبارات علی ما قال المرزوقی: اللّٰهم صل علی محمد وعلی آل محمد.** (ردالمختار علی الدرالمختار، مطلب أفضل صیغ الصلاة، ج: ۱، ص: ۸٤، ط، دار عالم الکتب ریاض)

(مؤلف کی دیگر کتب ورسائل)

(١) فتاوی رشیدیہ پر ٣ جلدوں میں تحقیق وتخریج۔

(٢) فتاوی دینیہ پر ٨ جلدوں میں تحقیق وتخریج۔

(٣) مسائل جمعه للحنفی.

(٤) پھلوں کی خرید وفروخت کے شرعی احکام۔

(٥) ردالهماهم علی حسن العمائم کطلوع الغمائم.

(٦) سید البشر محمد رسول اللہ ﷺ کی سلسلۂ نسب کی مدلل تحقیق۔

(٧) الرسالة العالية فی تحقيق الجماعة الثانية.

(٨) القول التمام فی رد من قال خلاف الامام.

(٩) تبلیغی جماعت علمائے عرب وعجم کے آئینہ میں۔

(١٠) معدنیات کا شرعی حکم۔

(١١) اجرت تراویح کا شرعی حکم۔

(١٢) نماز جنازہ پڑھانے کا حقدار کون ہے؟

(١٣) روزہ کی حالت میں انجکشن لگانے کا شرعی حکم۔

(١٤) بالوں کے شرعی احکام۔

(١٥) آلات موسیقی کے حرمت پر فقہائے احناف کے دلائل۔